119- والحديث أخرجه الطبراني في الأوسط جلد11صفحه68 رقم الحديث: 11069 . قال الحافظ الهيثمي: ورجاله ثقات . وانظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه56 .

تَقُولَنَّ لِشَيْءٍ إِنِّي فَاعِلٌ ذَلِكَ غَدًا إِلَّا أَنْ يَشَاءَ اللَّهُ وَاذْكُرْ رَبَّكَ إِذَا نَسِيتَ) (الكهف: 24) ، يَقُولُ: إِذَا ذَكَرْتَ

کہہ لے اور اپنے رب کا ذکر کرے جب بھول جائے''۔ فرماتے ہیں کہ جب تجھے یاد آ جائے۔

فَقِيلَ لِلْأَعْمَشِ: سَمِعْتَ هَذَا مِنْ مُجَاهِدٍ؟ فَقَالَ: حَدَّثَنِي بِهِ اللَّيْثُ، عَنْ مُجَاهِدٍ لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا أَبُو مُعَاوِيَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى

اعمش سے کہا گیا کہ آپ نے یہ مجاہد سے سنا ہے؟ فرمایا: مجھے یہ لیث نے از مجاہد بیان کیا۔ یہ حدیث اعمش سے صرف ابومعاویہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یحییٰ اکیلے ہیں۔

120 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَرَابِيُّ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ هُبَيْرَةَ السَّبَئِيِّ قَالَ: حَدَّثَنِي بِلَالُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ أَبَاهُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ، قَالَ يَوْمًا: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَمْنَعُوا النِّسَاءَ حُظُوظَهُنَّ مِنَ الْمَسَاجِدِ فَقُلْتُ: أَمَّا أَنَا فَسَأَمْنَعُ أَهْلِي، فَمَنْ شَاءَ فَلْيَمْنَعْ أَهْلَهُ ـ فَالْتَفَتَ أَبِي، فَقَالَ: لَعَنَكَ اللَّهُ، لَعَنَكَ اللَّهُ، لَعَنَكَ اللَّهُ، تَسْمَعُنِي: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ أَنْ لَا يُمْنَعْنَ، وَتَقُولُ: لَأَمْنَعَنَّ أَهْلِي، ثُمَّ بَكَى، وَقَامَ مُغْضَبًا

حضرت بلال بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ میرے والد حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ایک دن فرمایا کہ بے شک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم عورتوں کو مسجد آنے سے نہ روکو۔ میں نے عرض کی: بہرحال میں تو اپنے گھر والوں کو روکوں گا' جو چاہے وہ اپنے گھر والوں کو روکے۔ تو میرے والد میری طرف متوجہ ہوئے' فرمایا: تجھ پر اللہ کی لعنت ہو! تم اپنا خیال مجھے سناتے ہو حالانکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ان کو منع نہ کرو' اور تو کہتا ہے کہ میں منع کروں گا' پھر آپ رو پڑے اور غصہ کی حالت میں کھڑے ہو گئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَرَابِيِّ بْنِ مُعَاوِيَةَ إِلَّا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ

یہ حدیث عرابی بن معاویہ سے صرف یحییٰ بن بکیر ہی روایت کرتے ہیں۔

121 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

120- أخرجه مسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 327' وابن ماجة: المقدمة جلد 1 صفحه 8 رقم الحديث: 16' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 123 رقم الحديث: 5642 .

121- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 139 رقم الحديث: 515' والنسائي: الأذان جلد 2 صفحه 11 (باب رفع الصوت بالأذان)' وابن ماجة: الأذان جلد 1 صفحه 240 رقم الحديث: 724' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 543

حَيَّانَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ قَالَ: ذَكَرَ حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُغْفَرُ لِلْمُؤَذِّنِ مَدَّ صَوْتِهِ

اللہ ﷺ نے فرمایا: مؤذن کو اس کی آواز لمبی ہونے کی وجہ سے بخش دیا جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَفْصٍ اِلَّا يَحْيَى الْجُعْفِيُّ

یہ حدیث حفص سے یحییٰ الجعفی ہی روایت کرتے ہیں۔

122 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ طَرِيفٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي الْمُغِيرَةِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، (اللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِينَ مَوْتِهَا) (الزمر: 42) قَالَ: تَلْتَقِي اَرْوَاحُ الْاَحْيَاءِ وَالْاَمْوَاتِ فِي الْمَنَامِ، فَيَتَسَائَلُونَ بَيْنَهُمْ، فَيُمْسِكُ اللّٰهُ اَرْوَاحَ الْمَوْتَى وَيُرْسِلُ اَرْوَاحَ الْاَحْيَاءِ اِلَى اَجْسَادِهَا

حضرت سعید بن جبیر' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے اس ارشادِ باری تعالیٰ کی اس طرح تفسیر فرمائی: ''اللہ وہ ہے جو سوتے وقت روح قبض کر لیتا ہے''۔ فرمایا: زندہ اور مُردوں کی روحیں خواب میں ملتی ہیں' وہ آپس میں ایک دوسرے سے سوال کرتی ہیں' پس اللہ عزوجل مُردوں کی روحیں روک لیتا ہے اور زندوں کی روحیں ان کے جسموں میں ڈال دیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُطَرِّفٍ اِلَّا مُوسَى

مطرف سے اس حدیث کو صرف موسیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

123 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ فُضَيْلٍ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: شہداء نہر کے نیچے ہوتے ہیں' جو جنت کے دروازے کے ساتھ ایک سرسبز قبہ میں ہے اس جگہ اُن کو صبح و شام جنت سے رزق ملتا ہے۔

رقم الحديث: 9348' بلفظ المؤذن يغفر له مد صوته .

122- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه103 . وأقول: جعفر بن أبي المغيرة ليس في رجال الصحيح .

123- والحديث أخرجه الطبراني في الكبير جلد10صفحه405' والامام أحمد في مسنده رقم الحديث: 26611' وابن حبان (388/موارد الظمآن)' والحاكم في مستدركه جلد2صفحه74' قال الحافظ الهيثمي: ورجال أحمد ثقات . انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه294 . نعم فعند الامام أحمد صرح بالسماع .

قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الشُّهَدَاءُ عَلَى بَارِقٍ - نَهْرٍ بِبَابِ الْجَنَّةِ فِي قُبَّةٍ خَضْرَاءَ، يَخْرُجُ عَلَيْهِمْ رِزْقُهُمْ مِنَ الْجَنَّةِ بُكْرَةً وَعَشِيًّا

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ

یہ حدیث حضرت ابن عباس سے صرف اس سند سے مروی ہے' محمد بن اسحاق اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

124 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَشَجِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: لَزِمَ رَجُلٌ رَجُلًا بِحَقِّهِ، فَأَلَحَّ عَلَيْهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ طَلَبَ فَلْيَطْلُبْ بِعَفَافٍ وَافٍ أَوْ غَيْرِ وَافٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک آدمی کا حق دوسرے پر ہے' وہ اس سے چمٹ کر حاصل کرے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو اپنا حق طلب کرتا ہے' اس کو چاہیے کہ وہ پاک دامنی سے پورا طلب حاصل کرے یا تھوڑا لے۔

125 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: حَدَّثَنِي مَهْدِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: نا ضَمْرَةُ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَوْذَبٍ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: أَتَانَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِي أَخٌ صَغِيرٌ، فَقَالَ: أَبَا عُمَيْرٍ، مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ؟

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے' اس حالت میں کہ میرا ایک چھوٹا بھائی تھا' آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابوعمیر! تمہاری چڑیا نے کیا کیا؟

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ إِلَّا ضَمْرَةُ

یہ حدیث ابن شوذب سے صرف ضمرہ ہی روایت کرتے ہیں۔

124- أخرجه الحاكم: المستدرك جلد2صفحه32 وقال: هذا حديث صحيح على شرط البخارى ولم يخرجاه .

125- أخرجه البخارى: الأدب جلد10صفحه598 رقم الحديث:6203، و مسلم: الآداب جلد3صفحه1692، وأبو داؤد: الأدب جلد4صفحه294 رقم الحديث:4969، والترمذى: البر والصلة جلد4صفحه357 رقم الحديث: 1989، وابن ماجة: الأدب جلد2صفحه122 رقم الحديث: 3720، وأحمد: المسند جلد3صفحه141 رقم الحديث:12144 .

126 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا مَهْدِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُسْتَقَادُ مِنَ الْجُرْحِ حَتَّى يَبْرَاَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: زخم کی دیت نہیں لی جائے گی یہاں تک کہ وہ ٹھیک ہو جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الشَّعْبِيِّ اِلَّا عَنْبَسَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَاضِي الرِّيِّ، وَلَا عَنْ عَنْبَسَةَ اِلَّا ابْنُ الْمُبَارَكِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَهْدِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ

یہ حدیث شعبی سے صرف عنبسہ بن سعید قاضی الری اور عنبسہ سے صرف ابن مبارک ہی روایت کرتے ہیں' اسے مہدی بن جعفر اکیلے روایت کرتے ہیں۔

127 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِرَاْسِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ ابْنِي عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ يَوْمَ سَابِعِهِمَا، فَحُلِقَ ثُمَّ تَصَدَّقَ بِوَزْنِهِ فِضَّةً وَلَمْ يَجِدْ ذِبْحًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما' حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے لخت جگروں کے متعلق' جب وہ سات دن کے ہوئے' حکم دیا کہ ان کے بال مونڈے جائیں' پھر اُن بالوں کے برابر چاندی وزن کر کے صدقہ دی اور جانور ذبح کرنے کے لیے نہ پایا۔

128 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنِ الشَّرِيدِ، رَجُلٍ مِنَ الصِّدِفِ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بوڑھے کے دل میں دو اشیاء کی محبت تروتازہ رہتی ہے: (۱) زندگی کی محبت (۲) اور مال کی محبت۔

126- وانظر: نصب الراية للزيلعي رقم الحديث: 14378 .

127- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه60 .

128- أخرجه مسلم: الزكاة جلد 2صفحه724' والترمذي: الزهد جلد 4صفحه570 رقم الحديث: 238' وقال: هذا حديث حسن صحيح' وابن ماجة: الزهد جلد 2صفحه1415 رقم الحديث: 4233' وأحمد: المسند جلد2صفحه476 رقم الحديث: 8720 .

وَسَلَّمَ: قَلْبُ الْكَبِيرِ جَدِيدٌ عَلَى حُبِّ اثْنَتَيْنِ: حُبِّ الْحَيَاةِ، وَحُبِّ الْمَالِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ إِلَّا عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

اس حدیث کو یحییٰ بن سعید سے عمارہ بن غزیہ ہی روایت کرتے ہیں' ابن لہیعہ اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

129 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِي عَمْرٍو، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَثِيرًا مَا يَدْعُو بِهَذِهِ الْكَلِمَاتِ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ، وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ، وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَمِنْ ضَلَعِ الدَّيْنِ، وَمِنْ غَلَبَةِ الرِّجَالِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ان کلمات کے ساتھ کثرت سے دعا کرتے تھے: ''اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ، وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ، وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَمِنْ ضَلَعِ الدَّيْنِ، وَمِنْ غَلَبَةِ الرِّجَالِ''۔

130 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، مَوْلَى الْحُرَقَةِ قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي، يَقُولُ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقُولُ اللَّهُ تَعَالَى: أَنَا أَغْنَى الشُّرَكَاءِ عَنِ الشِّرْكِ، فَمَنْ أَشْرَكَ بِي فَهُوَ لَهُ كُلُّهُ فَمَنْ أَشْرَكَ بِي فَهُوَ لَهُ كُلُّهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میں شرکاء کے شرک سے بری الذمہ ہوں' جو میرے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرائے گا وہ سارے کا سارا اسی کے لیے ہے' جو میرے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرائے گا وہ سارے کا سارا اسی کے لیے ہے۔

129- أخرجه البخاري: الدعوات جلد 11 صفحه 177 رقم الحديث: 6363' وأبو داؤد: الوتر جلد 2 صفحه 92 رقم الحديث: 1541' والترمذي جلد 5 صفحه 520 رقم الحديث: 3484' وقال: هذا حديث غريب من هذا الوجه .

130- أخرجه مسلم: الزهد جلد 4 صفحه 2289' وابن ماجة: الزهد جلد 2 صفحه 1405' قال في الزوائد: اسناده صحيح . رجاله ثقات .

131 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بِنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعِ بْنِ مَالِكٍ الزُّرَقِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ اَبِی، يَقُولُ: قَالَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ اَهْلُ بَدْرٍ فِيكُمْ؟ قَالَ: هُمْ اَفَاضِلُنَا . فَقَالَ جِبْرِيلُ: وَمَنْ شَهِدَ مِنَ الْمَلَائِكَةِ بَدْرًا فَهُمْ اَفَاضِلُنَا

حضرت رفاعہ بن رافع بن مالک الزرقی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد کو فرماتے سنا کہ حضرت جبریل علیہ السلام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: جو بدر میں شریک ہوئے آپ اُن کو کیسے دیکھتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ ہم میں فضیلت والے ہیں' حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: جو فرشتے بدر میں شریک ہوئے تھے' وہ ہم میں فضیلت والے ہیں۔

132 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بِنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ يُحَنَّسَ، مَوْلَى الزُّبَيْرِ عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا مَشَتْ اُمَّتِي الْمُطَيْطَاءَ، وَخَدَمَتْهُمْ فَارِسُ وَالرُّومُ، سُلِّطَ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب میری اُمت کے لوگ اکڑاتے ہوئے چلیں اور فارس اور روم کے لوگ اُن کے خادم ہوں تو اس وقت ان کے بعض کو بعض پر مسلط کر دیا جائے گا۔

133 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدٍ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ

حضرت عویمر بن اشقر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے قربانی کا جانور ذبح کر کے پکالیا' پھر وہ

131- أخرجه البخاری: المغازی جلد 7صفحه362 رقم الحديث: 3992' وابن ماجة: المقدمة جلد 1صفحه56-57 رقم الحديث: 160' بلفظ البخاری جاء جبريل الى النبی صلى الله عليه وسلم فقال: ما تعدون أهل بدر فيكم؟ قال: من أفضل المسلمين أو كلمة نحوها قال: وكذلك من شهد بدرًا من الملائكة .

132- أخرجه الترمذی: الفتن جلد 4صفحه526 رقم الحديث: 2261 عن ابن عمر رضی الله عنهما بلفظ اذا مشت أمتی بالمطيطاء' وخدمها أبناء الملوك أبناء فارس والروم' سلط شرارها على خيارها . وقال أبو عيسى: حديث غريب وأخرجه أبو نعيم فی اخبار أصبهان جلد 1صفحه308 .

133- أخرجه ابن ماجة: الأضاحی جلد 2صفحه1053 رقم الحديث: 3153' فی الزوائد: رجاله ثقات الا أنه منقطع' لأن عباد بن تميم لم يسمع عويمر بن أشقر . قاله الحافظ بن حجر' وأحمد: المسند جلد 3صفحه553 رقم الحديث: 15768' بلفظ أنه ذبح قبل الصلاة' فذكره النبی صلى الله عليه وسلم . فقال: أعد أضحيتك .

عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُوَيْمِرِ بْنِ اَشْقَرَ، اَنَّهُ ذَبَحَ اُضْحِيَّتَهُ، فَصَنَعَ صَحْفَةً مِنْهَا، ثُمَّ اَتَى بِهَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا هٰذَا؟ قَالَ: مِنْ اُضْحِيَّتِي. فَقَالَ: مَتَى ذَبَحْتَهَا؟ قَالَ: قَبْلَ اَنْ اُصَلِّيَ. فَاَمَرَهُ اَنْ يُعِيدَ

اس میں سے کچھ نبی کریم ﷺ کے پاس لے کر آئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ عرض کی: میری قربانی کا گوشت' آپ ﷺ نے فرمایا: کب ذبح کیا ہے؟ عرض کی: نماز ادا کرنے سے پہلے' آپ ﷺ نے انہیں دوبارہ قربانی کرنے کا حکم دیا۔

134 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ، عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ الْمَازِنِيِّ، عَنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ حِينَ اَمَرَ النَّاسَ اَنْ يَرْفَعُوا اَيْدِيَهُمْ فِي الِاسْتِسْقَاءِ، كَانَتْ عَلَيْهِ خَمِيصَةٌ سَوْدَاءُ، فَاَرَادَ اَنْ يَاْخُذَ بِاَسْفَلِهَا لِيُحَوِّلَهَا، فَاسْتَثْقَلَهَا وَغَلَبَتْهُ، فَاَخَذَ بِطَرْفِهَا مِنْ عَلَى مَنْكِبَيْهِ، فَحَوَّلَ الشِّقَّيْنِ اَحَدَهُمَا عَلَى الْآخَرِ، وَجَعَلَ مَا كَانَ اِلَى الظَّهْرِ خَارِجًا

حضرت عبداللہ بن زید مازنی رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے لوگوں کو جس وقت بارش کی دعا مانگنے کیلئے ہاتھ اُٹھانے کا حکم دیا تو آپ پر سیاہ چادر تھی' آپ نے اس کے نیچے والے حصے کو پلٹنے کا ارادہ کیا' تو وہ چادر بھاری تھی' وہ آپ سے نہ ہلی تو آپ نے اس کونے کو پکڑا جو آپ نے اس کے ایک کونے کو دوسرے کونے پر پلٹا اور پیٹھ کی طرف اس کو پھینک دیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ احادیث عمارہ بن غزیہ سے صرف ابن لہیعہ ہی روایت کرتے ہیں۔

135 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ،

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ جب کسی لشکر یا

134- أخرجه أبو داؤد: الاستسقاء جلد 1 صفحه 301 رقم الحديث: 1164' والنسائي: الاستسقاء جلد 3 صفحه 126 (باب الحال التي يستحب للامام أن يكون عليها اذا خرج)' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 52 رقم الحديث: 16468.

135- أخرجه مسلم: الجهاد جلد 3 صفحه 1356-1357' والترمذي: السير جلد 4 صفحه 162 رقم الحديث: 1617.

وَيَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَا: نا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا بَعَثَ سَرِيَّةً، اَوْ جَيْشًا قَالَ: اغْزُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، قَاتِلُوا مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ، لَا تَغُلُّوا، وَلَا تَغْدِرُوا، وَلَا تُمَثِّلُوا، وَلَا تَقْتُلُوا وَلِيدًا، وَلَا شَيْخًا كَبِيرًا يَقُولُ لِاَمِيرِهِمْ: اِذَا اَنْتَ حَاصَرْتَ حِصْنًا، اَوْ اَهْلَ قَرْيَةٍ، فَادْعُهُمْ اِلَى اِحْدَى ثَلَاثٍ: اَنْ يَدْخُلُوا الْاِسْلَامَ، اَوْ يُعْطُوا الْجِزْيَةَ، اَوْ تُقَاتِلَهُمْ، وَاِذَا اَنْتَ حَاصَرْتَ اَهْلَ حِصْنٍ، اَوْ اَهْلَ قَرْيَةٍ، فَاَرَادُوا اَنْ يَنْزِلُوا عَلَى حُكْمِ اللّٰهِ، فَلَا تُنْزِلْهُمْ عَلَى حُكْمِ اللّٰهِ، فَاِنَّكَ لَا تَدْرِي اَتُصِيبُ فِيهِمْ حُكْمَ اللّٰهِ اَمْ لَا؟ وَلَكِنْ اَنْزِلْهُمْ عَلَى حُكْمِكَ وَحُكْمِ اَصْحَابِكَ. وَاِذَا اَنْتَ حَاصَرْتَ اَهْلَ حِصْنٍ اَوْ اَهْلَ قَرْيَةٍ، فَاَرَادُوكَ اَنْ تُعْطِيَهُمْ ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ رَسُولِهِ فَلَا تُعْطِهِمْ ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ رَسُولِهِ، وَلَكِنْ اَعْطِهِمْ ذِمَّتَكَ وَذِمَمَ اَصْحَابِكَ، فَاِنَّكُمْ اَنْ تَخْفِرُوا ذِمَمَكُمْ وَذِمَمَ آبَائِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ مِنْ اَنْ تَخْفِرُوا ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ رَسُولِهِ

سریہ کو بھیجتے تو آپ فرماتے: اللہ کی راہ میں جہاد کرو' اُس کو قتل کرو جو اللہ کا انکار کرے' غلو نہ کرو' دھوکہ نہ دھو' مثلہ نہ کرو' نہ بچوں کو قتل کرو اور نہ بوڑھے بزرگوں کو۔ آپ ﷺ ان کے امیر لشکر کو فرماتے: جب تم کسی قلعہ کا محاصرہ کرو یا کسی بستی کا تو ان کو تین میں سے کسی ایک کی طرف دعوت دو: (۱) یہ کہ وہ اسلام میں داخل ہو جائیں (۲) یا وہ جزیہ دیں یا (۳) اُن سے لڑیں' پس جب تو کسی قلعہ یا کسی بستی کا محاصرہ کرے تو وہ چاہیں کہ تم اُن کو اللہ کے حکم پر اُتارو تو تم اللہ کے حکم پر نہ اُتارو کیونکہ تم نہیں جانتے کہ کیا تم اللہ کے حکم کو پالوگے یا نہیں! لیکن تم اپنے حکم یا اپنے اصحاب کے حکم پر انہیں اُتارو اور جب تم کسی قلعہ یا کسی بستی والوں کا محاصرہ کرو اور وہ چاہیں کہ تم ان کو اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) کا ذمہ دو تو تم ان کو اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) کے ذمہ میں نہ دو' تم اُن کو اپنے اور اپنے ساتھیوں کے ذمہ پر دو' یہ تمہارے لیے اس سے بہتر ہے کہ تم اپنے ذمہ کی حقارت کروالو' اللہ اور اس کے رسول کے ذمہ کی حقارت نہ کرواؤ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ اِلَّا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

سعید بن ابی ھلال سے اس حدیث کو صرف خالد بن یزید ہی روایت کرتے ہیں' اسے ابن لہیعہ روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

136 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بن يحيى بْنُ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تم جمعہ کے دن قبولیت

-136 وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 16912 .

مُوسَى بْنِ وَرْدَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ابْتَغُوا السَّاعَةَ الَّتِي تُرْجَى فِي الْجُمُعَةِ، مَا بَيْنَ صَلَاةِ الْعَصْرِ اِلَى غَيْبُوبَةِ الشَّمْسِ، وَهِيَ قَدْرُ هَذَا يَعْنِي: قَبْضَتَهُ.

والی والی گھڑی کو تلاش کرو وہ گھڑی عصر کی نماز سے لے کر سورج کے غروب ہونے تک ہوتی ہے اور اس کا اندازہ یہ ہے یعنی تیری مٹھی بند کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ وَرْدَانَ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث موسیٰ بن وردان سے صرف ابن لھیعہ ہی روایت کرتے ہیں۔

137 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُلَيْكٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ الزُّبَيْدِيَّ، يَقُولُ: رَجَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَهُودِيًّا وَيَهُودِيَّةً، وَكُنْتُ فِيمَنْ رَجَمَهُمَا

حضرت عبداللہ بن حارث بن جزء زبیدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے یہودی مرد و عورت کو رجم کیا تھا' میں بھی اس میں انہیں رجم کرتا ہوں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث عبداللہ بن جزء زبیدی سے صرف اسی سند سے مروی ہے' ابن لھیعہ اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

138 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَطَاءُ بْنُ اَبِي رَبَاحٍ، وَعَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے کھجور اور کشمش کو ملا کر نبیذ بنانے سے منع کیا اور انگور اور تر کھجور کو ملا کر نبیذ بنانے سے منع کیا۔

137- والحديث أخرجه البزار رقم الحديث: **21912** . كشف الأستار . و الطبراني في الكبير' قاله الحافظ الهيثمي . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: **27416** .

138- أخرجه مسلم: الأشربة جلد**3**صفحه**1574**' وأبو داؤد: الأشربة جلد**3**صفحه**331** رقم الحديث: **3703** والترمذي: الأشربة جلد **4**صفحه**298** رقم الحديث: **1876**' وقال: حديث حسن صحيح' والنسائي: الأشربة جلد**8**صفحه**257** (باب البسر والرطب)' وابن ماجة: الأشربة جلد**2**صفحه**1125** رقم الحديث: **3395** بلفظ مسلم نهى أن ينبذ التمر والزبيب جميعًا' ونهى أن ينبذ الرطب والبسر جميعًا .

وَسَلَّمَ نَهَى اَنْ يُنْبَذَ التَّمْرُ وَالزَّبِيبُ مَعًا، وَالْعِنَبُ وَالرُّطَبُ جَمِيعًا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے صرف ابن لھیعہ ہی روایت کرتے ہیں۔

139 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْاَيْلِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ شَعْبَانَ كُلَّهُ، اِلَّا اَقَلَّهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ مکمل شعبان کے روزے بہت کم رکھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ الْعَلَاءِ اِلَّا جَعْفَرُ بْنُ رَبِيعَةَ

یہ حدیث اسود بن علاء سے صرف جعفر بن ربیعہ ہی روایت کرتے ہیں۔

140 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْاَيْلِيُّ قَالَ: نا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي مَخْرَمَةُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ الزُّرَقِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا قَتَادَةَ الْاَنْصَارِيَّ، يَقُولُ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوقتادہ انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ لوگوں کو اس حالت میں نماز پڑھا رہے تھے کہ حضرت امامہ بنت ابی العاص آپ کے کندھوں پر سوار تھیں' جب آپ سجدہ کرتے تو اُن کو اپنے کندھوں سے اُتار دیتے۔

139- أخرجه البخاري: الصوم جلد 4 صفحه 251 رقم الحديث: 1969 بلفظ وما رأيته أكثر صياماً منه في شعبان' ومسلم: الصيام جلد 2 صفحه 811' والترمذي: الصوم جلد 3 صفحه 105 رقم الحديث: 737' وابن ماجة: الصوم جلد 1 صفحه 545 رقم الحديث: 1710' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 44 رقم الحديث: 24171 .

140- أخرجه البخاري: الأدب جلد 10 صفحه 440 رقم الحديث: 5996' ومسلم: المساجد جلد 1 صفحه 385' وأبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 239 رقم الحديث: 917' والنسائي: السهو جلد 3 صفحه 10 (باب حمل الصبايا في الصلاة ووضعهن في الصلاة) ومالك في الموطأ: قصر الصلاة في السفر جلد 1 صفحه 170 رقم الحديث: 81' والدارمي: الصلاة جلد 1 صفحه 364 رقم الحديث: 1359' وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 356 رقم الحديث: 22640 .

وَسَلَّمَ. يُصَلِّي لِلنَّاسِ، وَأُمَامَةُ بِنْتُ اَبِي الْعَاصِ عَلَى عَاتِقِهِ، فَإِذَا سَجَدَ وَضَعَهَا

141 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو الرَّقِّيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّ اَبِي مَاتَ وَلَمْ يَحُجَّ، اَفَاَحُجَّ عَنْهُ؟ قَالَ: لَوْ كَانَ عَلَى اَبِيكَ دِينٌ اَكُنْتَ قَاضِيَهُ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: فَدَيْنُ اللّٰهِ اَحَقُّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' اس نے عرض کی: میرا باپ فوت ہوگیا ہے' اس نے حج نہیں کیا تھا تو کیا میں اس کی طرف سے حج کروں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تیرے باپ کے ذمہ قرض ہوتا تو تُو اس کو ادا کرتا؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تو اللہ کا قرض ادا کرنے کے زیادہ لائق ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو

اس حدیث کو اعمش سے صرف عبیداللہ بن عمرو ہی روایت کرتے ہیں۔

142 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِي عِمْرَانَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كُنَّا يَوْمًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَخَلَتْ عَلَيْهِ الْيَهُودُ، فَرَآهُمْ بِيضَ اللِّحَى، فَقَالَ: مَا لَكُمْ لَا تُغَيِّرُونَ؟ فَقِيلَ: اِنَّهُمْ يَكْرَهُونَ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَكِنَّكُمْ غَيِّرُوا، وَاِيَّايَ وَالسَّوَادَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک دن نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھے' آپ کے پاس کچھ یہودی آئے' آپ نے ان کی سفید داڑھیاں دیکھیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم اس کا رنگ بدلتے کیوں نہیں؟ عرض کی گئی: یہ لوگ ناپسند کرتے ہیں' تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم ضرور بدلو! لیکن کالے رنگ سے بچنا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِسْحَاقَ اِلَّا

یہ حدیث سعد بن اسحاق سے ابن لھیعہ ہی روایت

141- أخرجه البخاری: الأيمان والنذور جلد 11 صفحه 592 رقم الحديث: 6699' والنسائی: المناسك جلد 5 صفحه 87 (باب الحج عن الميت الذی نذر أن يحج)' والدارمی: النذور جلد 2 صفحه 239 رقم الحديث: 2332' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 449 رقم الحديث: 3223' بلفظ ان أختی نذرت أن تحج وانها ماتت .

142- وانظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 163 .

ابْنُ لَهِيعَةَ

کرتے ہیں۔

143 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ بَشِيرٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ: نا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، يَرْفَعُهُ . قَالَ: لَوْ ان بُكَاءُ دَاوُدَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَبُكَاءُ جَمِيعِ اَهْلِ الْاَرْضِ، جَمِيعًا، يَعْدِلُ بِبُكَاءِ آدَمَ، مَا عَدَلَهُ

حضرت سلیمان بن بریدہ اپنے والد رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر داؤد علیہ السلام اور تمام روئے زمین کے رونے والوں کا رونا جمع کیا جائے تو وہ آدم علیہ السلام کے رونے کے برابر نہیں ہوسکتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا اَحْمَدُ بْنُ بَشِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث مسعر سے احمد بن بشیر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یحییٰ بن سلیمان اکیلے ہیں۔

144 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ قَالَ: نا اَبُو سَعِيدٍ التَّغْلِبِيُّ قَالَ: نا عَمَّارُ بْنُ سَيْفٍ الضَّبِّيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ اَبِي الْبَخْتَرِيِّ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَتَى نَتْرُكُ الْاَمْرَ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيَ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَهُمَا سَيِّدَا اَعْمَالِ اَهْلِ الْبِرِّ؟ قَالَ: اِذَا اَصَابَكُمْ مَا اَصَابَ بَنِي اِسْرَائِيلَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا اَصَابَ بَنِي اِسْرَائِيلَ؟ قَالَ: اِذَا دَاهَنَ خِيَارُكُمْ فُجَّارَكُمْ، وَصَارَ الْفِقْهُ فِي شِرَارِكُمْ، وَصَارَ الْمُلْكُ فِي صِغَارِكُمْ، فَعِنْدَ ذَلِكَ تَلْبَسُكُمْ فِتْنَةٌ، تَكِرُّونَ وَيُكَرُّ عَلَيْكُمْ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: یارسول اللہ! ہم امر بالمعروف ونہی عن المنکر کب ترک کریں حالانکہ یہ دونوں نیکیوں کے سردار ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم کو وہی پہنچے جو بنی اسرائیل کو پہنچا تھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! بنی اسرائیل کو کیا پہنچا تھا؟ فرمایا: جب اُن کے اچھے بُرے اور فقہاء شرارتی اور بچے بادشاہ ہو گئے تو اس وقت تم کو ان کی جانب سے فتنہ ہی پہنچے گا' تم اُن سے تکرار کرو گے وہ تم سے تکرار کریں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا عَمَّارُ

یہ حدیث اعمش سے صرف عمار بن سیف ہی

143- وانظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه201 .

144- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه289 .

بْنُ سَيْفٍ، وَلَا عَنْ عَمَّارٍ إِلَّا أَبُو سَعِيدٍ التَّغْلِبِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ

روایت کرتے ہیں اور عمار سے صرف ابوسعید التغلبی ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے والے یحییٰ بن سلیمان الجعفی اکیلے ہیں۔

145 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ سَلَّامَ بْنَ سُلَيْمٍ، يَذْكُرُ عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ قَالَ: جَاءَ جِبْرِيلُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ مَا بُعِثْتُ إِلَى نَبِيٍّ قَطُّ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْكَ، أَلَا أُعَلِّمُكَ أَسْمَاءً مِنْ أَسْمَاءِ اللّٰهِ، هُنَّ مِنْ أَحَبِّ أَسْمَائِهِ إِلَيْهِ، أَنْ يُدْعَى بِهِنَّ؟ قُلْ يَا نُورُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، يَا زَيْنَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، يَا جَبَّارَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، يَا عِمَادَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، يَا بَدِيعَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، يَا قَيُّومَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ، يَا صَرِيخَ الْمُسْتَصْرِخِينَ، وَيَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيثِينَ، وَمُنْتَهَى الْعَابِدِينَ، الْمُفَرِّجَ عَنِ الْمَكْرُوبِينَ، الْمُرَوِّحَ عَنِ الْمَغْمُومِينَ، وَمُجِيبَ دُعَاءِ الْمُضْطَرِّينَ، وَكَاشِفَ الْكَرْبِ، وَيَا إِلَهَ الْعَالَمِينَ، وَيَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ. تَنْزِلُ بِكَ كُلُّ حَاجَةٍ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جبریل علیہ السلام' نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے' عرض کی: اے محمد ﷺ! جو بھی نبی مبعوث کیا گیا اُن میں سے آپ مجھے سب سے زیادہ محبوب ہیں' کیا میں آپ کو اللہ عزوجل کے ناموں میں سے کچھ نام نہ سکھاؤں' جو اس کو اپنے ناموں میں سے بہت زیادہ محبوب ہیں کہ ان کے ساتھ دعا کی جائے؟ پڑھئے: ''يَا نُورُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، يَا زَيْنَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، يَا جَبَّارَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، يَا عِمَادَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، يَا بَدِيعَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، يَا قَيُّومَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ، يَا صَرِيخَ الْمُسْتَصْرِخِينَ، وَيَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيثِينَ، وَمُنْتَهَى الْعَابِدِينَ، الْمُفَرِّجَ عَنِ الْمَكْرُوبِينَ، الْمُرَوِّحَ عَنِ الْمَغْمُومِينَ، وَمُجِيبَ دُعَاءِ الْمُضْطَرِّينَ، وَكَاشِفَ الْكَرْبِ، وَيَا إِلَهَ الْعَالَمِينَ، وَيَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ'' اس کے ذریعے ہمیشہ آپ کی ہر ضرورت پوری ہو جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ إِلَّا سَلَّامُ بْنُ سَلْمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُحَارِبِيُّ

یہ حدیث منصور سے صرف سلام بن سلم روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محاربی اکیلے ہیں۔

145- وانظر: مجمع الزوائد جلد10صفحہ182 .

146 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ قَالَ: نا الْحَكَمُ بْنُ ظُهَيْرٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: شَكَا خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَرَقَ مِنَ اللَّيْلِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَوَيْتَ اِلَى فِرَاشِكَ فَقُلْ: اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَمَا اَظَلَّتْ، وَرَبَّ الْاَرَضِينَ السَّبْعِ وَمَا اَقَلَّتْ، وَرَبَّ الرِّيَاحِ وَمَا اَذْرَتْ، كُنْ لِي جَارًا مِنْ شَرِّ خَلْقِكَ

حضرت سلیمان بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں رات کو نیند نہ آنے کی شکایت کی' تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو فرمایا: جب تُو اپنے بستر پر آئے تو یہ کلمات پڑھ لیا کر: "اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَمَا اَظَلَّتْ، وَرَبَّ الْاَرَضِينَ السَّبْعِ وَمَا اَقَلَّتْ، وَرَبَّ الرِّيَاحِ وَمَا اَذْرَتْ، كُنْ لِي جَارًا مِنْ شَرِّ خَلْقِكَ"۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلْقَمَةَ اِلَّا الْحَكَمُ بْنُ ظُهَيْرٍ

یہ حدیث علقمہ سے صرف حکیم بن ظہیر ہی روایت کرتے ہیں۔

147 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سُفْيَانَ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا مَسْلَمَةُ بْنُ عُلَيٍّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَاقِدٍ، وَهِشَامِ بْنِ الْغَازِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا عَلَى الْاَرْضِ مِنْ رَجُلٍ مُسْلِمٍ يَدْعُو اللّٰهَ بِدَعْوَةٍ اِلَّا آتَاهُ اللّٰهُ اِيَّاهَا، اَوْ كَفَّ عَنْهُ مِنَ الشَّرِّ مِثْلَهَا، مَا لَمْ يَدْعُ بِاِثْمٍ، اَوْ قَطِيعَةِ رَحِمٍ، مَا لَمْ يَعْجَلْ. قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا اسْتِعْجَالُهُ؟ قَالَ: يَقُولُ: قَدْ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: زمین پر جو کوئی بھی مسلمان آدمی ہے وہ جو بھی اللہ عزوجل سے دعا کرے' اللہ عزوجل اس کو عطا کرتا ہے' یا اس کی مثل شر روک دیتا ہے' جب تک گناہ یا رشتے داری توڑنے کی دعا نہ ہو اور جب تک جلدی نہ کرے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کی جلدی سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: وہ کہتا ہے کہ میں نے دعا کی' میری دعا قبول نہیں ہوئی۔ تو قوم میں سے ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! تب تو ہم کثرت

146- أخرجه الترمذي: الدعوات جلد 5 صفحه 538-539 رقم الحديث: 3523' وقال: هذا حديث ليس اسناده بالقوي' والحكم بن ظهير قد ترك حديثه بعض أهل الحديث .

147- أخرجه الترمذي: الدعوات جلد 5 صفحه 566 رقم الحديث: 3573' وقال: هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه

دَعَوْتُ وَدَعَوْتُ فَلَمْ يُسْتَجَبْ لِي فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: إِذًا نُكْثِرُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ: اللّٰهُ أَكْثَرُ

سے دعا کریں گے۔ آپ نے فرمایا: اللہ اس سے زیادہ عطا کرتا ہے۔

148 - وَعَنْ زَيْدِ بْنِ وَاقِدٍ، وَهِشَامِ بْنِ الْغَازِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَلَامَةَ، عَنْ أَبِي رُهْمٍ السَّمَاعِيِّ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ نَفْسَ الْمُؤْمِنِ إِذَا قُبِضَتْ تَلَقَّاهَا أَهْلُ الرَّحْمَةِ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ، كَمَا تَلَقَّوْنَ الْبَشِيرَ مِنْ أَهْلِ الدُّنْيَا، فَيَقُولُونَ: أَنْظِرُوا صَاحِبَكُمْ يَسْتَرِيحُ، فَإِنَّهُ فِي كَرْبٍ شَدِيدٍ، ثُمَّ يَسْأَلُونَهُ: مَا فَعَلَ فُلَانٌ، وَفُلَانَةٌ هَلْ تَزَوَّجَتْ؟ فَإِذَا سَأَلُوهُ عَنِ الرَّجُلِ قَدْ مَاتَ قَبْلَهُ، فَيَقُولُ: أَيْهَاتَ، قَدْ مَاتَ ذَاكَ قَبْلِي. فَيَقُولُونَ: إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ، ذُهِبَ بِهِ إِلَى أُمِّهِ الْهَاوِيَةِ، بِئْسَتِ الْأُمُّ، وَبِئْسَتِ الْمُرَبِّيَةُ. وَقَالَ: إِنَّ أَعْمَالَكُمْ تُعْرَضُ عَلَى أَقَارِبِكُمْ، وَعَشَائِرِكُمْ مِنْ أَهْلِ الْآخِرَةِ، فَإِنْ كَانَ خَيْرًا فَرِحُوا وَاسْتَبْشَرُوا، وَقَالُوا: اللّٰهُمَّ هَذَا فَضْلُكَ وَرَحْمَتُكَ، فَأَتْمِمْ نِعْمَتَكَ عَلَيْهِ، وَأَمِتْهُ عَلَيْهَا. وَيُعْرَضُ عَلَيْهِمْ عَمَلُ الْمُسِيءِ، فَيَقُولُونَ: اللّٰهُمَّ أَلْهِمْهُ عَمَلًا صَالِحًا تَرْضَى بِهِ، وَتُقَرِّبُهُ إِلَيْكَ.

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مؤمن کی جان جب نکالی جاتی ہے تو اللہ کے بندوں سے رحمت والے ملتے ہیں' جس طرح دنیا میں خوشخبری دینے والے ملتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ اپنے ساتھی کو دیکھو کہ وہ راحت میں تھا' اب وہ سخت عذاب میں گرفتار ہے۔ پھر وہ اس سے پوچھتے ہیں: فلاں نے کیا کیا؟ اور فلاں عورت نے کیا شادی کر لی ہے؟ وہ اس سے اس آدمی کے متعلق پوچھتے ہیں جو اُس سے پہلے مر چکا ہے' وہ کہتا ہے: ہائے! وہ مجھ سے پہلے مر چکا ہے' وہ کہتے ہیں: انا للہ وانا الیہ راجعون! وہ اپنی ماں الھاویہ میں گیا ہے' اس کی ماں بُری اور مربیہ بھی بُری ہے۔ اور فرمایا: بے شک تمہارے اعمال تمہارے رشتے داروں پر پیش کیے جاتے ہیں اور تمہارے اہل خاندان آخرت والوں سے' اگر وہ بہتر ہوتے ہیں تو وہ خوش ہوتے ہیں اور خوشی کرتے ہیں اور کہتے ہیں: اے رب! یہ تیرا فضل اور تیری رحمت ہے' اس پر تُو اپنی رحمت مکمل کر اور اس پر اسے موت دے اور اُن پر رات کے اعمال پیش کیے جاتے ہیں۔ وہ عرض کرتے ہیں: اے اللہ! اس کو نیک عمل دے جس کے ساتھ وہ راضی ہو جائے اور اس کو تیرے قریب کر دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ مَكْحُولٍ إِلَّا زَيْدُ

یہ دونوں حدیثیں مکحول سے صرف زید بن واقد اور

148- والحديث أخرجه الطبراني في الكبير رقم الحديث: 3887-3888 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 330، والعلل المتناهية جلد 2 صفحه 428 .

بْـنُ وَاقِـدٍ، وَهِشَـامُ بْنُ الْغَازِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا مَسْلَمَةُ بْنُ عُلَيٍّ

ہشام بن غاز ہی روایت کرتے ہیں' ان دونوں سے مسلمہ بن علی روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

149 - حَـدَّثَـنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّـانَ قَـالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سُفْيَانَ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا مَسْـلَـمَةُ بْـنُ عُلَيٍّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيدِ الزُّبَيْدِيِّ، عَـنِ الـزُّهْـرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ الـنَّبِـيِّ صَـلَّـى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: اَحَبُّ عِبَادِي اِلَيَّ اَعْجَلُهُمْ فِطْرًا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ مجھے میرے بندوں میں سے محبوب ترین وہ بندے ہیں جو جلدی افطار کرتے ہیں۔

لَـمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ اِلَّا مَسْلَمَةُ بْنُ عُلَيٍّ

یہ حدیث زبیدی سے صرف سلمہ بن علی ہی روایت کرتے ہیں۔

150 - حَـدَّثَـنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّـانَ الـرَّقِّيُّ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ اَبِي سَهْلٍ الْمِصْرِيُّ قَـالَ: نـا عَـلِـيُّ بْنُ عَاصِمٍ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَـنِ الْاَسْـوَدِ، عَـنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ رَسُولِ الـلّٰـهِ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مِنْ تَمَامِ الصَّلَاةِ: الصَّلَاةُ فِي النَّعْلَيْنِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے نعلین میں نماز مکمل فرمائی۔

لَـمْ يَـرْوِ هَـذَا الْـحَدِيثَ عَنْ مُغِيرَةَ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُوسَى بْنُ اَبِي سَهْلٍ

یہ حدیث مغیرہ سے صرف علی بن عاصم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے والے موسیٰ بن ابی سہل اکیلے ہیں۔

151 - حَـدَّثَـنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ اَبِي سَهْلٍ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا ابْـنُ اَبِـي بُـكَيْرٍ الْكِرْمَانِيُّ قَالَ: نا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کو طلاق دینے کا ارادہ کیا تو صحابہ کرام اس پر پریشان ہوئے' آپ کے

149- أخرجه الترمذي: الصوم جلد3صفحه74 رقم الحديث:700' وقال: حديث حسن غريب .

150- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه57 .

151- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه247-248 .

عَنْ اَنَسٍ قَالَ: طَلَّقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَفْصَةَ، فَاغْتَمَّ النَّاسُ مِنْ ذٰلِكَ، وَدَخَلَ عَلَيْهَا خَالُهَا عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ، وَاَخُوهُ قُدَامَةُ، فَبَيْنَمَا هُمْ عِنْدَهَا، وَهُمْ مُغْتَمِّينَ، اِذْ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى حَفْصَةَ، فَقَالَ: يَا حَفْصَةُ، اَتَانِي جِبْرِيلُ آنِفًا، فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ، وَيَقُولُ لَكَ: رَاجِعْ حَفْصَةَ، فَاِنَّهَا صَوَّامَةٌ قَوَّامَةٌ، وَهِيَ زَوْجَتُكَ فِي الْجَنَّةِ

پاس ان کے خالو عثمان بن مظعون آئے اور ان کے بھائی قدامہ دونوں پریشانی کی حالت میں تھے کہ اچانک نبی کریم ﷺ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لائے' فرمایا: اے حفصہ! میرے پاس ابھی جبریل آئے تھے اور انہوں نے فرمایا کہ بے شک اللہ عزوجل آپ کو سلام کہتا ہے اور فرماتا ہے کہ آپ حفصہ سے رجوع کرلیں' وہ نماز پڑھنے والی' روزہ رکھنے والی ہے' وہ آپ کی جنت میں بیوی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُوسَى بْنُ اَبِي سَهْلٍ

یہ حدیث شعبہ سے یحییٰ بن ابی بکیر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں موسیٰ بن ابی سہل اکیلے ہیں۔

152 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سُفْيَانَ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا مَسْلَمَةُ بْنُ عُلَيٍّ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثٌ لَا يُعَادُ صَاحِبُهُنَّ: الرَّمِدُ، وَصَاحِبُ الضِّرْسِ، وَصَاحِبُ الدُّمَّلِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ تین آدمیوں کی عیادت نہ کرو: آنکھ درد کرنے والے کی' داڑھ کے درد والے کی' پھوڑے والے کی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا مَسْلَمَةُ بْنُ عُلَيٍّ

یہ حدیث اوزاعی سے صرف مسلمہ بن علی ہی روایت کرتے ہیں۔

153 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: حَدَّثَنِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ''اَلْعَيْنُ بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفُ بِالْاَنْفِ'' کی تلاوت کی۔

152- والحديث أخرجه ابن عدى جلد6صفحه2314' والعقيلى رقم الحديث: 21214 . وانظر: الموضوعات لابن الجوزى رقم الحديث:20813 .

153- أخرجه الحاكم فى المستدرك جلد2صفحه236 .

اَخِی اَبُو عَلِیّ بْنُ یَزِیدَ، عَنِ الزُّهْرِیّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ: اَلْعَیْنُ بِالْعَیْنِ، وَالْاَنْفُ بِالْاَنْفِ

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنِ الزُّهْرِیّ اِلَّا اَبُو عَلِیّ بْنُ یَزِیدَ، وَلَا عَنْ اَبِی عَلِیّ اِلَّا یُونُسُ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ الْمُبَارَكِ

یہ حدیث زہری سے صرف ابوعلی بن یزید اور ابوعلی سے یونس ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن مبارک اکیلے ہیں۔

154 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ یَحْیَی بْنِ خَالِدِ بْنِ حَیَّانَ قَالَ: نا یُوسُفُ بْنُ عَدِیّ قَالَ: نا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِیمٍ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَبَسَ رَجُلًا فِی تُهْمَةٍ، فَكُلِّمَ فِیهِ فَخَلَّی سَبِیلَهُ

حضرت بہز بن حکیم از والد خود از جد خود روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ایک آدمی کو ایک تہمت میں روک لیا گیا تو اس نے آپ سے گفتگو کی تو آپ نے اس کا راستہ چھوڑ دیا۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ بَهْزٍ اِلَّا مَعْمَرٌ

یہ حدیث بہز سے صرف معمر ہی روایت کرتے ہیں۔

155 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ یَحْیَی بْنِ خَالِدِ بْنِ حَیَّانَ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ خَالِدِ بْنِ نَجِیحٍ قَالَ: اَخْبَرَنِی اَبِی قَالَ: نا ابْنُ لَهِیعَةَ، عَنْ مِشْرَحِ ابْنِ هَاعَانَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِ بِنِعْمَةٍ، فَاَرَادَ بَقَائَهَا، فَلْیُكْثِرْ مِنْ قَوْلِ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ثُمَّ قَرَاَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: (وَلَوْلَا اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس پر اللہ عزوجل نے انعام کیا ہو وہ اس کی نعمت کو اپنے اوپر ہمیشہ دیکھنا چاہے تو وہ کثرت سے لاحول ولاقوۃ الا باللہ پڑھے' پھر رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت پڑھی: ''وَلَوْلَا اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ'' (الکہف:۳۹)۔

154- أخرجه أبو داؤد: الأقضية جلد 3 صفحه 313 رقم الحديث: 3630' والترمذي: الديات جلد 4 صفحه 28 رقم الحديث: 1417 وقال: حديث حسن' والنسائي: سارق جلد 8 صفحه 59-60 (باب امتحان السارقة بالضرب والحبس) .

155- . وانظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 102 .

بِاللّٰهِ) (الكهف: 39)

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ اِلَّا خَالِدُ بْنُ نَجِيحٍ

یہ حدیث ابن لہیعہ سے صرف خالد بن نجیح ہی روایت کرتے ہیں۔

156 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَهْلُ الْمَعْرُوفِ فِي الدُّنْيَا اَهْلُ الْمَعْرُوفِ فِي الْآخِرَةِ، وَاَهْلُ الْمُنْكَرِ فِي الدُّنْيَا اَهْلُ الْمُنْكَرِ فِي الْآخِرَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دنیا میں نیکی کرنے والے آخرت میں بھی نیکی کرنے والے ہوں گے دنیا میں غلط کام کرنے والے آخرت میں بھی غلط کام کرنے والے ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ اِلَّا ابْنُ عُلَيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ

یہ حدیث یونس سے صرف ابن علیہ ہی روایت کرتے ہیں اسے یحییٰ بن خالد بن حیان روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

157 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سُفْيَانَ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ عَمْرِو بْنِ جَابِرٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ اَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، اَنَّهُ قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمِنَّا الْمَهْدِيُّ اَمْ مِنْ غَيْرِنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: بَلْ مِنَّا، بِنَا يَخْتِمُ اللّٰهُ كَمَا بِنَا فَتَحَ، وَبِنَا يُسْتَنْقَذُونَ مِنَ الشِّرْكِ، وَبِنَا يُؤَلِّفُ اللّٰهُ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ بَعْدَ عَدَاوَةٍ بَيِّنَةٍ، كَمَا بِنَا اَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ بَعْدَ عَدَاوَةِ الشِّرْكِ قَالَ عَلِيٌّ: اَمُؤْمِنُونَ اَمْ كَافِرُونَ؟ فَقَالَ: مَفْتُونٌ وَكَافِرٌ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: یارسول اللہ! کیا مہدی ہم سے ہوگا یا ہمارے علاوہ کسی اور سے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بلکہ وہ ہم سے ہوگا' ہم پر اللہ عزوجل اختتام کرے گا جس طرح ہم سے ابتداء کی تھی' ہم کو شرک سے بچائے گا' ہمارے ذریعے اللہ اُن کے دلوں میں محبت ڈالے گا' واضح عداوت کے بعد جس طرح ہمارے دلوں میں اُلفت ڈالی ہے شرک کی عداوت کے بعد۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: وہ ایمان والے ہوں گے یا کافر؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آزمائش میں ہوں گے اور کافر ہوں گے۔

156- اسناده ضعيف فيه: يحيىٰ بن خالد بن حيان: مجهول .

157- وانظر: مجمع الزوائد جلد7 صفحه320 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي زُرْعَةَ عَمْرِو بْنِ جَابِرٍ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ سُفْيَانَ

یہ حدیث ابی زرعہ عمرو بن جابر سے ابن لھیعہ ہی روایت کرتے ہیں' اُن سے روایت کرنے میں محمد بن سفیان اکیلے ہیں۔

158 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ حَيَّانَ اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ سُئِلَ عَنْ اَوَّلِ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَوَّلَ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ نَارٌ تَخْرُجُ مِنَ الْمَشْرِقِ، وَتَحْشُرُهُمْ اِلَى الْمَغْرِبِ

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے قیامت کی پہلی نشانی کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: قیامت کی پہلی نشانی آگ ہے جو مشرق سے نکلے گی اور لوگوں کو اکٹھا کر کے مغرب کی طرف لے جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ اِلَّا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ

یہ حدیث حمید سے صرف ابوخالد الاحمر روایت کرتے ہیں۔

159 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى الْبَلْخِيُّ قَالَ: نا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ رَجُلٍ وَهُوَ: عُمَرُ بْنُ هَارُونَ الْبَلْخِيُّ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّى لَيْلَةَ الْفِطْرِ وَالْاَضْحَى، لَمْ يَمُتْ قَلْبُهُ يَوْمَ تَمُوتُ الْقُلُوبُ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے عیدالفطر یا عیدالاضحیٰ کی رات نوافل پڑھے تو جس دن سب کے دل مردہ ہو جائیں گے' اس دن اس کا دل مردہ نہیں ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَوْرٍ اِلَّا عُمَرُ بْنُ هَارُونَ، تَفَرَّدَ بِهِ: جَرِيرٌ

یہ حدیث ثور سے صرف عمر بن ہارون ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں جریر اکیلے ہیں۔

158- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 1618 .

159- والحديث أخرجه الطبراني في الكبير' قاله الحافظ الهيثمي . وانظر: مجمع الزوائد جلد2 صفحه201 .

160 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا عَبْدُوسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا مَنْصُورُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي قَبِيلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: شِعَارُ اُمَّتِي اِذَا حُمِلُوا عَلَى الصِّرَاطِ: يَا لَا اِلَهَ اِلَّا اَنْتَ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری اُمت کو جب پل صراط پر گزرنا پڑے گا تو اس کا شعار یہ ہوگا: ''یَا لَا اِلٰـهَ اِلَّا اَنْتَ''۔

161 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ الرَّقِّيُّ قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ اَبِي يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي حَيَّةَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي قَبِيلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ مَنْ يُحِبُّ التَّمْرَ.

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل اس کو پسند کرتا ہے جو کھجور پسند کرتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ

یہ حدیث عبداللہ بن عمرو سے صرف اسی سند سے ہی مروی ہے اسے روایت کرنے میں یحییٰ بن خالد بن حیان اکیلے ہیں۔

162 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ وَاضِحٍ الْعَسَّالُ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ. قَالَ: سَاَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ، وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ: كَيْفَ كَانَتْ صَلَاةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عامر شعبی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم سے پوچھا: رسول اللہ ﷺ کی رات کی نماز کیسی تھی؟ دونوں نے فرمایا: تیرہ رکعت' آٹھ رکعت نفل' تین وتر اور دو رکعت فجر کی سنتوں کی۔

160- وقال الحافظ الهيثمي: وأخرجه في الكبير وفيه من وثق على ضعفه' وعبدوس بن محمد لم أعرفه ـ انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه362 .

161- والحديث أخرجه الطبراني في الكبير قاله الحافظ الهيثمي ـ انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 4415 .

162- أخرجه ابن ماجة: الاقامة جلد1صفحه433 رقم الحديث: 1361 .

وَسَلَّمَ بِاللَّيْلَةِ؟ فَقَالَا: ثَلَاثَ عَشْرَةَ: ثَمَانٍ، وَيُوتِرُ بِثَلَاثٍ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْفَجْرِ

جَوَّدَهُ مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، فَرَوَاهُ مُتَّصِلًا عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَابْنِ عَبَّاسٍ ۔ وَرَوَاهُ شَرِيكٌ: عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، فَلَمْ يَصِلْهُ

موسیٰ بن عتبہ نے اس کو عمدہ کہا ہے اور انہوں نے حضرت ابن عمر اور حضرت ابن عباس سے متصلاً روایت کی ہے۔ شریک اسے ابواسحاق سے روایت کرتے ہیں اور اسے موصول ذکر نہیں کرتے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نا شِهَابُ بْنُ عَبَّادٍ الْعَبْدِيُّ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ ۔ عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ قَالَ: قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ، فَسَاَلْتُ عَنْ صَلَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ؟ فَاَجْمَعُوا عَلَى ثَلَاثَ عَشْرَةَ، مِنْهَا الْوِتْرُ، وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ

حضرت عامر الشعبی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں مدینہ منورہ آیا تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رات کی نماز کے متعلق پوچھا تو سب نے تیرہ رکعتیں بتائیں' ان میں وتر اور فجر سے پہلے کی دو رکعت (سنت) بھی شامل ہیں۔

163 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ وَاضِحٍ قَالَ: نا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى الْبَلْخِيُّ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ سَلْمٍ قَالَ: نا مِسْعَرٌ، عَنْ اَبِي الْعَنْبَسِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ اَحُتُّ الْمَنِيَّ مِنْ ثَوْبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کپڑے سے منی کھرچ دیتی تھی۔

هَكَذَا رَوَاهُ مِسْعَرٌ، عَنْ اَبِي الْعَنْبَسِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، وَلَا نَعْلَمُ رَوَاهُ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا حَفْصُ بْنُ سَلْمٍ ۔ وَرَوَاهُ اَبُو نُعَيْمٍ، عَنْ اَبِي الْعَنْبَسِ، فَخَالَفَ مِسْعَرًا فِي اِسْنَادِهِ

اسی طرح مسعر نے ابوعنبس سے' انہوں نے قاسم سے' انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے' اور ہم کو نہیں معلوم کہ مسعر حفص بن سلم سے روایت کرتے ہیں۔ ابونعیم نے اسے ابوعنبس سے روایت کیا اور مسعر کی اس اسناد میں مخالفت کی ہے۔

163- أخرجه مسلم: الطهارة جلد 1 صفحه 238' وأبو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 99-100 رقم الحديث: 372' وابن ماجة: الطهارة جلد 1 صفحه 179 رقم الحديث: 537 . بلفظ كنت أفركه من ثوب رسول الله ﷺ . وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 217 رقم الحديث: 25667' بلفظ كنت أراه على ثوب رسول الله ﷺ المنى فاحكه .

حَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا اَبُو نُعَيْمٍ قَالَ: نا اَبُو الْعَنْبَسِ سَعِيدُ بْنُ كَثِيرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: اِنْ كُنْتُ لَاَحُتُّ الْمَنِيَّ، وَقَالَتْ بِاِصْبَعِهَا هٰكَذَا فِي رَاحَتِهَا، يَعْنِي: مِنْ ثَوْبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں (نبی کریم ﷺ کے کپڑے سے) منی کو کھرچ دیتی تھی اور فرماتی: میں نبی کریم ﷺ کے کپڑے سے منی اس طرح اپنی انگلی کے ساتھ کھرچتی تھی۔

164 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: آخَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ قُرَيْشٍ وَالْاَنْصَارِ، فَآخَى بَيْنَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيعِ وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، فَقَالَ لَهُ سَعْدٌ: اِنَّ لِي مَالًا فَهُوَ بَيْنِي وَبَيْنَكَ شَطْرَيْنِ، وَلِي امْرَاَتَانِ، فَانْظُرْ اَيُّهُمَا اَحَبُّ اِلَيْكَ، فَاَنَا اُطَلِّقُهَا، فَاِذَا حَلَّتْ فَتَزَوَّجْهَا. فَقَالَ: بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِي اَهْلِكَ وَمَالِكَ، دُلُّونِي عَلَى السُّوقِ، فَلَمْ يَرْجِعْ حَتَّى رَجَعَ بِتَمْرٍ وَاَقِطٍ قَدْ اَفْضَلَهُ. وَرَاَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيَّ اَثَرَ صُفْرَةٍ. فَقَالَ: مَهْيَمْ فَقُلْتُ: تَزَوَّجْتُ امْرَاَةً مِنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ: مَا سُقْتَ اِلَيْهَا؟ قُلْتُ: وَزْنَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ. قَالَ: اَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے قریش اور انصار کے درمیان بھائی چارہ قائم فرمایا تو آپ نے حضرت سعد بن ربیع اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کے درمیان بھائی چارہ قائم فرمایا۔ حضرت عبدالرحمٰن کو حضرت سعد نے فرمایا: یہ میرا مال ہے' یہ میرے اور آپ کے درمیان دو حصے ہیں اور میری دو بیویاں ہیں' ان میں سے جو آپ کو پسند ہے' میں اس کو طلاق دے دیتا ہوں' جب آپ کے لیے حلال ہو جائے تو آپ اس سے شادی کر لینا۔ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ عزوجل تیرے خاندان اور تیرے مال میں برکت دے! آپ مجھے بازار کا راستہ بتائیں! حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ واپس کھجور اور پنیر لے کر آئے جو بہت زیادہ تھیں۔ حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ان پر زرد رنگ کے اثرات دیکھے تو آپ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ میں

164- أخرجه البخاري: النكاح جلد9صفحه19 رقم الحديث: 5072' ومسلم: النكاح جلد 2صفحه1042' وأبو داؤد: النكاح جلد 2صفحه242 رقم الحديث: 2109' والترمذي: النكاح جلد 3صفحه393 رقم الحديث: 1094' والنسائي: النكاح جلد 6صفحه97 (باب التزويج على نواة من ذهب)' وابن ماجة: النكاح جلد 1 صفحه615 رقم الحديث: 1907' ومالك في الموطأ: النكاح جلد 2صفحه545 رقم الحديث: 47' والدارمي: النكاح جلد2صفحه192 رقم الحديث: 2204' وأحمد: المسند جلد3صفحه233 رقم الحديث: 12981.

نے عرض کی: میں نے انصار کی ایک عورت سے شادی کی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا مہر رکھا ہے؟ میں نے عرض کی: گٹھلی کے وزن برابر سونا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ولیمہ کرواگر چہ ایک بکری سے ہی کیوں نہ ہو۔

165 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: اَكَلْتُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِيمَةً، لَيْسَ فِيهَا خُبْزٌ وَلَا لَحْمٌ. قُلْتُ: اَيُّ شَيْءٍ هُوَ يَا اَبَا حَمْزَةَ؟ قَالَ: تَمْرٌ وَسَوِيقٌ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ولیمہ کھایا تھا' اس میں روٹی اور گوشت نہیں تھا۔ میں نے عرض کی: اے ابوحمزہ! وہ (پھر) کون سی شی تھی؟ فرمایا: کھجور اور ستو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ

یہ دونوں حدیثیں یحییٰ بن سعید سے سلیمان بن بلال ہی روایت کرتے ہیں۔

166 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ قَارِظٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَوَضَّئُوا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا: آگ پر پکائی ہوئی شے کھانے کے بعد وضو کرو۔

165- أخرجه أبو داؤد فی الأطعمة رقم الحديث: **3844**' والترمذی فی النكاح جلد **3** صفحه **394**' وابن ماجة فی النكارح رقم الحديث: **1909**' بلفظ أو لم علی صفية بسويق وتمر .

166- أخرجه مسلم: الحيض جلد **1** صفحه **272**' والترمذی: الطهارة جلد **1** صفحه **114** رقم الحديث: **79**' بلفظ الوضوء مما مست النار' والنسائی: الطهارة جلد **1** صفحه **87** (باب الوضوء مما غيرت النار)' وابن ماجة: الطهارة جلد **1** صفحه **163** رقم الحديث: **485**' بلفظ توضئوا مما غيرت النار' وأحمد: المسند جلد **2** صفحه **356** رقم الحديث: **7623** .

167 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ الْاَخْنَسِ، عَنْ اُمِّ حَبِيبَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُ بِالْوَضُوءِ مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ.

زوجۂ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آگ سے پکائی ہوئی شی کھانے کے بعد وضو کا حکم دیتے سنا ہے۔

قَالَ الزُّهْرِيُّ: وَاَبُو سُفْيَانَ: ابْنُ اُخْتِ اُمِّ حَبِيبَةَ. لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ اِلَّا جَعْفَرُ بْنُ رَبِيعَةَ

زہری فرماتے ہیں: ابوسفیان' راوئ حدیث اُم حبیبہ کی بہن کے بیٹے تھے۔ یہ دونوں حدیثیں بکر بن سوارہ سے صرف جعفر بن ربیعہ ہی روایت کرتے ہیں۔

168 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَائِشَةَ، وَاُمِّ سَلَمَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصْبِحُ جُنُبًا، ثُمَّ يَصُومُ

حضرت عائشہ اور حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہما فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صبح کے وقت حالت جنابت میں ہوتے پھر روزہ رکھ لیتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ اِلَّا جَعْفَرُ بن رَبِيعَةَ

یہ حدیث عراک بن مالک سے جعفر بن ربیعہ ہی روایت کرتے ہیں۔

169 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی

-167 أخرجه النسائي: الطهارة جلد 1 صفحه 87-89 (باب مما غيرت النار)' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 361 رقم الحديث: 26839' بلفظ توضئوا مما مست النار .

-168 أخرجه البخارى: الصوم جلد 4 صفحه 181-182 رقم الحديث: 1931-1932' ومسلم: الصيام جلد 2 صفحه 780-781' ومالك فى الموطأ: الصيام جلد 1 صفحه 291 رقم الحديث: 12' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 345 رقم الحديث: 26718 .

-169 أخرجه البخارى: الصوم جلد 4 صفحه 181 رقم الحديث: 1931' ومسلم: الصيام جلد 2 صفحه 780' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 346 رقم الحديث: 26721 .

نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِى سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصْبِحُ جُنُبًا مِنْ نِسَائِهِ، ثُمَّ يُصْبِحُ صَائِمًا ذٰلِكَ الْيَوْمَ

کریم ﷺ صبح کے وقت اپنی عورتوں کی وجہ سے جنابت میں ہوتے' پھر اس دن صبح روزہ کی حالت میں کرتے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِى سَلَمَةَ اِلَّا اَبُو الزُّبَيْرِ، وَلَا عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ اِلَّا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: بَكْرُ بْنُ مُضَرَ

یہ حدیث عبداللہ بن ابی سلمہ سے صرف ابوزبیر ہی روایت کرتے ہیں اور ابوزبیر سے خالد بن یزید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں بکر بن مضر اکیلے ہیں۔

170 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ عَطَاءِ بْنِ خَبَّابٍ، مَوْلَى ابْنِ اَبِى ذِبَابٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِى رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَنَا قَائِدُ الْمُرْسَلِينَ وَلَا فَخْرَ، وَاَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ وَلَا فَخْرَ، وَاَنَا اَوَّلُ شَافِعٍ وَمُشَفَّعٍ وَلَا فَخْرَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میں رسولوں کا قائد ہوں' اس پر کوئی فخر نہیں' میں آخری نبی ہوں اس پر کوئی فخر نہیں ہے' میں سب سے پہلے شفاعت کرنے والا ہوں اور میری شفاعت قبول ہوگی اس پر کوئی فخر نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا صَالِحُ بْنُ عَطَاءٍ، وَلَا عَنْ صَالِحٍ اِلَّا جَعْفَرُ بْنُ رَبِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: بَكْرُ بْنُ مُضَرَ

یہ حدیث عطاء سے صرف صالح بن عطاء ہی روایت کرتے ہیں اور صالح سے جعفر بن ربیعہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں بکر بن مضر اکیلے ہیں۔

171 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ:

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' نبی کریم ﷺ سے

170- انظر: مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 257' أقول: صالح بن عطاء هذا ذكره الشيخ ابن حبان في الثقات ۔ انظر: الثقات رقم الحديث: 45516 ۔

171- انظر: لسان الميزان رقم الحديث: 32116 ۔ قال الحافظ الهيثمي: فيه نوح بن ذكوان: ضعفه أبو حاتم ۔ انظر: مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 49' وأقول: بل هو منكر الحديث جدًّا ۔ انظر: مختصر الكامل للمقريزي رقم الحديث: 1976 ۔

نـا زُهَيْرُ بْـنُ عَبَّـادٍ الـرُّؤَاسِـيُّ قَـالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُـحَـمَّدٍ التَّمِيمِيُّ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ نُوحِ بْنِ ذَكْـوَانَ قَـالَ: وَحَـدَّثَـنِـى عَـطَاءُ بْنُ اَبِى رَبَاحٍ قَالَ: حَـدَّثَـنِـى نَـافِـعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَـلَيْـهِ وَسَـلَّـمَ قَـالَ: الـصَّلَاةُ فِى الْمَسْجِدِ الْجَامِعِ تَـعْـدِلُ الْـفَـرِيـضَةَ حَـجَّةً مَبْرُورَةً، وَالنَّافِلَةَ كَحَجَّةٍ مُتَـقَبَّلَةٍ، وَفُضِّلَتِ الصَّلَاةُ فِى الْمَسْجِدِ الْجَامِعِ عَلَى مَا سِوَاهُ مِنَ الْمَسَاجِدِ بِخَمْسِمائَةِ صَلَاةٍ

روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جامع مسجد میں فرض نماز ادا کرنا حج مبرور کے ثواب کے برابر ہے اور نفل نماز کا مقبول حج کے برابر ثواب ہے' جامع مسجد میں نماز پڑھنے پر دوسری مسجدوں میں نماز پڑھنے سے پانچ سو گنا نمازوں کا زیادہ ثواب ملتا ہے۔

لَا يُـرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا عَطَاءٌ، وَلَا عَـنْ عَـطَـاءٍ اِلَّا نُـوحُ بْنُ ذَكْوَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: زُهَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ

یہ حدیث نافع سے عطاء ہی روایت کرتے ہیں اور عطاء سے نوح بن ذکوان روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں زہیر بن عباد اکیلے ہیں۔

172 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نـا سَعِيـدُ بْـنُ اَبِى مَرْيَمَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِى الـزُّبَيْـرِ، عَـنْ جَابِرٍ، عَنْ اَبِى قَتَادَةَ، اَنَّهُ رَاَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبُولُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قبلہ کی جانب رخ کرکے پیشاب کرتے ہوئے دیکھا۔

فائدہ: یہ عذر کی وجہ سے ہوگا' یا یہ مطلب ہے کہ آپ کعبہ سے افضل ہیں' لہٰذا آپ ایسے کرسکتے ہیں۔

لَا يُـرْوَى عَنْ اَبِى قَتَادَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

ابوقتادہ سے یہ حدیث صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں ابن لھیعہ اکیلے ہیں۔

173 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نـا سَعِيـدُ بْـنُ اَبِى مَرْيَمَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِى قَبِيـلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعَاذَ مِنْ سَبْعِ مَوْتَاتٍ: مِنْ مَوْتِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سات موتوں سے پناہ مانگی: (۱) اچانک موت آنے سے (۲) سانپ کے ڈسنے سے (۳) درندے کے کھانے سے (۴) ڈوبنے سے

172- أخرجه الترمذى: الطهارة جلد1صفحه15 رقم الحديث: 10 .

173- والحديث أخرجه الامام أحمد فى مسنده رقم الحديث: 17112؛ والبزار جلد 1صفحه3711 كشف الأستار والكبير قاله الحافظ الهيثمى . انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه321 .

الْفَجَاةِ، وَمِنْ لَدْغِ الْحَيَّةِ، وَمِنْ اَكْلِ السَّبُعِ، وَمِنَ الْغَرَقِ، وَمِنَ الْحَرْقِ، وَمِنْ اَنْ يَخِرَّ عَلَى شَيْءٍ اَوْ يَخِرَّ عَلَيْهِ شَيْءٌ، وَمِنَ الْقَتْلِ عِنْدَ فِرَارِ الزَّحْفِ

(۵) جلنے سے (۶) کسی شی کے گرنے سے یا وہ خود کسی شی پر گرنے سے اور (۷) جنگ کے وقت بھاگتے ہوئے۔

174 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي قَبِيلٍ قَالَ: وَحَدَّثَنِي اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيّ، اَنَّهُ سَمِعَ ثَوْبَانَ، مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اُحِبُّ اَنْ لِي الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا بِهَذِهِ الْآيَةِ: (يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ اَسْرَفُوا عَلَى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ) (الزمر: 53) الْآيَةِ

حضرت ثوبان مولیٰ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے یہ آیت: ''يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ اَسْرَفُوا عَلَى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ'' (الزمر: ۵۳) دنیا و مافیہا سے زیادہ محبوب ہے۔

175 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ قَالَ: انا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ رَبِّهِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ شَقِيقٍ الْاَزْدِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ، قَالَ اَرْدَفَنِي عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ خَلْفَهُ عَلَى بَغْلَةٍ، فَلَمَّا وَضَعَ رِجْلَهُ فِي الرِّكَابِ قَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ، فَلَمَّا اسْتَوَى قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ، فَلَمَّا تَمَّ قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ وَاِنَّا اِلَى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُونَ. ثُمَّ حَمِدَ اللّٰهَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ كَبَّرَ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي، اِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ اِلَّا اَنْتَ، ثُمَّ ضَحِكَ. فَقُلْتُ لَهُ: مِمَّ تَضْحَكُ؟ قَالَ: كُنْتُ رَدِيفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

حضرت علی بن ربیعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے مجھے خچر پر اپنے پیچھے سوار کیا' جب آپ نے اپنا پاؤں رکاب میں رکھا تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھی' جب سواری پر سیدھے ہوگئے تو پڑھا: ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ وَاِنَّا اِلَى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُونَ'' پھر تین مرتبہ الحمد للّٰہ' پھر تین مرتبہ اللّٰہ اکبر' پھر تین مرتبہ ''اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي' اِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ اِلَّا اَنْتَ''۔ پھر آپ مسکرا پڑے' میں نے آپ سے عرض کی: آپ مسکرائے کیوں ہیں؟ فرمایا: میں اپنے رسول اللہ ﷺ کے پیچھے سواری پر بیٹھا ہوا تھا تو آپ نے اسی طرح ہی کیا' پھر آپ ہنس پڑے تو میں نے آپ سے عرض کی:

175- أخرجه أبو داؤد: الجهاد جلد **3** صفحه **35** رقم الحديث: **2602**' والترمذي: الدعوات جلد **5** صفحه **501** رقم الحديث: **3446** وقال: حديث حسن صحيح' وأحمد: المسند جلد **1** صفحه **121** رقم الحديث: **756**

فَقَالَ مِثْلَ ذَلِكَ، ثُمَّ ضَحِكَ. فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهَ مِمَّ ضَحِكْتَ؟ قَالَ: ضَحِكْتُ لِعَجَبِ اللّٰهِ لِلْعَبْدِ، يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي اِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ اِلَّا اَنْتَ، يَقُولُ اللّٰهُ: عِلْمَ اَنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ غَيْرِي

یارسول اللہ! آپ کیوں مسکرائے ہیں؟ فرمایا: اللہ تعالیٰ اپنے بندہ کو دیکھ کر خوش ہوتا ہے' بندہ عرض کرتا ہے: ''اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ' اِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ اِلَّا اَنْتَ '' اللہ عزوجل فرماتا ہے: اس کو علم ہے کہ گناہ میرے علاوہ کوئی نہیں بخش سکتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شَقِيقٍ الْاَزْدِيِّ وَهُوَ: شَقِيقُ بْنُ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ، اِلَّا يُونُسُ بْنُ خَبَّابٍ، وَلَا عَنْ يُونُسَ اِلَّا عَبْدُ رَبِّهِ بْنُ سَعِيدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث شقیق الازدی' شقیق ازدی کا نام شقیق بن ابی عبداللہ ہے' سے صرف یونس بن خباب اور یونس سے عبدربہ بن سعید ہی روایت کرتے ہیں' اسے ابن لھیعہ اکیلے ہی روایت کرتے ہیں۔

176 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ قَالَ: نا ابْنُ اَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ اَبِي الْمُنِيبِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَتَى اَحَدُكُمْ اَهْلَهُ فَلْيَسْتَتِرْ، فَاِنَّهُ اِذَا لَمْ يَسْتَتِرِ اسْتَحْيَتِ الْمَلَائِكَةُ وَخَرَجَتْ، وَحَضَرَهُ الشَّيْطَانُ، فَاِذَا كَانَ بَيْنَهُمَا وَلَدٌ، كَانَ الشَّيْطَانُ فِيهِ شَرِيكٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنی بیوی سے جماع کرنا چاہے تو اس پر پردہ کرے' اگر پردہ نہیں کرے گا تو فرشتے حیاء کریں گے اور چلے جائیں گے اور اس کے پاس شیطان آ جائے گا' پس جب ان کی اولاد ہوگی تو اس میں شیطان کا بھی حصہ ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ اِلَّا اَبُو الْمُنِيبِ الْجُرَشِيُّ، وَلَا عَنْ اَبِي الْمُنِيبِ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ زَحْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ

یہ حدیث یحییٰ بن ابی کثیر سے صرف ابوالمنیب الجرشی اور ابوالمنیب سے عبیداللہ بن زحر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یحییٰ بن ایوب اکیلے ہیں۔

177 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ سے

176- والحديث أخرجه البزار رقم الحديث: 170-16912 كشف الأستار . قال الحافظ الهيثمي: اسناد البزار ضعيف' وفي اسناد الطبراني أبو المنيب صاحب يحيى بن أبي كثير' ولم أجد من ترجمه' وبقية رجال الطبراني ثقات' وفي بعضهم كلام لا يضر . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 29614 .

177- أخرجه الترمذي: الزهد جلد 4 صفحه 603 رقم الحديث: 2401' والدارمي: الرقاق جلد 2 صفحه 417 رقم

نـا سَعِيدُ بْنُ اَبِی مَرْيَمَ قَالَ: اَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: اِذَا اَذْهَبْتُ حَبِيبَتَيْ عَبْدِی، فَصَبَرَ وَاحْتَسَبَ، اَثَبْتُهُ بِهِمَا الْجَنَّةَ

روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ جب میں اپنے بندے کی دو پسندیدہ چیزیں لے لیتا ہوں اور وہ ثواب حاصل کرنے کی نیت سے صبر کرے تو میں ان کے بدلے اس کو جنت دوں گا۔

178 - وَعَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ فَرَّجَ عَنْ مُسْلِمٍ كُرْبَةً فِی الدُّنْيَا فَرَّجَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يومِ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ سَتَرَ عَوْرَةَ مُسْلِمٍ سَتَرَ اللّٰهُ عَوْرَتَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ يَسَّرَ عَلَى مُسْلِمٍ، يَسَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَاللّٰهُ فِی حَاجَةِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِی حَاجَةِ اَخِيهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمان کسی مسلمان کی دنیا میں پریشانی دور کرتا ہے' اللہ عزوجل قیامت کے دن اس کی پریشانی دور کرے گا اور جو کسی مسلمان کا عیب چھپائے گا اللہ عزوجل قیامت کے دن اس کے عیب چھپائے گا اور جو دنیا میں کسی مسلمان پر آسانی کرے گا اللہ عزوجل قیامت کے دن اس پر آسانی کرے گا اور اللہ کی قسم! اللہ عزوجل اس آدمی کی مدد میں رہتا ہے جب تک وہ اپنے بھائی کی ضرورت پوری کرنے میں رہتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ اِلَّا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: سَعِيدُ بْنُ اَبِی مَرْيَمَ

یہ دونوں حدیثیں عبیداللہ بن زحر سے صرف یحییٰ بن ایوب ہی روایت کرتے ہیں' اسے سعید بن ابی مریم روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

179 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِی مَرْيَمَ، قَالَ: اَنَا ابْنُ اَبِی اَيُّوبَ قَالَ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: بلال کی مثال کھجور

الحديث: 2759' وأحمد: المسند جلد 2صفحه355 رقم الحديث: 7614' بلفظ من أذهبت حبيبته فصبر واحتسب لم أرض له ثوابًا دون الجنة . وقال أبو عيسى: هذا حديث حسن صحيح .

178- أخرجه مسلم: الذكر جلد 4صفحه2074' والترمذى: الحدود جلد4صفحه34 رقم الحديث: 1425' وابن ماجة: المقدمة جلد 1صفحه82 رقم الحديث: 225' وأحمد: المسند جلد 2صفحه337-338 رقم الحديث:7445' بلفظ: من نفس عن مسلم كربة من كرب الدنيا .

179- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث:30319' وأقول: الحديث ضعيف كما هو ظاهر لك .

حَدَّثَنِی عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ دَرَّاجٍ اَبِی السَّمْحِ، عَنْ اَبِی الْهَيْثَمِ، عَنِ ابْنِ حُجَيْرَةَ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَثَلُ بِلَالٍ كَمَثَلِ نَحْلَةٍ غَدَتْ تَاْكُلُ مِنَ الْحُلْوِ وَالْمُرِّ، ثُمَّ هُوَ حُلْوٌ كُلُّهُ

کے درخت کی طرح ہے شروع میں کھائے گا تو میٹھا اور کڑوا ہوگا' پھر وہ سارے کا سارا میٹھا ہی ہوگا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ اَيُّوب

یہ حدیث حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں یحییٰ بن ایوب اکیلے ہیں۔

180 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِی مَرْيَمَ قَالَ: اَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ اَبِی سَعِيدٍ الْخُدْرِیِّ، عَنْ اُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ، اَنَّهُ بَيْنَمَا هُوَ يَقْرَاُ سُورَةَ الْبَقَرَةِ، وَفَرَسُهُ مَرْبُوطٌ، فَجَالَ الْفَرَسُ فِی طِوَلِهِ، فَرَفَعَ رَاْسَهُ، فَاِذَا مِثْلُ الْقِنْدِيلِ مُدَلًّى بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ، فَغَدَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ: اقْرَاْ يَا اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ، هَلْ تَدْرِی مَا هِیَ؟ قَالَ: لَا . قَالَ: تِلْكَ السَّكِينَةُ، دَنَتْ لِصَوْتِكَ، وَلَوْ قَرَاْتَ اَصْبَحَ النَّاسُ يَنْظُرُونَ اِلَيْهَا

حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ وہ سورۂ بقرہ کی تلاوت کر رہے تھے کہ ان کے پاس گھوڑا باندھا ہوا تھا تو گھوڑا ابد کنے لگا' سوانہوں نے اپنے سر کو اوپر اُٹھایا تو ایک قندیل کو دیکھا جو آسمان و زمین کے درمیان لٹکی ہوئی تھی تو صبح کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آئے' آپ کو بتایا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے اُسید! تم نے پڑھتے رہنا تھا' کیا تم جانتے ہو کہ وہ کیا تھا؟ عرض کی: نہیں! فرمایا: وہ سکینہ تھی جو تیری آواز کے قریب ہو رہی تھی' اگر تو صبح تک پڑھتا رہتا تو لوگ صبح کے وقت اس کو دیکھتے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِی سَعِيدٍ، عَنْ اُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ

یہ حدیث از ابوسعید از اُسید بن حضیر صرف اسی سند سے روایت کی گئی ہے' اسے روایت کرنے میں یحییٰ بن ایوب اکیلے ہیں۔

180- أخرجه مسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 548-549' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 99 رقم الحديث: 11772 . بلفظ تلك الملائكة' كانت تستمع لك......

181 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نـا سَعِيدُ بْنُ اَبِى مَرْيَمَ قَالَ: اَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِى اَيُّوبَ الْمَخْزُومِيِّ قَالَ: حَدَّثَنِى اَبُو عَلْقَمَةَ، مَوْلَى لِبَنِى هَاشِمٍ. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نُصَلِّى بَعْدَ الْفَجْرِ، فَقَالَ: لَا صَلَاةَ بَعْدَ الْفَجْرِ، اِلَّا رَكْعَتَيْنِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے' اس حالت میں کہ ہم فجر کے بعد نماز پڑھ رہے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: فجر کے بعد دو رکعت کے علاوہ اور کوئی نماز جائز نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِى اَيُّوبَ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ زَحْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ

یہ حدیث محمد بن ابی ایوب سے صرف عبیداللہ بن زحر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یحییٰ بن ایوب اکیلے ہیں۔

182 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نـا سَعِيدُ بْنُ اَبِى مَرْيَمَ قَالَ: انا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ قَالَ: حَدَّثَنِى عَيَّاشُ بْنُ عَبَّاسٍ الْقِتْبَانِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِى اَبُو النَّضْرِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، اَنَّ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ اَخْبَرَ وَالِدَهُ سَعْدًا، اَنَّ رَجُلًا، جَاءَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنِّى اَعْزِلُ عَنِ امْرَاَتِى. قَالَ: لِمَ؟ قَالَ: شَفَقًا عَلَى الْوَلَدِ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ كَانَ لِذَاكَ فَلَا، مَا كَانَ ذَلِكَ ضَارًّا فَارِسَ وَالرُّومَ.

حضرت اسامہ بن زید اپنے والد حضرت سعد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آیا' اس نے عرض کی: میں نے اپنی بیوی سے عزل کرتا ہوں' فرمایا: تم ایسا کیوں کرتے ہو؟ عرض کی: اپنے بچوں پر شفقت کرتے ہوئے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر یہ بات اسی طرح ہے تو پھر کوئی حرج نہیں ہے' یہ فارس و روم کو نقصان پہنچانے والا نہیں ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اُسَامَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو النَّضْرِ

یہ حدیث حضرت اسامہ سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں ابونضر اکیلے ہیں۔

183 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نا سَعِيدُ

حضرت ابوزبیر فرماتے ہیں کہ حضرت جابر بن

181- أخرجه الطبراني في الكبير رقم الحديث: 341112' وانظر: نصب الراية للزيلعي رقم الحديث: 25611 .

182- أخرجه أحمد: المسند جلد5 صفحه241 رقم الحديث: 21828 .

183- أخرجه مسلم: النكاح جلد2 صفحه1065 .

بْنُ اَبِی مَرْیَمَ قَالَ: نا یَحْیَی بْنُ اَیُّوبَ قَالَ: حَدَّثَنِی ثَوْرُ بْنُ زَیْدٍ الدِّیلِیُّ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ قَالَ: سُئِلَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ الْعَزْلِ، فَقَالَ: کُنَّا نَفْعَلُهُ عَلَی عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَلَا یُعَابُ عَلَیْنَا.

عبداللہ رضی اللہ عنہ سے عزل کے متعلق پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا: ہم رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں ایسا کرتے تھے اور ہم پر کوئی عیب نہیں لگایا جاتا تھا۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَیْدٍ اِلَّا یَحْیَی بْنُ اَیُّوبَ

یہ حدیث ثور بن زید سے صرف یحییٰ بن ایوب ہی روایت کرتے ہیں۔

184 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا سَعِیدُ بْنُ اَبِی مَرْیَمَ قَالَ: اَنَا یَحْیَی بْنُ اَیُّوبَ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ یَزِیدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِی اُمَامَةَ، عَنْ اَبِی عُبَیْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنَ الصَّلَاةِ صَلَاةٌ اَفْضَلُ مِنْ صَلَاةِ الْفَجْرِ یَوْمَ الْجُمُعَةِ فِی الْجَمَاعَةِ، وَمَا اَحْسِبُ شَهِدَهَا مِنْکُمْ اِلَّا مَغْفُورٌ لَهُ

حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جمعہ کے دن فجر کی نماز باجماعت ادا کرنے سے افضل کوئی نماز نہیں' میں خیال کرتا ہوں کہ جو تم میں حاضر ہوا وہ بخش دیا جائے گا۔

لَا یُرْوَی هَذَا الْحَدِیثُ عَنْ اَبِی عُبَیْدَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: یَحْیَی بْنُ اَیُّوبَ

یہ حدیث ابوعبیدہ سے صرف اسی سند سے ہی مروی ہے' اسے روایت کرنے میں یحییٰ بن ایوب اکیلے ہیں۔

185 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا سَعِیدُ بْنُ اَبِی مَرْیَمَ قَالَ: اَنَا یَحْیَی بْنُ اَیُّوبَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، اَنَّ اَبَا عُشَّانَةَ، حَدَّثَهُ. عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِیِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوءَ، ثُمَّ جَمَعَ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص وضو کرے تو اچھی طرح وضو کرے پھر کپڑے پہنے' پھر مسجد کی طرف آئے تو ہر قدم اُٹھانے کے بدلے اللہ عزوجل اس کے لیے دس نیکیاں لکھ دے گا اور وہ شخص مسلسل نماز ہی میں ہوتا ہے

184- والحديث أخرجه الطبراني في الكبير رقم الحديث: **366**' والبزار جلد **1** صفحه **298**' كشف الأستار . وانظر: مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **171** .

185- أخرجه الطبراني في الكبير جلد **17** صفحه **301-305**' والامام أحمد في مسنده رقم الحديث: **15914**' وأبو يعلى وفي بعض طرقه ابن لهيعة' وبعضها صحيح قاله الحافظ الهيثمي . وانظر: مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **32**. وأخرجه الحاكم في المستدرك رقم الحديث: **2111** . وقال: صحيح على شرط مسلم' ووافقه الذهبي .

عَلَيْهِ ثِيَابَهُ، ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الْمَسْجِدِ، كُتِبَ لَهُ بِكُلِّ خَطْوَةٍ عَشْرُ حَسَنَاتٍ، وَلَمْ يَزَلْ فِي صَلَاةٍ مَا كَانَ يَنْتَظِرُ الصَّلَاةَ، وَكُتِبَ مِنَ الْمُصَلِّينَ، مِنْ حِينِ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ حَتَّى يَرْجِعَ

جونماز کے انتظار میں ہوتا ہے اور نمازیوں میں اس کا شمار ہوتا ہے جس وقت اپنے گھر سے مسجد کی طرف جانے کے لیے نکلتا ہے حتیٰ کہ لوٹ آئے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ

یہ حدیث عقبہ بن عامر سے صرف اسی سند سے ہی مروی ہے اسے روایت کرنے میں عمرو بن حارث اکیلے ہیں۔

186 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ: أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ تَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْآنِ، وقُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ تَعْدِلُ رُبُعَ الْقُرْآنِ، وَكَانَ يَقْرَأُ بِهِمَا فِي رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ، وَقَالَ: هَاتَانِ الرَّكْعَتَيْنِ فِيهِمَا رَغَبُ الدَّهْرِ.

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قل ھو اللہ احد کا ثواب تہائی قرآن پڑھنے کے برابر ہے اور قل یاایھا الکافرون کا ثواب چوتھائی قرآن پڑھنے کے برابر ہے۔ ان دونوں سورتوں کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فجر کی سنتوں میں پڑھتے تھے اور آپ نے فرمایا: یہ جو دو رکعتیں ہیں ان دونوں میں زمانہ کی رغبت ہے۔

لَمْ يَرْوِ أَوَّلَ هَذَا الْحَدِيثِ فِي قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ وقُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ، عَنْ لَيْثٍ إِلَّا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ زَحْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ

پہلی حدیث میں قل ھو اللہ احد اور قل یاایھا الکافرون لیث سے صرف عبیداللہ بن زحر ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں یحییٰ بن ایوب اکیلے ہیں۔

187 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ: أنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ مِنَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا کہ مسجد کی ہر دیوار صحن میں شامل ہے۔

-186 وانظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه151 .

-187 انظر: التهذيب رقم الحديث: 35316' وقال الحافظ الهيثمي: رجاله رجال الصحيح . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث:8013 .

كُلِّ حَائِطٍ بِفِنَاءٍ لِلْمَسْجِدِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا الدَّرَاوَرْدِيُّ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے صرف الدراوردی ہی روایت کرتے ہیں۔

188 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مُوسَى بْنِ وَرْدَانَ، عَنْ اَبِيهِ مُوسَى بْنِ وَرْدَانَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، وَجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ صَاحِبُ حَوْضِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فِيهِ اكوابٌ كَعَدَدِ النُّجُومِ، وَسَعَةُ حَوْضِي مَا بَيْنَ الْجَابِيَةِ اِلَى صَنْعَاءَ

حضرت ابوہریرہ وحضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی بن ابی طالب قیامت کے دن حوضِ کوثر پر میرا ساتھی ہوگا' اس حوض کے ستاروں کی تعداد پیالے ہوں گے' میرے حوض کی لمبائی جابیہ اور صنعاء کے درمیان جتنے فاصلہ کے برابر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ وَرْدَانَ اِلَّا ابْنُهُ سَعِيدٌ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ تَفَرَّدَ بِهِ: رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ

یہ حدیث موسیٰ بن وردان سے صرف ان کے بیٹے سعید اور سعید سے ابن لھیعہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں روح بن صلاح اکیلے ہیں۔

189 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ قَالَ: نا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لَمَّا مَاتَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ اَسَدِ بْنِ هَاشِمٍ اُمُّ عَلِيٍّ، دَخَلَ عَلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَلَسَ عِنْدَ رَاْسِهَا، فَقَالَ: رَحِمَكِ اللّٰهُ يَا اُمِّي، كُنْتِ اُمِّي بَعْدَ اُمِّي، تَجُوعِينَ وَتُشْبِعِينِي، وتَعْرَيْنَ وتَكْسُونَنِي، وتَمْنَعِينَ نَفْسَكِ طَيِّبَ الطَّعَامِ وتُطْعِمِينِي، تُرِيدِينَ بِذَلِكَ وَجْهَ اللّٰهِ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ. ثُمَّ اَمَرَ اَنْ تُغْسَلَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت فاطمہ بنت اسد بن ہاشم رضی اللہ عنہا حضرت علی رضی اللہ عنہ کی والدہ کا وصال ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان (حضرت فاطمہ) کے پاس آئے اور ان کے سرہانے بیٹھ گئے' فرمایا: اے میری ماں! اللہ تجھ پر رحم کرے! آپ میری ماں کے بعد ماں تھیں' تُو خود بھوکی رہتی تھی اور مجھے پیٹ بھر کر کھانے کو دیتی تھی' تُو اچھے کپڑے نہیں پہنتی تھی لیکن مجھے اچھے کپڑے پہناتی تھی' خود اچھا کھانا نہیں کھاتی تھی لیکن مجھے اچھا کھانا دیتی تھی'

188- وانظر: مجمع الزوائد جلد10 صفحه370 .

189- والحديث أخرجه الطبراني في الكبير رقم الحديث: 351124' وأبو نعيم في الحلية رقم الحديث: 12113' وانظر: مجمع الزوائد جلد9 صفحه260 .

ثَلاثًا وَثَلاثًا، فَلَمَّا بَلَغَ الْمَاءَ الَّذِي فِيهِ الْكَافُورُ، سَكَبَهُ عَلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ، ثُمَّ خَلَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَمِيصَهُ فَأَلْبَسَهَا اِيَّاهُ، وكُفِّنَتْ فَوْقَهُ، ثُمَّ دَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ، وَاَبَا اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيَّ، وَعُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، وَغُلَامًا اَسْوَدَ يَحْفِرُوا، فَحَفَرُوا قَبْرَهَا، فَلَمَّا بَلَغُوا اللَّحْدَ حَفَرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ، وَاَخْرَجَ تُرَابَهُ بِيَدِهِ. فَلَمَّا فَرَغَ، دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فاضْطَجَعَ فِيهِ، وَقَالَ: اللّٰهُ الَّذِي يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ حَيٌّ لا يَمُوتُ، اغْفِرْ لِاُمِّي فَاطِمَةَ بِنْتِ اَسَدٍ، ولَقِّنْهَا حُجَّتَهَا، وَوَسِّعْ عَلَيْهَا مُدْخَلَهَا، بِحَقِّ نَبِيِّكَ وَالْاَنْبِيَاءِ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِي، فَاِنَّكَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ. ثُمَّ كَبَّرَ عَلَيْهَا اَرْبَعًا، ثُمَّ اَدْخَلُوهَا الْقَبْرَ، هُوَ وَالْعَبَّاسُ، وَاَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

اس سے تیرا ارادہ اللہ اور آخرت کی رضا حاصل کرنا تھا' پھر آپ نے انہیں تین مرتبہ غسل دینے کا حکم دیا' سو جب پانی کافور سے ختم ہوگیا تو رسول اللہ ﷺ نے اس میں اپنا ہاتھ ڈالا' پھر آپ نے اپنی قمیص اُتاری اور اس کا ان کو کفن دیا' پھر رسول اللہ ﷺ نے حضرت اسامہ بن زید' حضرت ابوایوب انصاری' حضرت عمر بن خطاب اور سیاہ غلام کو قبر کھودنے کا حکم دیا' ان کے لیے انہوں نے قبر کھودی' جب لحد کے قریب پہنچے تو رسول اللہ ﷺ نے اپنے دست مبارک سے لحد بنائی اور اپنے دست مبارک سے اس کی مٹی نکالی' جب فارغ ہوئے تو رسول اللہ ﷺ لحد میں داخل ہوئے اور اس میں لیٹے۔ اور فرمایا: اللہ وہ ہے جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے' وہ خود زندہ ہے اس کو موت نہیں آنی ہے' (اے اللہ!) تُو میری ماں فاطمہ بنت اسد کو معاف فرما! اس کو حجت کی تلقین کر' اس کی قبر کو کشادہ فرما! اپنے نبی اور مجھ سے پہلے انبیاء کے صدقے سے' بلاشبہ تُو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔ پھر ان پر چار تکبیریں کہہ کر نمازِ جنازہ پڑھی' پھر آپ نے حضرت عباس' حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہما نے ان کو قبر میں داخل کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ اِلَّا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: رَوْحُ بْنُ صَلَاحٍ

یہ حدیث عاصم الاحول سے صرف سفیان ثوری ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں روح بن صلاح اکیلے ہیں۔

190 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ قَالَ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ سے بکری کے گم ہونے کے

190- أخرجه البزار رقم الحديث: 13012' كشف الأستار . وانظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه170-171 .

حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي الْقَعْقَاعُ بْنُ حَكِيمٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ سُئِلَ عَنْ ضَالَّةِ الْغَنَمِ؟ فَقَالَ: هِيَ لَكَ اَوْ لِاَخِيكَ اَوْ لِلذِّئْبِ ۔ وَسُئِلَ عَنْ ضَالَّةِ الْإِبِلِ؟ فَقَالَ: مَا لَكَ وَلَهَا؟ عَلَيْهَا سِقَاؤُهَا وَحِذَاؤُهَا، دَعْهَا حَتَّى يَأْتِيهَا رَبُّهَا

متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: وہ تمہارے لیے یا تمہارے بھائی یا بھیڑیے کے لیے ہے۔ پھر آپ سے گمشدہ اونٹ کے متعلق پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس کا کیا ہے! وہ اپنے پیٹ میں کئی دن کا کھانا اور پانی رکھ سکتا ہے' اس کو چھوڑ دے یہاں تک کہ اس کا مالک خود آ جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ

یہ حدیث ابن عجلان سے صرف یحییٰ بن ایوب ہی روایت کرتے ہیں۔

191 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ رَاشِدٍ الْبَرَّاءُ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ الْفِرْدَوْسِيُّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَكَلَ مِنْ هٰذِهِ الْخَضْرَاوَاتِ فَلَا يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا: الثُّومِ، وَالْكُرَّاثِ، وَالْبَصَلِ، وَالْفُجْلِ، فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَتَاَذَّى مِمَّا يَتَاَذَّى مِنْهُ بَنُو آدَمَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے یہ سبزیاں لہسن' گندنا (ایک تیز بو والی سبزی)' پیاز' مولی کھائی ہوئی ہوں تو وہ ہماری مسجد کے قریب نہ آئے' بے شک فرشتے اس چیز سے تکلیف محسوس کرتے ہیں جس سے انسان تکلیف محسوس کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ رَاشِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ

یہ حدیث ہشام بن حسان سے صرف یحییٰ بن راشد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں سعید بن عفیر اکیلے ہیں۔

192 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ قَالَ: اَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو الزِّنَادِ، عَنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: قیامت کے دن ایک موٹے تازے آدمی کو لایا جائے گا' اس کا وزن

191- أخرجه الطبراني في الصغير جلد 1 صفحه 21 ۔ وانظر: مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 20 .

192- أخرجه البخاري في التفسير جلد 8 صفحه 279 رقم الحديث: 4729' ومسلم في المنافقين جلد 4 صفحه 2147 .

الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَأْتِي الرَّجُلُ الْعَظِيمُ السَّمِينُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، لَا يَزِنُ جَنَاحَ بَعُوضَةٍ ثُمَّ قَالَ: اقْرَئُوا: (فَلَا نُقِيمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَزْنًا) (الكهف:105)

قیامت کے دن مچھر کے پَر کے برابر بھی نہیں ہوگا' پھر فرمایا: یہ آیت پڑھو ''ہم اُن کا قیامت کے دن وزن نہیں کریں گے'' (الکھف:۱۰۵)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ اِلَّا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ

یہ حدیث ابوزناد سے صرف مغیرہ بن عبدالرحمٰن ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں سعید بن ابی مریم اکیلے ہیں۔

193 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُنِيبِ الْمَدَنِيُّ قَالَ: اَخْبَرَنِي اَبِي، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَطِيَّةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ قَالَ: اَنَا اَبُو اُمَامَةَ بْنُ ثَعْلَبَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ تَوَلَّى غَيْرَ مَوَالِيهِ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِينَ، لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ صَرْفًا وَلَا عَدْلًا . وَمَنْ اَحْدَثَ فِي مَدِينَتِي هَذِهِ حَدَثًا اَوْ آوَى مُحْدِثًا، فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِينَ، لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ

حضرت ابوامامہ بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے آقا کے علاوہ کوئی اور آقا بنایا' اس پر اللہ اور اس کے فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو' اس کے نہ فرض اور نہ ہی نفل قابلِ قبول ہوں گے اور جس نے میرے اس شہر میں کوئی بدعت ایجاد کی یا بدعتی کو پناہ دی' اس پر اللہ اور اس کے فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو' اس سے بھی نہ فرض اور نہ نفل قابلِ قبول ہوگا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُنِيبِ

یہ حدیث ابوامامہ بن ثعلبہ سے اسی سند سے ہی مروی ہے' اسے روایت کرنے میں عبداللہ بن منیب اکیلے ہیں۔

194 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ قَالَ: اَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اذان سنی اور اس کے بعد یہ دعا مانگی: ''اَللّٰهُمَّ رَبَّ هَذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ، وَالصَّلَاةِ

193- وانظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه310 .

194- والحديث أخرجه الامام أحمد مسنده جلد3صفحه337 . وانظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه335 .

وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَالَ حِينَ يُنَادِی الْمُنَادِی بِالصَّلَاةِ: اللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ، وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ، صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَارْضَ عَنِّی رِضَاءً لَا سَخَطَ بَعْدَهُ. اسْتَجَابَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ

الْقَائِمَةِ، صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَارْضَ عَنِّی رِضَاءً لَا سَخَطَ بَعْدَهُ'' تو اللہ عزوجل اس کی دعا قبول کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ جَابِرٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث ابوزبیر سے صرف ابن لھیعہ ہی روایت کرتے ہیں اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث اسی سند سے ہی مروی ہے۔

195 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا خُنَيْسُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ اَبِی قَبِيلٍ، عَنْ جُنَادَةَ بْنِ اَبِی اُمَيَّةَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الدَّجَّالَ اَعْوَرُ، وَاِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِاَعْوَرَ، مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ: كَافِرٌ يَقْرَؤُهُ الْكَاتِبُ وَغَيْرُ الْكَاتِبِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ، مَعَهُ جَنَّةٌ وَنَارٌ، فَنَارُهُ جَنَّةٌ وَجَنَّتُهُ نَارٌ.

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک دجال کانا ہے اور تمہارا رب کانا نہیں ہے' اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوگا' مؤمنوں میں سے لکھنے والا اور نہ لکھنے والا دونوں اس کو پڑھیں گے' اس کے ساتھ جنت اور دوزخ بھی ہوگی' اس کی دوزخ' جنت اور جنت' دوزخ ہوگی۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ مُعَاذٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ

یہ حدیث حضرت معاذ سے اسی سند سے ہی مروی ہے' یحییٰ بن بکیر اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

196 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِی مَرْيَمَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، وَيَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كُنَّا نَعُدُّ الرِّيَاءَ عَلَى عَهْدِ

حضرت یعلیٰ بن شداد بن اوس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں ریاکاری کو شرکِ اکبر شمار کرتے تھے۔

195- أخرجه البزار رقم الحديث: 13814' كشف الأستار' قال الحافظ الهيثمي: فيه خنيس بن عامر ولم أعرفه' وبقية رجاله وثقوا . انظر: مجمع الزوائد جلد 7صفحه341-342' وأقول: خنيس بن عامر المعافری من أهل مصر . ترجم له ابن حبان فی الثقات' وابن أبی حاتم' والبخاری . انظر: الثقات رقم الحديث: 27516' الجرح والتعديل لابن أبی حاتم رقم الحديث: 39413 .

196- والحديث أخرجه البزار جلد4صفحه217' كشف الأستار . وانظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه225 .

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشِّرْكَ الْاَكْبَرَ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَعْلَى بْنِ شَدَّادٍ اِلَّا عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ وَيَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ

یہ حدیث یعلیٰ بن شداد سے صرف عمارہ بن غزیہ ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں ابن لھیعہ اور یحییٰ بن ایوب اکیلے ہیں۔

197 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ قَالَ: اَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ قَالَ: حَدَّثَنِي عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا النَّضْرِ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، يَقُولُ: قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقَدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً، وَكَانَ مَعِي عَلَى فِرَاشِي، فَوَجَدْتُهُ سَاجِدًا مُسْتَقْبِلًا بِاَطْرَافِ اَصَابِعِهِ الْقِبْلَةَ، فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: اَعُوذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ، وبِمَغْفِرَتِكَ مِنْ عُقُوبَتِكَ، وَبِكَ مِنْكَ، اُثْنِيَ عَلَيْكَ لَا اَبْلُغُ كُلَّ مَا فِيكَ. فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: يَا عَائِشَةُ اَخَذَكِ شَيْطَانُكِ؟ فَقُلْتُ: اَمَا لَكَ شَيْطَانٌ؟ قَالَ: مَا مِنْ آدَمِيٍّ اِلَّا وَلَهُ شَيْطَانٌ قُلْتُ: وَاَنْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَاَنَا، وَلَكِنِّي دَعَوْتُ اللّٰهَ، فَاَعَانَنِي عَلَيْهِ، فَاَسْلَمَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے ایک رات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے بستر پر نہ پایا حالانکہ آپ میرے ساتھ میرے بستر پر تھے تو میں نے آپ کو سجدے کی حالت میں پایا آپ کی انگلیاں قبلہ کی جانب تھیں میں نے آپ سے سنا آپ کہہ رہے تھے: ''اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ، وَبِمَغْفِرَتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ، وَبِكَ مِنْكَ، اُثْنِيَ عَلَيْكَ لَا اَبْلُغُ كُلَّ مَا فِيْكَ'' جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فارغ ہوئے تو آپ نے فرمایا: اے عائشہ! تیرے شیطان نے تجھے چھولیا؟ میں نے عرض کی: آپ کا بھی شیطان ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر آدمی کے ساتھ ایک شیطان ہوتا ہے میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے ساتھ بھی؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہاں! میرے ساتھ بھی لیکن میں نے اللہ سے دعا کی تو اللہ نے میری اس (شیطان) پر مدد فرمائی اور وہ مسلمان ہو گیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي النَّضْرِ سَالِمٍ اِلَّا عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ

یہ حدیث ابونضر سالم سے عمارہ بن غزیہ ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں یحییٰ بن ایوب اکیلے ہیں۔

197- أخرجه مسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 352' والترمذي: الدعوات جلد 5 صفحه 524 رقم الحديث: 3493' والنسائي: التطبيق جلد 2 صفحه 166 (باب نصب القدمين في السجود)' وابن ماجة: الدعاء جلد 2 صفحه 1262-1263 رقم الحديث: 3841' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 66 رقم الحديث: 24366 .

198 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِى مَرْيَمَ قَالَ: اَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ قَالَ: حَدَّثَنِى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قُرَيْطٍ، اَنَّ عَطَاءَ بْنَ يَسَارٍ، حَدَّثَهُ . اَنَّهُ، سَمِعَ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ، يُحَدِّثُ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ كَفَّارَةُ مَا بَيْنَهَا . وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرَاَيْتُمْ لَوْ اَنَّ رَجُلًا كَانَ لَهُ مُعْتَمَلٌ، بَيْنَ مَنْزِلِهِ ومُعْتَمَلِهِ خَمْسَةُ اَنْهَارٍ، اِذَا انْطَلَقَ اِلَى مُعْتَمَلِهِ عَمِلَ مَا شَاءَ اللّٰهُ، وَاَصَابَهُ الْوَسَخُ اَوِ الْعَرَقُ، فَكُلَّمَا مَرَّ بِنَهَرٍ اغْتَسَلَ، مَا كَانَ ذَلِكَ يُبْقِى مِنْ دَرَنِهِ، وَكَذَلِكَ الصَّلَوَاتُ، كُلَّمَا عَمِلَ خَطِيئَةً اَوْ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ صَلَّى وَدَعَا وَاسْتَغْفَرَ غُفِرَ لَهُ مَا كَانَ فِيهِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ پانچ نمازوں سے گناہ معاف ہوتے ہیں جو ان نمازوں کے درمیان میں سرزد ہوتے ہیں اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمہارا کیا خیال ہے اگر کوئی آدمی نہر سے پانچ دفعہ غسل کرے تو اس کے جسم سے بدبو اور پسینہ ختم ہو جائے گا' اس کے جسم پر بدبو باقی نہیں رہے گی' اسی طرح پانچ نمازیں ادا کرنے سے گناہ باقی نہیں رہتے ہیں' پھر اس کا نماز ادا کرنا اور بخشش طلب کرنا' اس طرح کرنے سے جو بھی گناہ ہوئے ہوں گے اُن کا کفارہ ہو جائے گا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِى سَعِيدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ

یہ حدیث ابوسعید سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں یحییٰ بن ایوب اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

-198 أخرجه الطبرانی فی الكبير رقم الحديث: 5444' والبزار رقم الحديث: 17411' كشف الأستار . قال الحافظ الهيثمی: فيه عبد اللّٰه بن قريط ذكره ابن حبان فی الثقات' وبقية رجاله رجال الصحيح . انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه301 . لسان الميزان رقم الحديث:32713 .

اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ

احمد بن معلّٰی الدمشقی کی روایات

199 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ رَاشِدٍ الْمُقْرِءُ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا صَدَقَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَبِيعَ الْمُهَاجِرُ لِلْاَعْرَابِيِّ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شہری کو دیہاتی کے لیے بیع کرنے سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: صَدَقَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث قتادہ سے صرف سعید بن ابی عروبہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں صدقہ بن عبداللہ اکیلے ہیں۔

200 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ الْقَاضِي قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ رَاشِدٍ الْمُقْرِءُ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا صَدَقَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: اَعْدَدْتُ لِعِبَادِي الصَّالِحِينَ مَا لَا عَيْنٌ رَاَتْ، وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میں نے اپنے نیک بندوں کے لیے وہ کچھ تیار کر رکھا ہے جو کسی آنکھ نے دیکھا نہیں اور کسی کان نے سنا نہیں اور نہ کسی انسان کے دل میں اس کا خیال تک گزرا ہوگا۔

199- والحديث أخرجه الطبراني في الكبير جلد 7 صفحه 270 رقم الحديث: 693' والبزار رقم الحديث: 8812' كشف الأستار' والامام أحمد في مسنده جلد 5 صفحه 11' قال الحافظ الهيثمي: ورجاله رجال الصحيح . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 8514 .

200- أخرجه البخاري: التوحيد جلد 13 صفحه 473 رقم الحديث: 7498' ومسلم: الجنة جلد 4 صفحه 2174' والترمذي: تفسير القرآن جلد 5 صفحه 346 رقم الحديث: 3197' وابن ماجة: الزهد جلد 2 صفحه 1447 رقم الحديث: 4328' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 577 رقم الحديث: 96662 .

خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بِشْرٍ

201 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ الْبَكْرِيُّ، عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ صَالِحٍ، مَوْلَى التَّوْاَمَةِ. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوَّلُ مَنْ غَيَّرَ دِينَ اِبْرَاهِيمَ: عَمْرُو بْنُ لُحَيّ بْنِ قَمَعَةَ بْنِ خِنْدِفَ اَبُو خُزَاعَةَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سب سے پہلے جس نے دین ابراہیم کو بدلا' وہ عمرو بن لحی بن قمعہ بن خندف ابوخزاعہ تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَالِحٍ مَوْلَى التَّوْاَمَةِ اِلَّا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، وَلَا عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ الْبَكْرِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث صالح مولی التوامہ سے صرف ابن ابی ذئب ہی روایت کرتے ہیں اور ابن ابی ذئب سے صرف عبداللہ بن یزید البکری روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ہشام بن عمار اکیلے ہیں۔

309 - وَعَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، لَمَّا سَمِعَ حَدِيثَ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كِرَى الْأَرْضِ، قَالَ ابْنُ عُمَرَ، إِنَّمَا كُنَّا نُكْرِيهَا عَلَى رَبِيعِ السَّاقِي، وببعضِ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا مِنَ التِّبْنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب انہوں نے حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کی حدیث سنی کہ رسول اللہ ﷺ نے زمین کو کرایہ پر دینے سے منع کیا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم زمین کو کرایہ پر دیتے تھے' پیداوار کے بدلے جو نالیوں پر ہو اور تھوڑی گھاس کے بدلے۔

310 - وَعَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' رسول اللہ ﷺ سے

جلد3صفحه8 رقم الحديث: 11033 .

308- أخرجه ابن ماجة: الأدب جلد 2صفحه1243 رقم الحديث: 3783' وأحمد: المسند جلد 2صفحه50 رقم الحديث: 4922 .

309- أخرجه البخاري: الحرث جلد 5صفحه28 رقم الحديث: 2344' ومسلم: البيوع جلد 3صفحه1181' وأبو داؤد: البيوع جلد3صفحه256 رقم الحديث: 3394' والنسائي: الأيمان والنذور جلد 7صفحه40-49 (كتاب المزارعة)' وابن ماجة: الرهون جلد 2صفحه820 رقم الحديث: 2453' وأحمد: المسند جلد2صفحه9 رقم الحديث: 4503 .

310- أخرجه البخاري: اللقطة جلد 5صفحه106-107 رقم الحديث: 2435' ومسلم: اللقطة جلد 3صفحه1352 وأبو داؤد: الجهاد جلد3صفحه40 رقم الحديث: 2623 بلفظ لا يحلبن أحد ماشية امرئ بغير اذنه...... .

ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ نَهَى اَنْ تُحْتَلَبَ مَوَاشِي النَّاسِ اِلَّا بِاِذْنِهِمْ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ اِلَّا زَيْنُ بْنُ شُعَيْبٍ، تَفَرَّدَ بِهَا: عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْكَلَاعِيُّ

روایت کرتے ہیں کہ آپ نے لوگوں کے جانوروں کا دودھ ان کی اجازت کے بغیر دوھنے سے منع فرمایا۔

یہ حدیث اسامہ بن زید سے زین بن شعیب ہی روایت کرتے ہیں' ان سے عبدالاعلیٰ بن عبدالواحد الکلاعی اکیلے ہی روایت کرتے ہیں۔

311 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى اللَّخْمِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ اَبِي سَلَمَةَ قَالَ: نا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، اَحْسَبُهُ . عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ كَانَ اِذَا رَاَى الْهِلَالَ قَالَ: هِلَالُ خَيْرٍ وَرُشْدٍ، آمَنْتُ بِالَّذِي خَلَقَكَ فَعَدَلَكَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ جب چاند دیکھتے تو فرماتے: بہتر اور ہدایت والا چاند ہو! میں اس ذات پر ایمان لایا جس نے تجھے پیدا کیا تو تجھے متوازن بنایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى اِلَّا زُهَيْرٌ

یہ حدیث یحییٰ سے زہیر ہی روایت کرتے ہیں۔

312 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ قَالَ: انا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ . عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَضَ فِي الْبَعْلِ وَفِيمَا سَقَتِ الْاَنْهَارُ الْعُشُورَ، وَفِيمَا سُقِيَ بِالنَّضْحِ نِصْفَ الْعُشْرِ

حضرت سالم اپنے والد (حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما) سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اس زمین پر عشر (دسواں حصہ) مقرر کیا جس کو نہروں سے سیراب کیا جائے' اور جس زمین کو ڈولوں کے ساتھ سیراب کیا جائے اُس میں نصف عشر مقرر کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ

یہ حدیث یزید بن ابی حبیب سے صرف ابن لھیعہ

-311 انظر: تهذيب التهذيب جلد1صفحه60' الميزان جلد1صفحه126 .

-312 أخرجه البخارى: الزكاة جلد3صفحه407رقم الحديث: 1483' وأبو داؤد: الزكاة جلد2صفحه111 رقم الحديث: 1596' والنسائى: الزكاة جلد5صفحه31 (باب ما يوجب العشر' وما يوجب نصف العشر)' وابن مايجة: الزكاة جلد 1صفحه581 رقم الحديث: 1817 . بلفظ فيما سقت السماء والعيون أو كان عثريًّا العشر' وما سُقي بالنضح نصف العشر .

اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِي مَرْيَمَ

ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن ابی مریم اکیلے ہیں۔

313 - قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَمْرٍو الْمَعَافِرِيِّ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيِّ، عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَتْرُكُ هَذِهِ الْاُمَّةُ شَيْئًا مِنْ سَنَنِ الْاَوَّلِينَ حَتَّى تَاْتِيَهُ

حضرت مستورد بن شداد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ اُمت پہلے لوگوں کے کسی کام کو نہیں چھوڑے گی یہاں تک کہ اس کو اپنا کے رہیں گے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث مستورد سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں ابن لھیعہ اکیلے ہیں۔

314 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَهْمِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الْعَزِيزِ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي مُحَمَّدٍ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَرَاَ حَرْفًا مِنَ الْقُرْآنِ كُتِبَتْ لَهُ حَسَنَةٌ، وَلَا اَقُولُ (الم ذَلِكَ الْكِتَابُ) (البقرة:2) وَلَكِنَّ الْاَلِفَ حَرْفٌ، وَاللَّامَ حَرْفٌ، وَالْمِيمَ حَرْفٌ، وَالذَّالَ حَرْفٌ، وَاللَّامَ حَرْفٌ، وَالْكَافَ حَرْفٌ

حضرت عوف بن مالک الاشجعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے قرآن کا ایک حرف پڑھا' اس کے لیے ایک نیکی لکھی جائے گی' میں نہیں کہتا ہوں کہ "الٓمٓ ذٰلِكَ الْكِتَابُ" ایک حرف ہے' لیکن الف ایک حرف ہے' لام ایک حرف ہے اور میم ایک حرف ہے' ذال ایک حرف ہے' لام ایک حرف ہے' کاف ایک حرف ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ

یہ حدیث عوف بن مالک سے اسی سند سے ہی مروی ہے' اسے روایت کرنے میں سلیمان بن بلال اکیلے ہیں۔

313- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 26417 .

314- والحديث أخرجه الطبراني في الكبير جلد 18 صفحه 67 بنحوه وكذا البزار رقم الحديث: 9413 كشف الأستار . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 16617 .

315 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَهْمِيُّ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، اَنَّهُ سَمِعَ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، يَقُولُ: كُنْتُ اَكْتُبُ الْقُرْآنَ الْحَدِيثَ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں قرآن پاک لکھتا تھا۔

316 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ دَاوُدَ اَبُو صَالِحٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ جَامِعِ بْنِ اَبِي رَاشِدٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ، وَحَوْلَ الْبَيْتِ ثَلَاثُمِائَةٌ وَسِتُّونَ صَنَمًا، فَجَعَلَ يَطْعَنُهَا بِعُودٍ مَعَهُ، وَيَقُولُ: (جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا) (الاسراء: 81)، (جَاءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِءُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيدُ) (سبا: 49)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو اس وقت کعبہ کے اردگرد تین سو ساٹھ بت تھے‘ آپ اپنی چھڑی کے ساتھ ان کو مارتے اور پڑھتے: ”حق آ گیا اور باطل مٹ گیا‘ بے شک باطل نے مٹنا ہی تھا“ (الاسراء:۸۱) ”حق آ گیا اور باطل نہ اب نئے سرے سے آئے گا اور نہ دوبارہ لوٹے گا“ (سبا:۴۹)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَامِعِ بْنِ اَبِي رَاشِدٍ اِلَّا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ. تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو صَالِحٍ الْحَرَّانِيُّ

یہ حدیث جامع بن ابی راشد سے صرف سفیان بن عیینہ ہی روایت کرتے ہیں‘ اسے روایت کرنے والے ابوصالح الحرانی اکیلے ہیں۔

317 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا زَيْدُ بْنُ بِشْرٍ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زُهْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هِشَامٍ قَالَ:

حضرت زہرہ بن معبد اپنے دادا حضرت عبداللہ بن ہشام سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ تھے اس حالت میں کہ آپ نے

316- أخرجه البخاري: المغازي جلد 7 صفحه 609 رقم الحديث: 4287، ومسلم: الجهاد جلد 3 صفحه 1408 رقم الحديث: 1781، والترمذي: تفسير القرآن جلد 5 صفحه 303 رقم الحديث: 3138، وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 491 رقم الحديث: 3583 .

317- أخرجه البخاري: الأيمان والنذور جلد 11 صفحه 532 رقم الحديث: 6632، وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 345 رقم الحديث: 22564 .

كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ آخِذٌ بِيَدِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، فَقَالَ عُمَرُ: وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَأَنْتَ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ اِلَّا نَفْسِي . فَقَالَ: لَا ' وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، حَتَّى اَكُونَ اَحَبَّ اِلَيْكَ مِنْ نَفْسِكَ . قَالَ عُمَرُ: فَاَنْتَ الْآنَ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ نَفْسِي . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْآنَ يَا عُمَرُ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے ہر شی سے بڑھ کر محبوب ہیں سوائے میری جان کے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: عمر ابھی ایمان کامل نہیں ہوا' اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! جب تک تم مجھ سے اپنے آپ سے بڑھ کر محبت نہ کرو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اب مجھے آپ میری جان سے بھی زیادہ محبوب ہیں' تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے عمر! اب (تیرا ایمان مکمل ہوگیا ہے)۔

318 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ دَاوُدَ اَبُو صَالِحٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَخْرُجُ عُنُقٌ مِنَ النَّارِ لَهَا لِسَانٌ تَتَكَلَّمُ بِهِ، وَعَيْنَانِ تُبْصِرُ بِهِمَا، فَيَقُولُ: اِنِّي اُمِرْتُ بِكُلِّ جُبَّارٍ عَنِيدٍ، وَبِمَنْ دَعَا مَعَ اللّٰهِ اِلَهًا آخَرَ، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ حَقٍّ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جہنم سے ایک گردن نکلے گی' اس کی زبان ہوگی جس کے ساتھ وہ گفتگو کرے گی اور اس کی دو آنکھیں ہوں گی جن کے ساتھ وہ دیکھے گی' اور کہے گی: مجھے حکم دیا گیا ہے ہر سرکش کو ختم کرنے کا اور اس کو جس نے اللہ عزوجل کے ساتھ شرک کیا ہوگا اور جس نے کسی کو بغیر وجہ کے قتل کیا ہوگا۔

319 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ دَاوُدَ اَبُو صَالِحٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز پڑھے تو اپنی آنکھ آسمان کی طرف نہ اُٹھائے' اس کی بینائی اُچک لی جائے گی۔

318- والحديث أخرجه البزار جلد 4صفحه185 كشف الأستار وبنحوه الامام أحمد في مسنده جلد 3صفحه40 . وانظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه395 .

319- أخرجه الطبراني في الكبير رقم الحديث: 5436' قال الحافظ الهيثمي: فيه ابن لهيعة' وفيه ضعف . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث:8512 .

الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا كَانَ أَحَدُكُمْ يُصَلِّي فَلَا يَرْفَعْ بَصَرَهُ إِلَى السَّمَاءِ، لَا يُلْتَمَعْ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث از زہری از عبیداللہ از ابوسعید صرف یزید بن ابی حبیب روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن لھیعہ اکیلے ہیں۔

320 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عُمَرَ، مَوْلَى غُفْرَةَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: مَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَشْبَهَ بِصَلَاةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ هَذَا الْغُلَامِ، يَعْنِي: عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کسی کو بھی اس بچے سے بڑھ کر رسول اللہ ﷺ کی نماز کے مشابہ نماز پڑھتے ہوئے نہیں دیکھا' یعنی حضرت عمر بن عبدالعزیز کو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَبِيعَةَ إِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ، تَفَرَّدَ بِهِ: رِشْدِينُ

یہ حدیث ربیعہ سے صرف عبدالرحمٰن بن عمر ہی روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں رشدین اکیلے ہیں۔

321 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ رات کو نماز پڑھتے تھے اور میں آپ کے اور قبلہ کے درمیان لیٹی ہوتی تھی۔

320- أخرجه النسائی: التطبيق جلد2صفحه178 (باب عدد التسبيح فی السجود).

321- أخرجه البخاری: الصلاة جلد1صفحه699 رقم الحديث: 512، ومسلم: الصلاة جلد 1صفحه366، وأبو داؤد: الصلاة جلد1صفحه186 رقم الحديث: 711، والنسائی: القبلة جلد2صفحه52 (باب الرخصة فی الصلاة خلف النائم)، وأحمد: المسند جلد6صفحه257 رقم الحديث: 25996.

وَاَنَا مُعْتَرِضَةٌ بَينَهُ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَبِيعَةَ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث ربیعہ سے صرف سلیمان بن بلال ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

322 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْكَلَاعِيُّ قَالَ: نا زَيْنُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاِسْكَنْدَرَانِيُّ، عَنْ اَبِي مَعْدَانَ عَامِرِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ قَيْسٍ الزُّرَقِيِّ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ قَالَ: كُنَّا نُكْرِي اَرْضَنَا، فَنَهَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَاكَ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم زمین کرایہ پر دیتے تھے تو ہم کو رسول اللہ ﷺ نے ایسا کرنے سے منع کر دیا۔

قَالَ اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ: اَبُو مَعْدَانَ كَانَ بِمَكَّةَ جَلِيلُ الْقَدْرِ.

احمد بن رشدین فرماتے ہیں کہ ابومعدان' مکہ کے رہنے والے جلیل القدر محدث تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي مَعْدَانَ اِلَّا زَيْنُ بْنُ شُعَيْبٍ

یہ حدیث ابومعدان سے صرف زین بن شعیب ہی روایت کرتے ہیں۔

323 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الرَّجُلَ لَيَسْاَلُ حَتَّى يَاْتِيَ يَوْمَ

حضرت حمزہ بن عبداللہ بن عمر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں اور وہ رسول اللہ ﷺ سے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو آدمی مانگتا ہے جب قیامت کے دن آئے گا تو اس کے چہرے پر گوشت کا ٹکڑا بھی نہیں ہوگا۔

322- أخرجه البخاري: الحرث جلد5صفحه31 رقم الحديث: 2346-2347' ومسلم: البيوع جلد 3 صفحه1183' وأبو داؤد: البيوع جلد 3صفحه256 رقم الحديث: 3393' والنسائي: الأيمان والنذور جلد 7 صفحه40 (كتاب المزارعة)' وابن ماجة: الرهون جلد2صفحه82 رقم الحديث: 2458 .

323- أخرجه البخاري: الزكاة جلد3صفحه396 رقم الحديث: 1474' ومسلم: الزكاة جلد2صفحه720' والنسائي: الزكاة جلد5صفحه69-70 (باب المسألة) بلفظ ما يزال الرجل يسأل الناس حتى يأتي...... .

الْقِيَامَةِ، وَلَيْسَ عَلَى وَجْهِهِ مُزْعَةُ لَحْمٍ.

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ إِلَّا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي جَعْفَرٍ

یہ حدیث صفوان بن سلیم سے صرف عبیداللہ بن ابی جعفر ہی روایت کرتے ہیں۔

324 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي فَرْوَةَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ هَاشِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ الْأَشْعَرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ عَادَ مَرِيضًا، وُكِّلَ بِهِ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ يُصَلُّونَ عَلَيْهِ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جس نے مریض کی عیادت کی اس کے لیے ستّر ہزار فرشتے دعا کرتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ إِلَّا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث صفوان بن سلیم سے صرف اسحاق بن عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے والے ابن لھیعہ اکیلے ہیں۔

325 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، أَنَّ أَبَا النَّضْرِ، حَدَّثَهُ، أَنَّ بُسْرَ بْنَ سَعِيدٍ حَدَّثَهُ. عَنْ مَعْمَرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْعَدَوِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الطَّعَامُ بِالطَّعَامِ، مِثْلًا بِمِثْلٍ

حضرت معمر بن عبداللہ العدوی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ گندم کو گندم کے بدلے برابر برابر فروخت کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي النَّضْرِ إِلَّا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث ابونضر سے صرف عمرو بن حارث ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

324- أخرجه الترمذي: الجنائز جلد3صفحه291 رقم الحديث: 969 بلفظ ما من مسلم يعود مسلمًا غدوة' الا صلى عليه سبعون ألف ملك حتى يمسى .

325- أخرجه مسلم: المساقاة جلد3صفحه1214' وأحمد: المسند جلد6صفحه429 رقم الحديث: 27317 .

326 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا اَبِی، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ رِشْدِينَ قَالَ: حَدَّثَنِی عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ حُنَيْنِ بْنِ اَبِی حَكِيمٍ، عَنْ اَبِی النَّضْرِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: مَنْ اَكَلَ مِنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ فَلَا يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا حَتّٰى يَذْهَبَ رِيحُهَا مِنْهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اس درخت سے (یعنی پیاز) کھایا ہو' وہ ہماری مسجدوں میں نہ آئے' جب تک اُس کی منہ سے بدبو ختم نہ ہو جائے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِی النَّضْرِ اِلَّا جُبَيْرُ بْنُ حَكِيمٍ، وَلَا عَنْ جُبَيْرٍ اِلَّا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، تَفَرَّدَ بِهِ: رِشْدِينُ

یہ حدیث ابونضر سے صرف جبیر بن حکیم ہی روایت کرتے ہیں اور جبیر سے عمرو بن حارث روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں رشدین اکیلے ہیں۔

327 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، كَاتِبُ الْعُمَرِیِّ قَالَ: نا رِشْدِينُ، عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ الْحَضْرَمِیِّ، اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، يَقُولُ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَیَّ ثَوْبٌ مُعَصْفَرٌ، فَكَرِهَهُ حِينَ رَآهُ عَلَیَّ، وَقَالَ: اِنَّمَا هٰذِهِ ثِيَابُ الْكُفَّارِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اس حالت میں آیا کہ میں نے زرد رنگ کے کپڑے پہنے ہوئے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے دیکھا تو اس کو ناپسند کیا اور فرمایا: یہ کافروں کے کپڑے ہیں۔

328 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

326- أخرجه البخاری: الأذان جلد 2صفحه394 رقم الحديث: 853' ومسلم: المساجد جلد 1صفحه394' وأبو داؤد: الأطعمة جلد3صفحه360 رقم الحديث:3825 .

327- أخرجه مسلم: اللباس جلد 3صفحه1647' والنسائی: الزينة جلد8صفحه179 (باب ذكر النهی عن لبس المعصفر)' وأحمد: المسند جلد 2صفحه220 رقم الحديث:6520 بلفظ رأی رسول الله ﷺ علی ثوبين معصفرين . فقال: ان هذه من ثياب الكفار' فلا تلبسها .

328- أخرجه الطبرانی فی الكبير من طريقين: (16511)' والامام أحمد فی مسنده جلد 5صفحه202 قال الحافظ

يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اَفْلَحَ، مَوْلَى ابنِ اَبِي اَيُّوبَ . عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ: اَشْهَدُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَاحِشَ الْمُتَفَحِّشَ

میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ بے شک اللہ عزوجل بے حیائی کرنے اور بے حیائی پھیلانے والے کو پسند نہیں کرتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اُسَامَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث حضرت اسامہ سے اسی سند سے مروی ہے۔

329 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، وَاَبُو صَالِحٍ الْحَرَّانِيُّ، قَالَا: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُقْطَعُ السَّارِقُ اِلَّا فِي ثَمَنِ الْمِجَنِّ فَمَا فَوْقَهُ، رُبُعُ دِينَارٍ فَصَاعِدًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چور کا ہاتھ نہیں کاٹتے تھے مگر ڈھال کی قیمت میں یا اس سے اوپر رقم میں، یعنی چار دینار یا اس سے زیادہ میں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي النَّضْرِ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث ابوالنضر سے صرف ابن لھیعہ ہی روایت کرتے ہیں۔

330 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، وَيَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ، قَالَا: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي مَخْرَمَةُ بْنُ بُكَيْرٍ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا کہ چور کا ہاتھ نہ کاٹو مگر چار دینار یا اس سے زیادہ میں۔

الهيثمي: وأحد أسانيد الطبراني رجاله ثقات . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 6718 .

329- أخرجه البخاري: الحدود جلد 12 صفحه 99 رقم الحديث: 6789 بلفظ تقطع اليد في ربع دينارٍ فصاعدا، ومسلم: الحدود جلد 3 صفحه 1312، وأبو داؤد: الحدود جلد 4 صفحه 133 رقم الحديث: 4383، والنسائي: سارق جلد 8 صفحه 72 (باب ذكر اختلاف أبي بكر بن محمد، وعبد الله بن أبي بكر، عن عمرة في هذا الحديث)، وابن ماجة: الحدود جلد 2 صفحه 862 رقم الحديث: 2585، وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 277-278 رقم الحديث: 26171 .

330- تقدم تخريجه .

عَنْ اَبِیهِ، عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ یَسَارٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: لَا تُقْطَعُ الْیَدُ اِلَّا فِی رُبْعِ دِینَارٍ فَمَا فَوْقَهُ

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ یَسَارٍ اِلَّا بُکَیْرٌ، وَلَا عَنْ بُکَیْرٍ اِلَّا مَخْرَمَةُ

یہ حدیث سلیمان بن یسار سے صرف بکیر اور بکیر سے صرف مخرمہ ہی روایت کرتے ہیں۔

331 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِینَ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِی عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ اَیُّوبَ بْنِ مُوسَی، عَنِ ابْنِ اَبِی مُلَیْکَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، زَوْجِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا: یَا عَائِشَةُ، لَوْ کَانَ الْفُحْشُ رَجُلًا کَانَ رَجُلَ سَوْءٍ، وَلَوْ کَانَ الْحَیَاءُ رَجُلًا لَکَانَ رَجُلَ صِدْقٍ

زوجۂ نبی کریم ﷺ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! کسی آدمی میں بے حیائی ہوتو وہ آدمی کو بُرا کردیتی ہے اور اگر کسی آدمی میں حیاء ہوتو وہ اس آدمی کو سچا کردیتی ہے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ اَیُّوبَ بْنِ مُوسَی اِلَّا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث ایوب بن موسیٰ سے صرف عمرو بن حارث ہی روایت کرتے ہیں' اُن سے روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

332 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِینَ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ مُوسَی بْنِ جَعْفَرٍ الْاَنْصَارِیُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِیزِ بْنُ اَبِی حَازِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ الْاَسْلَمِیِّ، عَنْ اَیُّوبَ بْنِ مُوسَی، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِی رَبَاحٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: طَیَّبْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کو عرفات سے واپسی سے پہلے اپنے ہاتھ سے خوشبو لگاتی تھی۔

331- انظر: کشف الخفا للعجلونی جلد2صفحه209-210 رقم الحدیث: 2112 .

332- أخرجه البخاری: اللباس جلد 10صفحه378 رقم الحدیث: 5922' ومسلم: الحج جلد 2صفحه847' وابن ماجة: المناسك جلد2صفحه976 رقم الحدیث: 2926' وأحمد: المسند جلد6صفحه110 رقم الحدیث: 24726 .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِى قَبْلَ اَنْ يُفِيضَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِى حَازِمٍ

یہ حدیث ایوب بن موسیٰ سے صرف عبداللہ بن عامر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن ابی حازم اکیلے ہیں۔

333 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِى عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، اَنَّ يَزِيدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِىَّ، حَدَّثَهُ ـ عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُعَقُّ عَنِ الْغُلَامِ، وَلَا يُمَسُّ رَاْسُهُ بِدَمٍ

حضرت یزید بن عبداللہ المزنی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بچے کی جانب سے عقیقہ کیا جائے اور اس کے سر پر خون نہ ملا جائے۔

334 - وَبِاِسْنَادِهِ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فِى الْاِبِلِ فَرَعٌ، وَفِى الْغَنَمِ فَرَعٌ

اور اسی اسناد سے یہ روایت کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اونٹ میں فرع اور بکریوں میں فرع ہے (فرع سے مراد ہے: جانور کا دوسال کا ہونا)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى اِلَّا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: ابْنُ وَهْبٍ

یہ دونوں حدیثیں ایوب بن موسیٰ سے صرف عمرو بن حارث ہی روایت کرتے ہیں' ان دونوں کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

335 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ قَالَ: نا اَشْهَبُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، اَنَّ اَيُّوبَ بْنَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب وادیٔ محسر میں پہنچے تو آپ نے اپنی سواری کو حرکت دی اور فرمایا: تم پر کنکری مارنا ضروری

333- والحديث أخرجه ابن ماجة في الذبائح جلد2صفحه1057 رقم الحديث: 3166 .

334- والحديث أخرجه الطبراني في الكبير قاله الحافظ الهيثمي . وانظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه31' وبسند صحيح أخرجه أبو داؤد جلد 3صفحه255 رقم الحديث: 2830' والنسائي جلد 7صفحه169-170' والامام أحمد في مسنده جلد5صفحه75-76' والحاكم في المستدرك جلد 4صفحه235 وقال: صحيح الاسناد' ووافقه الحافظ الذهبي .

335- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه260 .

مُوسَى، حَدَّثَهُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا أَتَى مُحَسِّرًا، حَرَّكَ رَاحِلَتَهُ، وَقَالَ: عَلَيْكُمْ بِحَصَى الْخَذْفِ

ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ بْنِ مُوسَى إِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَشْهَبُ

یہ حدیث ایوب بن موسیٰ سے صرف ابن لھیعہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اشہب اکیلے ہیں۔

336 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ خَالِدٍ الرَّبَعِيُّ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَلَا هَلْ عَسَى أَحَدٌ مِنْكُمْ أَنْ يَتَّخِذَ الصُّبَّةَ مِنَ الْغَنَمِ، عَلَى رَأْسِ مِيلَيْنِ أَوْ ثَلَاثَةٍ، تَأْتِي الْجُمُعَةَ فَلَا يَشْهَدُهَا ثَلَاثًا، فَيَطْبَعُ اللّٰهُ عَلَى قَلْبِهِ

- حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تم میں سے کوئی بکریوں کا ایک ریوڑ لے اور وہ دو یا تین میل شہر سے دور چلا جائے' جمعہ کا (دن) آئے تو وہ تین جمعے نہ ادا کرے تو اللہ عزوجل اس کے دل پر مہر لگا دیتا ہے۔

337 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: حَدَّثَنِي حُمَيْدُ بْنُ عَلِيٍّ الْبَجَلِيُّ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي عُشَّانَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ شَنْفَا الْعَرْشِ، وَلَيْسَا بِمُعَلَّقَيْنِ وَأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا اسْتَقَرَّ أَهْلُ الْجَنَّةِ فِي الْجَنَّةِ، قَالَتِ الْجَنَّةُ: يَا رَبِّ وَعَدْتَنِي أَنْ تُزَيِّنَنِي بِرُكْنَيْنِ مِنْ أَرْكَانِكَ قَالَ: أَوَلَمْ أُزَيِّنْكِ بِالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ

حضرت عقبہ بن عامر الجہنی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب اہل جنت' جنت میں ٹھہریں گے تو جنت عرض کرے گی: اے رب! تُو نے مجھے اپنے ارکان میں سے دو رکنوں کے ساتھ مزین کرنے کا وعدہ کیا تھا' اللہ عزوجل فرمائے گا: کیا میں نے حسن و حسین کے ساتھ تجھے مزین نہیں کیا۔

336- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه196 .

337- انظر: لسان الميزان رقم الحديث:36512 . وانظر: مجمع الزوائد للهيثمي جلد9صفحه187 .

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ إِلَّا حُمَيْدُ بْنُ عَلِيٍّ

یہ دونوں حدیثیں ابن لھیعہ سے صرف حمید بن علی ہی روایت کرتے ہیں۔

338 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ دَاوُدَ أَبُو صَالِحٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بَابَاهُ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ مَرَّ بِهِ وَهُوَ يُصَلِّي قَاعِدًا، فَقَالَ: إِنَّ لِلْقَاعِدِ نِصْفَ صَلَاةِ الْقَائِمِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ایک نمازی کے پاس سے گزرے جو بیٹھ کر نماز پڑھ رہا تھا' تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بیٹھ کر نماز پڑھنے والے کو کھڑا ہو کر پڑھنے کے برابر آدھا ثواب ملتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو صَالِحٍ الْحَرَّانِيُّ

یہ حدیث اعمش سے صرف عیسیٰ بن یونس ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے والے ابوصالح الحرانی اکیلے ہیں۔

339 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ قَالَ: نا صَالِحُ بْنُ مُوسَى الطَّلْحِيُّ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: جَرَتِ السُّنَّةُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَدَاقِ النِّسَاءِ اثْنَتَا عَشْرَةَ أُوقِيَّةً، وَالْوَقِيَّةُ: أَرْبَعُونَ دِرْهَمًا، فَذَلِكَ ثَمَانُونَ وَأَرْبَعُمِائَةٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت یہ ہے کہ عورتوں کا حق مہر دس اوقیہ ہو' ایک اوقیہ چالیس درہموں کا ہوتا ہے تو یہ کل چار سو اسّی درہم ہوئے۔

وَجَرَتِ السُّنَّةُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْغُسْلِ مِنَ الْجَنَابَةِ صَاعٌ، وَالْوُضُوءِ رَطْلَيْنِ. وَالصَّاعُ: ثَمَانِيَةُ أَرْطَالٍ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت جاریہ یہ بھی ہے کہ غسل جنابت ایک صاع پانی سے ہو اور وضو دو رطل سے' ایک صاع آٹھ رطلوں کا ہوتا ہے۔

وَجَرَتِ السُّنَّةُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت جاریہ یہ بھی ہے کہ جو

338- أخرجه مسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 507' وابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه 388 رقم الحديث: 1229' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 259 رقم الحديث: 6814 .

339- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 7313 .

وَسَلَّمَ فِيمَا اَخْرَجَتِ الْاَرْضُ مِنَ الْحِنْطَةِ وَالشَّعِيرِ وَالزَّبِيبِ وَالتَّمْرِ اِذَا بَلَغَ خَمْسَةَ اَوْسُقٍ، وَالْوَسْقُ: سِتُّونَ صَاعًا، فَذَلِكَ ثَلَاثُمِائَةُ صَاعٍ، بِهَذَا الصَّاعِ الَّذِي جَرَتْ بِهِ السُّنَّةُ

زمین سے گندم جو کشمش نکلے جب پانچ وسق ہو جائیں اور وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے تو یہ کل تین سو صاع ہو جائیں گے۔ اسی ایک صاع کے ساتھ سنت جاری ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ اِلَّا صَالِحُ بْنُ مُوسَى

یہ حدیث منصور بن معتمر سے صرف صالح بن موسیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

340 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ قَالَ: نا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ الْاَيْلِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَبْكِي اِلَّا اَحَدُ رَجُلَيْنِ: فَاجِرٌ مُكْمِلٌ فُجُورَهُ، اَوْ بَارٌّ مُكْمِلٌ بِرَّهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: صرف دو آدمیوں میں سے ایک روئے (۱) فاجر جس کے گناہ مکمل ہو گئے ہیں (۲) اور وہ نیک باز جس کی نیکیاں مکمل ہو گئی ہوں۔

341 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ رِشْدِينَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو عِيسَى الْمُؤَذِّنُ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِي مَرْزُوقٍ التُّجِيبِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ عَلْقَمَةَ النَّسَائِيِّ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ الطُّنْبُذِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ شَرِبَ خَمْرًا، اَخْرَجَ اللّٰهُ نُورَ الْاِيمَانِ مِنْ جَوْفِهِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شراب پیتا ہے اس کے ایمان کا نور اللہ عزوجل اس کے دل سے نکال لیتا ہے۔

342 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ سُلَيْمَانَ قُبَيْطَةُ قَالَ: نا الْحَجَّاجُ بْنُ

حضرت ثوبان مولیٰ رسول اللہ ﷺ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ جب عمامہ مبارک پہنتے تو اس کا

340- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه23 .

341- انظر: لسان الميزان جلد 5صفحه257' الجرح والتعديل جلد 7صفحه325 . وانظر: مجمع الزوائد جلد5 صفحه75 .

342- انظر: الجرح والتعديل جلد9صفحه416 . انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه123 .

رِشْدِینَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: نا مُعَاوِیَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ اَبِی عُقْبَةَ، عَنْ ثَوْبَانَ، مَوْلَی رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا اعْتَمَّ اَرْخَی عِمَامَتَهُ بَیْنَ یَدَیْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ

ایک حصہ اپنے آگے اور ایک حصہ پیچھے لٹکاتے تھے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ مُعَاوِیَةَ بْنِ صَالِحٍ اِلَّا الْحَجَّاجُ بْنُ رِشْدِینَ، وَلَا یُرْوَی عَنْ ثَوْبَانَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث معاویہ بن صالح سے صرف حجاج بن رشدین ہی روایت کرتے ہیں، حضرت ثوبان سے یہ حدیث صرف اسی اسناد سے مروی ہے۔

343 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِینَ قَالَ: نا هَانِءُ بْنُ الْمُتَوَکِّلِ الْاِسْکَنْدَرَانِیُّ قَالَ: نا اَبُو شُرَیْحٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ شُرَیْحٍ قَالَ: حَدَّثَنِی مُوسَی بْنُ وَرْدَانَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِی وَقَّاصٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: ادْفَعُوهَا اِلَیْهِمْ مَا صَلَّوُا الْخَمْسَ، یَعْنِی: الصَّدَقَاتِ اِلَی الْاُمَرَاءِ۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جب یہ حکمران پانچ وقت کی نماز پڑھتے ہوں تو صدقات ان کو دے دیا کرو (یعنی زکوٰۃ)۔

لَا یُرْوَی هٰذَا الْحَدِیثُ عَنْ سَعْدٍ مَرْفُوعًا اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: هَانِءُ بْنُ الْمُتَوَکِّلِ

حضرت سعد سے یہ حدیث مرفوعاً اسی سند سے ہی مروی ہے، اسے روایت کرنے میں ھانی بن المتوکل اکیلے ہیں۔

344 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِینَ قَالَ: نا یُوسُفُ بْنُ عَدِیٍّ الْکُوفِیُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ اَبِی الْمِقْدَامِ، عَنْ یَزِیدَ بْنِ اَبِی زِیَادٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَخِی زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَی اُمِّ سَلَمَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِینَ، فَقَالَتْ: مِنْ اَیْنَ اَنْتُمْ؟ فَقُلْتُ: مِنْ اَهْلِ الْکُوفَةِ۔ فَقَالَتْ: اَنْتُمُ الَّذِینَ تَشْتُمُونَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ؟ قُلْتُ: مَا عَلِمْنَا اَحَدًا یَشْتُمُ النَّبِیَّ

حضرت عبدالرحمٰن بن اخی زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اُم المؤمنین حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا، آپ نے فرمایا: تم کہاں سے آئے ہو؟ میں نے عرض کی: کوفہ سے، فرمایا: تم نبی کریم ﷺ کو گالی دیتے ہو؟ میں نے کہا: ہم نہیں جانتے ہیں کہ کوئی نبی کریم ﷺ کو گالی دیتا ہو؟ آپ نے فرمایا: کیوں نہیں! کیا تم حضرت علی کو گالیاں نہیں دیتے ہو؟ اور تم حضور

343- انظر: لسان المیزان جلد3صفحه330 ۔ انظر: مجمع الزوائد رقم الحدیث: 5014 ۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔ قَالَتْ: بَلَى، أَلَيْسَ تَلْعَنُونَ عَلِيًّا؟ وتَلْعَنُونَ مَنْ يُحِبُّهُ؟ وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّهُ

ﷺ کے محبوب کو گالیاں نہیں دیتے ہو! حضرت علی رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے محبوب تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ابْنِ أَخِي زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ أَبِي زِيَادٍ، وَلَا عَنْ يَزِيدَ إِلَّا عَمْرُو بْنُ أَبِي الْمِقْدَامِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن اخی زید بن ارقم سے صرف یزید بن ابی زیاد ہی روایت کرتے ہیں اور یزید سے صرف عمرو بن ابی المقدام ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یوسف بن عدی اکیلے ہیں۔

345 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا فَضَالَةُ بْنُ الْمُفَضَّلِ بْنِ فَضَالَةَ، قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي مَعْرُوفُ بْنُ سُوَيْدٍ الْجُذَامِيُّ، عَنْ أَبِي عُشَّانَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَانَ هَاهُنَا مِنْ مَعَدٍّ فَلْيَقُمْ، فَذَهَبْتُ لِأَقُومَ، فَقَالَ: اقْعُدْ ثُمَّ قَالَ ذَلِكَ الثَّانِيَةَ، فَقُمْتُ، فَقَالَ: اقْعُدْ، ثُمَّ قَالَ الثَّالِثَةَ، فَقُمْتُ، فَقَالَ: اقْعُدْ فَقُلْتُ: مَنْ نَحْنُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: أَنْتُمْ مِنْ قُضَاعَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ حِمْيَرٍ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: یہاں قبیلہ معد کا رہنے والا کوئی ہے تو کھڑا ہو جائے۔ پس میں کھڑا ہونے لگا تو آپ ﷺ نے فرمایا: تم بیٹھ جاؤ! پھر آپ نے دوسری مرتبہ فرمایا تو میں کھڑا ہو گیا' آپ ﷺ نے فرمایا: تم بیٹھ جاؤ! پھر تیسری مرتبہ آپ نے فرمایا تو میں پھر کھڑا ہو گیا' آپ ﷺ نے فرمایا: تُو بیٹھ جا! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کس قبیلہ سے ہیں؟ آپ نے فرمایا: تم قبیلہ قضاعہ بن مالک ابن حمیر سے ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَعْرُوفِ بْنِ سُوَيْدٍ إِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: فَضَالَةُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ أَبِيهِ

یہ حدیث معروف بن سوید سے صرف ابن لھیعہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں فضالہ بن مفضل اکیلے ہیں۔

346 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ ابْنِ طَاوُسَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس کا میں مددگار ہوں اس کا علی مددگار ہے۔

345- انظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحہ 198-199 .

346- أخرجه أحمد: المسند جلد 5 صفحہ 419 رقم الحديث: 23092 بلفظ من كنت وليه فعلي وليه .

بُرَيْدَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ طَاوُسَ إِلَّا ابْنُهُ، وَلَا عَنِ ابْنِ طَاوُسَ إِلَّا مَعْمَرٌ، وَابْنُ عُيَيْنَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّزَّاقِ

یہ حدیث طاؤس سے صرف اُن کے بیٹے ہی روایت کرتے ہیں اور طاؤس کے بیٹے سے صرف معمر اور ابن عیینہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبدالرزاق اکیلے ہیں۔

347 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ دَاوُدَ اَبُو صَالِحٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا الْبَرَاءُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْغَنَوِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا نَضْرَةَ، يُحَدِّثُ. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، لَمَّا اسْتُخْلِفَ نَهَى النَّاسَ عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ، وَقَالَ: إِنَّمَا هٰذَا شَيْءٌ رُخِّصَ لِلنَّاسِ فِيهِ، وَالنَّاسُ قَلِيلٌ، ثُمَّ إِنَّهُ حُرِّمَ عَلَيْهِمْ بَعْدَ ذٰلِكَ، فَلَا اَقْدِرُ عَلَى اَحَدٍ يَفْعَلُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ إِلَّا اَحْلَلْتُ بِهِ الْعُقُوبَةَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ جب امیر المؤمنین بنے تو آپ نے لوگوں کو عورتوں سے متعہ کرنے سے منع کیا اور فرمایا: یہ ایسی شی تھی جس کی لوگوں کے لیے اس وقت رخصت دی گئی تھی' جب لوگ تھوڑے تھے' پھر اُن پر اس کے بعد حرام کیا گیا' آج کے بعد جس نے یہ (متعہ) کیا تو میں ضرور اسے سزا دوں گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي نَضْرَةَ إِلَّا الْبَرَاءُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث ابونضرہ سے صرف براء بن عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

348 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ الْمُهَاجِرِ بْنِ قُنْفُذٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَفْضَلُ عِبَادِ اللّٰهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ: إِمَامٌ عَدْلٌ رَفِيقٌ وَشَرُّ عِبَادِ اللّٰهِ عِنْدَ اللّٰهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ: إِمَامٌ جَائِرٌ، خَرِقٌ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں سے اللہ کے ہاں قیامت کے دن افضل وہ لوگ ہوں گے جو عادل بادشاہ ہوں گے اور اللہ کے ہاں بدترین وہ لوگ ہوں گے جو ظالم اور جھوٹ بولنے والے بادشاہ ہوں گے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُمَرَ إِلَّا بِهٰذَا

یہ حدیث اسی سند سے ہی مروی ہے' اسے روایت

348- انظر: مجمع الزوائد جلد5 صفحه200 .

الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

کرنے میں ابن لھیعہ اکیلے ہیں۔

349 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ دَاوُدَ أَبُو صَالِحٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِلَالٍ، عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَدَ فِي الْخَمْرِ ثَمَانِينَ

حضرت محمد بن حنفیہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے شراب پینے والے کو اسّی کوڑے لگائے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث ابن حنفیہ سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں ابن لھیعہ اکیلے ہیں۔

350 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَهْمِيُّ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصْبِحُ جُنُبًا مِنْ نِسَائِهِ، ثُمَّ يُتِمُّ صِيَامَهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ صبح کے قریب اپنی ازواج سے جماع کرتے تھے' پھر اپنے روزہ کو بھی مکمل کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ إِلَّا أَبُو الزُّبَيْرِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث عبداللہ بن ابی سلمہ سے صرف ابوزبیر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن لھیعہ اکیلے ہیں۔

351 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ قَالَ: أَخْبَرَنِي جَعْفَرُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے بیوی اور اس کی پھوپھی یا اس کی خالہ کو اکٹھے نکاح میں رکھنے سے منع کیا۔

350- تقدم تخريجه .

351- أخرجه البخاري: النكاح جلد 9 صفحه 64 رقم الحديث: 5109' ومسلم: النكاح جلد 2 صفحه 102' والنسائي: النكاح جلد 6 صفحه 79 (باب الجمع بين المرأة وعمتها)' والدارمي: النكاح جلد 2 صفحه 183 رقم الحديث: 2179' بلفظ لا يجمع بين المرأة وعمتها' ولا بين المرأة وخالتها .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ نَهَى اَنْ تُنْكَحَ الْمَرْاَةُ عَلَى عَمَّتِهَا، اَوْ عَلَى خَالَتِهَا

352 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ قَالَ: انا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، وَابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُقَيْلِ بْنِ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ، وَعُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، وَعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں' اسی کی مثل۔

353 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ مِثْلًا بِمِثْلٍ، وَالْوَرِقُ بِالْوَرِقِ مِثْلًا بِمِثْلٍ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: سونا سونے کے بدلے برابر برابر اور چاندی کو چاندی کے بدلے برابر برابر فروخت کرو۔

354 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ بِقُصَّةٍ، فَقَالَ: اِنَّ نِسَاءَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک گچھا لے کر نکلے' آپ نے فرمایا: بنی اسرائیل کی عورتیں ان کو اپنے سروں کے اوپر لگاتی تھیں' اُن پر لعنت کی گئی اور اُن کو مسجد میں آنے سے منع

352- أخرجه البخاري: النكاح جلد 9صفحه64 رقم الحديث: 5110' ومسلم: النكاح جلد2صفحه1028' وأبو داؤد: النكاح جلد 2صفحه231 رقم الحديث: 2066' والنسائي: النكاح جلد 6صفحه79 (باب الجمع بين المرأة وعمتها) .

353- أخرجه البخاري: البيوع جلد4صفحه444 رقم الحديث: 2176' ومسلم: المساقاة جلد 2صفحه1208' وأحمد: المسند جلد3صفحه100 رقم الحديث: 11778 .

354- والحديث أخرجه الطبراني في الكبير جلد10صفحه360 رقم الحديث: 10718 . وانظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه172 .

بَنِی اِسْرَائِیلَ کُنَّ یَجْعَلْنَ هَذَا فِی رُئُوسِهِنَّ، فَلُعِنَّ، وَحُرِّمَ عَلَیْهِنَّ الْمَسَاجِدُ

کر دیا گیا۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ عُرْوَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اِلَّا اَبُو الْاَسْوَدِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِیعَةَ

یہ حدیث از عروہ از حضرت ابن عباس صرف ابوالاسود ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن لھیعہ اکیلے ہیں۔

355 - وَعَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَیْرِ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْفِطْرَةُ خَمْسٌ: الِاخْتِتَانُ، وَالِاسْتِحْدَادُ، وَالسِّوَاكُ، وَتَقْلِیمُ الْاَظْفَارِ، وَنَتْفُ الْاِبْطِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پانچ چیزیں فطرت سے ہیں: (۱) ختنہ کروانا (۲) زیرناف بال مونڈنا (۳) مسواک کرنا (۴) ناخن تراشنا (۵) اور بغلوں کے بال اکھاڑنا۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ اِلَّا اَبُو الْاَسْوَدِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِیعَةَ

یہ حدیث از عروہ از حضرت ابوہریرہ صرف ابواسود روایت کرتے ہیں' اُن سے روایت کرنے میں ابن لھیعہ اکیلے ہیں۔

356 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِینَ قَالَ: نا الرَّبِیعُ بْنُ سُلَیْمَانَ قَالَ: نا الشَّافِعِیُّ قَالَ: نا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ اَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلَاةُ الْجَمَاعَةِ اَفْضَلُ مِنْ صَلَاةِ الْفَذِّ وَحْدَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: باجماعت نماز ادا کرنا اکیلے نماز پڑھنے سے پچیس گناہ زیادہ ثواب کا درجہ رکھتی ہے۔

355- أخرجه البخاری: اللباس جلد 10 صفحه 361 رقم الحدیث: 5891' ومسلم: الطهارة جلد 1 صفحه 221' وأبو داؤد: الترجل جلد 4 صفحه 82 رقم الحدیث: 4198' والترمذی: الأدب جلد 5 صفحه 91 رقم الحدیث: 2756' والنسائی: الطهارة جلد 1 صفحه 17 (باب ذکر الفطرة - الاختتان)' وابن ماجة: الطهارة جلد 1 صفحه 107 رقم الحدیث: 292' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 308 رقم الحدیث: 7158 .

356- أخرجه البخاری: الأذان جلد 2 صفحه 154 رقم الحدیث: 647' ومسلم: المساجد جلد 1 صفحه 450' والنسائی: الامامة جلد 2 صفحه 80 (باب فضل صلاة الجماعة)' ومالك فی الموطأ: الجماعة جلد 1 صفحه 129 رقم الحدیث: 2' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 626 رقم الحدیث: 10165 .

بِخَمْسٍ وَعِشْرِينَ دَرَجَةً

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكٍ اِلَّا الشَّافِعِيُّ

یہ حدیث امام مالک سے صرف امام شافعی ہی روایت کرتے ہیں۔

357 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا اَبُو صَالِحٍ عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ دَاوُدَ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحُصَيْنِ بْنِ وَحْوَحَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِيهِ. اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُولُ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى بَقِيعِ الْغَرْقَدِ، فَتَوَضَّاَ وَغَسَلَ وَجْهَهُ، وَيَدَيْهِ، وَمَسَحَ بِرَاْسِهِ، وَتَنَاوَلَ الْمَاءَ بِيَدِهِ الْيُمْنَى فَرَشَّ عَلَى قَدَمَيْهِ، فَغَسَلَهُمَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جنت البقیع کی طرف نکلے آپ نے وضو کرنے کا ارادہ کیا تو آپ نے اپنے چہرے کو دھویا' پھر اپنے دونوں ہاتھوں کو دھویا اور اپنے سر کا مسح کیا اور دائیں ہاتھ سے پانی لیا اور اپنے دونوں قدموں پر ڈالا تو دونوں قدموں کو دھویا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحُصَيْنِ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث سلمہ بن عبداللہ بن حصین سے صرف ابن لھیعہ ہی روایت کرتے ہیں۔

358 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ دَاوُدَ اَبُو صَالِحٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ نَاسًا مِنَ الْمُسْلِمِينَ كَانُوا مَعَ الْمُشْرِكِينَ، يُكَثِّرُونَ سَوَادَ الْمُشْرِكِينَ، فَيَاْتِي السَّهْمُ يُرْمَى بِهِ فَيُصِيبُ اَحَدَهُمْ، فَيَقْتُلُهُ، اَوْ يُضْرَبُ فَيُقْتَلُ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيهِمْ: (الَّذِينَ تَوَفَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ ظَالِمِي اَنْفُسِهِمْ قَالُوا فِيمَ كُنْتُمْ قَالُوا كُنَّا مُسْتَضْعَفِينَ فِي الْاَرْضِ) (النساء: 97) الْآيَةَ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ مسلمانوں میں سے کچھ لوگ مشرکوں کی جماعت زیادہ کرنے کے لیے اُن کا ساتھ دیتے تو کوئی تیر آتا اور اُن میں سے کسی ایک کو وہ تیر لگتا پس وہ قتل ہو جاتا یا اُس کو مارا جاتا تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''وہ لوگ کہ فرشتے اس حالت میں اُن کی روح نکالتے ہیں کہ وہ اپنی جانوں پر ظلم کیے ہوتے ہیں'' (النساء:۹۷)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ اِلَّا ابْنُ

یہ حدیث اسود سے صرف ابن لھیعہ ہی روایت

357- انظر: التاريخ الكبير رقم الحديث: 8512، وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 23611 .

358- أخرجه البخارى: الفتن جلد 13 صفحه 41 رقم الحديث: 7085 .

لَهِيعَةَ

کرتے ہیں۔

359 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا اَبُو صَالِحٍ عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ دَاوُدَ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ بْنُ عُمَرَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَالَا يَعْنِيهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: آدمی کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ وہ لایعنی کاموں کو چھوڑ دیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ اِلَّا عَبْدُ الرَّزَّاقِ بْنُ عُمَرَ، وَقُرَّةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

یہ حدیث زہری سے ابوسلمہ اور ان سے صرف عبدالرزاق بن عمر اور قرہ بن عبدالرحمٰن ہی روایت کرتے ہیں۔

360 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا اَبُو صَالِحٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِي عَلِيٍّ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَللّٰهُمَّ مَنْ وَلِيَ اَمْرَ اُمَّتِي، فَرَفَقَ بِاُمَّتِي، فَارْفُقْ بِهِ، وَمَنْ شَقَّ عَلَيْهِمْ فَشُقَّ عَلَيْهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دعا کرتے سنا: اے اللہ! جو میری اُمت کے کسی کام کا ولی بنے' وہ میری اُمت پر نرمی کرے تو تُو بھی اس پر نرمی کر اور جو اُن پر سختی کرے تو اس پر بھی سختی کی جائے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ۔ وَاسْمُ اَبِي عَلِيٍّ الْهَمْدَانِيِّ ثُمَامَةُ بْنُ شُفَيٍّ

یہ حدیث عمرو بن حارث سے صرف ابن لھیعہ ہی روایت کرتے ہیں۔ ابوعلی الہمدانی کا نام ثمامہ بن شفی ہے۔

361 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ دَاوُدَ اَبُو صَالِحٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا ابْنُ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: شہداء تین طرح

359- أخرجه الترمذي: الزهد جلد 4 صفحه 558 رقم الحديث: 2317 قال: هذا حديث غريب لا نعرفه من حديث أبي سلمة' عن أبي هريرة' عن النبي ﷺ الا من هذا الوجه . وابن ماجة: الفتن جلد 2 صفحه 1315 رقم الحديث: 3976 .

360- أخرجه مسلم: الامارة جلد 3 صفحه 1458' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 104 رقم الحديث: 24676 .

361- أخرجه أحمد: المسند جلد 1 صفحه 29 رقم الحديث: 147 .

لَهِيعَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي يَزِيدَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الشُّهَدَاءُ ثَلَاثَةٌ: رَجُلٌ مُؤْمِنٌ جَيِّدُ الْإِيمَانِ، لَقِيَ الْعَدُوَّ، فَصَدَقَ اللّٰهَ حَتَّى قُتِلَ، فَذَاكَ يَرْفَعُ اِلَيْهِ النَّاسُ اَعْنَاقَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَرَجُلٌ مُؤْمِنٌ جَيِّدُ الْإِيمَانِ، لَقِيَ الْعَدُوَّ فَاَتَاهُ سَهْمٌ غَرْبٌ فَقَتَلَهُ، فَذَاكَ فِي الدَّرَجَةِ الثَّانِيَةِ، وَرَجُلٌ مُؤْمِنٌ اَسْرَفَ عَلَى نَفْسِهِ، لَقِيَ الْعَدُوَّ فَصَدَقَ اللّٰهَ حَتَّى قُتِلَ، فَذَلِكَ فِي الدَّرَجَةِ الثَّالِثَةِ

کے ہیں: (۱)ایک وہ مؤمن آدمی جو پختہ ایمان والا ہو' دشمن سے اس کا آمنا سامنا ہوتو وہ اللہ کے وعدہ کو سچ کر دکھائے یہاں تک کہ قتل ہو جائے' یہ وہ شہید ہوگا جس کی طرف لوگ قیامت کے دن گردنیں اُٹھا کر دیکھیں گے (۲)اور ایک وہ مؤمن آدمی جو پختہ ایمان والا ہو' دشمن سے اس کا آمنا سامنا ہوتو ناگہاں ایک تیر اس کو آ لگے' اس کے ساتھ وہ مارا جائے تو یہ دوسرے درجہ میں ہوگا (۳)اور ایک وہ مؤمن جس نے اپنی جان پر ظلم کیا' دشمن سے اس کا آمنا سامنا ہوا تو اُس نے اللہ کے وعدہ کا سچ کر دکھایا یہاں تک کہ وہ شہید ہوگیا تو یہ تیسرے درجہ میں ہوگا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُمَرَ اِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث حضرت عمر سے صرف اسی سند سے ہی مروی ہے' اسے روایت کرنے میں ابن لھیعہ اکیلے ہیں۔

362 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي حَفْصَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ، عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْوُضُوءُ مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ

حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: آگ پر پکی ہوئی شی کھانے پر وضو (یعنی ہاتھ دھوئے اور کلی کرے) کرنا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي حَفْصَةَ تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ الْمُبَارَكِ

یہ حدیث زہری سے صرف محمد بن ابی حفصہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن مبارک اکیلے ہیں۔

363 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا

حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر اپنے والد سے

362- انظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 252 .

363- انظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 71 . والحديث أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 4 صفحه 147' وقال: صحيح على شرط مسلم .

سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ قَالَ: اَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ قَالَ: نا دَاوُدُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ اَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ، وَعُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، وَنَاسًا مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، جَلَسُوا بَعْدَ وَفَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرُوا اَعْظَمَ الْكَبَائِرِ، فَلَمْ يَكُنْ عِنْدَهُمْ فِيهَا عِلْمٌ، فَاَرْسَلُونِي اِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَسْاَلُهُ عَنْ ذٰلِكَ، فَاَخْبَرَنِي اَنَّ اَعْظَمَ الْكَبَائِرِ شُرْبَ الْخَمْرِ، فَاَتَيْتُهُمْ فَاَخْبَرْتُهُمْ، فَاَنْكَرُوا ذٰلِكَ وَوَثَبُوا اِلَيْهِ جَمِيعًا ۔ فَاَخْبَرَهُمْ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ مَلِكًا مِنْ بَنِي اِسْرَائِيلَ اخذ رَجُلًا فَخَيَّرَهُ بَيْنَ اَنْ يَشْرَبَ الْخَمْرَ، اَوْ يَقْتُلَ صَبِيًّا، اَوْ يَزْنِيَ، اَوْ يَاْكُلَ لَحْمَ الْخِنْزِيرِ، اَوْ يَقْتُلُوهُ اِنْ اَبَى ۔ فَاخْتَارَ اَنَّهُ يَشْرَبُ الْخَمْرَ، وَاَنَّهُ لَمَّا شَرِبَ، لَمْ يَمْتَنِعْ مِنْ شَيْءٍ ارادوهُ مِنْهُ۔ وَاَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَنَا حِينَئِذٍ: مَا مِنْ اَحَدٍ يَشْرَبُهَا فَتُقْبَلُ لَهُ صَلَاةٌ اَرْبَعِينَ لَيْلَةً، وَلَا يَمُوتُ وَفِي مَثَانَتِهِ مِنْهَا شَيْءٌ اِلَّا حُرِّمَتْ عَلَيْهِ الْجَنَّةُ، وَاِنْ مَاتَ فِي الْاَرْبَعِينَ مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً۔

روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد حضرت ابوبکر' حضرت عمر اور رسول اللہ ﷺ کے دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ ﷺ کی وفات کے بعد بیٹھے ہوئے تھے' انہوں نے کبیرہ گناہوں کے متعلق گفتگو کرنا شروع کی' اُن کے پاس اس کا علم نہیں تھا تو انہوں نے مجھے حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص کے پاس بھیجا کہ میں اُن سے اس کے متعلق پوچھوں۔ تو انہوں نے مجھے بتایا کہ کبیرہ گناہوں میں سے ایک بڑا گناہ شراب پینا ہے۔ میں اُن صحابہ کے پاس واپس آیا اور اُن کو بتایا تو اُنہوں نے اس پر انکار کیا۔ تو انہوں نے ان سب صحابہ کو بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بنی اسرائیل کا ایک بادشاہ تھا' اس نے ایک آدمی کو پکڑا اور اس کو شراب پینے یا بچہ قتل کرنے یا زنا کرنے یا خنزیر کا گوشت کھانے یا اپنے والد کو قتل کرنے کا اختیار دیا تو اس نے شراب پینے کو اختیار کیا' اور اس نے جب شراب پی تو اس نے جس شی کا ارادہ کرلیا اس کو کوئی شی رکاوٹ نہ بنی۔ اور ہم کو رسول اللہ ﷺ نے اس دن فرمایا: جو آدمی بھی شراب پیتا ہے تو اس کی چالیس دن تک نماز قبول نہیں ہوتی ہے اور اگر وہ اس حالت میں مر جائے کہ اس کے مثانہ میں شراب میں سے کچھ ہے تو اس پر جنت حرام کر دی جاتی ہے' اگر ان چالیس دنوں میں وہ مر گیا تو جاہلیت کی موت مرا۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عمر اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الدَّرَاوَرْدِيُّ

یہ حدیث حضرت عبداللہ بن عمر سے اسی سند سے ہی مروی ہے' اسے روایت کرتے میں الدراوردی اکیلے ہیں۔

364 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِی مَرْيَمَ قَالَ: اَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِیُّ قَالَ: نا دَاوُدُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ اُمِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِی الْهِرِّ: اِنَّهَا لَيْسَتْ نَجَسًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے بلی کے متعلق فرمایا: یہ نجس نہیں ہے۔

365 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِی مَرْيَمَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: اَخْبَرَنِی حُمَيْدُ بْنُ اَبِی زَيْنَبٍ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ حَسَنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: حَيْثُمَا كُنْتُمْ فَصَلُّوا عَلَیَّ، فَاِنَّ صَلَاتَكُمْ تَبْلُغُنِی

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِی مَرْيَمَ

حضرت حسین بن حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم جہاں سے بھی مجھ پر درود پاک پڑھو' تمہارا درود مجھ تک پہنچایا جاتا ہے۔

یہ حدیث حسن بن علی سے صرف اسی سند سے ہی مروی ہے' اسے روایت کرنے میں ابن ابی مریم اکیلے ہیں۔

فائدہ: اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ حضور ﷺ خود نہیں سنتے ہیں بلکہ محبت والوں کا درود آپ خود سنتے ہیں جیسا کہ دوسری احادیث میں وارد ہے۔

366 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْحِمْيَرِیُّ الْمِصْرِیُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَعْفَرِیُّ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِیٍّ

حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: حسن و حسین دونوں جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں۔

364- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 1[9 رقم الحديث: 76' والدارقطني: سننه جلد 1 صفحه 70 رقم الحديث: 20' والبيهقي: سننه جلد 1 صفحه 374 رقم الحديث: 1166 .

365- أخرجه الطبراني في الكبير الحديث: 2729 قال الحافظ الهيثمي: فيه حميد بن زينب ولم أعرفه' وبقية رجاله رجال الصحيح . انظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 165 .

366- انظر: مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 187 .

قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْحَسَنِ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْحِمْيَرِيُّ

یہ حدیث حضرت حسن سے صرف اسی سند سے ہی مروی ہے' اسے روایت کرنے میں احمد بن عمرو الحمیری اکیلے ہیں۔

367 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ قَالَ: نا الْاَعْمَشُ، وَمِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، وَاَشْعَثُ بْنُ سَوَّارٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَسْجِدِ مِنًى، فَاَتَاهُ نَاسٌ مِنَ الْاَعْرَابِ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا خَيْرُ مَا اُعْطِيَ الْاِنْسَانُ؟ قَالَ: الْخُلُقُ الْحَسَنُ

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منیٰ کی مسجد میں تھے کہ آپ کے پاس دیہات سے کچھ لوگ آئے' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! انسان کو سب سے بہتر شی کون سی دی گئی ہے؟ فرمایا: اچھا اخلاق۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ اِلَّا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ

یہ حدیث اشعث بن سوار سے صرف حفص بن غیاث ہی روایت کرتے ہیں۔

368 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا زُهَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ الرُّؤَاسِيُّ قَالَ: نا اَبُو بَكْرٍ الدَّاهِرِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُؤْمِنُ الَّذِي يُخَالِطُ النَّاسَ، فَيُؤْذُونَهُ، فَيَصْبِرُ عَلَى اَذَاهُمْ اَفْضَلُ مِنَ الْمُؤْمِنِ الَّذِي لَا يُخَالِطُ النَّاسَ،

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ مؤمن جو لوگوں سے مل جل کر رہتا ہے' اُن کی تکلیف پر صبر کرتا ہے' وہ اس مؤمن سے افضل ہے جو لوگوں سے مل جل کر نہیں رہتا ہے اور اُن کی تکلیفوں پر صبر نہیں کرتا۔

367- أخرجه ابن حبان: موارد الظمآن رقم الحديث: 1924 . وذكره الحافظ المنذري: الترغيب والترهيب جلد3 صفحه408 رقم الحديث: 25 بلفظ أحسنهم خلقًا .

368- أخرجه الترمذي: صفة القيامة جلد4 صفحه266 رقم الحديث: 2507' وابن ماجة: الفتن جلد 2 صفحه1338 رقم الحديث: 4032' وأحمد: المسند جلد2 صفحه60 رقم الحديث: 5021 .

فَيُؤْذُونَهُ، فَيَصْبِرُ عَلَى اَذَاهُمْ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ حَبِيبٍ اِلَّا اَبُو بَكْرٍ الدَّاهِرِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: زُهَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ

یہ حدیث از اعمش از حبیب' ابوبکر الداھری ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں زھیر بن عباد اکیلے ہیں۔

369 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: خَيَّرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاخْتَرْنَاهُ فَلَمْ يُعَدَّ ذٰلِكَ طَلَاقًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہم کو اختیار دیا تو ہم نے آپ کو اختیار کیا' اس کو طلاق شمار نہیں کیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ اِلَّا عَطَاءُ بْنُ دِينَارٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث سعید بن جبیر سے صرف عطاء بن دینار ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن لھیعہ اکیلے ہیں۔

370 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبَانَ قَالَ: نا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ فِرَاسٍ، وَبَيَانٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ وَهْبِ بْنِ خَنْبَشٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَمْرَةٌ فِي رَمَضَانَ تَعْدِلُ حَجَّةً

حضرت وہب بن خنبش رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: رمضان میں عمرہ' حج کے برابر ثواب کا درجہ رکھتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ فِرَاسٍ اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَامِدُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث از سفیان از فراس صرف عبدالعزیز بن ابان ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں حامد

369- أخرجه البخاری: الطلاق جلد 9 صفحه 280 رقم الحديث: 5262' ومسلم: الطلاق جلد 2 صفحه 1104' وأبو داؤد: الطلاق جلد 2 صفحه 269 رقم الحديث: 2203' والترمذی: الطلاق جلد 3 صفحه 474 رقم الحديث: 1179' وابن ماجة: الطلاق جلد 1 صفحه 661 رقم الحديث: 2052' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 51 رقم الحديث: 24236 .

370- أخرجه الترمذی: الحج جلد 3 صفحه 267 رقم الحديث: 939' وابن ماجة: المناسك جلد 2 صفحه 996 رقم الحديث: 2991' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 128 رقم الحديث: 17611 .

بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

371 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا زَيْدُ بْنُ بِشْرٍ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ قَالَ: حَدَّثَتْنِي أُمُّ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنَةُ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ اَبِيهَا، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا رَاَيْتُمْ عَمُودًا اَحْمَرَ قِبَلَ الْمَشْرِقِ فِي رَمَضَانَ، فَادَّخِرُوا طَعَامَ سَنَتِكُمْ، فَاِنَّهَا سَنَةُ جُوعٍ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم مشرق کی جانب سے رمضان میں آگ کا سرخ ستون دیکھو تو تم ایک سال کی گندم اکٹھی کرلو' کیونکہ وہ بھوک کا سال ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اُمِّ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنَةِ خَالِدٍ اِلَّا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: زَيْدُ بْنُ بِشْرٍ

یہ حدیث اُم عبداللہ بنت خالد سے صرف بشر بن بکر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں زید بن بشر اکیلے ہیں۔

372 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ الْقِتْبَانِيِّ، عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ شُفَيٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِي سَرْحٍ قَالَ: بَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَشَرَةٌ مِنْ اَصْحَابِهِ: اَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَعُثْمَانُ، وَعَلِيٌّ، وَالزُّبَيْرُ، وَغَيْرُهُمْ عَلَى جَبَلِ حِرَاءٍ اِذْ تَحَرَّكَ بِهِمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْكُنْ حِرَاءُ، فَاِنَّهُ لَيْسَ عَلَيْكَ اِلَّا نَبِيٌّ، اَوْ صِدِّيقٌ، اَوْ شَهِيدٌ

حضرت عبداللہ بن ابی سرح رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ دس صحابہ کے ساتھ' جن میں حضرت ابوبکر' عمر' عثمان' علی' زبیر اور دیگر اصحاب رضی اللہ عنہم بھی شامل تھے' حراء پہاڑ پر تھے تو اچانک وہ حرکت کرنے لگا' تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: حراء رُک جا! تیرے اوپر ایک نبی' ایک صدیق' ایک شہید ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث عبداللہ بن سعد سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں ابن لھیعہ اکیلے ہیں۔

373 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا

حضرت عبدالرحمٰن بن ابوسعید الخدری اپنے والد

371- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه38 .

373- أخرجه البخارى: الصلاة جلد 1صفحه386 رقم الحديث: 3274' ومسلم: الصلاة جلد 1صفحه362' وأبو

يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ: نا الْقَاسِمُ بْنُ مَالِكٍ الْمُزَنِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ رَبَاحِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا مَرَّ الرَّجُلُ بَيْنَ يَدَيْ اَحَدِكُمْ، وَهُوَ فِي الصَّلَاةِ، فَلْيَدْرَاْهُ عَنْهُ، فَإِنْ اَبَى فَلْيُجَاهِدْهُ

سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جب کوئی آدمی نمازی کے آگے سے گزرے تو نمازی اس کو روکے اگر وہ پھر بھی نہ رُکے تو اُس سے لڑے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَبَاحِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ اِلَّا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ وَهْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْقَاسِمُ بْنُ مَالِكٍ

یہ حدیث از رباح بن عبیدہ از عبدالرحمٰن بن ابوسعید صرف عمرو بن عثمان بن وہب ہی روایت کرتے ہیں۔ قاسم بن مالک اسے روایت کرنے میں منفرد ہے۔

374 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ جَابِرٍ الصَّعِيدِيُّ، عَنْ اَبِيهِ عِيسَى بْنِ جَابِرٍ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، حَدَّثَهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الدُّبَّاءِ، وَالْمُزَفَّتِ اَنْ يُنْتَبَذَ فِيهِ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے ان سے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے دباء اور مزفت میں نبیذ بنانے سے منع کیا ہے۔

375 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ مَالِكَ بْنَ اَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ، حَدَّثَهُ.

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سونا چاندی کے بدلے زیادتی سے فروخت کرنا

داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 182 رقم الحديث: 697' والنسائي: القبلة جلد 2 صفحه 52 (باب التشديد في المرورين يدى المصلي وسترته)' ومالك في الموطأ: قصر الصلاة جلد 1 صفحه 154 رقم الحديث: 33' والدارمي: الصلاة جلد 1 صفحه 384 رقم الحديث: 1411 بلفظ اذا كان أحدكم يصلي فلا يدع أحدًا يمر بين يديه' وليد رأه ما استطاع...... .

-374 أخرجه البخاري: الأشربة جلد 10 صفحه 44 رقم الحديث: 5587 بلفظ لا تبتذوا في الدباء.....' ومسلم: الأشربة جلد 3 صفحه 1577' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 135 رقم الحديث: 12078 .

-375 أخرجه مسلم: المساقاة جلد 3 صفحه 1209' وأبو داؤد: البيوع جلد 3 صفحه 245 رقم الحديث: 3348' والترمذي: البيوع جلد 3 صفحه 536 رقم الحديث: 1243' والنسائي: البيوع جلد 7 صفحه 238-240 (باب بيع التمر بالتمر متفاضلًا)' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 31 رقم الحديث: 163 .

اَنَّهُ، سَمِعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلذَّهَبُ بِالْوَرِقِ رِبًا اِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ رِبًا اِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ رِبًا اِلَّا هَاءَ وَهَاءَ

سود ہے مگر برابر برابر جائز ہے اور گندم گندم کے بدلے فروخت کرنا برابری کے ساتھ جائز ہے جبکہ زیادتی کے ساتھ سود کے زمرے میں آتا ہے اور کھجور کھجور کے بدلے برابر فروخت کرنا جائز ہے زیادتی کے ساتھ سود ہے۔

376 - وَبِاِسْنَادِهِ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ يَغْتَسِلُ فِي الْقَدَحِ وَهُوَ: الْفَرَقُ، وَكُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَهُوَ مِنْ اِنَاءٍ وَاحِدٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک برتن میں غسل کرتے تھے اُس کو فرق کہا جاتا تھا اور میں اور آپ ایک ہی برتن سے غسل کرتے تھے۔

377 - وَبِاِسْنَادِهِ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ، اَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، وَعَمْرَةَ بِنْتَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَاهُ. اَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَتْ تَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُهْدِى مِنَ الْمَدِينَةِ، فَاَفْتِلُ قَلَائِدَهُ، ثُمَّ لَا يَجْتَنِبُ شَيْئًا مِمَّا يَجْتَنِبُ الْمُحْرِمُ

زوجۂ نبی کریم ﷺ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ مدینہ منورہ سے قربانی کا جانور بھیجتے تھے میں اس کو ہار پہناتی تھی پھر آپ ﷺ ان چیزوں سے نہیں بچتے تھے جن سے محرم بچتا ہے۔

378 - وَبِاِسْنَادِهِ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت

376- أخرجه البخارى: الغسل جلد 1 صفحه 433 رقم الحديث: 250' ومسلم: الحيض جلد 1 صفحه 225' وأبو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 60 رقم الحديث: 238' والنسائي: الطهارة جلد 1 صفحه 105 (باب ذكر القدر الذى يكتفى به الرجل من الماء للغسل)' والدارمى: الطهارة جلد 1 صفحه 209 رقم الحديث: 750' ومالك فى الموطأ: الطهارة جلد 1 صفحه 44 رقم الحديث: 68' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 42 رقم الحديث: 24144 .

377- أخرجه البخارى: الحج جلد 3 صفحه 635 رقم الحديث: 1698' ومسلم: الحج جلد 2 صفحه 957' وأبو داؤد: المناسك جلد 2 صفحه 151 رقم الحديث: 1758' والنسائى: المناسك جلد 5 صفحه 136 (باب هل يحرم اذا قلد؟)' وابن ماجة: المناسك جلد 2 صفحه 1033 رقم الحديث: 3094' والدارمى: المناسك جلد 2 صفحه 100 رقم الحديث: 1936' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 92 رقم الحديث: 24578 .

378- أخرجه البخارى: الحج جلد 3 صفحه 685 رقم الحديث: 1757' ومسلم: الحج جلد 2 صفحه 964' وأبو داؤد: المناسك جلد 2 صفحه 215 رقم الحديث: 2003' والترمذى: الحج جلد 3 صفحه 271 رقم الحديث: 943' وابن ماجة: المناسك جلد 2 صفحه 102 رقم الحديث: 3072' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 43

مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ، اَنَّ اَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَعُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، حَدَّثَاهُ. اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: حَاضَتْ صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ بَعْدَمَا اَفَاضَتْ، فَذَكَرْتُ حَيْضَتَهَا لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَحَابِسَتُنَا هِيَ؟ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّهَا كَانَتْ اَفَاضَتْ، وَطَافَتْ بِالْبَيْتِ، وَحَاضَتْ بَعْدَ الْإِفَاضَةِ . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَلْتَنْفِرْ

صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا کو عرفات سے واپسی پر حیض آنا شروع ہوگیا' میں نے ان کے حیض کا ذکر رسول اللہ ﷺ سے کیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا وہ ہم کو روک لے گی؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ اسی وقت آئی ہیں' انہوں نے خانہ کعبہ کا طواف بھی کیا ہے اور اُن کو حیض عرفات سے واپسی پر آیا ہے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تو بھاگ۔

379 - وَبِاِسْنَادِهِ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، اَنَّ امْرَاَةً، مِنْ خَثْعَمٍ اسْتَفْتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَالْفَضْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ رَدِيفُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ: اِنَّ فَرِيضَةَ اللّٰهِ فِي الْحَجِّ عَلَى عِبَادِهِ اَدْرَكَتْ اَبِي شَيْخًا كَبِيرًا، لَا يَسْتَطِيعُ اَنْ يَسْتَوِيَ عَلَى الرَّاحِلَةِ، فَهَلْ يُغْنِي عَنْهُ اَنْ اَحُجَّ عَنْهُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ

حضرت سلیمان بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ قبیلہ خثعم کی ایک عورت نے رسول اللہ ﷺ سے حجۃ الوداع کے موقع پر فتویٰ پوچھا اور حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما' رسول اللہ ﷺ کے پیچھے تھے' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! بے شک اللہ کا فریضہ بندوں پر حج ہے' میرے باپ پر اب حج فرض ہوا لیکن وہ بہت بوڑھے ہیں' وہ سواری پر بیٹھنے کی طاقت نہیں رکھتا ہے' کیا میں اس کی طرف سے حج کروں؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہاں!

380 - وَبِاِسْنَادِهِ عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ. اَنَّ حُمَيْدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَهُ، اَنَّ بَشِيرَ بْنَ سَعْدٍ، جَاءَ بِالنُّعْمَانِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت بشیر بن سعد رضی اللہ عنہ' حضرت نعمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آئے' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ غلام میں نے

رقم الحديث: 24156 .

379- تقدم تخريجه .

380- أخرجه البخاري: الهبة جلد 5 صفحه 250 رقم الحديث: 2586' ومسلم: الهبة جلد 3 صفحه 1241' والترمذي: الأحكام جلد 3 صفحه 640 رقم الحديث: 1367' ومالك في الموطأ: الأقضية جلد 2 صفحه 751 رقم الحديث: 39' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 332 رقم الحديث: 18412 .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنِّي نَحَلْتُ ابْنِي هَذَا الْعَبْدَ. فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَكُلَّ وَلَدِكَ نَحَلْتَ؟ قَالَ: لَا قَالَ: فَارْدُدْهُ

اپنے اس بیٹے کو بطور ہدیہ دیا ہے تو رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا: کیا تُو نے اپنے تمام بیٹوں کو بطور ہدیہ دیا ہے؟ انہوں نے عرض کی: نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو بھی واپس لے لے۔

381 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ: أَيُّمَا امْرِءٍ أَبَّرَ نَخْلَةً، ثُمَّ بَاعَ أَصْلَهَا، فَهُوَ لِلَّذِي أَبَّرَ ثَمَرَ النَّخْلِ، إِلَّا أَنْ يَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنی کھجور کو پیوندکاری کی ہو پھر اس نے اس درخت کو فروخت کیا تو جو پھل ہوگا وہ اس کا ہوگا جس نے اس کھجور کی پیوندکاری کی ہوگی' ہاں اگر خریدنے والے نے شرط لگا دی تو اس کا ہو گا۔

382 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ أَدْرَكَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فِي رَكْبٍ، وَعُمَرُ يَحْلِفُ بِأَبِيهِ، فَنَادَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا إِنَّ اللّٰهَ يَنْهَاكُمْ أَنْ تَحْلِفُوا بِآبَائِكُمْ، فَمَنْ كَانَ حَالِفًا، فَلْيَحْلِفْ بِاللّٰهِ، وَإِلَّا فَلْيَصْمُتْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو سواری پر سوار پایا' اس حالت میں کہ وہ اپنے آباء واجداد کی قسم اُٹھا رہے تھے' تو رسول اللہ ﷺ نے آواز دی: خبردار! اللہ عزوجل تم کو منع کرتا ہے کہ تم اپنے آباء و اجداد کی قسمیں اُٹھاؤ' پس جو قسم اُٹھانا چاہے تو وہ اللہ کی قسم اُٹھائے' ورنہ خاموش رہے۔

383 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ

381- أخرجه البخاري: الشروط جلد 5 صفحه 369 رقم الحديث: 2716 بلفظ من باع نخلًا قد أبرت......' ومسلم: البيوع جلد 3 صفحه 1173' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 106 رقم الحديث: 5486 .

382- أخرجه البخاري: الأدب جلد 10 صفحه 532 رقم الحديث: 6108' ومسلم: الأيمان جلد 3 صفحه 1267' وأبو داؤد: الأيمان والنذور جلد 3 صفحه 219 رقم الحديث: 3249' والترمذي: النذور والأيمان جلد 4 صفحه 110 رقم الحديث: 1534' ومالك في الموطأ: النذور والأيمان جلد 2 صفحه 480 رقم الحديث: 14' والدارمي: النذور جلد 2 صفحه 242 رقم الحديث: 2341' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 17 رقم الحديث: 4592 .

383- أخرجه البخاري: ليلة القدر جلد 4 صفحه 30 رقم الحديث: 2015 بلفظ أرى رؤياكم......' و مسلم: الصيام

ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ أُرِیَ رِجَالٌ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي الْمَنَامِ أَنَّهَا فِي السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَسْمَعُ رُؤْيَاكُمْ قَدْ تَوَاطَأَتْ فِي السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ، فَمَنْ كَانَ مُتَحَرِّيَهَا، فَلْيَتَحَرَّهَا فِي السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ

رسول اللہ ﷺ کے اصحاب کو لیلۃ القدر دکھائی گئی خواب میں رمضان کی آخری سات راتوں کو تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں نے تمہاری خوابیں سنی ہیں تمہاری خوابیں آخری سات راتوں کے موافق ہیں پس جو تم میں سے لیلۃ القدر کو تلاش کرنا چاہے تو وہ آخری سات راتوں میں تلاش کرے۔

384 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ: لَا يُقِيمَنَّ أَحَدُكُمُ الرَّجُلَ مِنْ مَجْلِسِهِ، ثُمَّ يَجْلِسُ فِيهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی کسی آدمی کو اس کی جگہ سے ہرگز نہ اُٹھائے کہ پھر خود وہاں بیٹھے۔

385 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: لَا يَبِعْ بَعْضُكُمْ عَلَى بَيْعِ بَعْضٍ، وَلَا يَخْطُبُ بَعْضُكُمْ عَلَى خِطْبَةِ بَعْضٍ

اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم میں کوئی دوسرے کی بیع پر بیع نہ کرے نہ تم میں کوئی نکاح کے پیغام پر پیغامِ نکاح بھیجے۔

386 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما رسول اللہ ﷺ سے

جلد2صفحه822، ومالك في الموطأ: الاعتكاف جلد 1صفحه321 رقم الحديث: 14، وأحمد: المسند جلد 2 صفحه8 رقم الحديث: 4498 .

384- أخرجه البخاري: الاستئذان جلد11صفحه64 رقم الحديث: 6269، ومسلم: السلام جلد4صفحه1714، والترمذي: الأدب جلد 5صفحه88 رقم الحديث: 2749، والدارمي: الاستئذان جلد 2صفحه365 رقم الحديث: 2653، وأحمد: المسند جلد2صفحه169 رقم الحديث: 6067 .

385- أخرجه البخاري: النكاح جلد9صفحه105 رقم الحديث: 5142، ومسلم: النكاح جلد 2صفحه1032، وأبو داؤد: النكاح جلد2صفحه235 رقم الحديث: 2081، والترمذي: البيوع جلد3صفحه578 رقم الحديث: 1292، والنسائي: النكاح جلد6صفحه60-61 (باب خطبة الرجل اذا ترك الخاطب أو أذن له)، وأحمد: المسند جلد2صفحه30 رقم الحديث: 4721 .

386- أخرجه البخاري: مواقيت جلد2صفحه37 رقم الحديث: 552، ومسلم: المساجد جلد 1صفحه435، وأبو داؤد: الصلاة جلد1صفحه110 رقم الحديث: 414، والترمذي: الصلاة جلد 1صفحه330 رقم الحديث: 175،

ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ: اِنَّ الَّذِى تَفُوتُهُ صَلَاةُ الْعَصْرِ، فَكَاَنَّمَا وُتِرَ اَهْلَهُ وَمَالَهُ

روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس کی نمازِ عصر فوت ہوگئی اس کا مال اور خاندان تباہ ہوگئے۔

387 - وَبِاِسْنَادِهِ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُسْتَقْبِلُ الْمَشْرِقِ يَقُولُ: اَلَا اِنَّ الْفِتْنَةَ هَا هُنَا، اَلَا اِنَّ الْفِتْنَةَ هَا هُنَا، مِنْ حَيْثُ يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: فتنے یہاں سے ہوں گے، فتنے یہاں سے ہوں گے، یہاں سے شیطان کا سینگ طلوع ہوگا، اس وقت آپ ﷺ کا چہرہ مشرق کی طرف تھا۔

388 - وَبِاِسْنَادِهِ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَيُّمَا مَمْلُوكٍ بَيْنَ شُرَكَاءَ، فَاَعْتَقَ اَحَدُهُمْ نَصِيبَهُ، فَاِنَّهُ يُقَامُ فِيهَا لِلَّذِى اَعْتَقَ عَدْلٌ فَيُعْتَقُ اِنْ بَلَغَ مَالُهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جو غلام مشترک ہو اُن میں سے ایک اپنے حصے کا غلام آزاد کردے اور اگر اس کے پاس دوسرا حصہ آزاد کروانے کا مال ہے تو اس کو چاہیے کہ وہ حصہ بھی آزاد کروادے۔

389 - وَبِاِسْنَادِهِ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، اَخْبَرَهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ان کو بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

والنسائی: مواقیت جلد 1 صفحه 203 (باب التشديد فی تأخير العصر)، وابن ماجة: الصلاة جلد 1 صفحه 224 رقم الحديث: 685، والدارمی: الصلاة جلد 1 صفحه 306 رقم الحديث: 1231، ومالك فی الموطأ: وقوت جلد 1 صفحه 11 رقم الحديث: 21، وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 103 رقم الحديث: 5454 .

387- أخرجه البخاری: الفتن جلد 13 صفحه 49 رقم الحديث: 7093، ومسلم: الفتن جلد 4 صفحه 2228، ومالك: الاستئذان جلد 2 صفحه 975 رقم الحديث: 29، وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 125 رقم الحديث: 5661 .

388- أخرجه أحمد: المسند جلد 2 صفحه 166 رقم الحديث: 6043 .

389- أخرجه البخاری: الذبائح جلد 9 صفحه 524 رقم الحديث: 5482 الحديث بلفظ من اقتنى كلبًا الا كلب ماشية أو ضاريًا نقص من عمله كل يوم قيراطان، ومسلم: المساقاة جلد 3 صفحه 120، والترمذی: الأحكام والفوائد جلد 4 صفحه 79 رقم الحديث: 1487، والنسائی: الصيد جلد 7 صفحه 166 (باب الرخصة فی امساك الكلب للصيد)، ومالك فی الموطأ: الاستئذان جلد 2 صفحه 969 رقم الحديث: 13، وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 199 رقم الحديث: 6347 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الَّذِي يَقْتَنِي كَلْبًا، إِلَّا كَلْبًا ضَارِيًا، أَوْ كَلْبَ مَاشِيَةٍ، يَنْقُصُ مِنْ أَجْرِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيرَاطَيْنِ، وَكَانَ يَأْمُرُنَا أَنْ نَتَّبِعَ الْكِلَابَ، فَنَقْتُلُهَا حَيْثُ وَجَدْنَاهَا مِنَ الْمَدِينَةِ

جو کوئی شوقیہ طور پر کتا رکھتا ہے تو اس کی نیکیاں ہر روز دو قیراط کے برابر کم ہوتی ہیں' سوائے رکھوالی یا شکاری کتے کے اور ہم کو کتے تلاش کرنے کا حکم دیتے' سو ہم مدینہ منورہ میں جہاں اُن کو پاتے' اُنہیں مار دیتے تھے۔

390 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَخْبَرَهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا حَقُّ امْرِءٍ مُسْلِمٍ عِنْدَهُ شَيْءٌ يُوصِي فِيهِ، أَنْ يَبِيتَ لَيْلَتَيْنِ، إِلَّا وَوَصِيَّتُهُ مَكْتُوبَةٌ عِنْدَ رَأْسِهِ

حضرت نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ان کو بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی مسلمان کے لیے مناسب نہیں ہے کہ دو راتیں اس حالت میں گزارے کہ اس کے سر کے پاس وصیت لکھی ہوئی نہ ہو۔

391 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ، أَخْبَرَهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا رَأَى أَحَدُكُمُ الْجَنَازَةَ، فَإِنْ لَمْ يَكُنْ مَاشِيًا مَعَهَا، فَلْيَقُمْ حَتَّى تُخَلِّفَ، أَوْ تُوضَعَ مِنْ قَبْلِ ذَلِكَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ نے ان کو بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی جنازہ دیکھے اور اس کے ساتھ چلے تو اس وقت تک نہ بیٹھے جب تک اس کو زمین پر رکھ نہ دیا جائے۔

392 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی

390- أخرجه البخاري: الوصايا جلد 5 صفحه 419 رقم الحديث: 2738' ومسلم: الوصية جلد 3 صفحه 1249' وأبو داؤد: الوصايا جلد 3 صفحه 111 رقم الحديث: 2862' والترمذي: الجنائز جلد 3 صفحه 295 رقم الحديث: 974' والنسائي: الوصايا جلد 6 صفحه 198 (باب الكراهية في تأخير الوصية)' وابن ماجة: الوصايا جلد 2 صفحه 901 رقم الحديث: 2699' ومالك في الموطأ: الوصية جلد 2 صفحه 761 رقم الحديث: 1' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 70 رقم الحديث: 5117 .

391- أخرجه البخاري: الجنائز جلد 3 صفحه 212 رقم الحديث: 1308' ومسلم: الجنائز جلد 2 صفحه 660' وأبو داؤد: الجنائز جلد 3 صفحه 200 رقم الحديث: 3172' والترمذي: الجنائز جلد 3 صفحه 351 رقم الحديث: 1042' والنسائي: الجنائز جلد 4 صفحه 36 (باب الأمر بالقيام للجنازة)' وابن ماجة: الجنائز جلد 1 صفحه 492 رقم الحديث: 1542' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 543 رقم الحديث: 15681

392- أخرجه البخاري: الهبة جلد 5 صفحه 277 رقم الحديث: 2621 بلفظ العائد في هبته كالعائد في قيئه' ومسلم: الهبات جلد 3 صفحه 1240' وأبو داؤد: البيوع جلد 3 صفحه 288 رقم الحديث: 3538' والنسائي: الهبة جلد 6

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، اَنَّهُ سَمِعَ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ، يَقُولُ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُولُ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثَلُ الَّذِي يَتَصَدَّقُ، ثُمَّ يَعُودُ فِي صَدَقَتِهِ، مَثَلُ الْكَلْبِ يَقِيءُ ثُمَّ يَعُودُ فِي قَيْئِهِ

کریم ﷺ نے فرمایا: جوصدقہ کر کے واپس لیتا ہے اُس کی مثال اُس کتے کی ہے جو قے کر کے چاٹ لیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى اِلَّا عِيسَى بْنُ جَابِرٍ الصَّعِيدِيُّ، تَفَرَّدَ بِهَا: ابْنُهُ عَنْهُ، وَلَمْ نَكْتُبْهَا اِلَّا عَنِ ابْنِ رِشْدِينَ

یہ حدیث ایوب بن موسیٰ سے صرف عیسیٰ بن جابر الصعیدی ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ان کا بیٹا اکیلا ہے' ہم نے اسے صرف ابن رشدین سے لکھا ہے۔

393 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ الْحَلَبِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، وَاَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ مِنَ اللّٰهِ، وَالتَّحْزِينُ مِنَ الشَّيْطَانِ، وَمِنَ الرُّؤْيَا مَا يُحَدِّثُ بِهِ الرَّجُلُ نَفْسَهُ، فَاِذَا رَاَى اَحَدُكُمُ الرُّؤْيَا يَكْرَهُهَا، فَلْيَقُمْ فَلْيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ. وَاَكْرَهُ الْغُلَّ فِي النَّوْمِ، وَيُعْجِبُنِي الْقَيْدُ، لِاَنَّهُ ثَبَاتٌ فِي الدِّينِ وَرُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَاَرْبَعِينَ جُزْئًا مِنَ النُّبُوَّةِ، فِي آخِرِ الزَّمَانِ لَا تَكَادُ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ تَكْذِبُ، وَاَصْدَقُكُمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اچھا خواب اللہ کی جانب سے ہے اور غم دلانے والا خواب شیطان کی طرف سے ہے اور اچھا خواب بتایا کرو اور جب تم میں سے کوئی ایک بُرا خواب دیکھے تو وہ کھڑا ہو اور دو رکعت نفل ادا کرے اور میں نیند میں پیاس کو ناپسند کرتا ہوں اور قید ہونے کو پسند کرتا ہوں کیونکہ یہ دین پر ثابت قدمی ہے اور مؤمن کا خواب نبوت کے چھیالیس حصوں میں سے ایک حصہ ہے' قربِ قیامت میں تم میں سے جو جتنا سچا ہو گا اُس کا خواب بھی اتنا سچا ہو گا۔

صفحه 223 باب ذكر الاختلاف لخبر عبد الله بن عباس فيه' وابن ماجة: الصدقات جلد 2 صفحه 799 رقم الحديث: 2391' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 454 رقم الحديث: 3268 .

393- أخرجه البخارى: التعبير جلد 12 صفحه 422 رقم الحديث: 7017' ومسلم: الرؤيا جلد 4 صفحه 1773' وأبو داؤد: الأدب جلد 4 صفحه 306 رقم الحديث: 5019' والترمذى: الرؤيا جلد 4 صفحه 532 رقم الحديث: 2270' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 667 رقم الحديث: 10601 بلفظ اذا اقترب الزمان لم تكد رؤيا المؤمن تكذب'...... .

حَدِيثًا اَصْدَقُكُمْ رُؤْيَا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ

یہ حدیث از معمر از قتادہ صرف عبیداللہ بن عمرو روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبداللہ بن جعفرا کیلے ہیں۔

394 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ اَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كَانَ نَبِيُّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ رَاكِعًا اَوْ سَاجِدًا قَالَ: سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ، اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوبُ اِلَيْكَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تمہارے نبی ﷺ جب رکوع یا سجدہ کرتے تو ''سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ' اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ'' پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادٍ، اِلَّا زَيْدُ بْنُ اَبِي اُنَيْسَةَ، وَلَا عَنْ زَيْدٍ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، وَلَا عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث حماد سے صرف زید بن ابی اُنیسہ اور زید سے عبیداللہ بن عمرو ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبداللہ بن جعفرا کیلے ہیں اور حضرت ابن مسعود سے یہ حدیث صرف اسی سند سے مروی ہے۔

395 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ قَالَ: نا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ اَبِي حَصِينٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَمْرٍ كَانَ لَنَا نَافِعًا، وَاَمْرُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الرَّاْسِ وَالْعَيْنِ، نَهَانَا اَنْ

حضرت ابن رافع بن خدیج اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ایسے کام سے منع کیا جو ہمارے لیے فائدہ مند تھا' رسول اللہ ﷺ کا حکم سر آنکھوں پر! آپ ﷺ نے ہمیں منع کیا کہ ہم زمین کو قبول کریں ایک دوسرے کے ٹیکس کے ساتھ یا ٹوٹی ہوئی چاندی کے ساتھ اور آپ نے ہمیں حجام کی کمائی

394- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 13012 . وبنحوه أخرجه الامام أحمد في مسنده جلد 1 صفحه 388، والبزار جلد 1 صفحه 264 كشف الأستار وأبو يعلى وفي اسناد الثلاثة أبو عبيدة عن أبيه ولم يسمع منه' قاله الحافظ الهيثمي . انظر: مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 130 .

395- أخرجه الترمذي: الأحكام جلد 3 صفحه 658 رقم الحديث: 1384 . ولم يذكر ونهانا عن كسب الحجاد .

نَتَقَبَّلَ الْاَرْضَ بِبَعْضِ خَرَاجِهَا اَوْ بِوَرِقٍ مَنْقُودَةٍ، وَنَهَانَا عَنْ كَسْبِ الْحَجَّامِ

سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حَصِينٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ رَافِعٍ اِلَّا اَبُو عَوَانَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى. وَرَوَاهُ اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ وَغَيْرُهُ: عَنْ اَبِي حَصِينٍ عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ رَافِعٍ نَفْسِهِ

یہ حدیث از ابوحصین از مجاہد سے از ابن رافع صرف ابوعوانہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن عیسیٰ اکیلے ہیں۔ اسے ابوبکر بن عیاش وغیرہ از ابوحصین از مجاہد از رافع سے خود روایت کرتے ہیں۔

396 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا اَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ سَالِمٍ، عن الْاَسْوَدِ، عَنْ ثَوْبَانَ، مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَوْضِي مِنْ عَدَنَ اِلَى عَمَّانَ الْبَلْقَاءِ، مَاؤُهُ اَحْلَى مِنَ الْعَسَلِ، وَاَطْيَبُ مِنَ الْمِسْكِ، وَاَبْيَضُ مِنَ اللَّبَنِ، اَكْوَابُهُ عَدَدُ نُجُومِ السَّمَاءِ، مَنْ شَرِبَ مِنْهُ شَرْبَةً لَمْ يَظْمَأْ بَعْدَهَا اَبَدًا، اَوَّلُ النَّاسِ يَرِدُ عَلَيْهِ فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِينَ الشُّعْثُ رُئُوسًا، الدُّنُسُ ثِيَابًا، الَّذِينَ لَا يَنْكِحُونَ الْمُنَعَّمَاتِ، وَلَا تُفْتَحُ لَهُمُ السُّدَدُ

حضرت ثوبان مولیٰ رسول اللہ ﷺ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرا حوض مقامِ عدن سے عمان بلقاء تک ہے' اس کا پانی شہد سے زیادہ میٹھا اور مشک سے زیادہ خوشبودار' دودھ سے زیادہ سفید ہے اور اس کے برتن آسمان کے ستاروں کی تعداد کے برابر ہیں' جو بھی اس سے ایک مرتبہ پیئے گا وہ پھر کبھی پیاسا نہیں ہوگا' لوگوں میں سب سے پہلے آنے والے فقراء مہاجرین ہوں گے جن کے سر پراگندہ ہیں' کپڑے گندے ہیں وہ جن کے ساتھ مالدار عورتیں نکاح نہیں کرتیں نہ اُن کے لیے بند دروازہ کھولتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ سَالِمٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ

یہ حدیث عباس بن سالم سے صرف محمد بن مہاجر ہی روایت کرتے ہیں۔

397 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا اَبُو تَوْبَةَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں ضرور بضرور تم میں سے ہر

396- أخرجه الترمذی فی صفة القيامة رقم الحديث: 2444' وقال: هذا حديث غريب . وابن ماجة فی الزهد جلد 2صفحه1438 رقم الحديث: 4303' والامام أحمد فی مسنده جلد5صفحه325 رقم الحديث: 22430 .

397- أخرجه البزار رقم الحديث: 26913 كشف الأستار . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 27213 .

مَرْيَمَ، عَنْ اَبِي عُبَيْدِ اللّٰهِ مُسْلِمِ بْنِ مِشْكَمٍ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا اُلْفِيَنَّ مَا نُوزِعْتُ اَحَدًا مِنْكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، فَاَقُولُ: هَذَا مِنْ اَصْحَابِي فَيُقَالُ: اِنَّكَ لَا تَدْرِي مَا اَحْدَثُوا بَعْدَكَ ۔ قَالَ اَبُو الدَّرْدَاءِ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ اَنْ لَا يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ ۔ قَالَ: لَسْتَ مِنْهُمْ

ایک کے متعلق حوضِ کوثر پر جھگڑوں گا' میں کہوں گا کہ یہ تو میرے صحابی ہیں' تو مجھ سے کہا جائے گا: آپ کو معلوم نہیں کہ انہوں نے آپ کے بعد کیا بدعتیں ایجاد کی ہیں۔ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! اللہ سے دعا کریں کہ مجھے اُن لوگوں میں شامل نہ کرے! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو اُن میں سے نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ مِشْكَمٍ اِلَّا يَزِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ

یہ حدیث مسلم بن مشکم سے صرف یزید بن ابی مریم ہی روایت کرتے ہیں۔

398 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا اَبُو تَوْبَةَ قَالَ: نا مَسْلَمَةُ بْنُ عُلَيٍّ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، وَمُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيدِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ سَيَكُونُ عَلَيْكُمْ اُمَرَاءُ يَعْمَلُونَ بِمَا يَعْلَمُونَ، وَيَفْعَلُونَ بِمَا يُؤْمَرُونَ، وَسَيَكُونُ مِنْ بَعْدِهِمْ اُمَرَاءُ يَعْمَلُونَ بِمَا لَا يَعْلَمُونَ، وَيَفْعَلُونَ مَا لَا يُؤْمَرُونَ، مَنْ اَنْكَرَ فَقَدْ سَلِمَ، وَلَكِنْ مَنْ رَضِيَ وَتَابَعَ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عنقریب ایسے حکمران آئیں گے کہ جو ایسے ایسے عمل کریں گے جو اُن کو معلوم ہیں اور ایسے کام کریں گے جس کا اُن کو حکم دیا گیا' پھر اُن کے بعد عنقریب ایسے حکمران آئیں گے جو ایسے عمل کریں گے جو وہ جانتے نہیں ہوں گے اور ایسے کام کریں گے جن کا اُن کو حکم نہیں دیا گیا' جس نے اُن کا ساتھ نہیں دیا اُس نے اپنا ایمان محفوظ کر لیا اور جس نے اُن کا ساتھ دیا' اُس کا حشر اُن کے ساتھ ہی ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ اِلَّا مَسْلَمَةُ ، وَرَوَى الْمُعَافَى بْنُ عِمْرَانَ وَغَيْرُهُ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُرَّةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ

یہ حدیث از اوزاعی از زہری' سالم سے صرف مسلمہ ہی روایت کرتے ہیں' اور معافی بن عمران وغیرہ از اوزاعی از ابراہیم بن مرہ از زہری از ابی سلمہ سے روایت کرتے ہیں۔

399 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا اَبُو تَوْبَةَ قَالَ: نا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: روئے زمین میں کوئی ایسا

399- أخرجه النسائي: الجهاد جلد 6 صفحه 30 (باب ما يتمنى أهل الجنة) .

سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى، عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُرَّةَ قَالَ: نا عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ نَفْسٍ تَمُوتُ وَلَهَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ تُحِبُّ اَنْ تَرْجِعَ اِلَيْكُمْ وَاَنَّ لَهَا الدُّنْيَا، اِلَّا الشَّهِيدُ، فَاِنَّهُ يُحِبُّ اَنْ يَرْجِعَ فَيُقْتَلَ مَرَّةً اُخْرَى، لِمَا يَرَى مِنْ فَضْلِ الشَّهَادَةِ

آدمی نہیں ہے جس کا اللہ کے ہاں بہتر ٹھکانہ ہو تو دنیا میں جانے کو پسند کرتا ہو' ماسوائے شہید کے کہ شہید تمنا کرے گا کہ وہ ایک مرتبہ پھر اللہ کی راہ میں قتل ہو جائے' کیونکہ اس نے شہادت کی فضیلت دیکھ لی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَاقِدٍ اِلَّا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ

یہ حدیث زید بن واقد سے صرف ہیثم بن حمید ہی روایت کرتے ہیں۔

400 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا اَبُو تَوْبَةَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ رُوَيْمٍ اللَّخْمِيِّ، عَنْ اَبِي كَبْشَةَ الْاَنْمَارِيِّ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ مِنْ مَغَازِيهِ، فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا، فَاَتَيْنَاهُ فِيهِ، فَرَفَعَ يَدَيْهِ، وَقَالَ: الْاِيمَانُ وَالْحِكْمَةُ هَاهُنَا اِلَى لَخْمٍ وَجُذَامٍ

حضرت ابوکبشہ انماری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک غزوہ میں نکلے' پس ہم ایک جگہ اُترے' اس جگہ آپ تشریف لائے اور اپنے دست مبارک اُٹھائے اور فرمایا: ایمان اور حکمت دونوں لخم اور جذام کی طرف ہے (دونوں قبیلوں کے نام ہیں)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ رُوَيْمٍ، عَنْ اَبِي كَبْشَةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ

یہ حدیث از عروہ بن رویم از ابوکبشہ صرف محمد بن مہاجر ہی روایت کرتے ہیں۔

401 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا اَبُو تَوْبَةَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ حَيَّانَ اَبِي النَّضْرِ قَالَ: لَقِيتُ وَاثِلَةَ بْنَ الْاَسْقَعِ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِي بِي، اِنَّ ظَنَّ خَيْرًا فَخَيْرٌ، وَاِنَّ ظَنَّ شَرًّا فَشَرٌّ

حضرت حیان ابی النضر فرماتے ہیں کہ میں حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے ملا' آپ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا' آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میں بندے کے گمان کے مطابق اس کے ساتھ ہوتا ہوں' یعنی اگر وہ اچھا گمان رکھتا ہے تو اچھا ہی ہوتا ہے اور اگر وہ بُرا گمان رکھتا ہے تو بُرا ہی ہوتا ہے۔

400- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه59 .

401- اخرجه الدارمي: الرقاق جلد 2صفحه395 رقم الحديث: 2731' وأحمد: المسند جلد 3صفحه596 رقم الحديث: 16022 .

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ عُبَيْدَةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ

یہ حدیث یزید بن عبیدہ سے صرف محمد بن مہاجر ہی روایت کرتے ہیں۔

402 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا اَبُو تَوْبَةَ قَالَ: نا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَلَّامٍ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي عَامِرُ بْنُ زَيْدٍ الْبَكَالِيُّ، اَنَّهُ سَمِعَ عُتْبَةَ بْنَ عَبْدِ السُّلَمِيَّ قَالَ: جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا حَوْضُكَ الَّذِي تُحَدِّثُ عَنْهُ؟ قَالَ: كَمَا بَيْنَ الْبَيْضَاءِ اِلَى بُصْرَى، يَمُدُّنِي اللّٰهُ فِيهِ بِكُرَاعٍ لَا يَدْرِي اِنْسَانٌ مِمَّنْ خُلِقَ اَيْنَ طَرَفَيْهِ. فَكَبَّرَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَقَالَ: اَمَّا الْحَوْضُ فَيَرِدُ عَلَيْهِ فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِينَ، الَّذِينَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَيَمُوتُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ. فَاَرْجُو اَنْ يُورِثَنِي الْكُرَاعَ فَاَشْرَبَ مِنْهُ. وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ رَبِّي وَعَدَنِي اَنْ يُدْخِلَ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِي سَبْعِينَ اَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ ثُمَّ يَشْفَعُ كُلُّ اَلْفٍ لِسَبْعِينَ اَلْفًا، ثُمَّ يَحْثِي رَبِّي تَبَارَكَ وَتَعَالَى بِكَفَّيْهِ ثَلَاثَ حَثَيَاتٍ. فَكَبَّرَ عُمَرُ، وَقَالَ: اِنَّ السَّبْعِينَ الْاُولَى لَيُشَفِّعُهُمُ اللّٰهُ فِي آبَائِهِمْ، وَاَبْنَائِهِمْ، وَعَشَائِرِهِمْ، وَاَرْجُو اَنْ يَجْعَلَنِي اللّٰهُ فِي اِحْدَى الْحَثَيَاتِ الْاَوَاخِرِ. فَقَالَ الْاَعْرَابِيُّ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فِيهَا فَاكِهَةٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَفِيهَا شَجَرَةٌ تُدْعَى طُوبَى هِيَ

حضرت عتبہ بن عبدالسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دیہاتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' اس نے عرض کی: آپ کا حوض کیسا ہے جس کے متعلق آپ بیان کرتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ بیضاء سے بصریٰ تک کی مسافت جتنا لمبا ہے' اللہ عزوجل مقامِ کراع تک لمبا کر دے گا' کوئی انسان نہیں جانتا ہے کہ اس کی دونوں طرفیں کہاں ہیں۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اللہ اکبر کہا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بہرحال حوض پر فقراء مہاجرین آئیں گے' وہ لوگ جو اللہ کی راہ میں لڑتے تھے اور اللہ کی راہ میں مرتے تھے' میں اُمید کرتا ہوں کہ پیالے کا مجھے وارث بنایا جائے گا' میں اس سے پیوں گا۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے رب نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے کہ وہ میری اُمت سے ستر ہزار لوگ بغیر حساب کے جنت میں داخل کرے گا' پھر ہر ہزار' ستر ہزار لوگوں کی شفاعت کرے گا' پھر میرا رب تبارک وتعالیٰ تین لپ بھرے گا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اللہ اکبر کہا اور فرمایا: پہلے ستر ہزار کی اللہ عزوجل اُن کے باپوں اور بیٹوں اور رشتہ داروں میں شفاعت قبول کرے گا اور میں اُمید کرتا ہوں کہ اس آخری لپ میں مجھے بھی اللہ تعالیٰ ان میں سے کرے گا۔ اس دیہاتی نے عرض کی: یارسول اللہ! اس

402- اِنظر: الثقات جلد 5 صفحه 191' وذكره البخاری' وابن أبی حاتم وسكتا عنه . انظر: الجرح والتعديل جلد 6 صفحه 320 . والحديث أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد 17 صفحه 126-127' والامام أحمد فی مسنده رقم الحديث: 18314 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 416-417 .

تُطَابِقُ الْفِرْدَوْسَ. فَقَالَ: اَیُّ شَجَرِ اَرْضِنَا تُشْبِهُ؟ قَالَ: لَيْسَ تُشْبِهُهُ مِنْ شَجَرِ اَرْضِكَ، وَلٰكِنْ اَتَيْتَ الشَّامَ؟ قَالَ: لَا، يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: فَاِنَّهَا تُشْبِهُ شَجَرَةً فِي الشَّامِ تُدْعَى الْجَوْزَةَ، تَنْبُتُ عَلَى سَاقٍ وَاحِدٍ، ثُمَّ يَنْتَشِرُ اَعْلَاهَا. قَالَ: فَمَا عِظَمُ اَصْلِهَا؟ قَالَ: لَوِ ارْتَحَلَتْ جَذَعَةٌ مِنْ اِبِلِ اَهْلِكَ لَمَا قَطَعَتْهَا حَتّٰى تَنْكَسِرَ تَرْقُوَتُهَا هَرَمًا. قَالَ: فِيهَا عِنَبٌ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: مَا عِظَمُ الْعُنْقُودِ مِنْهَا؟ قَالَ: مَسِيرَةُ شَهْرٍ لِلْغُرَابِ الْاَبْقَعِ، لَا يَنْثَنِي وَلَا يَفْتُرُ. قَالَ: فَمَا عِظَمُ الْحَبَّةِ مِنْهُ؟ قَالَ: هَلْ ذَبَحَ اَبُوكَ مِنْ غَنَمِهِ شَيْئًا عَظِيمًا؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: فَسَلَخَ اِهَابَهَا فَاَعْطَاهُ اُمَّكَ، فَقَالَ: ادْبَغِي هٰذَا، ثُمَّ افْرِي لَنَا مِنْهُ ذَنُوبًا نَرْوِي بِهِ مَاشِيَتَنَا؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: فَاِنَّ تِلْكَ الْحَبَّةَ تُشْبِعُنِي وَاَهْلَ بَيْتِي؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَعَامَّةَ عَشِيرَتِكَ

میں پھل ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! اس میں ایک درخت ہوگا جسے طوبیٰ کے نام سے پکارا جاتا ہے' وہ فردوس کے مشابہ ہوگا۔ اس نے عرض کی: ہماری زمین میں کون سا درخت اُس کے مشابہ ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تیری زمین میں کوئی درخت اُس کے مشابہ نہیں ہے لیکن کیا تو شام گیا ہے؟ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: شام میں ایک درخت ہے جو اُس کے مشابہ ہے اس کو جوزہ کہا جاتا ہے' وہ ایک شاخ پر اُگتا ہے' پھر اس کی ٹہنیاں پھیلتی جاتی ہیں۔ اس نے عرض کی: اس کی شاخ کی لمبائی کتنی بڑی ہوگی؟ فرمایا: اونٹ کا بچہ اس جگہ کو پار کرنا چاہے تو وہ بھی چل چل کر بوڑھا ہوجائے گا۔ اس نے عرض کی: اس میں انگور ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے عرض کی: اس کا خوشہ کتنا بڑا ہوگا؟ آپ نے فرمایا: اتنا بڑا ہوگا کہ ایک تیز چلنے والا کوا ایک ماہ تک چلتا رہے' نہ بیٹھے اور نہ تھکے۔ اس نے عرض کی: اس انگور کا بیج کتنا بڑا ہوگا؟ آپ نے فرمایا: کیا تیرے والد نے اپنی بکری ذبح کی تھی؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: اس کی کھال اُتار کر اس نے تیری ماں کو دی ہوگی' اس نے کہا: اس کو دباغت دے پھر ہمارے لیے اس سے بڑا ڈول بنا اس سے ہم اپنے جانوروں کو پانی پلائیں گے۔ اس نے عرض کی: جی ہاں! اس نے عرض کی: وہ بیج مجھے اور میرے گھر والوں کو سیر کروا دے گا؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تیرے عام رشتے داروں کے لیے بھی ہوگا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ عَبْدٍ إِلَّا مِنْ حَدِيثِ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ زَيْدٍ إِلَّا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، وَيَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ

یہ حدیث عتبہ بن عبد سے زید بن سلام کی حدیث کے علاوہ روایت نہیں کی گئی اور نہ زید سے معاویہ بن سلام اور یحییٰ بن ابی کثیر کے سوا کسی نے روایت کی۔

403 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا أَبُو تَوْبَةَ قَالَ: نا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَلَّامٍ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي أَبُو أُمَامَةَ الْبَاهِلِيُّ أَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَنَبِيًّا كَانَ آدَمُ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: كَمْ بَيْنَهُ وَبَيْنَ نُوحٍ؟ قَالَ: عَشَرَةُ قُرُونٍ. قَالَ: كَمْ بَيْنَ نُوحٍ وَإِبْرَاهِيمَ؟ قَالَ: عَشَرَةُ قُرُونٍ. قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَمْ كَانَتِ الرُّسُلُ؟ قَالَ: ثَلَاثُمِائَةٍ وَخَمْسَةَ عَشَرَ

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آدم کے بعد کوئی نبی تھا؟ آپ نے فرمایا: ہاں! اس نے عرض کی: حضرت آدم اور حضرت نوح علیہما السلام کے درمیان کتنا فاصلہ تھا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: دس زمانوں کا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! حضرت نوح علیہ السلام اور ابراہیم علیہ السلام کے درمیان کتنا فاصلہ تھا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: دس زمانوں کا۔ اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! کتنے رسول ہیں؟ فرمایا: تین سو پندرہ۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ. تَفَرَّدَ بِهِ: مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ

یہ حدیث ابوامامہ سے صرف اسی سند سے ہی مروی ہے، اسے روایت کرنے والے معاویہ بن سلام اکیلے ہیں۔

404 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا أَبُو تَوْبَةَ قَالَ: نا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَلَّامٍ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُلَيَّةَ، أَنَّ قَيْسًا الْكِنْدِيَّ، حَدَّثَهُ. أَنَّ أَبَا سَعِيدٍ الْأَنْمَارِيَّ حَدَّثَهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ رَبِّي وَعَدَنِي أَنْ يُدْخِلَ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِي سَبْعِينَ أَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ، وَيَشْفَعُ كُلُّ أَلْفٍ لِسَبْعِينَ أَلْفًا، ثُمَّ يَحْثِي رَبِّي ثَلَاثَ حَثَيَاتٍ بِكَفَّيْهِ. قَالَ قَيْسٌ: فَقُلْتُ لِأَبِي

حضرت ابوسعید الانماری رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے رب نے میرے ساتھ وعدہ کیا ہے کہ میری اُمت کے ستر ہزار لوگ بغیر حساب کے جنت میں داخل کرے گا، ہر ایک ہزار، ستر ہزار کی شفاعت کریں گے، پھر میرا رب تین لپ بھر (سب کو) جنت میں ڈال دے گا۔ حضرت قیس فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوسعید سے کہا کہ آپ نے یہ رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے؟ انہوں نے فرمایا:

403- انظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحہ 199 .

404- انظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحہ 412 .

448- والحديث أخرجه الطبراني في الصغير جلد 1 صفحه 15 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 349 .

سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يُوسُفُ بْنُ يُونُسَ

بلال ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یوسف بن یونس اکیلے ہیں۔

449 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُو يَعْقُوبَ التَّمِيمِيُّ الْاَذَنِيُّ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ هِلَالٍ الْوَزَّانِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُكَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْكُمْ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَسَيَسْاَلُهُ رَبُّهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى، فَيَقُولُ: عَبْدِي مَا غَرَّكَ بِي؟ مَاذَا اَجَبْتَ الْمُرْسَلِينَ؟۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم میں سے ہر کسی سے اللہ عزوجل فرمائے گا کہ میرے بندے تجھے میرے متعلق کس نے دھوکہ میں ڈالا تھا؟ تُو نے انبیاءِ کرام کی دعوت کیوں قبول نہیں کی؟

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِلَالٍ الْوَزَّانِ اِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث ہلال الوزان سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اسحاق بن عبداللہ اکیلے ہیں۔

450 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا عُبَيْدُ بْنُ هِشَامٍ الْحَلَبِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَاُ فِي الْعِشَاءِ بِالتِّينِ وَالزَّيْتُونِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نمازِ عشاء میں والتین والزیتون پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ بْنُ هِشَامٍ

یہ حدیث اسماعیل بن ابی خالد سے صرف عبیداللہ بن عمرو ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبید بن ہشام اکیلے ہیں۔

449- أخرجه الطبرانی فی الکبير جلد9صفحه182 رقم الحديث: 8899 .

450- أخرجه البخاری: الأذان جلد 2صفحه293 رقم الحديث: 769' ومسلم: الصلاة جلد 2صفحه115 رقم الحديث: 310' والترمذی: الصلاة جلد 1صفحه339' والنسائی: الافتتاح جلد2صفحه134 (باب القراء ة فيها بالتين والزيتون)' وابن ماجة: الاقامة جلد 1صفحه272 رقم الحديث: 834' وأحمد: المسند جلد4 صفحه348 رقم الحديث: 18531 .

451- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ التَّمِيمِيُّ الْاَذَنِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: مِنَ السُّنَّةِ اَنْ لَّا تَخْرُجَ يَوْمَ الْفِطْرِ حَتّٰى تَطْعَمَ، وَلَا يَوْمَ النَّحْرِ حَتّٰى تَرْجِعَ .

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ سنت یہ ہے کہ عیدالفطر کے دن نماز کے لئے نکلنے سے پہلے کچھ کھایا جائے اور عیدالاضحیٰ کے دن واپسی پر کھایا جائے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا ابْنُ عُلَيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ .

یہ حدیث ابن جریج سے صرف ابن علیہ ہی روایت کرتے ہیں، اسے روایت کرنے والے اسحاق بن عبداللہ اکیلے ہیں۔

452- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلَّلَ لِحْيَتَهُ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ داڑھی کا خلال کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث حمید سے صرف اسماعیل بن جعفر ہی روایت کرتے ہیں، اسے روایت کرنے میں اسحاق بن عبداللہ اکیلے ہیں۔

453- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ الْحَلَبِيُّ قَالَ: نا اَبُو نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ قَالَ: نا شَيْبَانُ اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ نُصَلِّي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذْ سَمِعَ جَلَبَةَ رِجَالٍ خَلْفَهُ، فَلَمَّا

حضرت عبداللہ بن ابی قتادہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھ رہے تھے کہ اچانک آپ نے مردوں کی آواز سنی اپنے پیچھے سے، جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: تمہیں کیا ہوا

451- أخرجه الطبرانی فی الکبیر جلد 11صفحه141 رقم الحديث: 11296، والبزار رقم الحديث: 31211 کشف الأستار . وانظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه202 .

452- أخرجه أبو داؤد: الطهارة: جلد 1صفحه36 رقم الحديث: 145، وابن ماجة: الطهارة جلد 1صفحه149 رقم الحديث: 431 .

453- وانظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه34 .

قَضَى صَلَاتَهُ قَالَ: مَا شَأْنُكُمْ؟ قَالُوا: اَسْرَعْنَا اِلَى الصَّلَاةِ قَالَ: فَلَا تَفْعَلُوا، لِيُصَلِّ اَحَدُكُمْ مَا اَدْرَكَ، وَلْيَقْضِ مَا فَاتَهُ

ہے؟ انہوں نے عرض کی: ہم نماز کی طرف جلدی کرتے ہیں' آپ نے فرمایا: ایسے نہ کیا کرو' تم میں سے ہر کوئی سکون سے آئے' جتنی نماز مل جائے اس کو پڑھ لو' جو رہ جائے اس کو بعد میں ادا کرلو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ اِلَّا شَيْبَانُ

یہ حدیث یحییٰ بن ابی کثیر سے صرف شیبان ہی روایت کرتے ہیں۔

454 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ اَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ الْحَمْرَاءِ قَالَ: وَقَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْحَزْوَرَةِ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ اِنِّي لَاَعْلَمُ اَنَّكِ خَيْرُ اَرْضِ اللّٰهِ، وَاَحَبُّ اَرْضِ اللّٰهِ اِلَى اللّٰهِ، وَلَوْلَا اَنِّي اُخْرِجْتُ مِنْكِ مَا خَرَجْتُ

حضرت عبداللہ بن عدی بن حمراء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ مقامِ حزورہ پر کھڑے تھے' آپ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں جانتا ہوں کہ تُو اللہ کی بہترین زمین ہے' مجھے اللہ کی زمینوں میں سے اللہ کی طرف تُو سب سے زیادہ پسند ہے' اگر مجھے تجھ سے نہ نکالا جاتا تو میں ہرگز نہ نکلتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَخِي الزُّهْرِيِّ اِلَّا الدَّرَاوَرْدِيُّ

یہ حدیث ابن زہری کے بھائی کے بیٹے سے صرف الدراوردی ہی روایت کرتے ہیں۔

455 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ التَّيْمِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَالِمِ بْنِ عُوَيْمِ بْنِ سَاعِدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِالْاَبْكَارِ، فَاِنَّهُنَّ اَعْذَبُ اَفْوَاهًا، وَاَنْتَقُ اَرْحَامًا، وَاَرْضَى بِالْيَسِيرِ

حضرت عبدالرحمٰن بن سالم بن عویم بن ساعدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم کنواری لڑکیوں سے شادی کیا کرو کیونکہ وہ منہ کی زیادہ میٹھی ہوتی ہیں' اُن کا رحم بچہ جننے کے زیادہ قابل ہوتا ہے اور وہ تھوڑے پر ہی راضی ہو جاتی ہیں۔

454- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد3صفحه280 .

455- أخرجه ابن ماجة: النكاح جلد1صفحه598 رقم الحديث: 1861 .

456 - وَعَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى اخْتَارَنِي، وَاخْتَارَ لِي اَصْحَابًا، فَجَعَلَ لِي مِنْهُمْ وُزَرَاءَ، وَاَنْصَارًا، وَاَصْهَارًا، فَمَنْ سَبَّهُمْ، فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِينَ

حضرت عبدالرحمٰن بن سالم بن عویم بن ساعدہ رضی اللہ عنہ اپنے دادا سے ہی روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے مجھے چنا اور میرے لیے میرے صحابہ کو چنا' اُن میں سے میرے وزیر اور انصار اور سسرال بنائے' جو اُن کو گالی دے اُس پر اللہ اور فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو۔

لَا يُرْوَى هَذَانِ الْحَدِيثَانِ عَنْ عُوَيْمِ بْنِ سَاعِدَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ التَّيْمِيُّ

یہ دونوں حدیثیں عویم بن ساعدہ سے اسی سند سے ہی مروی ہیں' ان سے روایت کرنے میں محمد بن طلحہ تیمی اکیلے ہیں۔

457 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي فُدَيْكٍ قَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ سُفْيَانَ الْاَسْلَمِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى مَعَ الْمَدِينِ حَتَّى يَقْضِيَ دِينَهُ، مَا لَمْ يَكُنْ دِينُهُ فِيمَا يَكْرَهُ اللّٰهُ

حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل قرض دینے والے کے ساتھ ہوتا ہے یہاں تک کہ اس کا قرض ادا کر دے' جب تک ایسا قرض نہ ہو جسے اللہ ناپسند کرتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ

یہ حدیث عبداللہ بن جعفر سے اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں ابن ابی فدیک اکیلے ہیں۔

458 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَخِي، عَنْ حَمَّادِ بْنِ اَبِي حُمَيْدٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ وَرْدَانَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَجُلًا، قَامَ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس کھڑا تھا' صحابہ کرام نے اس کو دیکھا کہ وہ قیام سے عاجز ہے' صحابہ کرام نے فرمایا: فلاں کو کس نے عاجز کر دیا؟ تو رسول اللہ ﷺ

456- أخرجه الحاكم: المستدرك جلد3صفحه632 .

457- أخرجه الدارمي: البيوع جلد2صفحه342 رقم الحديث:2595 .

458- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث:9718 .

فَرَاَوْا فِی قِیَامِهِ عَجزًا فَقَالُوا: مَا اَعْجَزَ، فُلَانًا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَكَلْتُمْ اَخَاكُمْ واغْتَبْتُمُوهُ

نے فرمایا: تم نے غیبت کر کے اپنے بھائی کا گوشت کھایا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ وَرْدَانَ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ اَبِي حُمَيْدٍ

یہ حدیث موسیٰ بن وردان سے حماد بن ابی حمید ہی روایت کرتے ہیں۔

459 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ رَاشِدٍ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا صَدَقَةُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا طَلَاقَ لِمَنْ لَا يَمْلِكُ، وَلَا عِتْقَ لِمَنْ لَا يَمْلِكُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جو عورت نکاح میں نہ ہو اُس کو طلاق نہیں اور جو غلام ملکیت میں نہیں' اُس کو آزاد کرنا درست نہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَدَقَةَ بْنِ يَزِيدَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ

یہ حدیث صدقہ بن یزید سے صرف عبداللہ بن یزید ہی روایت کرتے ہیں۔

460 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اَبُو نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ قَالَ: نا اَبُو الرَّبِيعِ السَّمَّانُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي لَيْلَةٍ سَوْدَاءَ مُظْلِمَةٍ، فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا، فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَاْخُذُ الْحِجَارَةَ، فَيَجْمَعُهَا مَسْجِدًا فَيُصَلِّي اِلَيْهِ، فَلَمَّا اَصْبَحْنَا، اِذَا نَحْنُ عَلَى غَيْرِ الْقِبْلَةِ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، صَلَّيْنَا لَيْلَتَنَا هٰذِهِ لِغَيْرِ الْقِبْلَةِ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى: (وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ) (البقرة: 115)"

حضرت عبداللہ بن عامر بن ربیعہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں ایک اندھیری رات میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا' ہم ایک جگہ اُترے تو ایک آدمی پتھر لا رہا تھا' اُس نے مسجد میں پتھروں کو جمع کیا اور اس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے لگا' جب ہم نے صبح کی تو دیکھا کہ ہم قبلہ کے علاوہ کسی سمت میں منہ کر کے نماز پڑھ رہے تھے' ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم نے اس رات قبلہ کے علاوہ کسی اور طرف منہ کر کے نماز پڑھی ہے' تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ'' (البقرہ: ۱۱۵)۔

459- انظر: لسان الميزان رقم الحديث: 18713 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ إِلَّا أَبُو الرَّبِيعِ السَّمَّانُ

یہ حدیث عاصم بن عبیداللہ سے صرف ابوالربیع السمان ہی روایت کرتے ہیں۔

461 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَهْدِيٍّ الْمِصِّيصِيُّ قَالَ: نا أَبُو حَفْصٍ الْأَبَّارُ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَوْدِيُّ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَوَّلُ مَنْ صُنِعَتْ لَهُ النُّورَةُ، وَدَخَلَ الْحَمَّامَ، سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ، فَلَمَّا دَخَلَهُ وَوَجَدَ حَرَّهُ، وغَمَّهُ قَالَ: أَوَّهْ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ، أَوَّهْ، أَوَّهْ، قَبْلَ أَنْ لَا يَنْفَعَ أَوَّهْ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: سب سے پہلے جس کے لیے چونا بنایا گیا اور وہ حمام میں داخل ہوا' وہ سلیمان بن داؤد علیہما السلام ہیں' جب وہاں داخل ہوئے تو وہاں گرمی اور غم پایا' فرمانے لگے: اللہ کے عذاب سے پناہ! پناہ! پناہ! اس سے پہلے کہ اس کو پناہ نفع نہ دے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي مُوسَى إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَهْدِيٍّ

یہ حدیث ابوموسیٰ سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں ابراہیم بن مہدی اکیلے ہیں۔

462 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ حَيَّانَ أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: وُقِّتَ لِلنُّفَسَاءِ أَرْبَعِينَ يَوْمًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نفاس والی عورتوں کی مدت (نفاس) چالیس دن مقرر کی گئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَشْعَثَ إِلَّا أَبُو خَالِدٍ

یہ حدیث اشعث سے صرف ابوخالد ہی روایت کرتے ہیں۔

463 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ قَالَ: نا يُوسُفُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لوگوں کا مال زکوٰۃ دینے سے پاک ہوتا ہے۔

461- والحديث أخرجه ابن عدى فى الكامل جلد 1 صفحه 383' والطبرانى فى الكبير قاله الحافظ الهيثمى . انظر: مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 210 .

462- انظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 284 .

463- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 2018 .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مُدَارَاةُ النَّاسِ صَدَقَةٌ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُوسُفَ بْنِ مُحَمَّدٍ إِلَّا مُوسَى بْنُ عِيسَى

یہ حدیث یوسف بن محمد سے صرف موسیٰ بن عیسیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

464 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَذَنِيُّ، قَالَ نا عَمْرُو بْنُ الْأَزْهَرِ الْوَاسِطِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ أُمَّ سَلَمَةَ عَلَى مَتَاعِ بَيْتٍ قِيمَتُهُ عَشَرَةُ دَرَاهِمَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے ایک گھر کی قیمت کے مہر پر شادی کی' اس گھر کی قیمت دس درہم تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ إِلَّا عَمْرُو بْنُ الْأَزْهَرِ

یہ حدیث حمید سے صرف عمرو بن الازہر ہی روایت کرتے ہیں۔

465 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا أَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ قَالَ: نا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سُتْرَةُ الْإِمَامِ سُتْرَةُ مَنْ خَلْفَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: امام کا سترہ مقتدی کا سترہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ إِلَّا سُوَيْدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الرَّبِيعُ

یہ حدیث عاصم سے صرف سوید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ربیع اکیلے ہیں۔

466 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا أَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ قَالَ: نا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَلَّامٍ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي

حضرت عبداللہ الہوزنی فرماتے ہیں کہ وہ مؤذنِ رسول ﷺ حضرت بلال سے ملا' وہ مقامِ حلب میں مسواک کر رہے تھے' میں نے عرض کی: اے بلال! مجھے

464- أخرجه ابن عدى الكامل جلد5صفحه1785 . وانظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه285 .

465- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه65 .

466- أخرجه مسلم: الحيض جلد1صفحه252' والبيهقى: سننه جلد1صفحه261 رقم الحديث: 798 .

عَبْدُ اللّٰهِ الْهَوْزَنِیُّ، اَنَّهُ لَقِیَ بِلَالًا مُؤَذِّنَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَتَسَوَّكُ بِحَلَبَ قَالَ: فَقُلْتُ: یَا بِلَالُ، حَدِّثْنِی کَیْفَ کَانَ مِهْنَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: مَا کَانَ لَهُ شَیْءٌ، کُنْتُ اَنَا الَّذِی اِلَی ذٰلِكَ مِنْهُ مُنْذُ بَعَثَهُ اللّٰهُ حَتّٰی تُوُفِّیَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ. وَکَانَ اِذَا اَتَاهُ الْاِنْسَانُ الْمُسْلِمُ فَرَآهُ عَارِیًا، یَاْمُرُنِی بِهٖ، فَاَنْطَلِقُ، وَاَسْتَقْرِضُ فَاَشْتَرِی الْبُرْدَةَ، فَاَکْسُوهُ، وَاُطْعِمُهُ، حَتّٰی اعْتَرَضَنِی رَجُلٌ مِنَ الْمُشْرِکِینَ، فَقَالَ لِی: یَا بِلَالُ، اِنَّ عِنْدِی سَعَةٌ، فَلَا تَسْتَقْرِضْ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا مِنِّی، فَفَعَلْتُ، فَلَمَّا کَانَ ذَاتَ یَوْمٍ تَوَضَّاْتُ، ثُمَّ قُمْتُ لِاُؤَذِّنَ لِلصَّلَاةِ، فَاِذَا الْمُشْرِكُ قَدْ اَقْبَلَ فِی عِصَابَةٍ مِنَ التُّجَّارِ. فَلَمَّا رَآنِی قَالَ: یَا حَبَشِیُّ، قُلْتُ: لَبَّیْكَ. فَتَجَهَّمَنِی، وَقَالَ قَوْلًا غَلِیظًا، فَقَالَ: اَتَدْرِی کَمْ بَیْنَكَ وَبَیْنَ الشَّهْرِ؟ قُلْتُ: قَرِیبٌ. قَالَ: اِنَّمَا بَیْنَكَ وَبَیْنَهُ اَرْبَعٌ، فَآخُذُكَ بِالَّذِی لِی عَلَیْكَ، فَاِنِّی لَمْ اُعْطِكَ الَّذِی اَعْطَیْتُكَ مِنْ کَرَامَتِكَ، وَلَا کَرَامَةِ صَاحِبِكَ عَلَیَّ، وَلٰکِنِّی اِنَّمَا اَعْطَیْتُكَ لِآخُذَكَ عَبْدًا، فَاَرُدَّكَ تَرْعَی لِی الْغَنَمَ، کَمَا کُنْتَ تَرْعَی قَبْلَ ذٰلِكَ. فَاَخَذَ فِی نَفْسِی مَا یَاْخُذُ فِی اَنْفُسِ النَّاسِ. فَانْطَلَقْتُ، ثُمَّ اَذَّنْتُ بِالصَّلَاةِ، حَتّٰی اِذَا صَلَّیْتُ الْعَتَمَةَ، رَجَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَی اَهْلِهٖ. فَاسْتَاْذَنْتُ عَلَیْهِ، فَاَذِنَ لِی؛ فَقُلْتُ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّ الْمُشْرِكَ الَّذِی کُنْتُ اَدَّنْتُ مِنْهُ قَالَ لِی: کَذَا

بتائیں کہ رسول اللہ ﷺ کا روزمرہ کا کام کاج کیا تھا؟ حضرت بلال نے فرمایا کہ آپ کچھ بھی نہیں کرتے تھے میں آپ کے ساتھ رہا ہوں' جب سے آپ نے اعلانِ نبوت فرمایا' اس وقت سے لے کر آپ کے وصال مبارک تک' آپ کے پاس جب کوئی مسلمان آدمی آتا تھا آپ اس کو ننگا دیکھتے' مجھے آپ اس کے متعلق حکم دیتے' میں جاتا اور میں قرض لیتا۔ پس میں اس کے لیے چادر خریدتا پھر میں اس کو پہناتا اور اس کو کھلاتا یہاں تک کہ میرا سامنا مشرکوں میں سے ایک آدمی سے ہوا۔ مجھے اس نے کہا: اے بلال! میرے پاس گنجائش ہے تُو قرض صرف مجھ سے ہی لیا کر' میں نے ایسے ہی کیا۔ جب ایک دن میں وضو کر رہا تھا تو میں نماز کی اذان کے لیے اُٹھا' دیکھا ایک مشرک تاجروں کے ایک گروہ کے ساتھ آ رہا ہے' جب اس نے مجھے دیکھا تو اس نے کہا: اے حبشی! میں نے کہا: حاضر ہوں! وہ میرے ساتھ ترش روئی سے پیش آیا اور سخت بات بھی کہی۔ اس نے کہا: کیا آپ کو معلوم ہے کہ آپ کے درمیان اور میرے درمیان قرض کے کتنے مہینے مہلت رہ گئی ہے؟ میں نے کہا: قریب ہے! اس نے کہا: میرے اور آپ کے درمیان چار ماہ رہ گئے ہیں' میں نے آپ سے وہ لینے ہیں جو میرا قرض آپ کے ذمہ ہے' میں نے تجھے نہ اس لیے دیئے تھے کہ تُو قابلِ عزت ہے اور نہ اس لیے کہ آپ کے صاحب کے مجھ پر کوئی احسان ہیں' میں نے تمہیں دیئے تھے تاکہ میں تجھے غلام بناؤں' میں تجھے واپس لے آؤں گا' تُو میری بکریاں

وَكَذَا، وَلَيْسَ عِنْدَكَ مَا تَقْضِي، وَلَيْسَ عِنْدِي، وَهُوَ فَاضِحِي، فَأْذَنْ لِي أَنْ آتِيَ إِلَى بَعْضِ هَؤُلَاءِ الْأَحْيَاءِ الَّذِينَ قَدْ أَسْلَمُوا حَتَّى يَرْزُقَ اللّٰهُ رَسُولَهُ مَا يَقْضِي عَنْهُ. فَخَرَجْتُ حَتَّى أَتَيْتُ مَنْزِلِي، فَجَعَلْتُ سَيْفِي وَجِرَابِي وَنَعْلِيَّ عِنْدَ رَأْسِي، وَاسْتَقْبَلْتُ بِوَجْهِيَ الْأُفُقَ. فَلَمَّا نِمْتُ سَاعَةً انْتَبَهْتُ، فَإِذَا رَأَيْتُ عَلَيَّ لَيْلًا نِمْتُ، حَتَّى انْشَقَّ عَمُودُ الصُّبْحِ الْأَوَّلُ. فَأَرَدْتُ أَنْ أَنْطَلِقَ، فَإِذَا إِنْسَانٌ يَسْعَى يَدْعُو: يَا بِلَالُ أَجِبْ رَسُولَ اللّٰهِ. فَانْطَلَقْتُ حَتَّى أَتَيْتُهُ، فَإِذَا أَرْبَعُ رَكَائِبَ مُنَاخَاتٌ، عَلَيْهِنَّ أَحْمَالُهُنَّ. فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاسْتَأْذَنْتُ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَبْشِرْ، فَقَدْ جَاءَكَ اللّٰهُ بِقَضَائِكَ. فَحَمِدْتُ اللّٰهَ. فَقَالَ: أَلَمْ تَمُرَّ عَلَى الرَّكَائِبِ الْمُنَاخَاتِ الْأَرْبَعِ؟ قُلْتُ: بَلَى. فَقَالَ: إِنَّ لَكَ رِقَابَهُنَّ وَمَا عَلَيْهِنَّ، فَإِنَّ عَلَيْهِنَّ كِسْوَةً، وَطَعَامًا أَهْدَاهُ إِلَيَّ عَظِيمُ فَدَكَ، فَاقْبِضْهُنَّ، ثُمَّ اقْضِ دَيْنَكَ. فَفَعَلْتُ، فَحَطَطْتُ عَنْهُنَّ أَحْمَالَهُنَّ، ثُمَّ عَلَفْتُهُنَّ، ثُمَّ قُمْتُ إِلَى تَأْذِينِ صَلَاةِ الصُّبْحِ. حَتَّى إِذَا صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، خَرَجْتُ إِلَى الْبَقِيعِ، فَجَعَلْتُ إِصْبَعِي فِي أُذُنِي، فَنَادَيْتُ: مَنْ كَانَ يَطْلُبُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِدَيْنٍ فَلْيَحْضُرْ. فَمَا زِلْتُ أَبِيعُ وَأَقْضِي، حَتَّى لَمْ يَبْقَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَيْنٌ فِي الْأَرْضِ، حَتَّى فَضَلَ فِي يَدَيَّ

چرائے گا جس طرح اس سے پہلے چراتا تھا۔ میرے دل میں بات آئی جولوگوں کے دل میں آتی ہے' میں چلا' پھر میں نے نماز کے لیے اذان دی یہاں تک کہ جب میں نے عشاء کی نماز پڑھی' رسول اللہ ﷺ اپنے گھر چلے گئے' میں نے آپ سے اجازت چاہی تو مجھے اجازت دی' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس مشرک نے جس سے میں قرض لیتا تھا' اس نے مجھے اس طرح اس طرح کہا ہے اور آپ کے پاس اتنا مال نہیں ہے جس سے اس کا قرض ادا کیا جائے اور میرے پاس نہیں ہے' یہ تو میرے لیے رسوائی ہے۔ آپ مجھے اجازت دیں کہ بعض اُن احباب کی طرف چلا جاؤں جو مسلمان ہوئے ہیں یہاں تک کہ اللہ اور اس کا رسول مال دیں جس سے قرض ادا ہو جائے۔ پس میں نکلا یہاں تک کہ میں اپنے گھر آیا' میں نے اپنی تلوار اور تھیلی اور جوتیاں اپنے پاس رکھیں' پس میں نے اپنا چہرہ آسمان کی طرف کیا' جب میں تھوڑی دیر کے لیے سویا' میں اُٹھا جب رات ہوئی میں سو گیا یہاں تک کہ پو پھٹ پڑی' میں نے جانے کا ارادہ کیا تو ایک آدمی دوڑتا ہوا آیا' وہ مجھے بلانے لگا: اے بلال! تجھے رسول اللہ ﷺ بلا رہے ہیں' میں چلا یہاں تک کہ میں آپ کے پاس آیا تو دیکھا کہ آپ کے پاس چار سواریاں تھیں جن پر سامان تھا' پس میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' میں نے اجازت مانگی تو مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تجھے خوشخبری ہو! بے شک اللہ نے آپ کا قرض ادا کرنے کے لیے مال دے دیا ہے۔ میں نے اللہ کی حمد کی' آپ

أُوقِيَّتَيْنِ، اَوْ أُوقِيَّةٌ وَنِصْفٌ. ثُمَّ انْطَلَقْتُ إِلَى الْمَسْجِدِ وَقَدْ ذَهَبَ عَامَّةُ النَّهَارِ، وَإِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدٌ فِي الْمَسْجِدِ وَحْدَهُ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ لِي: مَا فَعَلَ مَا قِبَلَكَ؟ فَقُلْتُ: قَدْ قَضَى اللّٰهُ كُلَّ شَيْءٍ كَانَ عَلَى رَسُولِهِ، فَلَمْ يَبْقَ شَيْءٌ، فَقَالَ: اَفَضَلَ شَيْءٌ؟ ، فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ: انْظُرْ اَنْ تُرِيحَنِي مِنْهَا، فَإِنِّي لَسْتُ بِدَاخِلٍ عَلَى اَحَدٍ مِنْ اَهْلِي حَتَّى تُرِيحَنِي مِنْهُ. فَلَمْ يَأْتِنَا اَحَدٌ حَتَّى اَمْسَيْنَا، فَلَمَّا صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَتَمَةَ دَعَانِي فَقَالَ: مَا فَعَلَ مَا قِبَلَكَ؟ قُلْتُ: هُوَ مَعِي لَمْ يَأْتِنَا اَحَدٌ، فَبَاتَ فِي الْمَسْجِدِ حَتَّى اَصْبَحَ، وَصَلَّى الْيَوْمَ الثَّانِي حَتَّى كَانَ فِي آخِرِ النَّهَارِ جَائَهُ رَاكِبَانِ، فَانْطَلَقْتُ بِهِمَا فَاَطْعَمْتُهُمَا، وَكَسَوْتُهُمَا، حَتَّى إِذَا صَلَّى الْعَتَمَةَ دَعَانِي فَقَالَ: مَا فَعَلَ الَّذِي قِبَلَكَ؟ فَقُلْتُ: قَدْ اَرَاحَكَ اللّٰهُ مِنْهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَكَبَّرَ، وَحَمِدَ اللّٰهَ شَفَقًا مِنْ اَنْ يُدْرِكَهُ الْمَوْتُ وَعِنْدَهُ ذٰلِكَ. ثُمَّ اتَّبَعْتُهُ حَتَّى جَاءَ اَزْوَاجَهُ، فَسَلَّمَ عَلَى امْرَاَةٍ امْرَاَةٍ، حَتَّى اَتَى مَبِيتَهُ، فَهٰذَا الَّذِي سَاَلْتَنِي عَنْهُ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نے فرمایا: کیا چار سواریاں یہاں موجود نہیں ہیں؟ میں نے عرض کی: کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: تیرے لیے جو غلام ہیں ان پر اور سامان وغیرہ اور کھانا وغیرہ فدک کے بادشاہ نے ہم کو ہدیہ بھیجا ہے اِن کو لے لو اور اپنا قرض ادا کرو۔ سو میں نے ایسے ہی کیا' میں نے اُن سواروں سے سامان اُتارا پھر میں نے کپڑے میں باندھا' پھر میں صبح کی اذان دینے کے لیے اُٹھا یہاں تک کہ جب رسول اللہ ﷺ نے صبح کی نماز پڑھائی میں جنت البقیع کی طرف نکلا' میں نے اپنی دونوں انگلیاں کانوں میں رکھیں' میں نے آواز دی: جس نے رسول اللہ ﷺ سے قرض لینا ہو لے لے' وہ آئے اور لے لے۔ میں مسلسل قرض ادا کرتا رہا یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ پر قرض باقی ہی نہیں رہا کسی کا بھی زمین میں' یہاں تک کہ دو یا ایک اور اوقیہ میرے ہاتھ میں باقی رہا۔ پھر میں مسجد کی طرف چلا' جب دوپہر کا وقت چلا گیا اور جب رسول اللہ ﷺ مسجد میں اکیلے بیٹھے ہوئے تھے' میں نے عرض کی: بے شک اللہ نے ہر شی کا قرض ادا کر دیا جو اس کے رسول پر تھا' کوئی شی باقی نہیں رہی۔ آپ نے فرمایا: کیا کوئی شی باقی رہی ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: دیکھو! میں اس وقت تک اپنے گھر نہیں جاؤں گا یہاں تک کہ مجھے اس سے راحت حاصل نہ ہو' ہمارے پاس لینے کے لیے کوئی نہیں آیا یہاں تک کہ شام ہوگئی۔ سو جب رسول اللہ ﷺ نے عشاء کی نماز پڑھائی تو مجھے آپ نے بلوایا' آپ نے فرمایا: کیا کیا؟ میں نے عرض کی: وہ میرے پاس ہے'

ہمارے پاس کوئی نہیں آیا۔ آپ نے رات مسجد میں گزاری یہاں تک کہ صبح ہوگئی' دوسرے دن نماز پڑھائی یہاں تک کہ دوسرا دن آیا' اس کا آخری حصہ آیا تو دو سوار آئے' میں ان کے پاس گیا' میں نے اُن دونوں کو کھلایا اور پہنایا یہاں تک کہ آپ نے عشاء کی نماز پڑھائی' مجھے آپ نے بلوایا' آپ نے فرمایا: کیا کیا جو تیرے پاس مال تھا؟ میں نے عرض کی: اللہ نے آپ کو اس سے راحت دی ہے' یارسول اللہ! آپ نے اللہ اکبر کہا اور اللہ کی حمد کی' ڈرتے ہوئے کہ (مجھے) موت اس حالت میں نہ آئے کہ وہ مال میرے پاس ہو۔ پھر میں آپ کے پیچھے چلا یہاں تک کہ آپ نے اپنی ازواج میں سے کسی عورت کو سلام کیا یہاں تک کہ رات آپ نے وہاں گزاری' یہ وہ ہے جس کے متعلق آپ نے مجھ سے پوچھا۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ بِلَالٍ إِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ

یہ حدیث بلال سے اسی اسناد سے ہی مروی ہے' اسے روایت کرنے میں معاویہ بن سلام اکیلے ہیں۔

467 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا أَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ قَالَ: نا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ زيد بْنِ سَلَّامٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَلَّامٍ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي أَبُو أَسْمَاءَ الرَّحَبِيُّ، أَنَّ ثَوْبَانَ، مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كُنْتُ قَائِمًا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ حَبْرٌ مِنْ أَحْبَارِ الْيَهُودِ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ، فَدَفَعْتُهُ دَفْعَةً كَادَ يَسْقُطُ مِنْهَا، فَقُلْتُ لَهُ: أَوَلَا تَقُولُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ الْيَهُودِيُّ: إِنَّمَا نَدْعُوهُ بِاسْمِهِ الَّذِي سَمَّاهُ بِهِ

حضرت ثوبان مولیٰ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس کھڑا تھا کہ آپ کے پاس یہود کے علماء کا گروہ آیا' انہوں نے کہا: السلام علیک یا محمد! میں نے اُن کو دھکا دیا' قریب تھا کہ وہ گر جاتے' میں نے کہا: کیا تم یارسول اللہ نہیں کہہ سکتے؟ یہودی نے کہا: ہم اسی نام سے پکارتے ہیں جس نام سے آپ کو آپ کے خاندان کے لوگ پکارتے ہیں' تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرا نام محمد ہے جو میرے گھر والوں نے میرا نام رکھا ہے۔ اس یہودی نے کہا: میں آپ کے پاس کچھ

467- أخرجه البيهقي في الكبرىٰ جلد1 صفحه261 رقم الحديث: 798 .

اَهْلُهُ . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اسْمِي مُحَمَّدٌ الَّذِي سَمَّانِي بِهِ اَهْلِي ، فَقَالَ الْيَهُودِيُّ: جِئْتُ اَسْاَلُكَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَنْفَعُكَ شَيْءٌ اِنْ حَدَّثْتُكَ؟ قَالَ: اَسْمَعُ بِاُذُنِي، فَنَكَتَ بِعُودٍ كَانَ مَعَهُ، فَقَالَ: سَلْ . فَقَالَ الْيَهُودِيُّ: اَيْنَ النَّاسُ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمَاوَاتُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُمْ فِي الظُّلْمَةِ دُونَ الْجَسْرِ . قَالَ: فَمَنْ اَوَّلُ النَّاسِ اِجَازَةً؟ قَالَ: فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِينَ ، فَقَالَ الْيَهُودِيُّ: فَمَا تَحِيَّتُهُمْ حِينَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ؟ قَالَ: زِيَادَةُ كَبِدِ الْحُوتِ . قَالَ: فَمَا غَدَاؤُهُمْ عَلَى اِثْرِهَا؟ قَالَ: يُنْحَرُ لَهُمْ ثَوْرُ الْجَنَّةِ الَّذِي يَاْكُلُ مِنْ اَطْرَافِهَا . قَالَ: فَمَا شَرَابُهُمْ عَلَيْهِ؟ قَالَ: مِنْ عَيْنٍ تُسَمَّى سَلْسَبِيلًا . قَالَ: صَدَقْتَ. قَالَ: وَجِئْتُ اَسْاَلُكَ عَنْ شَيْءٍ لَا يَعْلَمُهُ اَحَدٌ مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ، اِلَّا نَبِيٌّ، اَوْ رَجُلٌ، اَوْ رَجُلَانِ. قَالَ: يَنْفَعُكَ اِنْ حَدَّثْتُكَ؟ قَالَ: اَسْمَعُ بِاُذُنِي. قَالَ: جِئْتُ اَسْاَلُكَ عَنِ الْوَلَدِ . فَقَالَ: مَاءُ الرَّجُلِ اَبْيَضُ، وَمَاءُ الْمَرْاَةِ اَصْفَرُ، فَاِذَا اجْتَمَعَا فَعَلَا مَنِيُّ الرَّجُلِ مَنِيَّ الْمَرْاَةِ، اَذْكَرَا بِاِذْنِ اللّٰهِ، وَاِذَا عَلَا مَنِيُّ الْمَرْاَةِ مَنِيَّ الرَّجُلِ، آنَثَا بِاِذْنِ اللّٰهِ. فَقَالَ الْيَهُودِيُّ: لَقَدْ صَدَقْتَ، وَاِنَّكَ نَبِيٌّ، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَذَهَبَ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ سَاَلَنِي عَمَّا سَاَلَنِي عَنْهُ، وَمَا لِي عِلْمٌ بِشَيْءٍ مِنْهُ، حَتَّى اَتَانِي اللّٰهُ بِهِ

سوال کرنے کے لیے آیا ہوں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے اس سے فرمایا: اگر میں نے تجھے جواب دیئے تو تجھے کوئی شے نفع دے گی؟ اُس نے کہا: میں اپنے کانوں سے سنوں گا' آپ نے اپنی چھڑی مبارک زمین پر رکھ دی جو آپ کے پاس تھی اور فرمایا: پوچھو! یہودی نے کہا: جس دن زمین و آسمان بدل دیئے جائیں گے' اُس دن لوگ کہاں ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ جسر کے علاوہ اندھیرے میں تھے' اس نے کہا: سب سے پہلے جنت میں کون جائے گا؟ فرمایا: مہاجرین فقراء۔ اس نے کہا: جنتی جس وقت جنت میں داخل ہوں گے تو اُن کا کھانا کیا ہوگا؟ فرمایا: مچھلی کی کلیجی۔ اُس نے کہا: اس کے بعد کیا دیا جائے گا؟ فرمایا: اُن کے لیے جنت سے مچھلی دی جائے گی جس کو وہ اس کے اطراف سے کھائیں گے۔ اُس نے کہا: وہ کیا پئیں گے؟ فرمایا: سلسبیل نامی چشمہ سے پئیں گے۔ اُس نے کہا: آپ نے سچ کہا' میں آپ سے ایسی شے کے متعلق کچھ سوال پوچھوں گا جس کو اس زمین میں صرف ایک نبی یا ایک یا دو آدمی جانتے ہوں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر میں نے تجھے بیان کیا تو تجھے نفع ہوگا؟ اس نے کہا: میں اپنے کانوں سے سنوں گا' کہنے لگا: میں آپ سے بچے کے متعلق پوچھنے آیا ہوں (کہ وہ ماں یا باپ کے کس طرح مشابہ ہوتا ہے؟) آپ ﷺ نے فرمایا: مرد کا پانی سفید ہوتا ہے اور عورت کا پانی زرد رنگ کا ہوتا ہے' جب دونوں پانی جمع ہوتے ہیں تو اگر مرد کا پانی غالب آ جائے تو لڑکا اور اگر عورت کا

پانی غالب آ جائے تو لڑکی پیدا ہوتی ہے' اللہ کے حکم سے۔ اُس یہودی نے کہا: آپ نے سچ کہا' آپ بے شک نبی ہیں۔ پھر وہ مڑا اور چلا گیا' تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس نے جو کچھ پوچھا ہے اس کا کچھ بھی علم میرے پاس نہیں تھا' یہاں تک کہ اللہ عزوجل نے مجھے اس کا علم دیا۔

لَا يُرْوَى هَـذَا الْحَدِيثُ بِهَذَا التَّمَامِ عَنْ ثَوْبَانَ اِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ

یہ مکمل حدیث حضرت ثوبان سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں معاویہ بن سلام اکیلے ہیں۔

468 - حَـدَّثَـنَـا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا اَبُو تَوْبَةَ قَالَ: نا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَلَّامٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اقْرَاُوا الْقُرْآنَ، فَاِنَّهُ يَاْتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ شَفِيعًا لِاَصْحَابِهِ، اقْرَاُوا الزَّهْرَاوَيْنِ: سُورَةَ الْبَقَرَةِ، وَسُورَةَ آلِ عِمْرَانَ؛ فَاِنَّهُمَا يَاْتِيَانِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَاَنَّهُمَا غَمَامَتَانِ، اَوْ غَيَايَتَانِ، اَوْ كَاَنَّهُمَا فِرْقَانِ مِنْ طَيْرٍ صَوَافَّ، تُحَاجَّانِ عَنْ اَصْحَابِهِمَا، اقْرَاُوا سُورَةَ الْبَقَرَةِ؛ فَاِنَّ اَخْذَهَا بَرَكَةٌ، وَتَرْكَهَا حَسْرَةٌ، وَلَا يَسْتَطِيعُهَا الْبَطَلَةُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ قرآن پڑھا کرو کیونکہ یہ قیامت کے دن اپنے پڑھنے والے کی شفاعت کرے گا' زہراوین پڑھا کرو یعنی سورۂ بقرہ اور سورۂ آل عمران پڑھا کرو' یہ دونوں قیامت کے دن اپنے قاری پر بادلوں کی طرح سایہ کیے ہوئے ہوں گے' یا پرندوں کی طرح صف در صف سایہ کئے ہوں گی' سورۂ بقرہ پڑھا کرو کہ اس کا پڑھنا برکت ہے اور چھوڑ دینا حسرۃ ہے' اسے کوئی بھی باطل کرنے کی ہمت نہیں رکھتا۔

لَمْ يَرْوِ هَـذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدٍ اِلَّا مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث زید سے صرف معاویہ بن یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

469 - حَـدَّثَـنَـا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا اَبُو

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

468- أخرجه مسلم: المسافرين جلد1صفحه553' وأحمد: المسند جلد5صفحه295 رقم الحديث: 22208 .

469- أخرجه الترمذى: الفتن جلد4صفحه494 رقم الحديث: 2210 .

تَوْبَةَ قَالَ: نا فَرَجُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا عَمِلَتْ اُمَّتِي خَمْسَ عَشْرَةَ خَصْلَةً، حَلَّ بِهَا الْبَلَاءُ. قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا هِيَ؟ قَالَ: اِذَا كَانَ الْفَيْءُ دُوَلًا، وَالْاَمَانَةُ مَغْنَمًا، وَالزَّكَاةُ مَغْرَمًا، وَاَطَاعَ الرَّجُلُ زَوْجَتَهُ، وَعَقَّ اُمَّهُ، وَارْتَفَعَتِ الْاَصْوَاتُ فِي الْمَسَاجِدِ، وَبَرَّ الرَّجُلُ صَدِيقَهُ، وَجَفَا اَبَاهُ، وَاُكْرِمَ الرَّجُلُ مَخَافَةَ شَرِّهِ، وَكَانَ زَعِيمُ الْقَوْمِ اَرْذَلَهُمْ، وَاتُّخِذَتِ الْقِيَانُ، وَالْمَعَازِفُ، وَشَرِبُوا الْخُمُورَ، وَلَبِسُوا الْحَرِيرَ، فَانْتَظِرُوا مَسْخًا، وَخَسْفًا

کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب میری اُمت میں پندرہ کام ہونے لگیں تو اُن پر آزمائشیں آئیں گی۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کون سے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: (۱) جب مال فے ذاتی مال سمجھا جائے (۲) امانت میں خیانت کی جائے (۳) زکوٰۃ کو قرض سمجھا جائے (۴) آدمی اپنی بیوی کی اطاعت کرنا شروع کر دے اور اپنی ماں کی نافرمانی کرنے لگے (۵) مسجدوں میں آوازیں اونچی ہونا شروع ہو جائیں (۶) آدمی اپنے دوست سے اچھا سلوک کرے اور اپنے باپ سے بُرائی (۷) آدمی کی عزت اس کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے کی جائے (۸) قوم کا بدترین آدمی حکمران بن جائے (۹) رنڈیاں عام ہو جائیں (۱۰) گانے عام ہو جائیں (۱۱) شرابیں پی جائیں (۱۳) ریشم پہنا جائے تو اس وقت شکلیں بگڑنے اور دھنسنے کا انتظار کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى اِلَّا فَرَجُ بْنُ فَضَالَةَ

یہ حدیث یحییٰ سے صرف فرج بن فضالہ ہی روایت کرتے ہیں۔

470 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اَبُو تَوْبَةَ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَبَا ذَرٍّ، كَيْفَ اَنْتَ اِذَا كُنْتَ فِي حُثَالَةٍ مِنَ النَّاسِ؟ وَشَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهِ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا تَاْمُرُنِي؟ قَالَ: صَبْرًا صَبْرًا، خَالِقُوا النَّاسَ بِاَخْلَاقِهِمْ، وَخَالِفُوهُمْ فِي اَعْمَالِهِمْ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے ابوذر! وہ حالت کیسی ہوگی جب تُو بُرے لوگوں میں رہے گا؟ آپ نے اپنی انگلیاں اس طرح اپنی انگلیوں میں ڈالیں' میں نے عرض کی: یارسول اللہ مجھے آپ کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: صبر کرنا' صبر کرنا' لوگوں کے ساتھ اخلاق کے ساتھ پیش آنا اور اُن کے کاموں میں اُن کی مخالفت کرنا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي ذَرٍّ اِلَّا بِهَذَا

یہ حدیث ابوذر سے اسی سند سے ہی مروی ہے

470- وانظر: مجمع الزوائد جلد7 صفحه 285-286 .

الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو تَوْبَةَ

اسے روایت کرنے میں ابوتوبہ اکیلے ہیں۔

471 - وَبِهِ: عَنْ اَبِی ذَرٍّ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَصْبَحَ وَهَمُّهُ الدُّنْيَا، فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ فِي شَيْءٍ، وَمَنْ لَمْ يَهْتَمَّ بِالْمُسْلِمِينَ فَلَيْسَ مِنْهُمْ، وَمَنْ اَعْطَى الذُّلَّ مِنْ نَفْسِهِ طَائِعًا غَيْرَ مُكْرَهٍ، فَلَيْسَ مِنَّا

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے دنیا کی تنگی پر صبح کی' اس کے لیے اللہ کے ہاں کوئی شی نہیں اور جو مسلمانوں کے غم میں شریک نہیں ہوتا اُس کا تعلق اُن سے نہیں ہے' جس نے بغیر کسی وجہ کے بغیر مجبور کئے چاہتے ہوئے اپنے آپ کو ذلیل کیا' اُس کا تعلق ہم سے نہیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ اِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَزِيدُ بْنُ رَبِيعَةَ

یہ حدیث صرف اسی سند سے ہی مروی ہے' اسے روایت کرنے میں یزید بن ربیعہ اکیلے ہیں۔

472 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ اَيُّوبَ الشَّعْثِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْاَزْهَرِ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ: (اَوْ اَثَارَةٍ مِنْ عِلْمٍ) (الاحقاف: 4) قَالَ: جَوْدَةُ الْخَطِّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' اللہ عزوجل کے اس ارشاد کے بارے بیان کرتے ہیں: ''اَوْ اَثَارَةٍ مِّنْ عِلْمٍ'' سے مراد خوش خطی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ اِلَّا عَمْرُو بْنُ الْاَزْهَرِ

یہ حدیث ابن عون سے صرف عمرو بن الازہر ہی روایت کرتے ہیں۔

473 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ قَالَ: نا اَبُو الْيَمَانِ قَالَ: نا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُمَيْرٍ قَالَ: سَاَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ بُسْرٍ: اَيْنَ حَالُنَا مِنْ حَالِ مَنْ كَانَ قَبْلَنَا؟ فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ لَوْ نُشِرُوا مِنَ الْقُبُورِ مَا عَرَفُوكُمْ اِلَّا اَنْ يَجِدُوكُمْ قِيَامًا تُصَلُّونَ

حضرت یزید بن خمیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن بسر سے پوچھا: جو ہم سے پہلے گزر چکے ہیں وہ کس حالت پر ہیں؟ فرمایا: اللہ پاک ہے' اللہ کی قسم! اگر اُن کو قبروں سے نکالا جائے تو آپ اُن کو کھڑے ہوئے نماز پڑھتے پائیں گے۔

471- انظر: مجمع الزوائد جلد10 صفحه251 .

472- انظر: الميزان رقم الحديث: 22513 . انظر: مجمع الزوائد جلد1 صفحه195 .

473- انظر: مجمع الزوائد جلد10 صفحه23 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ اِلَّا يَزِيدُ بْنُ خُمَيْرٍ. تَفَرَّدَ بِهِ: صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو

یہ حدیث عبداللہ بن بسر سے صرف یزید بن خمیر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں صفوان بن عمرو اکیلے ہیں۔

474 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ فِيلٍ الْاَنْطَاكِيُّ قَالَ: نا اَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَيُّمَا رَجُلٍ اَعْمَرَ عُمْرَى، فَهِيَ لَهُ وَلِعَقِبِهِ مِنْ بَعْدِهِ، يَرِثُهَا مَنْ يَرِثُهُ مِنْ عَقِبٍ، اَوْ اَرْقَبَ رُقْبَى فَهِيَ بِمَنْزِلَةِ الْعُمْرَى

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو آدمی عمریٰ کرتا ہے تو وہ اسی کے لیے ہے اور جو اس کے بعد آئیں گے وہ ان کے لیے ہوگی' وہ شے وراثت در وراثت بعد میں چلے گی اور جو چیز بطور رقبیٰ دی جائے وہ بھی بمنزلہ عمریٰ کے ہے۔

فائدہ: عمریٰ کہتے ہیں: ایک ایسے معاملہ کو جس میں کوئی چیز کسی کی ملکیت میں اس کی یا اصلی مالک کی زندگی بھر کیلئے دی جاتی ہے' موت کے بعد وہ چیز اصل مالک یا اس کے ورثہ کی طرف لوٹ آتی ہے۔

فائدہ: رقبیٰ کہتے ہیں: دو آدمی ہوں اُن میں ایک یہ کہے: یہ مکان لے لو اگر میں مر گیا تو یہ مکان تیرا ہے' اگر تو مر گیا تو دوبارہ مکان میرا ہوگا۔

هَكَذَا رَوَاهُ حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنِ ابْنِ الزُّبَيْرِ

اسے حفص بن میسرہ' ابن زبیر سے روایت کرتے ہیں۔

475 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ قَالَ: نا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ قَالَ: نا مِسْعَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَقِيمُوا صُفُوفَكُمْ، فَاِنَّ مِنْ حُسْنِ الصَّلَاةِ اِقَامَةَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اپنی صفیں درست رکھو کیونکہ صفیں درست رکھنا نماز کی خوبی سے ہے۔

474- أخرجه النسائي: العمرى جلد6صفحه233-232 (باب ذكر الاختلاف على الزهرى فيه) بلفظ أيما رجل أعمر رجلًا عمرى له ولعقبه' فهي له ولمن يرثه من عقبه موروثه . وانظر: مجمع الزوائد جلد 4صفحه159 (باب في العمرى) .

475- أخرجه أحمد: المسند جلد3صفحه220 رقم الحديث: 12847 .

الصَّفِّ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ بِشْرٍ اِلَّا ابْنُ اَبِي عُمَرَ

اسے مسعر سے صرف بشر بن السری ہی روایت کرتے ہیں اور بشر سے صرف ابن ابی عمر ہی روایت کرتے ہیں۔

476 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كَانَ ثَلَاثَةٌ فَلَا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُونَ وَاحِدٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تین آدمی ہوں تو ایک کو چھوڑ کر دو آدمی آپس میں سرگوشی نہ کریں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ اِلَّا ابْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ

اسے ابن عجلان سے صرف اُن کے بیٹے عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

477 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ الْعَابِدِيُّ قَالَ: نا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَاللّٰهِ اِنَّكَ لَاَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ نَفْسِي، وَاِنَّكَ لَاَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَهْلِي، وَاَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ وَلَدِي، وَاِنِّي لَاَكُونُ فِي الْبَيْتِ، فَاَذْكُرُكَ فَمَا اَصْبِرُ حَتَّى آتِيَكَ، فَاَنْظُرُ اِلَيْكَ، وَاِذَا ذَكَرْتُ مَوْتِي وَمَوْتَكَ عَرَفْتُ اَنَّكَ اِذَا دَخَلْتَ الْجَنَّةَ رُفِعْتَ مَعَ النَّبِيِّينَ، وَاِنِّي اِذَا دَخَلْتُ الْجَنَّةَ خَشِيتُ اَنْ لَا اَرَاكَ. فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک آدمی نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا اور اس نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ کی قسم! آپ مجھے اپنی جان سے بھی زیادہ محبوب ہیں اور مجھے اپنے خاندان سے اور اپنی اولاد اور اپنے گھر والوں سے بھی زیادہ محبوب ہیں' جب آپ مجھے یاد آتے ہیں تو جب تک آپ کے پاس نہ آ جاؤں اُس وقت تک مجھے صبر نہیں آتا ہے' حتیٰ کہ میں آپ کی زیارت کے لیے آ جاتا ہوں اور جب مجھے اپنی موت اور آپ کا وصال مبارک یاد آتا ہے تو مجھے یقین ہے کہ آپ تو جنت میں انبیاء کے ساتھ اعلیٰ مقام پر ہوں گے' میں

476- أخرجه البخاری: الاستئذان جلد 11صفحه85 رقم الحديث: 6290' ومسلم: السلام جلد 4صفحه1717' والترمذی: الأدب جلد 5صفحه128 رقم الحديث: 2825' وابن ماجة: الأدب جلد 2صفحه1241 رقم الحديث: 3775' ومالك فی الموطأ: الكلام جلد2صفحه989 رقم الحديث: 14 .

477- أخرجه الطبرانی فی الصغير جلد1صفحه26 . انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه10 .

النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰی نَزَّلَ جِبْرِیلُ بِهٰذِهِ الْآیَةِ: (وَمَنْ یُطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُولَ فَاُولٰئِكَ مَعَ الَّذِینَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ مِنَ النَّبِیِّینَ وَالصِّدِّیقِینَ) (النساء: 69) الْآیَةَ

جب جنت میں داخل ہوں گا تو مجھے خوف ہے کہ میں آپ کو دیکھ نہیں سکوں گا۔ نبی کریم ﷺ نے اس کا ابھی کوئی جواب بھی نہیں دیا یہاں تک کہ حضرت جبریل علیہ السلام یہ آیت لے کر نازل ہوئے: ''وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰئِكَ مَعَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ مِنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ'' جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتا ہے وہ ان لوگوں کے ساتھ ہوگا جن پر اللہ نے انعام کیا ہے انبیاء اور صدیقین میں سے (النساء:٦٩)۔

478 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ قَالَ: نا سُفْیَانُ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَعِیدِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ النَّبِیُّ: لَیْسَ عَلَی الْاَمَةِ حَدٌّ حَتّٰی تُحْصَنَ، فَاِذَا اُحْصِنَتْ بِزَوْجٍ، فَعَلَیْهَا نِصْفُ مَا عَلَی الْمُحْصَنَاتِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: لونڈی پر حد نہیں ہے جب تک کہ وہ شادی نہ کروالے جب اس کی شادی ہو جائے تو اس پر (زنا کروانے کی صورت میں) آزاد عورت کے مقابلے میں آدھی سزا ہے۔

479 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ قَالَ: نا سُفْیَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی اَنْ تُوطَاَ الْحَامِلُ حَتّٰی تَضَعَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے حاملہ عورتوں سے وطی کرنے سے منع کیا یہاں تک کہ وہ حمل جن لے۔

480 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ قَالَ:

حضرت بسرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں

478- انظر: مجمع الزوائد رقم الحدیث: 27316 .

479- انظر: مجمع الزوائد جلد5 صفحه9 .

480- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 45 رقم الحديث: 181، والترمذي: الطهارة جلد 1 صفحه 126 رقم الحديث: 82، والنسائي: الطهارة جلد 1 صفحه 83 (باب الوضوء من مس الذكر)، ومالك في الموطأ: الطهارة جلد 1 صفحه 42 رقم الحديث: 58، وابن ماجة: الطهارة جلد 1 صفحه 161 رقم الحديث: 479، وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 435 رقم الحديث: 27361 .

نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نا اَبُو عَلْقَمَةَ الْفَرْوِيُّ قَالَ: نا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَسَّ فَرْجَهُ فَقَدْ وَجَبَ عَلَيْهِ الْوُضُوءُ.

کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنی شرمگاہ کو ہاتھ لگایا' اس کو وضو کرنا لازم ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكٍ اِلَّا اَبُو عَلْقَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث مالک سے صرف ابوعلقمہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

481 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نا اَبُو بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ السَّالِمِيُّ قَالَ: نا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ رَبَاحِ بْنِ اَبِي مَعْرُوفٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَدْخُلُ الْجَنَّةَ رَجُلٌ لَا يَبْقَى فِي الْجَنَّةِ اَهْلُ دَارٍ، وَلَا غُرْفَةٌ اِلَّا قَالُوا: مَرْحَبًا مَرْحَبًا، اِلَيْنَا اِلَيْنَا قَالَ اَبُو بَكْرٍ: مَا تَرَى هَذَا الرَّجُلَ فِي ذَلِكَ الْيَوْمِ؟ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَجَلْ، وَاَنْتَ هُوَ يَا اَبَا بَكْرٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک آدمی داخل ہو گا' اس کے لیے جنت میں ہر گھر والا اور کمرے والا مشتاق ہوگا اور وہ (اہل جنت) کہیں گے: ہماری طرف سے خوش آمدید! ہماری طرف سے خوش آمدید! حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آج کے دن وہ آدمی یہاں موجود ہے؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ہاں! اے ابوبکر! وہ تُو ہی ہے۔

482 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الْجَوَّازُ قَالَ: نا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حُمَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اُمِّهِ اُمِّ كُلْثُومٍ، قَالَتْ: جَائَتْنِي بُسْرَةُ بِنْتُ صَفْوَانَ، فَاَخْبَرَتْنِي اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت اُم کلثوم رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میرے پاس بسرہ بنت صفوان آئیں اور مجھے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے اُن سے فرمایا ہے کہ اُم کلثوم بنت عقبہ سے شادی کون کرے گا؟ میں نے عرض کی: فلاں اور فلاں۔ تو آپ نے فرمایا: عبدالرحمٰن بن عوف کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے؟ کیونکہ وہ مسلمانوں کا سردار اور اُن میں

481- أخرجه الطبراني في الكبير جلد11 صفحه98 رقم الحديث: 11166 . انظر: مجمع الزوائد جلد9 صفحه99 .

482- انظر: لسان الميزان جلد5 صفحه259 .

وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا: مَنْ يَخْطُبُ أُمَّ كُلْثُومٍ بِنْتِ عُقْبَةَ؟ فَقُلْتُ: فُلَانٌ وَفُلَانٌ . فَقَالَ: أَيْنَ أَنْتُمْ مِنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ؟ فَإِنَّهُ سَيِّدُ الْمُسْلِمِينَ وَخِيَارُهُمْ

بہتر ہے۔

483 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مَيْمُونٍ الْخَيَّاطُ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَطُوفُ عَلَى نِسَائِهِ فِي غُسْلٍ وَاحِدٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ اپنی کئی ازواج کے ساتھ جماع کرتے اور پھر ایک ہی مرتبہ غسل کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ ثَابِتٍ إِلَّا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، وَرَوَاهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَغَيْرُهُ: عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ

یہ حدیث از معمر از ثابت صرف سفیان بن عیینہ ہی روایت کرتے ہیں اور از سفیان ثوری وغیرہ از معمر از قتادہ اسے روایت کرتے ہیں۔

484 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ دَاوُدَ الْمُنْكَدِرِيُّ قَالَ: نا بَكْرُ بْنُ صَدَقَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: قَدْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَتَاهُ مُؤَذِّنُهُ بِالْعِشَاءِ، فِي لَيْلَةٍ ذَاتِ رِيحٍ وَمَطَرٍ، أَمَرَهُ أَنْ يَتْبَعَ أَذَانَهُ: أَنْ صَلُّوا فِي رِحَالِكُمْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس جب عشاء کے وقت مؤذن آتا اور آندھی وبارش کی رات ہوتی تو اسے آپ حکم دیتے کہ اعلان کردو کہ لوگو! تم اپنے گھروں میں نماز پڑھ لو۔

485 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ قَالَ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

483- أخرجه مسلم: الحيض جلد 1 صفحه 249' والترمذي: الطهارة جلد 1 صفحه 259 رقم الحديث: 140' وابن ماجة: الطهارة جلد 1 صفحه 194 رقم الحديث: 588 .

484- أخرجه البخاري: في الأذان جلد 2 صفحه 184 رقم الحديث: 666' ومسلم: في المسافرين جلد 1 صفحه 484 رقم الحديث: 1063' والنسائي: في الأذان رقم الحديث: 1312 (باب الأذان في التخلف عن شهود الجماعة في الليلة المطيرة) . وابن ماجة: في الاقامة جلد 1 صفحه 302 رقم الحديث: 937' والامام مالك في الموطأ: في الطهارة جلد 1 صفحه 73 رقم الحديث: 10' والدارمي في الصلاة جلد 1 صفحه 328 رقم الحديث: 1275' والامام أحمد في مسنده جلد 2 صفحه 6 رقم الحديث: 4477 .

485- انظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 390 .

نَـا اِبْـرَاهِيـمُ بْـنُ الْـمُـنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نا مَعْنُ بْنُ عِيسَـى الْـقَـزَّازُ، عَـنْ مَـالِكِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ عَمِّهِ اَبِي سُهَيْـلٍ، عَـنْ اَبِيـهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ الـلّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتَدْرُونَ مَا مَثَلُ نَارِكُمْ هَـذِهِ مِـنْ نَـارِ جَهَـنَّـمَ؟ لَهِيَ اَشَدُّ سَوَادًا مِنْ دُخَـانِ نَارِكُمْ هَذِهِ بِسَبْعِينَ ضِعْفًا

اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ تمہاری یہ آگ جہنم کی آگ سے کتنی مثل ہے؟ یہ تمہاری آگ کے دھوئیں سے بھی زیادہ کالی ہے اور اس دنیا کی آگ سے ستر گنا زیادہ سخت ہے۔

لَـمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكٍ اِلَّا مَعْنٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث امام مالک سے صرف معن ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

486 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ قَالَ: نَـا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَـنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِـي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: اِنَّ عَبْدًا اَصْحَحْتُ لَـهُ بَـدَنَهُ، وَاَوْسَعْتُ عَلَيْهِ فِي الرِّزْقِ، لَمْ يَفِدْ اِلَيَّ فِي كُلِّ اَرْبَعَةِ اَعْوَامٍ لَمَحْرُومٌ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میں اپنے بندہ کو تندرستی دوں اور اس پر رزق وسیع کروں' میری طرف سے وہ چار عام چیزیں بھی محروم اور فقیر کو فدیہ نہیں دے گا۔

لَـمْ يَـرْفَـعْ هَـذَا الْـحَـدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا عَبْدُ الرَّزَّاقِ

یہ حدیث سفیان سے صرف عبدالرزاق ہی روایت کرتے ہیں۔

487 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ قَالَ: نَـا الْـحُسَيْـنُ بْـنُ الْحَسَنِ الْعَدَنِيُّ قَالَ: نا مُعْتَمِرُ بْنُ سُـلَيْـمَـانَ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّ النَّاسِ اَحَبُّ اِلَيْكَ؟ قَالَ: عَائِشَةُ. قَـالُوا: لَسْنَا نَعْنِي مِنَ النِّسَاءِ. قَالَ: فَاَبُوهَا اِذًا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا گیا کہ آپ کو لوگوں میں سب سے زیادہ محبوب کون ہے؟ فرمایا: عائشہ! صحابہ کرام نے عرض کی: ہم نے عورتوں کے حوالہ سے نہیں پوچھا' آپ ﷺ نے فرمایا: تب اس کے والد ہیں۔

486- أخرجه موارد الظمآن والبيهقي في الكبرى جلد5صفحه262 . انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه209 .

488 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نا مَعْنُ بْنُ عِيسَى الْقَزَّازُ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُؤَمَّلِ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُذُوهَا يَا بَنِي طَلْحَةَ خَالِدَةً تَالِدَةً، لَا يَنْزِعُهَا مِنْكُمْ اِلَّا ظَالِمٌ يَعْنِي: حِجَابَةَ الْكَعْبَةِ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے بنی طلحہ! تم ہمیشہ کیلئے اس شے کو پکڑو! فرمایا: تم سے ظالم ہی لے گا' یعنی کعبہ شریف کی دربانی اور چوکیداری۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُؤَمَّلِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَعْنُ بْنُ عِيسَى

یہ حدیث ابن ابی ملیکہ سے صرف عبداللہ بن مؤمل ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں معن بن عیسیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

یہ حدیث یحییٰ سے صرف ابوالمثنیٰ کعبی سلیمان بن یزید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابوغزیہ اکیلے ہیں۔

693 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُبَارَكِ الْعَيْشِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِی سُلَيْمٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ صَدَقَةٌ، وَلَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ، وَلَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ اَوَاقٍ صَدَقَةٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: پانچ اوسق سے کم میں صدقہ نہیں ہے اور پانچ سے کم اونٹوں میں صدقہ نہیں ہے اور پانچ سے کم اوقیہ میں زکوٰۃ نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ لَيْثٍ إِلَّا عَبْدُ الْوَارِثِ

یہ حدیث لیث سے صرف عبدالوارث ہی روایت کرتے ہیں۔

694 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا مُعَلَّلُ بْنُ نُفَيْلٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مِحْصَنٍ الْعُكَّاشِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُسَمِّيَ الرَّجُلُ عَبْدَهُ اَوْ وَلَدَهُ حَارِثٌ، اَوْ مُرَّةُ، اَوْ وَلِيدٌ، اَوْ حَكَمٌ، اَوْ اَبُو الْحَكَمِ، اَوْ اَفْلَحُ، اَوْ نَجِيحٌ، اَوْ يَسَارٌ، وَقَالَ: اَحَبُّ الْاَسْمَاءِ إِلَى اللّٰهِ مَا تُعُبِّدَ بِهِ، وَاَصْدَقُ الْاَسْمَاءِ هَمَّامٌ."

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا کہ آدمی اپنے غلام یا اولاد کا نام حارث یا مرہ یا ولید یا حکم یا ابوالحکم یا افلح یا نجیح یا یسار رکھے اور فرمایا: اللہ کو سب سے زیادہ محبوب نام عبداللہ ہے اور سب سے سچا نام ھمام ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا مُحَمَّدٌ

یہ حدیث سفیان سے صرف محمد ہی روایت کرتے

693- أخرجه الامام أحمد فی مسنده جلد2صفحه92' والبزار جلد1صفحه420 .

694- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه55 .

ہیں۔

695 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا مُعَلَّلُ بْنُ نُفَيْلٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مِحْصَنٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: لَمَّا افْتَتَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ، اسْتَقْبَلَهَا بِوَجْهِهِ، وَقَالَ: اَنْتِ حَرَامٌ، مَا اَعْظَمَ حُرْمَتَكِ وَاَطْيَبَ رِيحَكِ وَاَعْظَمَ حُرْمَةً عِنْدَ اللّٰهِ مِنْكِ الْمُؤْمِنُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا مُحَمَّدٌ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے جب مکہ مکرمہ فتح کیا تو آپ نے اپنا چہرہ کعبہ کی طرف کیا اور فرمایا: تُو حرم ہے' تیری عزت کتنی بڑی ہے اور تجھ سے کتنی زیادہ خوشبو آتی ہے اور تجھ سے بڑی حرمت اللہ کے ہاں مؤمن کی ہے۔

یہ حدیث ابن جریج سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں۔

696 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا مُعَلَّلٌ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مِحْصَنٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِى عَبْلَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الدَّيْلَمِيِّ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا عَطَسَ الْعَاطِسُ، فَشَمِّتْهُ وَلَوْ مِنْ خَلْفِ سَبْعَةِ اَبْحُرٍ، وَمَنْ شَمَّتَ عَاطِسًا، ذَهَبَ عَنْهُ ذَاتُ الْجَنْبِ، وَوَجَعُ الضِّرْسِ، وَالْاُذُنَيْنِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِى عَبْلَةَ اِلَّا مُحَمَّدٌ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب کسی کو چھینک آئے تو دوسرا شخص اس کی چھینک کا جواب دے' اگرچہ سات سمندروں کے پیچھے ہو' اور جس نے چھینکنے والے کو اس کی چھینک کا جواب دیا تو اس سے اس کی پیٹھ اور داڑھ اور کانوں کا درد چلا جائے گا۔

یہ حدیث ابراہیم بن ابی عبلہ سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں۔

697 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا مُعَلَّلُ بْنُ نُفَيْلٍ قَالَ: نا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ وَقَّاصِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت مستورد بن شداد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے کسی مسلمان کا ایک لقمہ (دھوکہ یا ظلم کر کے) کھایا' بے شک اللہ عزوجل بھی اس کی مثل جہنم سے اس کو کھلائے گا اور جس نے کسی

695- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه86 .

696- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه63 .

697- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد 4صفحه 271 رقم الحديث: 4881' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 280 رقم الحديث: 18034 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَكَلَ بِرَجُلٍ مُسْلِمٍ اُكْلَةً، فَاِنَّ اللّٰهَ يُطْعِمُهُ مِثْلَهَا مِنْ جَهَنَّمَ، وَمَنْ كُسِيَ بِرَجُلٍ ثَوْبًا، فَاِنَّ اللّٰهَ يَكْسُوهُ مِثْلَهُ مِنْ جَهَنَّمَ، وَمَنْ قَامَ بِرَجُلٍ مُسْلِمٍ مَقَامَ رِيَاءٍ وَسُمْعَةٍ، فَاِنَّ اللّٰهَ يُقِيمُهُ مَقَامَ رِيَاءٍ وَسُمْعَةٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

مسلمان کا کپڑا پہنا تو اللہ عزوجل بھی اس کو ویسے ہی کپڑا جہنم سے پہنائے گا اور جو مسلمان ریاکاری اور دکھاوا کرے گا تو بے شک اللہ عزوجل قیامت کے دن اس کو ریاکاری اور دکھاوے کے مقام پر کھڑا کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ اِلَّا بَقِيَّةُ

یہ حدیث ابن ثوبان سے صرف بقیہ ہی روایت کرتے ہیں۔

698 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ اَبِي مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ، اَنَّ رَجُلًا، اَرَادَ اَنْ يُبَايِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَبْصَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ اَثَرُ صُفْرَةٍ، فَاَبَى اَنْ يُبَايِعَهُ، وَقَالَ: طِيبُ الرِّجَالِ مَا ظَهَرَ رِيحُهُ وَخَفِيَ لَوْنُهُ، وَطِيبُ النِّسَاءِ مَا ظَهَرَ لَوْنُهُ وَخَفِيَ رِيحُهُ .

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے نبی کریم ﷺ کی بیعت کی تو نبی کریم ﷺ نے اس پر زرد رنگ کے نشانات دیکھے تو آپ نے اس کو بیعت کرنے سے انکار کر دیا اور فرمایا: مردوں کی خوشبو وہ ہے جس کی خوشبو ظاہر ہو اور رنگ ظاہر نہ ہو اور عورتوں کی خوشبو وہ ہے جس کا رنگ ظاہر ہو اور خوشبو پوشیدہ ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا الرَّمَادِيُّ

یہ حدیث سفیان سے صرف رمادی ہی روایت کرتے ہیں۔

699 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اَبُو الْاَصْبَغِ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسَى قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَابْنُ عَمٍّ لِي، وَفِي يَدِهِ سِوَاكٌ يَسْتَنُّ بِهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ،

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس اس حال میں داخل ہوا' میرا چچازاد میرے ساتھ تھا' آپ کے دست مبارک میں مسواک تھی اور آپ مسواک کر رہے تھے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کو حکمران مقرر کریں کیونکہ ہمارے ہاں مالداری ہے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہم نہیں

698- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه161 .

699- أخرجه البخاري: الأحكام جلد13صفحه134 رقم الحديث: 7149' ومسلم: الامارة جلد3صفحه1456 .

اسْتَعْمِلْنَا، فَإِنَّ عِنْدَنَا غِنًى، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا نُرِيدُ اَنْ نَسْتَعْمِلَ عَلَى عَمَلِنَا مَنْ حَرَصَ عَلَيْهِ

چاہتے ہیں کہ ہم اپنے کام پر اس آدمی کو مقرر کریں جو اس پر حریص ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ

یہ حدیث عبدالملک بن عمیر سے صرف محمد بن اسحاق ہی روایت کرتے ہیں۔

700 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ بِلَالًا يُؤَذِّنُ بِلَيْلٍ، فَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتَّى يُؤَذِّنَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بلال رات کو اذان دے دیتے ہیں، سو تم کھا پی لیا کرو جب تک کہ ابن اُم مکتوم اذان نہ دیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، وَلَا عَنْ يَزِيدَ إِلَّا أُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْأَبَّارُ

یہ حدیث از روح بن قاسم صرف یزید بن زریع ہی روایت کرتے ہیں اور یزید سے صرف امیہ بن بسطام ہی روایت کرتے ہیں، اسے روایت کرنے میں ابار اکیلے ہیں۔

701 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ''وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى'' (البقرہ:۱۲۵) پڑھا۔

700- أخرجه البخاري: الأذان جلد 2 صفحه 118 رقم الحديث: 617، ومسلم: الصيام جلد 2 صفحه 768، والترمذي: الصلاة جلد 1 صفحه 392 رقم الحديث: 203، والنسائي: الأذان جلد 2 صفحه 9 (باب المؤذنان للمسجد الواحد)، والدارمي: الصلاة جلد 1 صفحه 288 رقم الحديث: 1190، وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 78 رقم الحديث: 5194 .

701- أخرجه مسلم: الحج جلد 2 صفحه 886، وأبو داؤد: المناسك جلد 2 صفحه 189 رقم الحديث: 1905، وابن ماجة: المناسك جلد 2 صفحه 1022 رقم الحديث: 3074، والدارمي: المناسك جلد 2 صفحه 67 رقم الحديث: 1850 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ: (وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ اِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى) (البقرة:125)"

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَوْحٍ اِلَّا يَزِيدُ وَلَا عَنْ يَزِيدَ اِلَّا اُمَيَّةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْاَبَّارُ

یہ حدیث روح سے صرف یزید اور یزید سے صرف امیہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابار اکیلے ہیں۔

702 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَمْسٌ فَوَاسِقُ، يُقْتَلْنَ فِي الْحَرَمِ: الْحِدَاَةُ، وَالْغُرَابُ، وَالْعَقْرَبُ، وَالْفَارَةُ، وَالْكَلْبُ الْعَقُورُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا' رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے فرمایا: پانچ فواسق ہیں ان کو حرم میں مارنا بھی جائز ہے' (۱) چیل (۲) کوا (۳) بچھو (۴) چوہا (۵) پاگل کتا۔

703 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَجُلًا، اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ اُمِّي افْتُلِتَتْ نَفْسُهَا، وَاَظُنُّهَا لَوْ تَكَلَّمَتْ تَصَدَّقَتْ. فَهَلْ لَهَا اَجْرٌ اِنْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک آدمی نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اور عرض کی: یارسول اللہ! میری والدہ اچانک فوت ہوگئی ہے اور میرا خیال تھا کہ اگر وہ گفتگو کرتیں تو صدقہ کے لیے کہتیں' اگر میں اس کی جانب سے صدقہ کروں تو کیا اس کے لیے ثواب ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں!

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ رَوْحٍ اِلَّا يَزِيدُ، وَلَا عَنْ يَزِيدَ اِلَّا اُمَيَّةُ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: الْاَبَّارُ

یہ دونوں حدیثیں روح سے صرف یزید اور یزید سے صرف امیہ ہی روایت کرتے ہیں' ان کو روایت کرنے

702- أخرجه البخاری: بدء الخلق جلد 6 صفحه 408 رقم الحديث: 3314' ومسلم: الحج جلد 2 صفحه 857' والترمذی: الحج جلد 3 صفحه 188 رقم الحديث: 837' والنسائی: الحج جلد 5 صفحه 163 (باب قتل الحية فی الحرم)' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 289 رقم الحديث: 26277 .

703- أخرجه البخاری: الوصايا جلد 5 صفحه 457 رقم الحديث: 2760' ومسلم: الزكاة جلد 2 صفحه 696' وابن ماجة: الوصايا جلد 2 صفحه 906 رقم الحديث: 2717' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 58 رقم الحديث: 24305 .

میں ابارا کیلے ہیں۔

704 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اُمَيَّةُ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: النَّاسُ مَعَادِنُ، خِيَارُهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُهُمْ فِي الْإِسْلَامِ، إِذَا فَقِهُوا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: لوگ معدنی کان کی طرح ہیں جو جاہلیت میں بہتر تھے وہ اسلام میں بھی بہتر ہیں بشرطیکہ وہ دین اسلام کی سمجھ رکھتے ہوں۔

705 - وَبِهِ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَبْدَئُوهُمْ بِالسَّلَامِ، وَإِذَا لَقِيتُمُوهُمْ فِي طَرِيقٍ، فَاضْطَرُّوهُمْ إِلَى اَضْيَقِهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: یہودیوں کے ساتھ سلام کرنے میں ابتداء نہ کرو، جب تم کو وہ راستہ میں ملیں تو اُن کو تنگ راستے کی طرف مجبور کرو۔

706 - وَبِهِ: قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَاَنْ يَجْلِسَ اَحَدُكُمْ عَلَى جَمْرَةٍ، فَتُحْرِقَ ثِيَابَهُ، حَتَّى تُفْضِيَ إِلَيْهِ، خَيْرٌ لَهُ مِنْ اَنْ يَجْلِسَ عَلَى قَبْرٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں کوئی آگ کے انگارے پر بیٹھے تو اس کے کپڑے جل جائیں اور وہ اس کی طرف آ جائے تو یہ اس سے بہتر ہے کہ وہ قبر پر بیٹھے۔

707 - وَبِهِ: قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى عَلَى جَنَازَةٍ فَلَهُ قِيرَاطٌ، وَمَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے جنازہ پڑھا اس کے

704- أخرجه البخاری: الأنبياء جلد 6 صفحه 481 رقم الحديث: 3383، ومسلم: فضائل الصحابة جلد 4 صفحه 1958، وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 656 رقم الحديث: 10481 .

705- أخرجه مسلم: السلام جلد 4 صفحه 1707، وأبو داؤد: الأدب رقم الحديث: 5205، والترمذی: السير جلد 4 صفحه 154 رقم الحديث: 1602، وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 357 رقم الحديث: 7635 .

706- أخرجه مسلم: الجنائز جلد 2 صفحه 667، وأبو داؤد: الجنائز جلد 3 صفحه 214 رقم الحديث: 3228، والنسائی: الجنائز جلد 4 صفحه 77 (باب التشديد فی الجلوس علی القبور)، وابن ماجة: الجنائز جلد 1 صفحه 499 رقم الحديث: 1566، وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 417 رقم الحديث: 8128 .

707- أخرجه مسلم: الجنائز جلد 2 صفحه 653، والترمذی: الجنائز جلد 3 صفحه 349 رقم الحديث: 1040، وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 329 رقم الحديث: 7371 .

صَلَّى عَلَيْهَا واتَّبَعَهَا حَتَّى تُدْفَنَ فَلَهُ قِيرَاطَانِ قِيلَ لِأَبِي هُرَيْرَةَ: وَمَا الْقِيرَاطَانِ؟ قَالَ: أَصْغَرُهُمَا مِثْلُ أَحَدٍ

لیے ایک قیراط کے برابر ثواب ہے اور جس نے نماز جنازہ پڑھی اور اس کے ساتھ چلا حتیٰ کہ اس کو دفنا کرآیا تو اس کے لیے دو قیراط کے برابر ثواب ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے عرض کی گئی: قیراطان کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: ان دونوں میں سے چھوٹا بھی اُحد پہاڑ کے برابر ہے۔

708 - وَبِهِ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَصَدَّقُ بِالتَّمْرَةِ مِنَ الْكَسْبِ الطَّيِّبِ، فَيَضَعُهَا فِي حَقِّهَا، فَيَقْبَلُهَا اللَّهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى بِيَمِينِهِ، ثُمَّ لَا يَزَالُ يُرَبِّيهَا كَأَحْسَنِ مَا يُرَبِّي أَحَدُكُمْ فَلُوَّهُ، حَتَّى تَكُونَ مِثْلَ الْجَبَلِ أَوْ أَكْثَرَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: بندہ جب اپنی حلال کمائی سے صدقہ کرتا ہے تو اپنا حق نکالتا ہے‘ اللہ عزوجل اس کو اپنے دائیں ہاتھ سے قبول کرتا ہے‘ پھر اس کو مسلسل بڑھاتا ہے جس طرح تم میں سے کوئی اپنا مال مویشی بڑھاتا ہے یہاں تک کہ وہ پہاڑ سے بڑا یا اس سے بھی زیادہ ہوجاتا ہے۔

709 - وَبِهِ: عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَيْلٌ لِلْأَعْقَابِ مِنَ النَّارِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: خشک رہنے والی ایڑیوں کے لیے جہنم میں آگ سے ہلاکت ہے۔

710 - وَبِهِ: قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَسْتُرُ اللَّهُ عَلَى عَبْدٍ فِي الدُّنْيَا، إِلَّا سَتَرَ اللَّهُ عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو بندہ دنیا میں کسی بندے کا عیب چھپاتا ہے تو اللہ عزوجل قیامت کے دن اس کا

-708 أخرجه البخاري: التوحيد جلد13صفحه426 رقم الحديث: 7430‘ ومسلم: الزكاة جلد2صفحه702 .

-709 أخرجه البخاري: الطهارة جلد 1صفحه321 رقم الحديث: 165‘ ومسلم: الطهارة جلد 1صفحه251‘ والترمذي: الطهارة جلد 1صفحه58 رقم الحديث: 41‘ والنسائي: الطهارة جلد 1صفحه66 (باب ايجاب غسل الرجلين)‘ وابن ماجة: الطهارة جلد 1صفحه154 رقم الحديث: 453‘ وأحمد: المسند جلد 2صفحه514 رقم الحديث: 9069 .

-710 أخرجه مسلم: البر جلد4صفحه2002‘ وأحمد: المسند جلد2صفحه534 رقم الحديث: 9270 .

عیب چھپائے گا۔

711 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ مَنْصُورٍ الْبَلْخِيُّ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ الزَّنْجِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ، رَفَعَ يَدَيْهِ اِلَى مَنْكِبَيْهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب نماز شروع کرتے تو اپنے ہاتھ کندھوں تک اُٹھاتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اُمَيَّةَ اِلَّا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ

یہ حدیث اسماعیل بن امیہ سے صرف مسلم بن خالد ہی روایت کرتے ہیں۔

712 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا حُمَيْدُ بْنُ عَلِيٍّ الْوَرَّاقُ قَالَ: حَدَّثَتْنِي نَائِلَةُ، عَنْ اُمِّ عَاصِمٍ، عَنِ السَّوْدَاءِ، قَالَتْ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُبَايِعَهُ، فَقَالَ: اذْهَبِي، فَاخْتَضِبِي، ثُمَّ تَعَالَيْ حَتَّى اُبَايِعَكِ

حضرت سوداء رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آئی تا کہ آپ کی بیعت کروں تو آپ نے فرمایا: تو جا اور خضاب لگا پھر آنا میں تجھے بیعت کروں گا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ السَّوْدَاءِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: نَائِلَةُ

یہ حدیث حضرت سوداء سے صرف اسی سند سے مروی ہے اسے روایت کرنے میں نائلہ اکیلی ہیں۔

713 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْصَرَ رَجُلًا يَدْعُو بِاِصْبَعَيْهِ جَمِيعًا، فَنَهَاهُ، وَقَالَ: ادْعُ بِاَحَدِهِمَا،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ایک آدمی کو دیکھا کہ وہ اپنی تمام انگلیوں سے بلا رہا تھا' آپ نے اس کو اس طرح کرنے سے منع فرمایا' آپ ﷺ نے فرمایا: ان میں سے ایک انگلی یعنی دائیں انگلی سے بلا۔

711- أخرجه البخاري: الأذان جلد 2 صفحه 255 رقم الحديث: 735' ومسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 292' وأبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 188 رقم الحديث: 721' والترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 35 رقم الحديث: 255' والنسائي: الافتتاح جلد 2 صفحه 93 (باب العمل في افتتاح الصلاة)' ومالك في الموطأ: الصلاة جلد 1 صفحه 75 رقم الحديث: 16' والدارمي: الصلاة جلد 1 صفحه 316 رقم الحديث: 1250 .

712- انظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 177 .

بِالْيُمْنَى

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ إِلَّا حَفْصٌ

یہ حدیث ہشام سے صرف حفص ہی روایت کرتے ہیں۔

714 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّهُ قَالَ: اَلَا اُرِيكُمْ كَيْفَ وَضُوءُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَاَخَذَ مَاءً بِيَدِهِ، فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ، ثُمَّ اَخَذَ الْمَاءَ بِيَدِهِ فَضَمَّ اِلَيْهَا يَدَهُ الْاُخْرَى، فَغَسَلَ وَجْهَهُ، ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِهِ، فَغَسَلَ يَدَهُ وَذِرَاعَيْهِ، ثُمَّ فَعَلَ مِثْلَ ذَلِكَ بِالْاُخْرَى، ثُمَّ مَسَحَ بِرَاْسِهِ، ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِهِ مَاءً فَنَضَحَهُ عَلَى قَدَمَيْهِ، وَمَسَحَ بِهِمَا قَدَمَيْهِ، وَعَلَيْهِ النَّعْلَانِ

حضرت عطاء بن یسار' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں آپ کو یہ نہ بتاؤں کہ رسول اللہ ﷺ کس طرح وضو کرتے تھے! آپ ﷺ نے ہاتھ میں پانی لیا اور اس سے کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا' پھر آپ نے ہاتھ میں پانی لیا اور اس کے ساتھ دوسرا ہاتھ ملایا' پھر اس کے ساتھ اپنے چہرے کو دھویا' پھر اپنے ہاتھ میں پانی لیا اور اس کے ساتھ اپنی کلائیاں دھوئیں' پھر دوسرا ہاتھ دھویا' پھر اپنے سر کا مسح کیا' پھر پانی لیا اور اس کو پاؤں پر چھڑکا اور اپنے قدموں کا مسح کیا اس حال میں کہ آپ نے نعلین پہنے ہوئے تھے۔

715 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ اَبِي حَوَّاءَ، عَنْ جَدَّتِهِ حَوَّاءَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا نِسَاءَ الْمُسْلِمَاتِ، لَا تَحْقِرَنَّ اِحْدَاكُنَّ لِجَارَتِهَا وَلَوْ فِرْسَنٌ مُحْتَرِقٌ

حضرت حواء رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے مسلمان عورتوں کے گروہ! تم اپنی پڑوسن کے لیے کسی شے کو حقیر نہ جانو اگرچہ جلا ہوا کھر ہی کیوں نہ ہو۔

716 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اُمَيَّةُ بْنُ

حضرت عبدالرحمٰن بن بجید اپنی دادی سے' وہ رسول

714- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 29 رقم الحديث: 117' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 103 رقم الحديث: 627 .

715- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 24 رقم الحديث: 222 .

716- أخرجه النسائي: الزكاة جلد 5 صفحه 16 (باب رد السائل)' ومالك في الموطأ: صفة النبي ﷺ جلد 2 صفحه 923

بِسْطَامٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ بُجَيْدٍ، عَنْ جَدَّتِهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَرُدُّوا السَّائِلَ، وَلَوْ بِظِلْفٍ مُحْرَقٍ

اللہ ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے فرمایا: مانگنے والے کو خالی نہ بھیجو اگرچہ جلا ہوا کھر ہی دے دو۔

717 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ خَلِيفَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، اَنَّ عَلِيًّا، اَمَرَ عَمَّارًا اَنْ يَسْاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَذْيِ؟ فَقَالَ: يَغْسِلُ ذَكَرَهُ وَيَتَوَضَّاُ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو نبی کریم ﷺ سے مذی کے متعلق پوچھنے کا حکم دیا' آپ ﷺ نے فرمایا: وہ اپنے ذکر کو دھولے اور وضو کرے۔

718 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اَبُو هَمَّامٍ الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ قَالَ: نا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، نُفْضِي اِلَى نِسَائِنَا فِي الْجَنَّةِ؟ فَقَالَ: اِي وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، اِنَّ الرَّجُلَ لَيُفْضِي فِي الْغَدَاةِ الْوَاحِدَةِ اِلَى مِائَةِ عَذْرَاءَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا زَائِدَةُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم جنت میں عورتوں سے جماع کریں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم! جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! ایک آدمی ایک دن میں سو کنواری عورتوں سے جماع کرے گا۔

یہ حدیث ہشام سے زائدہ ہی روایت کرتے ہیں۔

719 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ بُرْدِ بْنِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: خطبہ نکاح کے بعد تم

رقم الحديث: 8' وأحمد: المسند جلد4صفحه87 رقم الحديث: 16653 .

717- أخرجه مسلم: الحيض جلد1صفحه247' والنسائي: الغسل جلد 1صفحه174 (باب الوضوء من المذى)' وأحمد: المسند جلد1صفحه154 رقم الحديث: 1014 .

718- بنحوه أخرجه الطبراني في الصغير جلد2صفحه12-13' والبزار رقم الحديث: 19814 . وانظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه22 .

719- أخرجه الدارقطني: سننه جلد3صفحه243 رقم الحديث: 6 .

سِنَانٍ، عَنْ اَبِي هَارُونَ الْعَبْدِيّ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَضُرُّ اَحَدُكُمْ بِقَلِيلٍ مِنْ مَالِهِ تَزَوَّجَ اَمْ بِكَثِيرٍ، بَعْدَ اَنْ يُشْهِدَ

میں سے کسی ایک کوتھوڑے یا زیادہ مال سے شادی کرنے میں کوئی نقصان نہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بُرْدٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث برد سے صرف اسماعیل بن عیاش ہی روایت کرتے ہیں۔

720 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اَبُو هَمَّامٍ الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعِ بْنِ الْوَلِيدِ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا زِيَادُ بْنُ خَيْثَمَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي فَرَطٌ لَكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، وَاِنَّ بُعْدَ مَا بَيْنَ طَرَفَيْهِ كَمَا بَيْنَ صَنْعَاءَ وَاَيْلَةَ، وَاِنَّ الْاَبَارِيقَ فِيهِ بِعَدَدِ النُّجُومِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں تمہارا حوضِ کوثر پر انتظار کروں گا‘ اس حوض کی دوطرفیں اتنی لمبی ہوں گی جتنا صنعاء اور ایلہ کے درمیان فاصلہ ہے اور اس کے برتن ستاروں کی تعداد کے برابر ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادِ بْنِ خَيْثَمَةَ اِلَّا شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيدِ

یہ حدیث زیاد بن خیثمہ سے صرف شجاع بن الولید ہی روایت کرتے ہیں۔

721 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عَامِرُ بْنُ سَيَّارٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْكَرِيمِ الْخَرَّازُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ، وَعَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: كُلُّ دُعَاءٍ مَحْجُوبٌ حَتَّى يُصَلِّيَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہر دعا کو روک لیا جاتا ہے جب تک کہ حضرت محمد ﷺ اور آلِ محمد ﷺ پر درود نہ پڑھا جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا عَبْدُ الْكَرِيمِ الْخَرَّازُ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف عبدالکریم الخراز ہی روایت کرتے ہیں۔

720- أخرجه مسلم: الفضائل جلد4صفحه1801 .

721- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه165 .

722 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْحُصَيْنِ، عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَوَضَّئُوا مِمَّا غَيَّرَتِ النَّارُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو آگ پر پکی ہوئی شے کھائے' اُسے چاہیے کہ وہ وضو کرے۔

فائدہ: وضو سے مراد لغوی وضو ہے یعنی ہاتھ دھوئے' اصطلاحی وضو مراد نہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْحُصَيْنِ، وَالْحَسَنُ بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ

یہ حدیث ایوب سے صرف عبدالعزیز بن حسن بن ابی جعفر ہی روایت کرتے ہیں۔

723 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى الْحَرَّانِيُّ اَبُو الْاَصْبَغِ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَادَ اَنْ يُزَوِّجَ رَجُلًا مِنِ امْرَاَةٍ، فَقَالَ: يَا فُلَانَةُ، اَتُحِبِّينَ اَنْ اُزَوِّجَكِ فُلَانًا؟ يَا فُلَانُ، اَتُحِبُّ اَنْ اُزَوِّجَكَ فُلَانَةً؟

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مرد اور ایک عورت کی شادی کرنے کا ارادہ کیا' فرمایا: اے فلانی! کیا تُو پسند کرتی ہے کہ میں تیری فلاں سے شادی کردوں؟ اے فلاں! کیا تُو پسند کرتا ہے کہ میں فلانی کی شادی تجھ سے کردوں؟

724 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اَبُو الْاَصْبَغِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ النِّكَاحِ اَيْسَرُهُ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اچھا نکاح وہ ہے جو سستا ہو۔

722- أخرجه ابن ماجة: الطهارة جلد 1 صفحه 163 رقم الحديث: 485' ومسلم: الحيض جلد 1 صفحه 272' والنسائي: الطهارة جلد 1 صفحه 87 (باب الوضوء مما غيرت النار)' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 666 رقم الحديث: 10553 .

723- أخرجه أبو داؤد: النكاح جلد 2 صفحه 244 رقم الحديث: 2117' والحاكم: المستدرك جلد 2 صفحه 182 .

724- تقدم تخريجه . (انظر: الحديث السابق) .

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ. وَلَا يُرْوَى عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ دونوں حدیثیں یزید بن ابی حبیب سے صرف محمد بن اسحاق ہی روایت کرتے ہیں ان سے روایت کرنے میں محمد بن سلمہ اکیلے ہیں عقبہ بن عامر سے یہ حدیث اسی سند سے مروی ہے۔

725 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَبَّرَ دُبُرَ كُلِّ صَلَاةٍ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَسَبَّحَ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَحَمِدَ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَقَالَ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، تَمَامَ الْمِائَةِ، غُفِرَتْ ذُنُوبُهُ وَلَوْ كَانَتْ اَكْثَرَ مِنْ زَبَدِ الْبَحْرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے ہر فرض نماز کے بعد تینتیس مرتبہ اللہ اکبر تینتیس مرتبہ سبحان اللہ تینتیس مرتبہ الحمد للہ اور ''لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ'' پڑھ کر سو کا عدد مکمل کیا اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے اگرچہ وہ سمندر کی جھاگ سے زیادہ ہی کیوں نہ ہوں۔

726 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّهُ كَانَ عَلَى اَبِيهِ اَوْسُقٌ مِنْ تَمْرٍ، فَقُلْنَا لِلرَّجُلِ: خُذْ ثَمَرَةَ نَخْلِنَا، فَاَبَى، فَاَتَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ عُمَرُ، فَدَعَا لَنَا فِيهَا بِالْبَرَكَةِ، فَجَذَذْنَاهَا، فَاَعْطَيْنَا الرَّجُلَ كُلَّ شَيْءٍ كَانَ لَهُ، وَبَقِيَ خَرْصُ نَخْلِنَا كَمَا هُوَ، فَاَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اُن کے والد پر چند وسق کھجور کا قرض تھا ہم نے اُس آدمی سے کہا کہ ہماری کھجوروں کا پھل لے لو اس نے انکار کر دیا سو وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے تو آپ کے ساتھ حضرت عمر رضی اللہ عنہ تھے آپ نے ہمارے لیے اس میں برکت کی دعا کی تو ہم نے ہر اس آدمی کو ہر شے دی جو اس کے لیے تھی اور وہ کھجوریں بھی باقی اسی طرح پڑی رہیں جس طرح وہ تھیں۔ پس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس

725- أخرجه مسلم: المساجد جلد 1 صفحه 418 ومالك في الموطأ: القرآن جلد 1 صفحه 210 رقم الحديث: 22 وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 491 رقم الحديث: 8855 .

726- أخرجه البخاري: الاستقراض جلد 5 صفحه 73 رقم الحديث: 2396 وأبو داؤد: الوصايا جلد 3 صفحه 113 رقم الحديث: 2884 وابن ماجة: الصدقات جلد 2 صفحه 813 رقم الحديث: 2434 .

فَاَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: اَخْبِرْ عُمَرَ. فَاَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: قَدْ عَلِمْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَنَّكَ اِذَا دَعَوْتَ لَهُمْ فِيهَا بِالْبَرَكَةِ اَنَّهُ سَيُبَارَكُ فِيهَا

آیا اور آپ کو بتایا' پس آپ ﷺ نے فرمایا: عمر کو بتاؤ! سو میں نے حضرت عمر کو بتایا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یا رسول اللہ! مجھے یقین تھا کہ جب آپ نے اس میں برکت کیلئے دعا کر دی ہے تو اس میں برکت ہو کر ہی رہے گی۔

727 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، اَنَّ اُمَّ هَانِءٍ، حَدَّثَتْ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا يَوْمَ الْفَتْحِ، فَصَلَّى الضُّحَى اَرْبَعَ رَكْعَاتٍ

حضرت اُم ھانی رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ وہ فتح مکہ کے دن نبی کریم ﷺ کے پاس آئے تو آپ نے چاشت کی چار رکعتیں ادا کیں۔

728 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ: زَعَمَتْ اُمُّ هَانِءٍ، اَنَّهُ، تَعْنِي: النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكَلَ كَتِفًا، وَلَمْ يَتَوَضَّاْ

حضرت محمد بن منکدر سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ حضرت اُم ھانی رضی اللہ عنہا کا گمان ہے کہ آپ یعنی نبی کریم ﷺ نے بکری کی دستی کھائی اور وضو نہیں کیا۔

729 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اُمَيَّةُ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكَلَ مِنْ لَحْمِ شَاةٍ، وَلَمْ يَتَوَضَّاْ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے بکری کا گوشت کھایا اور وضو نہیں کیا۔

730 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اُمَيَّةُ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کچھ لوگ جہنم سے نکلیں گے۔

727- أخرجه الطبرانی فی الکبیر جلد24صفحه432 .

728- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه258 .

729- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه257 .

730- أخرجه مسلم: الایمان جلد1صفحه178' والبیهقی: سننه جلد10صفحه321 رقم الحدیث: 20777 .

وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ نَاسًا يَخْرُجُونَ مِنَ النَّارِ

731 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ زِيَادٍ الْعُقَيْلِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ الصَّلْتِ قَالَ: نا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ مِنَ الْبِرِّ الصِّيَامُ فِي السَّفَرِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سفر میں روزہ رکھنا کوئی نیکی نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُفْيَانُ بْنُ زِيَادٍ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف سعید بن یزید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں سفیان بن زیاد اکیلے ہیں۔

732 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ نَافِعٍ دَرَخْتُ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، عَنِ الْوَازِعِ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ نِسْبَةً، وَاِنَّ نِسْبَةَ اللّٰهِ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہر شے کی نسبت ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی نسبت قل ھواللہ احد ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ نَافِعٍ

یہ حدیث حضرت ابوہریرہ سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن نافع اکیلے ہیں۔

733 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اَبُو حَصِينٍ الرَّازِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے منبر اور میری قبر کے درمیان کی جگہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے اور میرا

731- أخرجه البخاري: الصوم جلد4صفحه216 رقم الحديث: 1946' ومسلم: الصيام جلد2صفحه786' وأبو داؤد: الصوم جلد 2صفحه328 رقم الحديث: 2407' والنسائي: الصوم جلد 4صفحه148 (باب ذكر اسم الرجل) .

732- أخرجه الطبراني في الكبير جلد12صفحه294 . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث:1414 .

733- تقدم تخريجه .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بَيْنَ قَبْرِى وَمِنْبَرِى رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ، وَمِنْبَرِى عَلَى حَوْضِى

منبر حوض پر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ إِلَّا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو حَصِينٍ

یہ حدیث ابن خثیم سے صرف یحییٰ بن سلیم ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں ابوحصین اکیلے ہیں۔

734 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا كَثِيرُ بْنُ يَحْيَى، صَاحِبُ الْبَصْرِيِّ قَالَ: نا مَيْمُونُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ: نا صَالِحٌ، صَاحِبُ الْقَلَانِسِ، عَنِ الْحَسَنِ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُغَفَّلٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوقٌ، وَقِتَالُهُ كُفْرٌ

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مسلمان کو گالی دینا فسق ہے اور اس کو قتل کرنا کفر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَالِحٍ إِلَّا مَيْمُونٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: كَثِيرُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث صالح سے صرف میمون ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں کثیر بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

735 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى التِّنِّيسِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ مَاهَانَ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَذَا ابْنُ آدَمَ، وَوَضَعَ يَدَهُ تَحْتَ ذَقَنِهِ، ثُمَّ بَسَطَ يَدَهُ، فَقَالَ: هَذَا أَمَلُهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ ابن آدم ہے اور آپ نے اپنا ہاتھ اپنی ٹھوڑی کے نیچے رکھا پھر اپنے ہاتھ مبارک کو کشادہ کیا اور فرمایا: یہ اس کی اُمیدیں ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا مُصْعَبُ

یہ حدیث سفیان سے صرف مصعب بن ماہان ہی

734- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحہ78 .

735- أخرجه الترمذي: الزهد جلد 4صفحہ568 رقم الحديث: 2334، وابن ماجة: الزهد جلد 2صفحہ1414 رقم الحديث: 4232، وأحمد: المسند جلد3صفحہ167 رقم الحديث: 12396 .

بْنُ مَاهَانَ، وَلَا عَنْ مُصْعَبٍ اِلَّا عَمْرُو بْنُ اَبِی سَلَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ عِیسَی

روایت کرتے ہیں اور مصعب سے صرف عمرو بن ابی سلمہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں احمد بن عیسیٰ اکیلے ہیں۔

736 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اِسْحَاقُ بْنُ وَهْبٍ الْعَلَّافُ قَالَ: نا سَهْلُ بْنُ سَعِیدٍ قَالَ: نا زِیَادٌ الْجَصَّاصُ قَالَ: نا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: یَاْتِی عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ، هُمْ ذِئَابٌ، فَمَنْ لَمْ یَكُنْ ذِئْبًا اَكَلَهُ الذِّئَابُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ بھیڑیے ہوں گے جو بھیڑیا نہیں ہوگا' اس کو بھیڑیے کھا جائیں گے۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ زِیَادٍ الْجَصَّاصِ اِلَّا سَهْلُ بْنُ سَعِیدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ بْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث زیاد الجصاص سے صرف سہل بن سعید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اسحاق بن وہب اکیلے ہیں۔

737 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ الْاَزْرَقُ الدِّمَشْقِیُّ قَالَ: نا بَقِیَّةُ بْنُ الْوَلِیدِ قَالَ: نا ابْنُ جُرَیْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اُصِیبَ بِمُصِیبَةٍ بِمَالِهِ، اَوْ فِی نَفْسِهِ، وَكَتَمَهَا، وَلَمْ یَشْكُهَا اِلَى النَّاسِ، كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ یَغْفِرَ لَهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کو مال یا جان کے ذریعے تکلیف آئے اور وہ اس کو چھپائے اور لوگوں کے سامنے اس کی شکایت نہ کرے تو اللہ تعالیٰ پر حق ہے کہ اس کو بخش دے۔

738 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نا بَقِیَّةُ قَالَ: نا ابْنُ جُرَیْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ جَنَّةَ عَدْنٍ، خَلَقَ فِیهَا مَا لَا عَیْنٌ رَاَتْ، وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ . ثُمَّ قَالَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ عزوجل نے جنت عدن کو پیدا فرمایا تو اس میں وہ کچھ پیدا کیا جس کو کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان نے سنا اور نہ کسی انسان کے دل پر اس کا خیال گزرا۔ پھر اس سے فرمایا: مجھ سے گفتگو کر! اس

736- انظر: مجمع الزوائد جلد8 صفحه94 .

737- انظر: مجمع الزوائد جلد10 صفحه261 .

738- أخرجه الطبرانی فی الکبیر جلد11 صفحه184 .

لَهَا: تَكَلَّمِي، فَقَالَتْ: (قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُونَ) (المؤمنون: 1)

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا بَقِيَّةُ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ

نے عرض کی: ''بے شک ایمان والے کامیاب ہو گئے'' (المؤمنون: ۱)۔

یہ دونوں حدیثیں ابن جریج سے صرف بقیہ ہی روایت کرتے ہیں' ان دونوں کو روایت کرنے میں ہشام بن خالد اکیلے ہیں۔

739 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْسَجَةَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى الصَّفِّ الْاَوَّلِ، وَكَانَ يَاْتِينَا اِلَى الصَّلَاةِ، فَيَمْسَحُ مَنَاكِبَنَا وَصُدُورَنَا، وَيَقُولُ: لَا تَخْتَلِفُوا فَتَخْتَلِفَ قُلُوبُكُمْ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ اور اس کے فرشتے پہلی صف پر رحمت بھیجتے ہیں' آپ ہمارے پاس نماز کے لیے آتے تو آپ ہمارے کندھوں اور سینوں کو برابر کرتے اور فرماتے کہ صف سے آگے پیچھے نہ رہو ورنہ تمہارے دل مختلف ہو جائیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ الْحَكَمِ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ. وَرَوَاهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ: عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ طَلْحَةَ نَفْسِهِ

یہ حدیث از منصور از حکم صرف ابراہیم بن طہمان ہی روایت کرتے ہیں اور سفیان از ثوری از منصور' طلحہ سے روایت کرتے ہیں۔

740 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا الْعَلَاءُ بْنُ مُوسَى بْنِ عَطِيَّةَ اَبُو الْجَهْمِ الْبَاهِلِيُّ قَالَ: نا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ: خَيْرُ مَا رُكِبَتْ اِلَيْهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: بہتر منزل جس کی طرف سواریاں چلائی جاتی ہیں وہ میری مسجد اور خانہ کعبہ ہے۔

739- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد1صفحه175 رقم الحديث:664' والنسائي: الامامة جلد2صفحه70 (باب كيف يقوم الامام الصفوف)' وابن ماجة: الاقامة جلد1صفحه318 رقم الحديث: 997' والدارمي: الصلاة جلد4صفحه249 رقم الحديث:18543 .

740- أخرجه الامام أحمد في مسنده جلد3صفحه350 . وانظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه8 .

الرَّوَاحِلُ مَسْجِدِی هَذَا، وَالْبَيْتُ الْعَتِيقُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ اللَّيْثِ إِلَّا الْعَلَاءُ بْنُ مُوسَى

یہ حدیث لیث سے صرف علاء بن موسیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

741 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ: نا عِكْرِمَةُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ تَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْآنِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: قل ھو اللہ احد کا ثواب تہائی قرآن کے برابر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ إِلَّا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ

یہ حدیث عکرمہ بن ابراہیم سے صرف علی بن جعد ہی روایت کرتے ہیں۔

742 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ النُّعْمَانِ الشَّيْبَانِيُّ قَالَ: نا الْقَاسِمُ بْنُ الْفَضْلِ الْحُدَّانِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ قَسَامَةَ بْنِ زُهَيْرٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْمُؤْمِنَ إِذَا حُضِرَ، أَتَتْهُ الْمَلَائِكَةُ بِحَرِيرَةٍ فِيهَا مِسْكٌ، وَمِنْ ضَبَائِرِ الرَّيْحَانِ، وتُسَلُّ رُوحُهُ كَمَا تُسَلُّ الشَّعَرَةُ مِنَ الْعَجِينِ، وَيُقَالُ: يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ، اخْرُجِي رَاضِيَةً مَرْضِيَّةً، مَرْضِيًّا عَنْكِ، وطُوِيَتْ عَلَيْهِ الْحَرِيرَةُ، ثُمَّ يُبْعَثُ بِهَا إِلَى عِلِّيِّينَ . وَإِنَّ الْكَافِرَ إِذَا حُضِرَ أَتَتِ الْمَلَائِكَةُ بِمِسْحٍ فِيهِ جَمْرَةٌ، فَتُنْزَعُ رُوحُهُ انْتِزَاعًا شَدِيدًا، وَيُقَالُ: أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْخَبِيثَةُ، اخْرُجِي سَاخِطَةً مَسْخُوطًا عَلَيْكِ إِلَى هَوَانٍ وَعَذَابٍ، وَإِذَا خَرَجَتْ رُوحُهُ، وَوُضِعَتْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک مؤمن کی موت کا وقت آتا ہے تو فرشتے ریشم لے کر آتے ہیں' اس میں مشک اور گلِ ریحان کی خوشبو ہوتی ہے' اس کی روح ایسے نکالی جاتی ہے جس طرح آٹے سے بال نکالا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے: اے نفس مطمئنہ! نکل آ خوشی خوشی! وہ تجھ سے راضی تُو اس سے راضی اور اسے ریشم میں لپیٹ لیا جاتا ہے' پھر اس کی روح کو علیین کی طرف بھیجا جاتا ہے اور جب کافر کی موت کا وقت آتا ہے تو اس کے لیے بدبودار بوری ہوتی ہے' اس کی روح سختی سے نکالی جاتی ہے اور کہا جاتا ہے: اے خبیث روح! نکل آ ناراضگی کی حالت میں' ہولناکی اور سخت عذاب کی طرف' اس حالت میں کہ تجھ پر سخت عذاب ہوگا' جب اس کی روح نکالی

741- أخرجه الطبراني في الكبير جلد10صفحه172 .

742- أخرجه النسائي: الجنائز جلد4صفحه7 (باب ما يلقى به المؤمن من الكرامة عند خروج نفسه) . أخرجه ابن ماجة: الزهد جلد2صفحه1423 رقم الحديث: 4262' وأحمد: المسند جلد2صفحه483 رقم الحديث: 8790 .

عَلَى تِلْكَ الْجَمْرَةِ، فَإِنَّ لَهَا نَشِيشًا، فَيُطْوَى عَلَيْهَا الْمَسْحُ، وَيُذْهَبُ بِهَا إِلَى سِجِّينٍ

جاتی ہے تو اس کو بوری پر رکھا جاتا ہے' اس سے بدبو نکلتی ہے' اس پر بوری کو بند کیا جاتا ہے اور اس کو سجین میں بھیجا جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْفَضْلِ إِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ النُّعْمَانِ

یہ حدیث قاسم بن فضل سے صرف سلیمان بن نعمان ہی روایت کرتے ہیں۔

743 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا إِسْحَاقُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْأَرْكُونِ أَبُو سَلَمَةَ الْجُمَحِيُّ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا خُلَيْدُ بْنُ دَعْلَجٍ أَبُو عَمْرٍو السَّدُوسِيُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَانُ أَهْلِ الْأَرْضِ مِنَ الِاخْتِلَافِ الْمُوَالَاةُ لِقُرَيْشٍ، قُرَيْشٌ أَهْلُ اللَّهِ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَإِذَا خَالَفَتْهَا قَبِيلَةٌ مِنَ الْعَرَبِ صَارُوا حِزْبَ إِبْلِيسَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: زمین والوں کے لیے امان قریش کے غلاموں کا اختلاف ہے' قریش اہل اللہ ہیں۔ یہ تین مرتبہ فرمایا' پس جب عرب کا قبیلہ اس سے اختلاف کرے گا تو وہ ابلیس کا گروہ ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ إِلَّا خُلَيْدُ بْنُ دَعْلَجٍ

یہ حدیث عطاء سے صرف خلید بن دعلج ہی روایت کرتے ہیں۔

744 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْغَضِيضِيُّ قَالَ: نا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدِ بْنِ مُفْلِحِ بْنِ هِلَالٍ الْمَهْرِيُّ أَبُو الْحَجَّاجِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: لَا يُنَجِّسُ الْمَاءَ شَيْءٌ، إِلَّا مَا غَيَّرَ رِيحَهُ أَوْ طَعْمَهُ

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: پانی کو کوئی شی ناپاک نہیں کرتی ہے مگر جب اس کا ذائقہ اور بدبو بدل جائے تو پھر ناپاک ہو جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ إِلَّا

یہ حدیث معاویہ بن صالح سے صرف رشدین ہی

743- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 12 صفحه 196 رقم الحديث: 11479' والحاكم في المستدرك جلد 4 صفحه 75 .

744- انظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 219 .

رِشْدِينُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ

روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن یوسف اکیلے ہیں۔

745 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مِلْحَانَ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا بَعَثَ سَرِيَّةً قَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ، وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَعَلَى مِلَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ، لَا تَغُلُّوا، وَلَا تَغْدِرُوا، وَلَا تُمَثِّلُوا، وَلَا تَقْتُلُوا الْوِلْدَانَ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ جب کوئی سریہ بھیجتے تھے تو فرماتے: اللہ کے نام سے اللہ کی راہ میں اور رسول اللہ کے دین پر چلو' خیانت نہ کرنا' دھوکہ نہ دینا' مثلہ نہ کرنا اور بچوں کو قتل نہ کرنا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ جَرِيرٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث جریر سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں ابن لھیعہ اکیلے ہیں۔

746 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُشَيْرٍ اَبُو اَيُّوبَ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ قَالَ: نا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ قَالَ: نا اَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةُ الْقَاعِدِ عَلَى النِّصْفِ مِنْ صَلَاةِ الْقَائِمِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بیٹھ کر نماز پڑھنے والے کو کھڑے ہو کر نماز پڑھنے والے کے برابر آدھا ثواب ملتا ہے۔

هَكَذَا رَوَاهُ جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ . وَرَوَاهُ

اسی طرح جریر بن حازم' محمد بن اسحاق سے اور وہ زہری سے اور وہ ابوسلمہ سے روایت کرتے ہیں اور سفیان

745- أخرجه الطبراني في الصغير جلد1صفحه44 . انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه322 .

746- أخرجه مسلم: المسافرين جلد 1صفحه507' والنسائي: قيام الليل جلد3صفحه182 (باب فضل صلاة القائم على صلاة القاعد)' وابن ماجة: الاقامة جلد 1صفحه388 رقم الحديث: 1229' ومالك في الموطأ: الجماعة جلد 1صفحه136 رقم الحديث: 19' والدارمي: الصلاة جلد 1صفحه373 رقم الحديث: 1384' وأحمد: المسند جلد2صفحه220 رقم الحديث: 6519 .

سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ: عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عِيسَى بْنِ طَلْحَةَ. وَرَوَاهُ ابْنُ جُرَيْجٍ: عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ. وَرَوَاهُ صَالِحُ بْنُ اَبِي الْاَخْضَرِ: عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَائِبِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ اَبِي وَدَاعَةَ. وَرَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زِيَادٍ الرَّصَافِيُّ: عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ اَبِي مَالِكٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو. وَرَوَاهُ مُحَمَّدُ بْنِ الزُّبَيْرِ الْحَرَّانِيُّ: عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ. وَالصَّحِيحُ، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ: مَا رَوَاهُ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ

بن عیینہ زہری سے اور زہری' عیسیٰ بن طلحہ سے روایت کرتے ہیں۔ اور بن جریج زہری اور وہ حضرت انس بن مالک سے روایت کرتے ہیں۔ اور صالح بن ابی اخضر' زہری سے اور وہ حضرت سائب بن یزید سے اور وہ عبدالمطلب بن ابی وداعہ سے روایت کرتے ہیں۔ اور عبدالالہ بن زیاد الرصافی' زہری سے' وہ ثعلبہ بن ابی مالک القرظی سے اور وہ حضرت عبدالالہ بن عمرو سے روایت کرتے ہیں۔ اور محمد بن زبیر الحرانی' سالم سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں اور صحیح بات اللہ ہی زیادہ جانتا ہے' جو سفیان بن عیینہ روایت کرتے ہیں۔

747 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُشَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ قَالَ: نا الْفَضْلُ بْنُ حَبِيبٍ السَّرَّاجُ قَالَ: نا حَيَّانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُو زُهَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: اشْتَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمْرًا، فَاُتِيَ بِصَاعٍ مِنْ عَجْوَةٍ، فَلَمَّا جَائُوا بِهِ، اَنْكَرَهُ، وَقَالَ: مِنْ اَيْنَ لَكُمْ هَذَا؟ قَالُوا: بِعْنَا بِصَاعَيْنِ، فَاَتَيْنَا بِصَاعٍ قَالَ: رُدُّوهُ، رُدُّوهُ، لَا حَاجَةَ لَنَا بِهِ.

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ بُرَيْدَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يَرْوِهِ اِلَّا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ

حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے کھجور کی خواہش کی تو آپ کے پاس ایک صاع عجوہ کھجور لائی گئی' جب وہ آپ کے پاس لے کر آئے تو آپ نے اس کو ناپسند کیا اور فرمایا: یہ تم کہاں سے لائے ہو؟ انہوں نے عرض کی: ہم نے دو صاع فروخت کی ہیں اور ایک صاع لے کر آئے ہیں' آپ نے فرمایا: اس کو واپس کر دو' اس کو واپس کرو' ہم کو اس کی ضرورت نہیں ہے۔

یہ حضرت بریدہ سے صرف اسی سند سے مروی ہے اور اسے روایت کرنے میں یحییٰ بن معین اکیلے ہیں۔

748 - حَدَّثَنَا اَبُو اَيُّوبَ اَحْمَدُ بْنُ بُشَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ قَالَ: نا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت محمد بن حارث فرماتے ہیں کہ ایک آدمی آیا' اس کو ابوعلقمہ کہا جاتا تھا جو بنی ہاشم کا حلیف تھا' اس نے ہم کو بیان کیا کہ میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو

-747 انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه118 .

-748 انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه332 .

الْحَارِثِ قَالَ: قَدِمَ رَجُلٌ، يُقَالُ لَهُ: اَبُو عَلْقَمَةَ، حَلِيفٌ فِي بَنِي هَاشِمٍ، وَكَانَ فِيمَا حَدَّثَنَا اَنَّهُ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: اِنَّ مِنْ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ: اَنْ يَظْهَرَ الشُّحُّ، وَالْفُحْشُ، وَيُؤْتَمَنُ الْخَائِنُ، وَيُخَوَّنُ الْاَمِينُ، وَيَظْهَرُ ثِيَابٌ يَلْبَسُهَا نِسَاءٌ كَاسِيَاتٌ عَارِيَاتٌ، وَيَعْلُو التُّحوتُ الْوُعُولَ . اَكَذَاكَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ سَمِعْتَهُ مِنْ حِبِّي؟ قَالَ: نَعَمْ، وَرَبِّ الْكَعْبَةِ . قُلْنَا: وَمَا التُّحوتُ؟ قَالَ: فُسُولُ الرِّجَالِ، وَاَهْلُ الْبُيُوتِ الْغَامِضَةِ، يُرْفَعُونَ فَوْقَ صَالِحِيهِمْ. وَالْوُعُولُ: اَهْلُ الْبُيُوتِ الصَّالِحَةِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيجٍ اِلَّا حَجَّاجٌ

فرماتے سنا کہ قیامت کی نشانیوں میں سے کچھ نشانیاں یہ ہیں: کنجوسی ظاہر ہوگی' بے حیائی ہوگی' خائن امین ہوگا اور امین خائن ہوگا' عورتیں لباس پہننے کے باوجود ننگی ہوں گی' کمینے اور بُرے لوگ شریف لوگوں پر غالب ہو جائیں گے۔ اے عبداللہ بن مسعود! کیا آپ نے بھی میرے محبوب سے ایسے ہی سنا ہے؟ تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہاں! ربِ کعبہ کی قسم! ہم نے کہا: تحوت کیا ہے؟ فرمایا: تحوت یہ ہے کہ بُرے لوگ شریفوں پر غالب آئیں گے اور عول سے مراد نیک لوگوں کے گھر والے ہیں۔

یہ حدیث ابن جریج سے صرف حجاج ہی روایت کرتے ہیں۔

749 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُشَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ قَالَ: نَا حَجَّاجٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيجٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي اَبُو الزُّبَيْرِ، . اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَنَا فَرَطُكُمْ بَيْنَ اَيْدِيكُمْ، فَاِنْ لَمْ تَجِدُونِي، فَاَنَا عَلَى الْحَوْضِ، وَالْحَوْضُ مَا بَيْنَ اَيْلَةَ اِلَى مَكَّةَ، وَسَيَاْتِي رِجَالٌ وَنِسَاءٌ بِآنِيَةٍ وَقِرَبٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيجٍ اِلَّا الْحَجَّاجُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: میں تمہارے آگے تمہارا پیش رو ہوں گا' اگر مجھے وہاں نہ پاؤ تو میں حوض پر ہوں گا اور میرا حوض ایلہ سے مکہ تک ہوگا' میرے پاس مرد اور عورتیں چاندی کے برتن لے کر آئیں گے اور مشکیزے (اور میں ان کو بھر بھر کر دوں گا)۔

یہ حدیث ابن جریج سے صرف حجاج ہی روایت کرتے ہیں۔

750 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُشَيْرٍ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: نَا مَعْمَرٌ، عَنْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کسی عورت سے

749- أخرجه البزار جلد 4صفحه177' والامام أحمد فی مسنده جلد 3صفحه345 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحه369 .

ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَرَادَ أَحَدُكُمْ أَنْ يَتَزَوَّجَ الْمَرْأَةَ، فَلَا بَأْسَ أَنْ يَنْظُرَ إِلَيْهَا

شادی کرنے کا ارادہ کرے تو اس کو دیکھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ إِلَّا مَعْمَرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّزَّاقِ

یہ حدیث ثابت سے صرف معمر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبدالرزاق اکیلے ہیں۔

751 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ بُشَيْرٍ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ قَالَ: نا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى الْفَضْلِ بْنِ مَيْسَرَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو حَرِيزٍ، أَنَّهُ سَمِعَ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ، يَقُولُ: سَأَلَ رَجُلٌ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ عَنْ صَوْمِ، يَوْمِ عَرَفَةَ؟ فَقَالَ: كُنَّا وَنَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعْدِلُهُ بِصَوْمِ سَنَتَيْنِ

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے عرفہ کے دن روزہ رکھنے کے متعلق پوچھا تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے اور ہم نے دو سال مسلسل روزہ رکھے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ إِلَّا أَبُو حَرِيزٍ

یہ حدیث سعید بن جبیر سے صرف ابوحریز ہی روایت کرتے ہیں۔

752 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ بُشَيْرٍ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ قَالَ: نا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي، يَقُولُ: سَمِعْتُ يُونُسَ بْنَ يَزِيدَ، يُحَدِّثُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، رَدِيفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَرَفَةَ إِلَى الْمُزْدَلِفَةِ، ثُمَّ رَدَفَهُ الْفَضْلُ، مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ إِلَى مِنًى، فَكِلَاهُمَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما' رسول اللہ ﷺ کے پیچھے عرفات سے لے کر مزدلفہ تک سواری پر بیٹھے تھے' پھر آپ نے حضرت فضل (بن عباس رضی اللہ عنہما) کو مزدلفہ سے منیٰ تک سوار کر لیا۔ دونوں بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جمرہ کو کنکری مارنے تک مسلسل تلبیہ پڑھتے رہے۔

751- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه195 .

752- أخرجه البخاري: الحج جلد3صفحه622 رقم الحديث: 1686-1687' ومسلم: الحج جلد2صفحه93' والترمذي: الحج جلد3صفحه251 رقم الحديث: 918' والنسائي: المناسك جلد 5صفحه224 (باب قطع المحرم التلبية اذا رمى جمرة العقبة)' والدارمي: المناسك جلد2صفحه87 رقم الحديث: 1902' وأحمد: المسند جلد1صفحه297 رقم الحديث: 1991 .

حَدَّثَ قَالَ: لَمْ يَزَلْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَبِّي حَتَّى رَمَى الْجَمْرَةَ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ جَرِيرٍ اِلَّا ابْنُهُ وَهْبٌ

یہ حدیث زہری سے صرف یونس بن یزید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں جریر بن حازم اکیلے ہیں اور جریر سے صرف اُن کے بیٹے وہیب ہی روایت کرتے ہیں۔

753 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُشَيْرٍ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ قَالَ: نا عَتَّابُ بْنُ زِيَادٍ قَالَ: نا اَبُو حَمْزَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ الصَّائِغِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْصِلُ بَيْنَ الشَّفْعِ وَالْوَتْرِ بِتَسْلِيمَةٍ، وَيُسْمِعُنَاهَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ دو رکعت اور ایک رکعت وتر کے درمیان سلام کے ساتھ فاصلہ کرتے تھے اور ہم کو یہ سلام سناتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ الصَّائِغِ اِلَّا اَبُو حَمْزَةَ السُّكَّرِيُّ

یہ حدیث ابراہیم الصائغ سے صرف ابوحمزہ السکری ہی روایت کرتے ہیں۔

754 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُشَيْرٍ قَالَ: نا اَبُو مَعْمَرٍ الْقَطِيعِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِي الْغَيْثِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بُورِكَ لِاُمَّتِي فِي بُكُورِهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری اُمت کے صبح کے وقت میں برکت دی گئی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَوْرٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ

یہ حدیث ثور سے صرف عبداللہ بن جعفر ہی روایت کرتے ہیں۔

755 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُشَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ

حضرت ہارون بن دینار اپنے والد سے روایت

753- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه248 .

754- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 6714 .

755- أخرجه الطبراني في الصغير جلد 1صفحه35' والكبير جلد 20صفحه353' والامام أحمد في مسنده جلد 5 صفحه227' والبزار جلد2صفحه278 . وانظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه307 .

قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ أَيُّوبَ، صَاحِبُ الْبَصْرِيِّ، وَشَبَابٌ الْعُصْفُرِيُّ، قَالَا: نا هَارُونُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ رَجُلًا، مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُقَالُ لَهُ: مَيْمُونُ بْنُ سِنْبَاذَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: قَوَامُ أُمَّتِي بِشِرَارِهَا

کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے ایک آدمی سے سنا' ان کو میمون بن سنباذ کہا جاتا ہے' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: میری اُمت کی ہلاکت اس قوم کے شرارتی لوگوں کی وجہ سے ہوگی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مَيْمُونِ بْنِ سِنْبَاذَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: هَارُونُ بْنُ دِينَارٍ

یہ حدیث میمون بن سنباذ سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں ہارون بن دینار اکیلے ہیں۔

756 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ بُشَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ صُهَيْبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي هَذِهِ الْآيَةِ: ﴿لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا الْحُسْنَى وَزِيَادَةٌ﴾ (يونس: 26) قَالَ: إِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، وَأَهْلُ النَّارِ النَّارَ، نَادَى مُنَادٍ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ، إِنَّ لَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ مَوْعِدًا يُرِيدُ أَنْ يُنْجِزَكُمُوهُ، فَيَقُولُونَ: وَمَا هُوَ؟ أَلَمْ يُبَيِّضْ وُجُوهَنَا؟ أَلَمْ يُثَقِّلْ مَوَازِينَنَا، أَلَمْ يُزَحْزِحْنَا عَنِ النَّارِ وَيُدْخِلْنَا الْجَنَّةَ؟ فَيُكْشَفُ لَهُمْ عَنِ الْحِجَابِ، فَيَنْظُرُونَ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَمَا شَيْءٌ أَحَبُّ إِلَيْهِمْ مِنَ النَّظَرِ إِلَيْهِ، وَهِيَ الزِّيَادَةُ.

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اس آیت ''لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا الْحُسْنَى وَزِيَادَةٌ'' (یونس:۲۶) کی تفسیر کی تو فرمایا: جب اہل جنت' جنت میں داخل ہوں گے اور جہنم والے' جہنم میں داخل ہوں گے تو ایک آواز دینے والا آواز دے گا: اے اہل جنت! بے شک تمہارے لیے اللہ کے ہاں وعدہ ہے کہ وہ چاہتا ہے کہ تم پر اس کو پورا کر دے۔ وہ عرض کریں گے: وہ کیا ہے؟ کیا ہمارے چہروں کو سفید نہیں کیا گیا؟ کیا ہم کو جہنم سے بچا نہیں لیا گیا اور جنت میں داخل نہیں کیا گیا؟ تو اُن سے پردہ اُٹھایا جائے گا اور وہ اللہ عزوجل کو دیکھیں گے' ان کے نزدیک اللہ کو دیکھنے کے علاوہ اور کوئی شی محبوب نہیں ہوگی' یہ زیادت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث ثابت سے صرف حماد بن سلمہ ہی روایت کرتے ہیں۔

756- أخرجه الترمذي: صفة الجنة جلد **4** صفحه **687** رقم الحديث: **2552**' وابن ماجة: المقدمة جلد **1** صفحه **67** رقم الحديث: **187**' وأحمد: المسند جلد **4** صفحه **406** رقم الحديث: **18959** .

757 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُشَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ قَالَ: نا الْهُذَيْلُ بْنُ بِلَالٍ اَبُو الْبُهْلُولِ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِي مَحْذُورَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: جَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَذَانَ لَنَا وَلِمَوَالِينَا، وَالسِّقَايَةَ لِبَنِي هَاشِمٍ، وَالْحِجَابَةَ لِبَنِي عَبْدِ الدَّارِ

حضرت ابومحذورہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اذان (حج کی منادی) ہمارے اور ہمارے غلاموں کے لیے ہے اور سقایہ (پانی پلانا) بنی ہاشم کے لیے ہے اور حجابہ (نگرانی) بنی عبدالدار کے لیے ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي مَحْذُورَةَ اِلَّا الْهُذَيْلُ بْنُ بِلَالٍ

یہ حدیث عبدالملک بن ابی محذورہ سے صرف ہذیل بن بلال ہی روایت کرتے ہیں۔

758 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُشَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ شُجَاعٍ الْمَرْوَذِيُّ مُحْمُويَهِ قَالَ: نا اَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ وَاصِلٍ، عَنِ الْمُثَنَّى الْعَطَّارِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلَاةُ اللَّيْلِ مَثْنَى مَثْنَى، فَاِذَا خَشِيتَ اَنْ يُرْهِقَكَ الصُّبْحُ، فَاَوْتِرْ بِوَاحِدَةٍ

حضرت سالم بن عمر اپنے والد سے وہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: رات کی نماز دو دو رکعت ہے جب کسی کو صبح ہونے کا اندیشہ ہو تو وہ ایک رکعت اور ملا کر وتر کر لے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُثَنَّى الْعَطَّارِ اِلَّا اَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ

یہ حدیث مثنیٰ العطار سے صرف ابوعبیدہ الحداد ہی روایت کرتے ہیں۔

759 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُشَيْرٍ قَالَ: نا عُبَيْدُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم

757- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 7 صفحه 208 رقم الحديث: 6737 والامام أحمد في مسنده رقم الحديث: 40116 . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 29013 .

758- أخرجه البخاري: التهجد جلد 3 صفحه 25 رقم الحديث: 1137 ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 516 والنسائي: قيام الليل جلد 3 صفحه 185 (باب كيف صلاة الليل؟) وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 181 رقم الحديث: 6174 .

759- أخرجه الترمذي: الحج جلد 3 صفحه 255 رقم الحديث: 924 وابن ماجة: المناسك جلد 2 صفحه 971 رقم الحديث: 2910 .

بْنُ جَنَادٍ الْحَلَبِيُّ قَالَ: نا يُوسُفُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّتِهِ عِنْدَ امْرَاَةٍ، فَاَخْرَجَتْ صَبِيًّا بِيَدِهَا، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَلِهَذَا حَجٌّ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَلَكِ اَجْرٌ

ﷺ اپنے حج کے دوران ایک عورت کے پاس سے گزرے اس نے اپنے ہاتھ میں بچہ پکڑا ہوا تھا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا اس کے لیے حج ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! اور تیرے لیے بھی اجر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُوسُفَ اِلَّا عُبَيْدُ بْنُ جَنَادٍ

یہ حدیث یوسف سے صرف عبید بن جناد ہی روایت کرتے ہیں۔

760 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُشَيْرٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُقْبَةَ السَّدُوسِيُّ قَالَ: نا يُونُسُ بْنُ اَرْقَمَ، عَنْ اَبِي الْجَارُودِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اِذَا دَفَعَ مَالًا مُضَارَبَةً اشْتَرَطَ عَلَى صَاحِبِهِ: لَا يَسْلُكُ بِهِ بَحْرًا، وَلَا يَنْزِلُ بِهِ وَادِيًا، وَلَا يَشْتَرِي بِهِ ذَاتَ كَبِدٍ رَطْبَةٍ، فَاِنْ فَعَلَ فَهُوَ ضَامِنٌ، فَرَفَعَ شَرْطَهُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَجَازَهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ جب اپنا مال مضاربت کے طور پر دیتے تو آپ دینے والے پر شرط لگاتے کہ اس کے ذریعے کسی سمندر پر چلنا نہ کسی وادی میں اُترنا اور نہ اس کے ساتھ کوئی جاندار خریدنا' اگر وہ ایسا کرے گا تو اس کا ضامن ہوگا تو وہ اس شرط کو رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں لے گئے تو آپ نے اس کی اجازت دے دی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ. تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عُقْبَةَ

یہ حدیث حضرت ابن عباس سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں محمد بن عقبہ اکیلے ہیں۔

761 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُشَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُقْبَةَ السَّدُوسِيُّ قَالَ: نا مِسْكِينُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُو فَاطِمَةَ الْاَزْدِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا عَطِيَّةَ الْبَكْرِيَّ بَكْرَ بْنَ وَائِلٍ يَقُولُ: انْطَلَقَ بِي اَهْلِي اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنَا غُلَامٌ شَابٌّ،

حضرت ابوعطیہ البکری بکر بن وائل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے میرے گھر والے نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں لے گئے اس حالت میں کہ میں چھوٹا تھا' آپ نے اپنا دست مبارک میرے سر پر پھیرا۔ راوی حدیث فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوعطیہ کے سر اور داڑھی

760- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 16614 .

761- انظر: مجمع الزوائد: جلد9 صفحه403 .

فَمَسَحَ يَدَهُ عَلَى رَأْسِي . قَالَ: فَرَأَيْتُ اَبَا عَطِيَّةَ اَسْوَدَ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ، وَكَانَتْ قَدْ اَتَتْ عَلَيْهِ مِائَةُ سَنَةٍ

کے بال کالے دیکھے اس وقت جب کہ ان کی عمر سو سال ہو چکی تھی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي عَطِيَّةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عُقْبَةَ

یہ حدیث حضرت ابوعطیہ سے اسی سند سے ہی مروی ہے اسے روایت کرنے میں محمد بن عقبہ اکیلے ہیں۔

762 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُشَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ قَالَ: نا الْمُثَنَّى بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ قَالَ: حَدَّثَنِي الْاَجْلَحُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْكِنْدِيُّ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ السَّبِيعِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ الْاَوْدِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: بَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ، وَاَبُو جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ، وَشَيْبَةُ وَعُقْبَةُ ابْنَا رَبِيعَةَ، وَعُقْبَةُ بْنُ اَبِي مُعَيْطٍ، وَاُمَيَّةُ بْنُ خَلَفٍ . فَقَالَ اَبُو جَهْلٍ: اَيُّكُمْ يَاْتِي جَزُورَ بَنِي فُلَانٍ، فَيَاْتِينَا بِفَرْثِهَا، فَيُلْقِيهِ عَلَى مُحَمَّدٍ؟ فَانْطَلَقَ اَشْقَاهُمْ، وَاَسْفَهُهُمْ عُقْبَةُ بْنُ اَبِي مُعَيْطٍ، فَاَتَى بِهِ، فَاَلْقَاهُ عَلَى كَتِفَيْهِ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاجِدٌ لَمْ يَهْتَمَّ . قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: وَاَنَا قَائِمٌ لَا اَسْتَطِيعُ اَنْ اَتَكَلَّمَ بِشَيْءٍ، لَيْسَ عِنْدِي عَشِيرَةٌ تَمْنَعُنِي . اِذْ سَمِعَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَلِكَ، فَاَقْبَلَتْ حَتَّى اَلْقَتْ ذَلِكَ عَنْ اَبِيهَا، ثُمَّ اسْتَقْبَلَتْ قُرَيْشًا تَسُبُّهُمْ، فَلَمْ يَرْجِعُوا اِلَيْهَا شَيْئًا . وَرَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاْسَهُ كَمَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس دوران کہ رسول اللہ ﷺ مسجد میں تھے، ابوجہل بن ہشام، شیبہ، عقبہ ربیعہ کے بیٹے، عقبہ بن ابی معیط اور اُمیہ بن خلف (وہاں موجود تھے)۔ ابوجہل نے کہا: تم میں کون بنی فلاں کے اونٹ کی اوجھڑی لے کر میرے پاس آئے گا، یا اس کی لید لے کر آئیں گے، اس کو محمد پر ڈال دے گا؟ اُن میں سب سے بڑا بدبخت اور بیوقوف عقبہ بن ابی معیط چلا، وہ لے کر آیا، اس نے وہ آپ ﷺ کے کندھوں پر ڈال دی اس حالت میں کہ رسول اللہ ﷺ سجدہ میں تھے، آپ نے ان کو کچھ نہیں کہا۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں کھڑا تھا، میں کوئی گفتگو کرنے کی طاقت نہیں رکھتا تھا لیکن میرے پاس کوئی شی بھی روکنے کے لیے نہیں تھی، اچانک حضرت فاطمہ بنت رسول اللہ ﷺ نے سنا، آپ تشریف لائیں یہاں تک کہ انہوں نے اپنے والد سے اسے اتارا، پھر قریش کی طرف متوجہ ہوئیں، ان کو بُرا بھلا کہا، انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے اپنا سر سجدے سے اُٹھایا جس طرح آپ سجدہ مکمل ہونے کی صورت میں

762- انظر: الجرح والتعديل جلد8صفحه327 . والحديث أخرجه البزار جلد3صفحه126 .

كَانَ يَرْفَعُهُ عِنْدَ تَمَامِ سُجُودِهِ، فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهُ قَالَ: اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِقُرَيْشٍ، اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِقُرَيْشٍ، اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِعُقْبَةَ، وَعُتْبَةَ، وَأُمَيَّةَ بْنِ خَلَفٍ، وَأَبِي جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ، وَشَيْبَةَ. وَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَسْجِدِ، فَلَقِيَهُ أَبُو الْبَخْتَرِيِّ، وَمَعَ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ سَوْطٌ بِخِنْصَرَيْهِ، فَلَمَّا رَأَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْكَرَ وَجْهَهُ، فَأَخَذَهُ، فَقَالَ: تَعَالَ، مَا لَكَ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَلِّ عَنِّي. فَقَالَ: عَلِمَ اللّٰهُ، لَا أُخَلِّي عَنْكَ أَوْ تُخْبِرَنِي مَا شَأْنُكَ، وَلَقَدْ أَصَابَكَ سُوءٌ. فَلَمَّا عَلِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ غَيْرُ مُخَلٍّ عَنْهُ أَخْبَرَهُ، فَقَالَ: إِنَّ أَبَا جَهْلٍ أَمَرَ فَطُرِحَ عَلَيَّ فَرْثٌ. فَقَالَ أَبُو الْبَخْتَرِيِّ: هَلُمَّ إِلَى الْمَسْجِدِ، فَأَبَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخَذَهُ أَبُو الْبَخْتَرِيِّ فَأَدْخَلَهُ الْمَسْجِدَ، ثُمَّ أَقْبَلَ إِلَى أَبِي جَهْلٍ، فَقَالَ: يَا أَبَا الْحَكَمِ، أَنْتَ الَّذِي أَمَرْتَ بِمُحَمَّدٍ، فَطُرِحَ عَلَيْهِ الْفَرْثُ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، فَرَفَعَ السَّوْطَ، فَضَرَبَ بِهِ رَأْسَهُ، فَتَأَخَّرَتِ الرِّجَالُ بَعْضُهَا إِلَى بَعْضٍ. فَقَالَ أَبُو جَهْلٍ: وَيْحَكُمْ هِيَ لَهُ، إِنَّمَا أَرَادَ مُحَمَّدٌ أَنْ يُلْقِيَ بَيْنَنَا الْعَدَاوَةَ وَيَنْجُوَ هُوَ وَأَصْحَابُهُ

اُٹھاتے تھے۔ جب رسول اللہ ﷺ نے نماز مکمل فرمائی تو آپ نے دعا کی: اے اللہ! قریش‘ اے اللہ! قریش‘ اے اللہ! عقبہ‘ عتبہ‘ اُمیہ بن خلف‘ ابوجہل بن ہشام اور شیبہ کو ہلاک کر دے! اور رسول اللہ ﷺ مسجد سے نکلے‘ ابوبختری آپ سے ملا‘ ابوبختری کے پاس کوڑا تھا‘ جب اس نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا تو آپ کے چہرہ پر پریشانی تھی‘ اس نے آپ کو پکڑا‘ عرض کی: آیئے! آپ کو کیا ہوا ہے؟ تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مجھے چھوڑ دیں! اس نے کہا: اللہ کی قسم! میں آپ کو نہیں چھوڑوں گا یہاں تک کہ آپ مجھے بتائیں کہ آپ کو کیا ہوا ہے؟ آپ کو تکلیف پہنچی ہے؟ پس رسول اللہ ﷺ کو یقین ہو گیا کہ یہ چھوڑے گا نہیں تو آپ ﷺ نے اسے بتایا‘ فرمایا: ابوجہل نے حکم دیا تھا کہ مجھ پر گندگی پھینکی جائے۔ ابوبختری نے عرض کی: مسجد میں آئیں! تو نبی کریم ﷺ نے انکار کر دیا۔ ابوبختری نے آپ کو پکڑا آپ کو مسجد میں داخل کیا‘ پھر ابوجہل کی طرف متوجہ ہوئے‘ ابوبختری نے فرمایا: اے ابوحکم! تو وہ ہے جس نے محمد پر نجاست پھینکنے کا حکم دیا تھا؟ ابوجہل نے کہا: ہاں! ابوبختری نے کوڑا اُٹھایا اور ابوجہل کے سر پر مارا‘ لوگ ایک دوسرے سے پیچھے ہٹنے لگے‘ ابوجہل نے کہا: تمہارے لیے ہلاکت! یہ کیا ہے؟ محمد چاہتا ہے کہ ہمارے درمیان عداوت ڈالے اور خود اور اپنے ساتھیوں کو بچالے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَجْلَحِ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُثَنَّى بْنُ زُرْعَةَ

یہ حدیث الاجلح سے صرف محمد بن اسحاق ہی روایت کرتے ہیں‘ اسے روایت کرنے میں مثنیٰ بن زرعہ اکیلے

ہیں۔

763 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُشَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْوَرْكَانِيُّ قَالَ: نا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: السَّفَرُ قِطْعَةٌ مِنَ الْعَذَابِ، يَمْنَعُ اَحَدَكُمْ نَوْمَهُ وَلَذَّتَهُ، وَطَعَامَهُ وَشَرَابَهُ. فَاِذَا قَضَى اَحَدُكُمْ نَهْمَتَهُ مِنْ سَفَرِهِ، فَلْيُسْرِعِ الرُّجُوعَ اِلَى اَهْلِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سفر عذاب کا ٹکڑا ہے' یہ تم میں سے ہر ایک کو نیند اور لذت اور کھانے پینے سے روکے رکھتا ہے' سو جب تم میں سے کوئی اپنی ضرورت پوری کر لے تو جلدی جلدی اپنے گھر چلا جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُهَيْلٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْوَرْكَانِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَثْمَةَ. وَرَوَاهُ اَصْحَابُ مَالِكٍ: عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ. وَرَوَاهُ عَتِيقُ بْنُ يَعْقُوبَ الزُّبَيْرِيُّ: عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ. وَرَوَاهُ رَوَّادُ بْنُ الْجَرَّاحِ: عَنْ مَالِكٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ

یہ حدیث از مالک از سہیل صرف محمد بن جعفر الورکانی اور محمد بن خالد بن عثمہ ہی روایت کرتے ہیں۔ مالک کے اصحاب مالک سے' وہ سمی سے اور وہ ابی صالح سے روایت کرتے ہیں۔ عتیق بن یعقوب الزبیری' مالک سے اور وہ ابوالنضر سے اور وہ ابوصالح سے روایت کرتے ہیں۔ روّاد بن جراح' مالک سے' وہ ربیعہ بن ابی عبدالرحمٰن سے' وہ قاسم سے اور وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں۔

764 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُشَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ قَالَ: نا اَبُو هِلَالٍ الرَّاسِبِيُّ مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو مُوسَى الْهِلَالِيُّ،

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس مسجد میں آئے اور فرمایا: یہاں کون تھا؟ کیا تم نے سنا؟ بے شک میرے بعد ایسے

763- أخرجه البخاري: الجهاد جلد 6 صفحه 161 رقم الحديث: 3001' ومسلم: الامارة جلد 3 صفحه 1526' وابن ماجة: المناسك جلد 2 صفحه 962 رقم الحديث: 2882' ومالك في الموطأ: الاستئذان جلد 2 صفحه 980 رقم الحديث: 39' والدارمي: الاستئذان جلد 2 صفحه 372 رقم الحديث: 2670' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 317 رقم الحديث: 7244 .

764- أخرجه الترمذي: الفتن جلد 4 صفحه 252 رقم الحديث: 2259' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 298 رقم الحديث: 18150 .

عَنْ اَبِيهِ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ: دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ، فَقَالَ: مِنْ هَاهُنَا؟ هَلْ تَسْمَعُونَ؟ اِنَّ مَنْ بَعْدِي اُمَرَاءُ يَعْمَلُونَ بِغَيْرِ طَاعَةِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَمَنْ شَارَكَهُمْ فِي عَمَلِهِمْ، وَاَعَانَهُمْ عَلَى ظُلْمِهِمْ، فَلَيْسَ مِنِّي وَلَسْتُ مِنْهُ، وَلَنْ يَرِدَ عَلَيَّ الْحَوْضَ، وَمَنْ لَمْ يُشَارِكْهُمْ فِي عَمَلِهِمْ، وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلَى ظُلْمِهِمْ، فَهُوَ مِنِّي وَاَنَا مِنْهُ، وَسَيَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ

امراء آئیں گے جن کی اللہ کی اطاعت کے بغیر اطاعت کی جائے گی' جو اُن کے کام اور اس کے ظلم میں اس کی مدد کرنے میں شریک ہوا' اس کا تعلق مجھ سے اور میرا تعلق اُن سے نہیں ہے' وہ میرے حوض پر بھی نہیں آئیں گے اور جو اُن کے کام اور ظلم کے لیے اُن کی مدد کرنے میں شریک نہ ہوا تو وہ مجھ سے ہیں اور میں اُن سے ہوں اور وہ عنقریب میرے حوض پر آئے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي مُوسَى الْهِلَالِيِّ اِلَّا اَبُو هِلَالٍ الرَّاسِبِيُّ

یہ حدیث ابوموسیٰ الہلالی سے صرف ابوہلال الراسبی ہی روایت کرتے ہیں۔

765 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُشَيْرٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عَاصِمٍ اَبُو طَالِبٍ قَالَ: نا اَبُو الْمَلِيحِ الرَّقِّيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: اَوَّلُ خَبَرٍ جَاءَنَا بِالْمَدِينَةِ مَبْعَثَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَّ امْرَاَةً مِنْ اَهْلِ الْمَدِينَةِ كَانَ لَهَا تَابِعٌ مِنَ الْجِنِّ، جَاءَ فِي صُورَةِ طَيْرٍ، حَتَّى وَقَعَ عَلَى جِذْعٍ لَهُمْ، فَقَالَتْ لَهُ: اَلَا تَنْزِلُ اِلَيْنَا فَتُحَدِّثُنَا، وَنُحَدِّثُكَ، وَتُحَذِّرُنَا وَنُحَذِّرُكَ؟ فَقَالَ: لَا، اِنَّهُ قَدْ بُعِثَ بِمَكَّةَ نَبِيٌّ حَرَّمَ الزِّنَى، وَمَنَعَ مِنَّا الْقَرَارَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے اعلانِ نبوت کے وقت سب سے پہلی خبر جو مدینہ منورہ میں آئی وہ یہ تھی کہ مدینہ منورہ کی ایک عورت تھی جس کے تابع ایک جن تھا' وہ اس کے پاس پرندے کی شکل میں آیا یہاں تک کہ وہ ایک لکڑی پر چڑھ گیا تو اس عورت نے کہا: کیا تُو ہمارے پاس نہیں آتا کہ تُو ہم سے گفتگو کرے اور ہم تیرے ساتھ گفتگو کریں' تو ہم کو ڈرا اور ہم تجھے ڈراتے ہیں' اس نے کہا: نہیں! کیونکہ مکہ میں ایک نبی مبعوث ہوا ہے' اس نے زنا کو حرام کیا اور ہم کو ٹھہرنے سے منع کیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَقِيلٍ اِلَّا اَبُو الْمَلِيحِ الْحُسَيْنُ بْنُ عُمَرَ

یہ حدیث ابن عقیل سے صرف ابوالملیح حسین بن عمر ہی روایت کرتے ہیں۔

766 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ

765- انظر: مجمع الزوائد جلد 8 صفحہ 242-244 .

766- انظر: مجمع الزوائد جلد 7 صفحہ 302 .

قَالَ: نا الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نا عِكْرِمَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبُنَانِيُّ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَجِيءُ الْمَقْتُولُ آخِذًا قَاتِلَهُ، وَاَوْدَاجُهُ تَشْخَبُ دَمًا عِنْدَ ذِي الْعِزَّةِ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ سَلْ هَذَا فِيمَ قَتَلَنِي؟ فَيَقُولُ: فِيمَ قَتَلْتَهُ؟ قَالَ: قَتَلْتُهُ لِتَكُونَ الْعِزَّةُ لِفُلَانٍ. قِيلَ: هِيَ لِلّٰهِ

سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: مقتول قاتل کو پکڑ کر اللہ کے ہاں آئے گا اس حالت میں کہ اس کی رگوں سے خون بہہ رہا ہوگا' وہ عرض کرے گا: اے رب! اس سے پوچھ کہ اس نے مجھے کیوں قتل کیا؟ اللہ عزوجل پوچھے گا: تُو نے اسے کیوں قتل کیا؟ وہ عرض کرے گا: میں نے اسے قتل کیا تاکہ فلاں کی عزت زیادہ ہو۔ کہا جائے گا: وہ (عزت) تو اللہ کے لیے ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا عِكْرِمَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبُنَانِيُّ مِنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ الثَّقَفِيُّ

اسے عاصم سے صرف عکرمہ بن عبداللہ البنانی ہی روایت کرتے ہیں جو بصرہ کے رہنے والے ہیں' اسے روایت کرنے میں فیض بن وثیق الثقفی اکیلے ہیں۔

767 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي ثَابِتٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي حَبِيبَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا تَكَلَّمَ رُئِيَ كَالنُّورِ يَخْرُجُ مِنْ بَيْنِ ثَنَايَاهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب گفتگو کرتے تو گویا کہ آپ کے آگے والے دونوں دانتوں سے نور نکلتا دکھائی دیتا تھا۔

لَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث حضرت ابن عباس سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں۔

768 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے اپنی موت کے وقت چھ غلام آزاد کردیے

768- أخرجه مسلم: الأيمان جلد 3 صفحه 1288' وأبو داؤد: العتق جلد 4 صفحه 27 رقم الحديث: 3958' والترمذي: الأحكام جلد 3 صفحه 636 رقم الحديث: 1364' والنسائي: الجنائز جلد 4 صفحه 51 (باب الصلاة على من يخيف في وصيته)' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 521 رقم الحديث: 19849 .

زَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَتِيقٍ، وَاَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ، اَنَّ رَجُلًا، اَعْتَقَ سِتَّةَ اَعْبُدٍ لَهُ عِنْدَ الْمَوْتِ، لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ غَيْرَهُمْ، فَاَقْرَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمْ، فَاَعْتَقَ اثْنَيْنِ، وَاَرَقَّ اَرْبَعَةً

حالانکہ اس کے پاس اس کے علاوہ اور کوئی مال نہیں تھا' تو نبی کریم ﷺ نے اُن کے درمیان قرعہ اندازی فرمائی اور دو کو آزاد کر دیا اور چار کو غلام ہی رکھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَتِيقٍ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ

یہ حدیث یحییٰ بن عتیق سے صرف حماد بن زیاد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں فیض بن وثیق اکیلے ہیں۔

769 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نا عَنْبَسَةُ الْاَعْوَرُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ، وَسَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، اَنَّ رَجُلًا اَعْتَقَ سِتَّةَ اَعْبُدٍ لَهُ عِنْدَ الْمَوْتِ، لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ غَيْرَهُمْ، فَاَقْرَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمْ، فَاَعْتَقَ اثْنَيْنِ، وَاَرَقَّ اَرْبَعَةً

حضرت عمران بن حصین اور سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے اپنی موت کے وقت چھ غلام آزاد کر دیئے حالانکہ اس کے پاس اس کے علاوہ اور کوئی مال نہیں تھا' تو نبی کریم ﷺ نے اُن کے درمیان قرعہ اندازی فرمائی اور دو کو آزاد کر دیا اور چار کو غلام ہی رکھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ اَبِي رَائِطَةَ الْاَعْوَرِ الْغَنَوِيِّ اِلَّا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ وَلَا قَالَ اَحَدٌ مِمَّا رَوَى هٰذَا الْحَدِيثَ: عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ اِلَّا عَنْبَسَةُ

یہ حدیث عنبسہ بن ابی رائطہ الاعود الغنوی سے صرف عبدالوہاب الثقفی ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں فیض بن وثیق اکیلے ہیں' یہ حدیث کسی ایک نے بھی از حسن از سمرہ سوائے عنبسہ کے روایت نہیں کی۔

770 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

769- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد7صفحه774 رقم الحديث:6934 .

770- أخرجه البخاری: الأنبياء جلد6صفحه572 رقم الحديث:3460' ومسلم: المساقاة جلد3صفحه1207' وأبو داؤد: البيوع جلد3صفحه278 رقم الحديث: 3488' والدارمی: الأشربة جلد 2صفحه156 رقم الحديث: 2104' وأحمد: المسند جلد1صفحه325 رقم الحديث:2225 .

قَالَ: نا الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي عَمْرَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعَنَ اللّٰهُ الْيَهُودَ، حُرِّمَتْ عَلَيْهِمُ الشُّحُومُ، فَبَاعُوهَا وَاَكَلُوا اَثْمَانَهَا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ یہود پر لعنت کرے! ان پر چربی حرام کی گئی تو انہوں نے اس کو فروخت کیا اور اس کے پیسے کھائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي عَمْرَةَ اِلَّا جَرِيرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ

یہ حدیث حبیب بن ابی عمرہ سے صرف جریر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں فیض بن وثیق اکیلے ہیں۔

771 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا خَلَفٌ قَالَ: نا عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى يَوْمَ التَّرْوِيَةِ بِمِنًى الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ترویہ کے دن منیٰ میں ظہر و عصر کی نماز (اکٹھی) پڑھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا عَبْثَرٌ

یہ حدیث اعمش سے صرف عبثر ہی روایت کرتے ہیں۔

772 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الذِّمَارِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَبِي الْجَحَّافِ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا ذِئْبَانِ ضَارِيَانِ جَائِعَانِ، بَاتَا فِي زَرِيبَةِ غَنَمٍ اَغْفَلَهَا اَهْلُهَا، يَفْتَرِسَانِ وَيَاْكُلَانِ بِاَسْرَعَ فِيهَا فَسَادًا مِنْ حُبِّ الْمَالِ وَالشَّرَفِ فِي دِينِ الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دو بھوکے بھیڑیے جن کو بکریوں کے باڑے میں چھوڑا جائے اور وہ جلدی سے کھائیں تو وہ اتنا نقصان نہیں کریں گے جتنا مال اور عزت کا بھوکا انسان' مسلمان کے دین میں نقصان کرتا ہے۔

771- أخرجه ابن ماجة: المناسك جلد2صفحه999 رقم الحديث: 3004 .

772- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه253 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ الذِّمَارِيُّ

یہ حدیث سفیان سے صرف عبدالملک الذماری ہی روایت کرتے ہیں۔

773 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نَا الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ مُغِيرَةَ بْنِ مِقْسَمٍ الضَّبِّيِّ، عَنْ وَاصِلِ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي الْهُذَيْلِ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ خَلِيلًا، وَلَكِنَّ صَاحِبَكُمْ خَلِيلُ اللّٰهِ وَأُنْزِلَ الْقُرْآنُ عَلَى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ، لِكُلِّ حَرْفٍ مِنْهَا ظَهْرٌ وَبَطْنٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر میں کسی کو خلیل بناتا تو میں ابوبکر کو خلیل بناتا' لیکن تمہارے صاحب اللہ کے خلیل ہیں اور قرآن پاک سات قرأتوں میں نازل ہوا ہے اور ہر قرأت کا ایک ظاہر اور ایک باطن ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُغِيرَةَ إِلَّا جَرِيرٌ

یہ حدیث مغیرہ سے صرف جریر ہی روایت کرتے ہیں۔

774 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُهَاجِرِ بْنِ مِسْمَارٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: بُعِثَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ثَمَانِيَةِ آلَافِ نَبِيٍّ، مِنْهُمْ أَرْبَعَةُ آلَافٍ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مبعوث کیا گیا آٹھ ہزار نبیوں کے بعد' اُن آٹھ ہزار میں سے چار ہزار بنی اسرائیل کے نبی تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُهَاجِرِ بْنِ

یہ حدیث از صفوان بن سلیم از یزید الرقاشی صرف ابراہیم بن مہاجر بن مسمار ہی روایت کرتے ہیں' اسے

773- أخرجه الطبراني في الكبير جلد10صفحه129-130 رقم الحديث: 10107' وأبو يعلى جلد9 صفحه 80' أخرجه البزار جلد 3صفحه90' وابن حبان في صحيحه جلد 1صفحه146 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 7 صفحه155 .

774- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه213 .

مِسْمَارٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ . وَرَوَاهُ زِيَادُ بْنُ سَعْدِ بْنِ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ اَنَسٍ

روایت کرنے میں ابراہیم بن منذر اکیلے ہیں اور زیاد بن سعد بن صفوان بن سلیم' انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔

775 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ اَبُو مَالِكٍ الْجَنْبِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَطَاءٍ الْمَكِّيِّ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ قَالَ: جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ نَائِمٌ فِي التُّرَابِ، فَقَالَ: اِنَّ اَحَقَّ اَسْمَائِكَ اَبُو تُرَابٍ، اَنْتَ اَبُو تُرَابٍ

حضرت ابوطفیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے' اس حالت میں کہ حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ زمین پر محو آرام تھے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تیرے ناموں میں ابوتراب سب سے زیادہ بہتر ہے' تُو ابوتراب ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ. تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ

یہ حدیث ابوطفیل سے اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں عبدالرحمن بن صالح اکیلے ہیں۔

776 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ طَرِيفٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرٍو ذِي مُرٍّ، عَنْ عَلِيٍّ، فِي قَوْلِهِ: (الَّذِينَ بَدَّلُوا نِعْمَةَ اللّٰهِ كُفْرًا وَاَحَلُّوا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ) (ابراهيم: 28) الْآيَةَ قَالَ: نَزَلَتْ فِي الْاَفْخَرَانِ مِنْ قُرَيْشٍ: بَنِي مَخْزُومٍ، وَبَنُو اُمَيَّةَ، فَاَمَّا بَنُو مَخْزُومٍ فَقَطَعَ اللّٰهُ دَابِرَهُمْ يَوْمَ بَدْرٍ، وَاَمَّا بَنُو اُمَيَّةَ فَمُتِّعُوا اِلَى حِينٍ

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اللہ عزوجل کے اس ارشاد "اَلَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ كُفْرًا وَّاَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ" (ابراہیم:۲۸) کی تفسیر فرمائی کہ یہ آیت قریش میں فخر کرنے والے دو قبائل بنی مخزوم اور بنوامیہ کے متعلق نازل ہوئی' بہرحال رہے بنومخزوم تو اللہ عزوجل نے بدر کے دن ان کی جڑ ہی کاٹ دی اور جو بنوامیہ ہیں ان کو ایک زمانہ تک مہلت دی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُطَرِّفٍ اِلَّا صَالِحُ بْنُ عُمَرَ. تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث مطرف سے صالح بن عمر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں سعید بن سلیمان اکیلے ہیں۔

775- انظر: مجمع الزوائد جلد 19 صفحه 104 .

776- انظر: مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 47 .

777 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ حَيَّانَ اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ، وَاَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَعُثْمَانُ شَطْرًا مِنْ اِمَارَتِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے منیٰ میں دو رکعتیں ادا کیں اور حضرت ابوبکر وعمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم ابھی اپنے دورِ حکومت میں منیٰ میں دو دو رکعتیں ادا کرتے رہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، وَعَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے صرف ابوخالد الاحمر اور عبدہ بن سلیمان ہی روایت کرتے ہیں۔

778 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ قَالَ: نا قَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولَ اللّٰهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُوقِنًا دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے لا الٰہ الا اللہ صدقِ دل سے پڑھ لیا' وہ جنت میں داخل ہوگیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ اِلَّا قَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْقَوَارِيرِيُّ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے صرف قزعہ بن سوید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں قواریری اکیلے ہیں۔

779 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ الْعَوَّامِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ترویہ سے ایک دن پہلے فرمایا: ہم انشاء اللہ کل خیف الایمن کے مقام پر اُتریں گے' جہاں

777- أخرجه البخاري: الحج جلد 3 صفحه 595 رقم الحديث: 1655' ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 482' والنسائي: تقصير الصلاة جلد 3 صفحه 98 (باب الصلاة بمنى)' والدارمي: الصلاة جلد 1 صفحه 423 رقم الحديث: 1506 .

778- أخرجه الترمذي رقم الحديث: 3590 . وانظر: الترغيب والترهيب للمنذري جلد 2 صفحه 414 رقم الحديث: 7 . انظر: الدر المنثور للحافظ السيوطي جلد 6 صفحه 62 .

779- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 11 صفحه 61 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 253 .

وَمُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ التَّرْوِيَةِ بِيَوْمٍ: مَنْزِلُنَا غَدًا، اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، بِالْخَيْفِ الْاَيْمَنِ، حَيْثُ اسْتَقْسَمَ الْمُشْرِكُونَ عَلَى الْكُفْرِ

مشرکین نے کفر پر قسمیں کھائی تھیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ اِلَّا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ

یہ حدیث سفیان بن حسین سے صرف عباد بن عوام ہی روایت کرتے ہیں۔

780 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا يُوسُفُ بْنُ عَطِيَّةَ الصَّفَّارُ قَالَ: سَمِعْتُ مَرْزُوقَ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ الشَّامِيَّ، يُحَدِّثُ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ نَاشِءٍ يَنْشَأُ فِي الْعِبَادَةِ حَتَّى يُدْرِكَهُ الْمَوْتُ، اِلَّا اَعْطَاهُ اللّٰهُ اَجْرَ تِسْعَةٍ وَتِسْعِينَ صِدِّيقًا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو عبادت میں پلا بڑھا اور جس کو عبادت کرتے ہوئے موت آئی' اللہ عزوجل اُسے ننانوے صدیقوں کا ثواب عطا فرمائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ اِلَّا مَرْزُوقٌ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث مکحول سے صرف مرزوق ابوعبداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

781 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ قَالَ: نا دَاوُدُ بْنُ مَنْصُورٍ الْقَاضِي قَالَ: نا زَكَرِيَّا بْنُ حَكِيمٍ الْحَبَطِيُّ الْبَصْرِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سُلَيْكٍ الْغَطَفَانِيِّ قَالَ: بَيْنَمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، اِذْ دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ، فَجَلَسْتُ، فَقَالَ: هَلْ رَكَعْتَ الرَّكْعَتَيْنِ؟ قُلْتُ: لَا. قَالَ: فَارْكَعْهُمَا

حضرت سلیک الغطفانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس دوران کہ رسول اللہ ﷺ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے' اچانک میں مسجد میں آیا اور بیٹھ گیا' آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تُو نے دو رکعت ادا کی ہیں؟ میں نے عرض کی: نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: دو رکعت ادا کر۔

780- أخرجه الطبراني في الكبير جلد8صفحه152-153 . وانظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه273 .

781- أخرجه مسلم: الجمعة جلد2صفحه597' وأبو داؤد: الصلاة جلد1صفحه291 رقم الحديث: 1117 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ حَكِيمٍ اِلَّا دَاوُدُ بْنُ مَنْصُورٍ الْقَاضِي

یہ حدیث زکریا بن حکیم سے صرف داؤد بن منصور القاضی ہی روایت کرتے ہیں۔

782 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ الْعَوَّامِ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا: يَا عَائِشَةُ، هَذَا جِبْرِيلُ يَقْرَاُ عَلَيْكِ السَّلَامَ. فَقُلْتُ: وَعَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، فَذَهَبْتُ تَزِيدُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِلَى هَذَا انْتَهَى السَّلَامُ. فَقَالَ: رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا: اے عائشہ! یہ جبریل ہیں تجھے سلام کہتے ہیں۔ میں نے عرض کی: وعلیک السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! میں زیادہ کرنے لگی تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بس سلام اتنا ہی ہوتا ہے۔ حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: ''رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اِلَّا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ

یہ حدیث علاء بن مسیّب سے صرف عباد بن عوام ہی روایت کرتے ہیں۔

783 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ ابْنِ آدَمَ يَبْلَى، اِلَّا عَجْبُ الذَّنَبِ، وَفِيهِ يُرَكَّبُ الْخَلْقُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آدمی کا سارا بدن گل سڑ کر خاک ہو جائے گا مگر ریڑھ کی ہڈی' اس میں وہ قیامت کے دن سوار ہو کر آئے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ اَبِي الْاَسْوَدِ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث منصور بن ابی اسود سے صرف سعید بن سلیمان ہی روایت کرتے ہیں۔

782- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه36-37 .

783- أخرجه مسلم: الفتن جلد4صفحه2271' وأبو داؤد: سننه جلد4صفحه236 رقم الحديث: 4743' والنسائي: الجنائز جلد4صفحه88 (باب أرواح المؤمنين)' ومالك في الموطأ: الجنائز جلد1صفحه239 رقم الحديث: 48' وأحمد: المسند جلد2صفحه431 رقم الحديث: 8303 .

784 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نا اَبُو اُمَيَّةَ بْنُ يَعْلَى الطَّائِفِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ، وَبِيَدِهِ كِتَابٌ، فَقَالَ: لَاُعْطِيَنَّ هٰذَا الْكِتَابَ رَجُلًا يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، قُمْ يَا عُثْمَانُ بْنَ اَبِي الْعَاصِ . فَقَامَ عُثْمَانُ بْنُ اَبِي الْعَاصِ، فَدَفَعَهُ اِلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ منبر پر تشریف فرما ہوئے اور آپ کے ہاتھ میں کتاب تھی، آپ نے فرمایا: میں یہ کتاب اس آدمی کو دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہوگا اور اللہ اور اس کا رسول اس سے محبت کرتے ہوں گے، اے عثمان بن ابی العاص! کھڑا ہو۔ تو حضرت عثمان بن ابی العاص کھڑے ہوئے تو آپ نے ان کو وہ کتاب عطا کی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ اِلَّا اَبُو اُمَيَّةَ بْنُ يَعْلَى، تَفَرَّدَ بِهِ: الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ

یہ حدیث مقبری سے صرف ابوامیہ بن یعلیٰ ہی روایت کرتے ہیں، اسے روایت کرنے میں فیض بن وثیق اکیلے ہیں۔

785 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ قَالَ: نا اَبُو اُمَيَّةَ بْنُ يَعْلَى، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَمْرِو بْنِ جُدْعَانَ: اِذَا اشْتَرَيْتَ نَعْلًا فَاسْتَجِدْهَا، وَاِذَا اشْتَرَيْتَ ثَوْبًا فَاسْتَجِدْهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمرو بن جدعان رضی اللہ عنہ سے فرمایا: جب تُو جوتی خریدے تو اسے پہن کر پرانا کر اور جب تُو کپڑا خریدے تو اسے پہن کر پرانا کر۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ اِلَّا اَبُو اُمَيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ

یہ حدیث سعید المقبری سے صرف ابوامیہ ہی روایت کرتے ہیں، اسے روایت کرنے میں فیض بن وثیق اکیلے ہیں۔

786 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: نا عِيسَى بْنُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ موزوں پر مسح کر

784- وانظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه374 .

785- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه112 .

786- أخرجه ابن ماجة: الطهارة جلد1صفحه182 رقم الحديث: 548 . وانظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه260 .

مَيْمُونٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْمُوقَيْنِ

رہے تھے۔

787 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا سَلْمُ بْنُ قَادِمٍ قَالَ: نا هَاشِمُ بْنُ عِيسَى الْبُرِّيّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَظَرَ وَجْهَهُ فِي الْمِرْآةِ قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي سَوَّى خَلْقِي فَعَدَلَهُ، وَصَوَّرَ صُورَةَ وَجْهِي فَحَسَّنَهَا، وَجَعَلَنِي مِنَ الْمُسْلِمِينَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب اپنا چہرہ شیشے میں دیکھتے تو آپ یہ دعا پڑھتے: ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ سَوّٰی خَلْقِیْ فَعَدَلَهٗ وَصَوَّرَ صُوْرَةَ وَجْهِیْ فَحَسَّنَهَا وَجَعَلَنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا الْحَارِثُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَلَا عَنِ الْحَارِثِ اِلَّا هَاشِمُ بْنُ عِيسَى. تَفَرَّدَ بِهِ: سَلْمُ بْنُ قَادِمٍ

یہ حدیث زہری سے صرف حارث بن مسلم اور حارث سے صرف حاتم بن عیسٰی ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں سلم بن قادم اکیلے ہیں۔

788 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ اَبُو مَالِكٍ الْجَنْبِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ ابْنَةَ غَيْلَانَ، اَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: اِنِّي لَا اَقْدِرُ عَلَى الطُّهْرِ، اَفَاَتْرُكُ الصَّلَاةَ؟ فَقَالَ: لَيْسَتْ تِلْكَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ غیلان کی بیٹی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئی اور عرض کی: میں پاکی پر قادر نہیں ہوں تو کیا میں نماز کو چھوڑ دوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ حیض کی حالت نہیں ہے بلکہ یہ ایک رگ ہے' جب حیض کے دن ختم ہو جائیں تو خون کو صاف کر' پھر غسل کر اور نماز پڑھ۔

787- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه142 .

788- أخرجه البخاري: الحيض جلد1صفحه487 رقم الحديث: 306' ومسلم: الحيض جلد1صفحه262' وأبو داؤد: الطهارة جلد1صفحه72 رقم الحديث: 282' والترمذي: الطهارة جلد1صفحه217 رقم الحديث: 125' وابن ماجة: الطهارة جلد1صفحه203 رقم الحديث: 621' ومالك في الموطأ: الطهارة جلد1صفحه61 رقم الحديث: 104' وأحمد: المسند جلد6صفحه218 رقم الحديث: 25677 .

بِـالْحَيْضَةِ، اِنَّمَا ذٰلِكَ عِرْقٌ، فَاِذَا ذَهَبَ قُرْءُ الْحَيْضِ فَارْتَفِعِي عَنِ الدَّمِ، ثُمَّ اغْتَسِلِي وَصَلِّي

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَلَا عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ اِلَّا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ

یہ حدیث از زہری از قاسم صرف محمد بن اسحاق اور ابن اسحاق سے صرف عمرو بن ہاشم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن صالح اکیلے ہیں۔

789 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ الْجَنْبِيُّ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قُتِلَ دُونَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے' وہ شہید ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا حَجَّاجٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو مَالِكٍ الْجَنْبِيُّ

یہ حدیث قتادہ سے صرف حجاج ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابو مالک الجنبی اکیلے ہیں۔

790 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَخْرَمِيُّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْاَخْنَسِيِّ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ قِبْلَةٌ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قبلہ مشرق اور مغرب کے درمیان ہے۔

789- أخرجه البخاري: المظالم رقم الحديث: **2480**' ومسلم: الايمان جلد **1** صفحه **124**' والترمذي: الديات جلد **4** صفحه **29** رقم الحديث: **1419**' والنسائي: تحريم الدم جلد **7** صفحه **105** (باب من قتل دون ماله)' وأحمد: المسند جلد **2** صفحه **295** رقم الحديث: **7072** .

790- أخرجه الترمذي: الصلاة جلد **2** صفحه **173** رقم الحديث: **344**' وابن ماجة: الاقامة جلد **1** صفحه **323** رقم الحديث: **1011**' والنسائي: الصيام جلد **4** صفحه **137-143** (باب ذكر الاختلاف على محمد بن أبي يعقوب......) .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مُحَمَّدٍ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ

یہ حدیث عثمان بن محمد سے صرف عبداللہ بن جعفر ہی روایت کرتے ہیں۔

791 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ: نا أَبُو كُرْزٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كُرْزٍ الْقُرَشِيُّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: دِيَةُ الذِّمِّيِّ دِيَةُ الْمُسْلِمِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ذمی کی دیت مسلمان کی دیت کی طرح ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ إِلَّا أَبُو كُرْزٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ

یہ حدیث نافع سے صرف ابوکرز ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں علی بن جعد اکیلے ہیں۔

792 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا الْحُسَيْنُ بْنُ عَمْرِو بْنِ مُحَمَّدٍ الْعَنْقَزِيُّ قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا أَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي قَوْلِهِ: (وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِنَ الْأَعْرَابِ مُنَافِقُونَ وَمِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ مَرَدُوا عَلَى النِّفَاقِ لَا تَعْلَمُهُمْ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ سَنُعَذِّبُهُمْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّونَ إِلَى عَذَابٍ عَظِيمٍ) (التوبة: 101) قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ جُمُعَةٍ خَطِيبًا، فَقَالَ: قُمْ يَا فُلَانُ فَاخْرُجْ، فَإِنَّكَ مُنَافِقٌ، اخْرُجْ يَا فُلَانُ، فَإِنَّكَ مُنَافِقٌ، فَأَخْرَجَهُمْ بِأَسْمَائِهِمْ، فَفَضَحَهُمْ، وَلَمْ يَكُنْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ شَهِدَ تِلْكَ الْجُمُعَةَ لِحَاجَةٍ كَانَتْ لَهُ، فَلَقِيَهُمْ عُمَرُ وَهُمْ يَخْرُجُونَ مِنَ الْمَسْجِدِ فَاخْتَبَأَ مِنْهُمْ اسْتِحْيَاءً أَنَّهُ لَمْ يَشْهَدِ الْجُمُعَةَ، وَظَنَّ أَنَّ النَّاسَ قَدِ انْصَرَفُوا،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِنَ الْأَعْرَابِ مُنَافِقُوْنَ وَمِنْ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ......إِلٰى آخره'' (التوبہ:۱۰۱) کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کے دن خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے اور فرمایا: اے فلاں! اُٹھ اور نکل جا کہ تو منافق ہے' اے فلاں! نکل کہ تو بھی منافق ہے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نام لے کر اُن کو نکالا اور اُن کو رسوا کیا' اس جمعہ کو حضرت عمر بن خطاب موجود نہیں تھے' کسی کام کے لیے گئے ہوئے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ملاقات اُس سے اس حالت میں ہوئی کہ وہ مسجد سے نکل رہے تھے' آپ اُن سے چھپے یہ حیاء کرتے ہوئے کہ وہ جمعہ میں حاضر نہیں تھے اور خیال کیا کہ لوگ فارغ ہو کر نکل رہے ہیں۔ اور وہ منافق حضرت عمر سے چھپنے لگے کہ انہوں نے گمان کیا کہ آپ کو ان کے معاملے کا علم ہو گیا'

791- أخرجه الدارقطني في كتاب الحدود والديات جلد 3 صفحه 145 . انظر: لسان الميزان جلد 3 صفحه 311 . انظر: تنزيه الشريعة المرفوعة للكناني جلد 2 صفحه 226 .

792- انظر: مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 37 .

1109 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا عَبَّادُ بْنُ كَثِيرٍ الرَّمْلِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّدِّيِّ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُفْطِرُ إِذَا كَانَ صَائِمًا عَلَى اللَّبَنِ، وَجِئْتُهُ بِقَدَحٍ مِنْ لَبَنٍ، فَوَضَعْتُهُ إِلَى جَانِبِهِ، فَغَطَّى عَلَيْهِ وَهُوَ يُصَلِّي

حضرت عبدالرحمٰن السدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ رسول اللہ ﷺ جب روزہ دودھ سے افطار کرتے تھے' تو میں آپ کے پاس دودھ کا پیالہ لے کر آیا' میں نے اس کو آپ کی ایک جانب رکھ دیا تو آپ ﷺ نے نماز کے دوران ہی اس کو ڈھانپ دیا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَنَسٍ إِلَّا بِهَذَا

یہ حدیث حضرت انس سے صرف اسی سند سے

.20419

1109- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه159 .

الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: النُّفَيْلِيُّ

روایت ہے اسے روایت کرنے میں نفیلی اکیلے ہیں۔

1110 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا عَبَّادُ بْنُ كَثِيرٍ الرَّمْلِيُّ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ طَلْحَةَ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اثْرُدُوا، وَلَوْ بِالْمَاءِ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَنَسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبَّادٌ

حضرت عاصم بن طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ثرید بناؤ اگرچہ پانی کے ساتھ ہی ہو۔

یہ حدیث حضرت انس سے صرف اسی سند سے روایت ہے اسے روایت کرنے میں عباد اکیلے ہیں۔

1111 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا عِكْرِمَةُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْأَزْدِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي إِدْرِيسُ بْنُ يَزِيدَ الْأَوْدِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ، اللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ، وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِدْرِيسَ إِلَّا عِكْرِمَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: النُّفَيْلِيُّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ جس کا میں مولا (مددگار) ہوں اس کا علی مولا (مددگار) ہے اے اللہ! تو اس کو دوست رکھ جو اس کو دوست رکھے اور اے اللہ! تو اس سے دشمنی رکھ جو اس سے دشمنی رکھے۔

یہ حدیث حضرت ادریس سے صرف عکرمہ ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں نفیلی اکیلے ہیں۔

1112 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ هُودِ بْنِ عَطَاءٍ قَالَ: سَمِعْتُ شَدَّادًا أَبَا عَمَّارٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ يَقُولُ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ

حضرت ھود بن عطاء فرماتے ہیں کہ میں نے شداد ابوعمار سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور عرض کی: یارسول اللہ! آپ بتائیں کہ ایک آدمی خیر اور ذکر تلاش کرتا ہے اس کے لیے اجر کیا

1110- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: **2215** .

1111- أخرجه أبو يعلى جلد **11** صفحه **307** والبزار جلد **3** صفحه **187** .

1112- أخرجه النسائي جلد **6** صفحه **22** (باب من غزا يلتمس الأجر والذكر) . والترغيب والترهيب للمنذري جلد **1** صفحه **55** رقم الحديث: **9** . والطبراني في الكبير جلد **18** صفحه **140** رقم الحديث: **7628** .

اللّٰہِ، اَرَاَیْتَ رَجُلًا یَلْتَمِسُ الْخَیْرَ وَالذِّکْرَ، مَا لَہُ؟ قَالَ: لَا شَیْءَ لَہُ یَقُولُ ذٰلِکَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، اِنَّ اللّٰہَ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی لَا یَقْبَلُ مِنَ الْعَمَلِ اِلَّا مَا خَلَصَ لَہُ، وَابْتُغِیَ بِہِ

ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کے لیے کوئی شی نہیں ہے' یہ جملہ آپ نے تین مرتبہ ارشاد فرمایا' پھر فرمایا: بے شک اللہ عزوجل بغیر خلوص اور اس کی رضا کے بغیر کیا جانے والا عمل قبول نہیں کرتا ہے۔

لَمْ یَرْوِ ھٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ ھُودٍ اِلَّا مُعَاوِیَۃُ، تَفَرَّدَ بِہِ: عُثْمَانُ

یہ حدیث ھود سے صرف معاویہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عثمان اکیلے ہیں۔

1113 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَۃَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ قَالَ: حَدَّثَنِی صَالِحُ بْنُ کَیْسَانَ، عَنِ الزُّھْرِیِّ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُتْبَۃَ، اَنَّ عَائِشَۃَ، حَدَّثَتْہُ قَالَتْ: کَانَ عَلٰی عَھْدِ رَسُولِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَمِیصَۃٌ سَوْدَاءُ، حِینَ اشْتَدَّ بِہِ وَجَعُہُ، فَھُوَ یَضَعُھَا مَرَّۃً عَلٰی وَجْھِہِ، وَمَرَّۃً یَکْشِفُھَا وَیَقُولُ: قَاتَلَ اللّٰہُ قَوْمًا اتَّخَذُوا قُبُورَ اَنْبِیَائِھِمْ مَسَاجِدَ یُحَذِّرُ ذٰلِکَ عَلٰی اُمَّتِہِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں کالی اوڑھنی تھی' جس وقت آپ کو تکلیف ہوتی تو آپ اس کو کئی مرتبہ اپنے چہرے پر رکھتے' کبھی کھول دیتے اور فرماتے: اللہ تعالیٰ یہود کو ہلاک کرے! انہوں نے انبیاء علیہم السلام کی قبروں کو سجدہ گاہ بنا لیا۔ آپ ایسا کرنے سے اپنی اُمت کو ڈراتے تھے۔

1114 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا عَبَّادُ بْنُ کَثِیرٍ الرَّمْلِیُّ، عَنْ شُمَیْسَۃَ بِنْتِ نَبْھَانَ، عَنْ مَوْلَاھَا مُسْلِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ: رَاَیْتُ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُبَایِعُ النِّسَاءَ عَامَ الْفَتْحِ عَلَی الصَّفَا، فَجَائَتِ امْرَاَۃٌ کَاَنَّ

حضرت شمیسہ بنت نبھان اپنے آقا مسلم بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ سے روایت کرتی ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ فتح مکہ کے سال مقامِ صفا پر عورتوں کی بیعت کر رہے تھے' پس ایک عورت آئی اور اس کے ہاتھ ایسے تھے جس طرح کسی

1113- أخرجه أحمد: المسند جلد 6 صفحه 305 رقم الحديث: 26404' وأخرجه البخاري: المغازي جلد 7 صفحه 747 رقم الحديث: 4444,4443' ومسلم: المساجد جلد 1 صفحه 377' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 255 رقم الحديث: 25970 .

1114- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 19 صفحه 435' والبزار رقم الحديث: 37813 . انظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 157 .

يَدِهَا يَدَ الرَّجُلِ، فَاَبَى اَنْ يُبَايِعَهَا حَتَّى ذَهَبَتْ فَغَيَّرَتْ يَدَهَا بِصُفْرَةٍ، وَاَتَاهُ رَجُلٌ فِي يَدِهِ خَاتَمٌ مِّنْ حَدِيدٍ ، فَقَالَ: مَا طَهَّرَ اللّٰهُ يَدًا فِيهَا خَاتَمٌ مِّنْ حَدِيدٍ

آدمی کا ہاتھ ہوتا ہے' آپ نے اس کی بیعت کرنے سے انکار کیا' یہاں تک کہ وہ چلی گئی' پس اس نے اپنے ہاتھ کی رنگت زردی سے بدلی' اور ایک آدمی آیا' اس کے ہاتھ میں لوہے کی انگوٹھی تھی' تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل اس ہاتھ کو پاک نہیں کرے گا جس میں لوہے کی انگوٹھی ہو۔

1115 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عِيسَى بْنُ سَبْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: صَعِدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ الْمِنْبَرَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَاَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ، لَا صَلَاةَ اِلَّا بِوُضُوءٍ، وَلَا وُضُوءَ لِمَنْ لَمْ يُذْكَرِ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ، وَلَمْ يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ مَنْ لَمْ يُؤْمِنْ بِي، وَلَمْ يُؤْمِنْ بِي مَنْ لَمْ يَعْرِفْ حَقَّ الْاَنْصَارِ

حضرت عیسیٰ بن سبرہ از والد خود از جد خود سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک دن منبر پر تشریف فرما ہوئے' آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی' پھر فرمایا: اے لوگو! بغیر وضو کے نماز نہیں ہے اور بغیر بسم اللہ کے (کامل) وضو نہیں (لیکن وضو ہو جاتا ہے) اور جو مجھ پر ایمان نہیں لایا وہ اللہ پر بھی ایمان نہیں لایا' اور جس نے انصار کا حق نہیں پہچانا وہ مجھ پر ایمان نہیں لایا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ سَبْرَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث ابن سبرہ سے صرف اسی اسناد سے روایت ہے۔

☆☆☆☆☆

1115- انظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحہ 231 .

احمد بن ابراهيم

1116 - حَدَّثَنَا . . . . (سقط من اصل الكتاب) . . . .

1117 - اَحَدَاهُمَا تَحُطُّ خَطِيْئَةً، وَالْاُخْرَى تَرْفَعُ دَرَجَةً . وَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ آمُرَ بِالصَّلَاةِ فَتُقَامُ . وَذَكَرَ الْحَدِيثَ .

وَنَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَسْتَامَ الرَّجُلُ عَلَى سَوْمِ اَخِيهِ وَنَهَى عَنِ التَّنَاجُشِ وَنَهَى اَنْ تَسْاَلَ الْمَرْاَةُ طَلَاقَ اُخْتِهَا وَنَهَى اَنْ يُمْنَعَ الْمَاءُ مَخَافَةَ الْكَلَاِ وَنَهَى اَنْ يَبِيعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ وَقَالَ: مَنْ مَنَحَ مَنِيحَةً غَدَتْ بِصَدَقَةٍ صَبُوحُهَا وَغَبُوقُهَا

1118 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَوْمَ الْخَنْدَقِ: شَغَلُونَا عَنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ وَلَمْ

احمد بن ابراہیم

اس حدیث کا متن کتاب میں مذکور نہیں ہے۔

(اس حدیث کی اصل کتاب میں بھی سند موجود نہیں ہے' باقی متن کا ترجمہ یہ ہے:) ان میں سے ایک قدم اُٹھاتے ہوئے ایک گناہ معاف ہوتا ہے اور دوسرا قدم ایک درجہ بلند کرتا ہے۔ اور میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: میں نے ارادہ کیا کہ میں کسی کو نماز پڑھانے کا حکم دوں' پس اقامت پڑھی جائے اور آگے حدیث بیان کی (اور میں اُن کے گھروں کو جلا دوں جو نماز نہیں پڑھتے ہیں)۔

اور رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی کے پیغامِ نکاح پر پیغام بھیجے جانے اور تناجش (سے مراد ہے: دھوکہ کی نیت سے نرخ بڑھانا) سے منع فرمایا اور اس سے منع فرمایا کہ کوئی عورت اپنے بہن کی طلاق کا مطالبہ کرے اور پانی نہ دینے اور گھاس نہ دینے سے منع کیا اور شہری کو دیہاتی کے لیے بیع کرنے سے منع کیا' جس نے دودھ دینے والا جانور کسی کو دیا تو اُس کا دودھ پینا صبح و شام اس دینے والے کے لیے صدقہ ہو جائے گا۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو خندق کے دن فرماتے ہوئے سنا کہ ان لوگوں نے ہمیں عصر کی نماز سے مشغول رکھا ہے' اس دن آپ نے نماز نہیں پڑھی تھی یہاں تک کہ سورج غائب ہو گیا' (آپ نے دعا کی:) اے اللہ! ان کی قبروں کو

يُصَلِّهَا يَوْمَئِذٍ حَتَّى غَابَتِ الشَّمْسُ مَلَأَ اللّٰهُ قُبُورَهُمْ نَارًا، وَقُلُوبَهُمْ نَارًا، وَبُيُوتَهُمْ نَارًا

آگ سے بھر دے! اور ان کے دلوں کو آگ سے بھر دے اور اے اللہ! ان کے گھروں کو آگ سے بھر دے۔

1119 - وَعَنْ زَيْدٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْبَرَاءِ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: لَقِيتُ عَمِّي وَمَعَهُ رَايَةٌ، فَقُلْتُ: اَيْنَ تُرِيدُ؟ فَقَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى رَجُلٍ نَكَحَ امْرَاَةَ اَبِيهِ، فَاَمَرَنِي اَنْ اَضْرِبَ عُنُقَهُ، وَآخُذَ مَالَهُ

حضرت یزید بن براء اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: میں اپنے چچا سے اس حال میں ملا کہ اُن کے ساتھ جھنڈا تھا' میں نے عرض کی: آپ کا کہاں کا ارادہ ہے؟ تو اُنہوں نے فرمایا: مجھے رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی کی طرف بھیجا ہے کہ اس نے اپنے والد کی بیوی سے شادی کی ہے' آپ نے مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اس کی گردن اُڑا دوں اور اس کا مال لے لوں۔

1120 - وَعَنْ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى سُبَاطَةِ قَوْمٍ، فَبَالَ، فَجِئْتُهُ بِمَاءٍ، فَصَبَبْتُهُ عَلَيْهِ، فَتَوَضَّاَ وَمَسَحَ بِرَاْسِهِ وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ، ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ قوم کے کوڑے کے ڈھیر کی طرف کھڑے ہوئے' آپ نے پیشاب کیا تو میں آپ کے پاس پانی لے کر آیا' پس میں نے آپ پر پانی بہایا تو آپ نے وضو کیا اور اس کے ساتھ سر پر اور موزوں پر مسح کیا' پھر آپ اُٹھے اور نماز پڑھی۔

1121 - وَعَنْ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ قَالَ: سَاَلْتُ اُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ، عَنِ الْمُعَوِّذَتَيْنِ، فَقَالَ: سَاَلْتُ عَنْهُمَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: قِيلَ لِي، فَقُلْتُ . قَالَ اُبَيٌّ: فَقَالَ لَنَا، فَقُلْنَا

حضرت زر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے معوذتین کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا' آپ نے فرمایا: مجھے کہا گیا تو میں نے کہہ دیا: حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہم کو کہا' پس ہم نے کہا۔

1119- أخرجه أبو داؤد: الحدود جلد 4 صفحه 155 رقم الحديث: 4457' والترمذي: الأحكام جلد 3 صفحه 634 رقم الحديث: 1362' والنسائي: النكاح جلد 6 صفحه 90 (باب نكاح ما نكح الآباء)' وابن ماجه: الحدود جلد 2 صفحه 869 رقم الحديث: 2607 .

1121- أخرجه أحمد: المسند جلد 5 صفحه 156 رقم الحديث: 21240 .

1122 - وَعَنْ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ النَّاسِ قَرْنِي، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ يَأْتِي قَوْمٌ تَسْبِقُ أَيْمَانُهُمْ شَهَادَتَهُمْ، وَشَهَادَتُهُمْ أَيْمَانَهُمْ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بہترین لوگ میرے زمانہ کے ہیں' پھر وہ لوگ جو ان کے بعد آئیں گے' پھر وہ لوگ جو اُن کے بعد آئیں گے' پھر ایسے لوگ آئیں گے کہ اُن کے ایمان پر اُن کی شہادت سبقت لے جائے گی' اور اُن کی شہادت اُن کا ایمان ہوگا۔

1123 - وَعَنْ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ قَالَ: سَأَلْتُ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ، عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ، فَقَالَ: هِيَ لَيْلَةُ سَبْعٍ وَّعِشْرِينَ، بِالْآيَةِ الَّتِي أَخْبَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ الشَّمْسَ تَطْلُعُ غَدَاتَئِذٍ، لَا شُعَاعَ لَهَا

حضرت زر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے لیلۃ القدر کے متعلق پوچھا' تو انہوں نے فرمایا: وہ ستائیسویں رات ہے' اس کی نشانی جو ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بتائی اور یہ ہے کہ اس دن سورج طلوع ہوتا ہے تو اس میں شعاع نہیں ہوتی۔

1124 - وَعَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ قَالَ: أَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ، فَسَأَلْتُهُ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقَالَ: كُنَّا إِذَا سَافَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَنَا أَنْ لَا نَنْزِعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَ لَيَالٍ وَّأَيَّامَهُنَّ إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، فَأَمَّا مِنْ غَائِطٍ وَّبَوْلٍ فَلَا وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت زر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان بن عسال المرادی کے پاس آیا' میں نے ان سے موزوں پر مسح کے متعلق پوچھا' تو انہوں نے فرمایا: جب ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھے تو آپ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم اپنے موزے تین دن اور راتیں نہ اُتاریں مگر جنابت کی حالت کے اور جو جنابت جو بول و براز کی وجہ سے ہوتی ہے اس پر نہیں۔ اور حدیث ذکر کی۔

1122- أخرجه الامام أحمد في مسنده جلد 14 صفحه 267' والبزار رقم الحديث: 29013 . انظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 22 .

1123- أخرجه مسلم: الصيام جلد 2 صفحه 828' وأبو داؤد: الصلاة جلد 2 صفحه 52 رقم الحديث: 1378' والترمذي: الصوم جلد 3 صفحه 151 رقم الحديث: 793' وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 156 رقم الحديث: 21248 .

1124- أخرجه الترمذي: الطهارة جلد 1 صفحه 159 رقم الحديث: 96' والنسائي: الطهارة جلد 1 صفحه 71 (باب التوقيت في المسح على الخفين للمسافر)' وابن ماجة: الطهارة جلد 1 صفحه 161 رقم الحديث: 478 .

1125 - وَعَنْ زَيْدٍ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ سُحَيْمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَكَلَ مَعَ قَوْمٍ فَلَا يَقْرِنْ، فَاِنْ اَرَادَ اَنْ يَفْعَلَ فَلْيَسْتَامِرْ، فَاِنْ اَذِنُوا لَهُ فَلْيَفْعَلْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما‘ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو لوگوں کے ساتھ مل کر کھائے وہ ملا کر نہ (یعنی دو دو چیزیں اکٹھی) کھائے‘ اگر ملا کر کھانا چاہتا ہے تو وہ اس سے اجازت لے اگر وہ اجازت دیں تو وہ ملا کر کھالے۔

1126 - وَعَنْ زَيْدٍ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ سُحَيْمٍ، عَنْ اَبِي الْمُثَنَّى الْعَبْدِيِّ، عَنْ بَشِيرِ ابْنِ الْخَصَاصِيَةِ السَّدُوسِيِّ قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُبَايِعَهُ، فَاشْتَرَطَ عَلَيَّ: تَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، وَتُصَلِّي الْخَمْسَ، وَتَصُومُ رَمَضَانَ، وَتُؤَدِّي الزَّكَاةَ، وَتَحُجُّ الْبَيْتَ، وَتُجَاهِدُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ . فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَمَّا اثْنَتَانِ فَلَا اُطِيقُهُمَا: فَوَاللّٰهِ مَا لِي اِلَّا عَشْرُ ذَوْدٍ، رِسْلُ اَهْلِي وَحَمُولَتُهُمْ، وَاَمَّا الْجِهَادُ، فَيَزْعُمُونَ اَنَّهُ مَنْ وَلَّى بَاءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ، فَاَخَافُ اِذَا حَضَرَ قِتَالٌ جَشِعَتْ نَفْسِي، وَكَرِهْتُ الْمَوْتَ . فَقَبَضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ، ثُمَّ حَرَّكَهَا، ثُمَّ قَالَ: لَا صَدَقَةَ وَلَا جِهَادَ، فَبِمَ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ؟ فَبَايَعْتُهُ عَلَيْهِنَّ كُلِّهِنَّ

حضرت بشیر بن خصاصیہ السدوسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا تاکہ آپ کی بیعت کروں‘ تو آپ نے مجھ پر شرط لگائی کہ تُو اس بات کی گواہی دے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اور یہ کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں اور یہ کہ تُو پانچ وقت کی نماز پڑھے اور رمضان کے روزے رکھے اور زکوٰۃ ادا کرے اور بیت اللہ کے حج کرے اور اللہ کی راہ میں جہاد کرے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! دو کی تو میں طاقت نہیں رکھتا ہوں‘ اللہ کی قسم! میرے پاس صرف دس یا پندرہ دودھ دینے والی اونٹنیاں ہیں گھر والوں کے لیے اور میں ان پر غلہ لاتا ہوں‘ بہرحال رہا جہاد تو لوگ گمان کرتے ہیں کہ جو لوٹا اس سے اس پر اللہ کا غضب ہوگا‘ میں خوف کرتا ہوں کہ جب جنگ ہو تو میرا دل زندگی کی حرص کرے اور موت کو ناپسند کرے۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا‘ پھر اسے حرکت دی‘ پھر فرمایا: صدقہ اور جہاد بھی نہیں‘ تو تُو جنت میں کیسے داخل ہوگا‘ پھر میں نے اُن تمام پر آپ سے بیعت کی۔

1125- أخرجه أحمد: المسند جلد2صفحه178 رقم الحديث:6154 .

1126- أخرجه الطبراني في الكبير جلد2صفحه44-45 . انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه45 .

1127 - وَعَنْ زَيْدٍ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ سُحَيْمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُخْلَطَ الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے خشک اور تر کھجوریں ملانے سے (یعنی مکس کر کے بیچنے سے) منع فرمایا۔

1128 - وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ اَصْحَابُ نَبِيِّكُمْ يَكْرَهُونَ اَنْ يَلْبَسُوا الْحَرِيرَ، وَيُدْخِلُونَهُ بُيُوتَهُمْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ تمہارے نبی ﷺ کے اصحاب کرام ریشم کا لباس پہننے کو ناپسند کرتے تھے اور اپنے گھروں میں رکھنے سے منع کرتے ہیں۔

1129 - وَعَنْ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي نَصْرٍ، قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ: هُوَ حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ اَبِي بَرْزَةَ قَالَ: غَضِبَ اَبُو بَكْرٍ عَلَى رَجُلٍ غَضَبًا شَدِيدًا، حَتَّى تَغَيَّرَ لَوْنُهُ، وَكَانَ اَبُو بَكْرٍ رَّجُلًا فِيهِ حِدَّةٌ، قَالَ اَبُو بَرْزَةَ: فَلَمَّا رَاَيْتُ ذٰلِكَ مِنْهُ، قُلْتُ: يَا خَلِيفَةَ رَسُولِ اللّٰهِ لَئِنْ اَمَرْتَنِي لَاَضْرِبَنَّ عُنُقَهُ، فَكَاَنَّمَا صُبَّ عَلَيْهِ مَاءٌ بَارِدٌ، فَذَهَبَ غَضَبُهُ عَنِ الرَّجُلِ، وَقَالَ: ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ اَبَا بَرْزَةَ، اِنَّهَا لَمْ تَكُنْ لِاَحَدٍ بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ایک آدمی پر سخت غصہ ہوئے یہاں تک کہ آپ کے چہرہ کا رنگ تبدیل ہو گیا' اور گویا ابوبکر ایک گرم مزاج آدمی تھے۔ اور حضرت ابو برزہ نے فرمایا: جب میں نے یہ دیکھا تو میں نے عرض کی: اے رسول اللہ کے خلیفہ! اگر آپ مجھے حکم دیں تو میں اس کی گردن اُڑا دوں! تو ایسے محسوس ہوا گویا کہ آپ پر ٹھنڈا پانی گرا دیا گیا ہے اور آپ سے غصہ دور ہو گیا اور فرمایا: اے ابو برزہ! تیری ماں تجھ پر روئے! یہ قتل کرنا رسول اللہ ﷺ کے بعد کسی کے لیے جائز نہیں ہے۔

1130 - وَبِهِ: عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا: عُرِضَ عَلَيَّ الْاَنْبِيَاءُ، فَكَانَ النَّبِيُّ يَجِيءُ وَلَيْسَ مَعَهُ اِلَّا الرَّجُلُ، وَيَجِيءُ الْآخَرُ لَيْسَ مَعَهُ اِلَّا الرَّجُلَانِ، وَيَجِيءُ النَّبِيُّ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک دن فرمایا: مجھ پر انبیاء علیہم السلام پیش کیے گئے' ایک نبی آئے تو اُن کے ساتھ سوائے ایک آدمی کے اور کوئی نہیں تھا' پھر ایک اور نبی آئے تو اُن کے ساتھ صرف دو آدمی تھے' پھر ایک نبی

1127- أخرجه مسلم: الأشربة جلد3صفحه1577 .

1129- أخرجه النسائي: تحريم الدم جلد7صفحه100 (باب ذكر الاختلاف على الأعمش في هذا الحديث) .

1130- أخرجه الطبراني في الكبير جلد18صفحه241 رقم الحديث:605 .

لَيْسَ مَعَهُ اِلَّا النَّفَرُ الْيَسِيرُ كَذٰلِكَ، وَعُرِضَتْ عَلَيَّ أُمَّتِي، فَرَفَعْتُ رَاْسِي، فَاِذَا الظِّرَابُ قَدْ سَدَّ بَيْنِي وَبَيْنَ الْاُفُقِ

آئے تو اُن کے ساتھ تھوڑا سا گروہ تھا' اسی طرح اور مجھ پر میری اُمت پیش کی گئی تو میں نے اپنا سر اُٹھایا تو ایک گروہ تھا جو میرے اور اُفق کے درمیان پھیلا ہوا تھا۔

1131 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ مُوَرِّقٍ الْعِجْلِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاسْتَسْقَى، فَاُتِيَ بِقَدَحٍ فِيهِ نَبِيذٌ، فَلَمَّا قَرَّبَهُ اِلَى فِيهِ رَاَى فِيهِ شِدَّةً، فَرَدَّهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھے کہ آپ نے پانی مانگا' آپ کے پاس ایک پیالہ لایا گیا تو اس میں نبیذ تھی' جب آپ نے اپنے منہ کے قریب کیا تو اس میں آپ نے شدت دیکھی تو آپ نے اس پیالہ کو واپس کر دیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ مُوَرِّقٍ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ

یہ حدیث از اسماعیل از مورق صرف عبیداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1132 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ جُنَادٍ الْحَلَبِيُّ قَالَ: نَا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ الْخَفَّافُ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَلِيُّ اِنَّهَا سَتَكُونُ فِتْنَةٌ، وَسَتَحَاجُّ قَوْمَكَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَمَا تَاْمُرُنِي؟ فَقَالَ: احْكُمْ بِالْكِتَابِ اَوْ قَالَ: اتَّبِعِ الْكِتَابَ

حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے علی! عنقریب فتنے ہوں گے' تمہاری قوم محتاج ہو گی۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ مجھے کیا حکم دیتے ہیں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کتاب اللہ کے ساتھ فیصلہ کرنا' یا یہ فرمایا: کتاب اللہ کی اتباع کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا عَطَاءٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدٌ

یہ حدیث سفیان سے صرف عطاء ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبیدا کیلے ہیں۔

1133 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدٌ قَالَ: نَا عَطَاءٌ، عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي عَبْلَةَ،

حضرت روح بن زنباع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت تمیم الداری کے پاس آیا' وہ اس وقت

1131- أخرجه النسائي: الأشربة جلد8صفحه293-285 . وانظر: نصب الراية جلد4صفحه308 .

1133- أخرجه الطبراني في الكبير جلد2صفحه51 رقم الحديث: 1254' والطبراني في الصغير جلد 1صفحه14 . أخرجه أحمد: المسند جلد4صفحه128 رقم الحديث: 16957 .

عَنْ رَوْحِ بْنِ زِنْبَاعٍ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، وَهُوَ اَمِيرٌ عَلَى بَيْتِ الْمَقْدِسِ، وَهُوَ يُنَقِّي لِفَرَسِهِ شَعِيرًا، فَقُلْتُ: اَيُّهَا الْاَمِيرُ، اَمَا كَانَ لَكَ مَنْ يَكْفِيكَ هَذَا؟ فَقَالَ: اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ نَقَّى لِفَرَسِهِ شَعِيرًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، ثُمَّ قَامَ بِهِ حَتَّى يُعْلِفَهُ عَلَيْهِ، كَتَبَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ بِكُلِّ شَعِيرَةٍ حَسَنَةً

بیت المقدس کے امیر تھے' اور وہ اپنے گھوڑے کے لیے دانہ صاف کر رہے تھے' میں نے عرض کی: اے امیر! کیا آپ کے پاس کوئی اس کام کے لیے کافی نہیں ہے؟ (کہ آپ بادشاہ ہیں) آپ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جو اللہ کی راہ میں اپنے گھوڑے کے لیے دانہ صاف کرتا ہے' پھر اس کو لے کر کھڑا ہوتا ہے یہاں تک کہ اس کو چرا لیتا ہے تو اللہ عزوجل اس کے لیے ہر جَو کے بدلے ایک نیکی لکھ دیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا ابْنُ شَوْذَبٍ، وَلَا عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ اِلَّا عَطَاءٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدٌ

یہ حدیث ابراہیم سے صرف ابن شوذب ہی روایت کرتے ہیں اور ابن شوذب سے صرف عطاء ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبیدا کیلے ہیں۔

1134 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدٌ قَالَ: نَا عَطَاءٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ قَالَ: قَدِمَ عُمَرُ الْجَابِيَةَ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: احْفَظُونِي فِي اَصْحَابِي، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ

حضرت ابوصالح رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جابیہ آئے تو فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: میرے اصحاب کے متعلق میری حفاظت کرنا (مقصد یہ کہ اچھا عقیدہ رکھنا) پھر ان سے جو اُن سے ملے ہوں' پھر ان سے جو اُن سے ملے ہوں (اُن کا بھی خاص خیال رکھنا)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدٍ اِلَّا عَطَاءٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدٌ

یہ حدیث محمد سے صرف عطاء ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبیدا کیلے ہیں۔

1135 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدٌ قَالَ: نَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ يَزِيدَ الْكِنْدِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ يَتَوَضَّاُ، يَغْسِلُ خُفَّيْهِ فَنَخَسَهُ بِرِجْلِهِ، وَقَالَ: لَيْسَ هَكَذَا السُّنَّةُ، اُمِرْنَا بِالْمَسْحِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ ایک آدمی کے پاس سے گزرے تو وہ وضو کر رہا تھا اور وہ اپنے موزوں کو دھو رہا تھا اور اپنے پاؤں سے اسے رگڑ رہا تھا' آپ نے فرمایا: یہ سنت نہیں ہے بلکہ ہم کو حکم دیا گیا ہے کہ ہم موزوں پر اس طرح مسح کریں' اور آپ

1135- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه259 .

عَلَى الْخُفَّيْنِ، هَكَذَا وَامَرَّ يَدَيْهِ عَلَى خُفَّيْهِ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ جَابِرٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: بَقِيَّةُ

نے دونوں ہاتھ اپنے دونوں موزوں پر پھیرے۔

یہ حدیث حضرت جابر سے اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں بقیہ اکیلے ہیں۔

1136 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدٌ قَالَ: نَا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ الْخَفَّافُ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ كَانَ اِذَا صَلَّى عَلَى مَيِّتٍ قَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا، وَلِذَكَرِنَا وَلِأُنْثَانَا، وَلِصَغِيرِنَا وَلِكَبِيرِنَا، مَنْ اَحْيَيْتَهُ مِنَّا فَاَحْيِهِ عَلَى الْإِسْلَامِ، وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْإِيمَانِ، اللّٰهُمَّ عَفْوَكَ عَفْوَكَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ایک میت کا جنازہ پڑھایا تو اس میں یہ دعا مانگی: ''اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا، وَلِذَكَرِنَا وَلِأُنْثَانَا، وَلِصَغِيرِنَا وَلِكَبِيرِنَا، مَنْ اَحْيَيْتَهُ مِنَّا فَاَحْيِهِ عَلَى الْإِسْلَامِ، وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْإِيمَانِ، اَللّٰهُمَّ عَفْوَكَ عَفْوَكَ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبٍ إِلَّا الْعَلَاءُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَطَاءٌ

یہ حدیث حبیب سے صرف علاء ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عطاء اکیلے ہیں۔

1137 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ قَالَ: نَا هُشَيْمٌ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ زَاذَانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ، اَنَّ امْرَاَةً مِنَ الْمُسْلِمِينَ اَخَذَهَا الْعَدُوُّ، وَقَدْ كَانُوا اَصَابُوا قَبْلَ ذَلِكَ نَاقَةً لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَاَتْ مِنَ الْقَوْمِ غَفْلَةً، فَرَكِبَتْ نَاقَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَنَذَرَتْ اَنْ تَنْحَرَ نَاقَةَ رَسُولِ اللّٰهِ، فَقَالَ: بِئْسَ مَا جَزَيْتِهَا، لَا نَذْرَ لِابْنِ آدَمَ فِيمَا لَا يَمْلِكُ، وَلَا فِي مَعْصِيَةِ اللّٰهِ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مسلمانوں میں سے ایک عورت کو دشمنوں نے پکڑ لیا' اس سے پہلے وہ رسول اللہ ﷺ کی اونٹنی پکڑ چکے تھے' اس عورت نے لوگوں کو غفلت میں دیکھا تو وہ رسول اللہ ﷺ کی اونٹنی پر سوار ہوئی اور اس نے رسول اللہ ﷺ کی اونٹنی کو نحر کرنے کی نذر مانی تھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تُو نے بُری نذر مانی' ابن آدم کے لیے وہ نذر پوری کرنا ضروری نہیں ہے جس کا وہ مالک نہیں اور نہ اللہ کی نافرمانی میں مانی گئی نذر پوری کرنا ضروری ہے۔

1136- أخرجه الطبراني في الكبير رقم الحديث: 12680 ـ انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 3613 ـ

1137- أخرجه مسلم: النذر جلد 3 صفحه 1262' وأبو داؤد: الايمان والنذور جلد 3 صفحه 236 رقم الحديث: 3316' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 525 رقم الحديث: 19886 ـ

1138 - وَعَنْ مَنْصُورِ بْنِ زَاذَانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا حَلَفْتَ عَلَى يَمِينٍ، فَرَأَيْتَ خَيْرًا مِنْهَا، فَأْتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ، وَكَفِّرْ عَنْ يَمِينِكَ، وَلَا تَسْأَلِ الْإِمَارَةَ، فَإِنَّكَ إِذَا أُعْطِيتَهَا عَنْ مَسْأَلَةٍ وُكِلْتَ إِلَيْهَا، وَإِنْ أُعْطِيتَهَا عَنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ أُعِنْتَ عَلَيْهَا

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تُو کسی کام کے نہ کرنے پر قسم اُٹھائے پھر اس کے علاوہ کے کرنے میں بہتری دیکھے تو اس کو اختیار کر جو بہتر ہو اور اپنی قسم کا کفارہ دے اور حکومت کا سوال نہ کرنا کہ اگر تجھے مانگنے پر دی گئی تو وہ تیرے سپرد کی جائے گی اور اگر بغیر مانگے دی گئی تو تیری اس پر مدد کی جائے گی۔

1139 - وَعَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: طَيَّبْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِطِيبٍ فِيهِ مِسْكٌ عِنْدَ إِحْرَامِهِ قَبْلَ أَنْ يُحْرِمَ، وَيَوْمَ النَّحْرِ قَبْلَ أَنْ يَطُوفَ بِالْبَيْتِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو احرام باندھتے وقت اور نحر کے دن' اور بیت اللہ کا طواف کرنے سے پہلے خوشبو لگائی۔

1140 - وَعَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ حِطَّانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُذُوا عَنِّي، قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيلًا، الثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ، جَلْدُ مِائَةٍ وَّالرَّجْمُ، وَالْبِكْرُ بِالْبِكْرِ، جَلْدُ مِائَةٍ وَّيُنْفَيَانِ عَامًا

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھ سے سیکھ لو! بے شک اللہ عزوجل نے ان پر راستہ واضح کر دیا ہے کہ شادی شدہ مرد' شادی شدہ عورت سے زنا کرے تو ان کی سزا سو کوڑے اور رجم ہے اور بغیر شادی شدہ مرد اور عورت زنا کریں تو ان کی سزا سو کوڑے اور دونوں کو ایک سال کیلئے

1138- أخرجه البخاری: الأيمان والنذور جلد 11 صفحه 525 رقم الحديث: 6622' ومسلم: الأيمان جلد 3 صفحه 1273' وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 76 رقم الحديث: 20644 .

1139- أخرجه مسلم: الحج جلد 2 صفحه 849' والترمذی: الحج جلد 3 صفحه 250 رقم الحديث: 917' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 208 رقم الحديث: 25578 .

1140- أخرجه مسلم: الحدود جلد 3 صفحه 1316' وأبو داؤد: الحدود جلد 4 صفحه 142 رقم الحديث: 4415' والترمذی: الحدود جلد 4 صفحه 41 رقم الحديث: 1434' وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 368 رقم الحديث: 22732 .

جلاوطن کرنا ہے۔

1141 - وَعَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ شَرِيكٍ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ فِي قَوْلِهِ: (وَلَقَدْ رَآهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِينِ) (التكوير: 23) قَالَ: رَآهُ بِقَلْبِهِ، وَلَمْ يَرَهُ بِبَصَرِهِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ اس ارشادِ باری تعالیٰ: ''وَلَقَدْ رَآهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِينِ'' (التکویر:۲۳) کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ اللہ عزوجل کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دل سے دیکھا اور آنکھ سے نہیں دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا هُشَيْمٌ

یہ احادیث منصور سے صرف ہشیم ہی روایت کرتے ہیں۔

1142 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ قَالَ: نَا هُشَيْمٌ قَالَ: اَنَا سَيَّارٌ، ومُغِيرَةُ، وحُصَيْنٌ، ومُجَالِدٌ، واِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، واَشْعَثُ، ودَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدَ، كُلُّهُمْ عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا بِنْتَ قَيْسٍ، اِنَّمَا السُّكْنَى وَالنَّفَقَةُ عَلَى مَنْ كَانَتْ لَهُ الرَّجْعَةُ

حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے قیس کی بیٹی! گھر اور خرچہ اس کے ذمے ہے جو رجوع کا ارادہ رکھے۔

1143 - وَبِهِ: اَنَا سَيَّارٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ قَالَ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: عَلَى مَا تُبَايِعُنِي؟ قُلْتُ: عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ . فَلَقَّنَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِيمَا اسْتَطَعْتُ، وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کی' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا: کس شے پر بیعت کرنا چاہتے ہو؟ میں نے عرض کی: سننے اور اطاعت کرنے پر۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے تلقین کی کہ جتنی تُو طاقت رکھے اور ہر مسلمان کے لیے خیرخواہی کی۔

1144 - وَبِهِ: اَخْبَرَنَا سَيَّارٌ، عَنِ ابْنِ هُبَيْرَةَ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک سفر

1142- أخرجه أحمد: المسند جلد6صفحه443 رقم الحديث: 27411' والدارقطني: سننه جلد4صفحه23-24 رقم الحديث: 67-68 .

1143- أخرجه البخاري: الأحكام جلد13صفحه205 رقم الحديث: 7204' ومسلم: الأيمان جلد1صفحه75 .

1144- أخرجه أحمد: المسند جلد3صفحه372 رقم الحديث: 14261 .

عَنْ جَابِرٍ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَاشْتَرَى مِنِّي بَعِيرًا، فَبِعْتُهُ إِيَّاهُ عَلَى أَنَّ لِي ظَهْرَهُ حَتَّى نَقْدَمَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا أَتَيْتُهُ بِالْجَمَلِ، فَأَمَرَ لِي بِثَمَنِهِ، ثُمَّ قَالَ: هُوَ لَكَ، فَانْطَلَقْتُ بِهِ، فَلَقِيَنِي رَجُلٌ مِنَ الْيَهُودِ، فَأَخْبَرْتُهُ، فَجَعَلَ يَعْجَبُ، فَقَالَ: أَعْطَاكَ الثَّمَنَ وَوَهَبَ لَكَ الْبَعِيرَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ.

میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے‘ آپ نے مجھ سے اونٹ خریدا‘ میں نے آپ کو اس شرط پر فروخت کیا کہ میں مدینہ تک اس پر سواری کروں گا‘ جب ہم مدینہ آئے تو میں اونٹ لے کر آپ ﷺ کے پاس آیا‘ آپ نے مجھے پیسے دینے کا حکم فرمایا‘ پھر فرمایا: یہ اونٹ بھی تیرا ہے‘ تو میں اس کو لے کر چلا تو مجھے یہود کا ایک آدمی ملا‘ میں نے اس کو بتایا تو وہ تعجب کرنے لگا‘ اس نے کہا: آپ کو پیسے اور اونٹ بھی دے دیا؟ میں نے کہا: ہاں!

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْأَحَادِيثَ عَنْ سَيَّارٍ أَبِي الْحَكَمِ إِلَّا هُشَيْمٌ

یہ حدیث سیار ابوالحکم سے صرف ہشیم ہی روایت کرتے ہیں۔

1145 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا أَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نا هُشَيْمٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ بُسْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِالْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَّلَيَالِيَهُنَّ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَّلَيْلَةٌ

حضرت عوف بن مالک الاشجعی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے غزوۂ تبوک میں موزوں پر مسح کرنے کے لیے مسافر کے لیے تین دن اور تین راتیں اور مقیم کے لیے ایک دن اور ایک رات مدت مقرر فرمائی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَوْفٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: هُشَيْمٌ

یہ حدیث عوف سے صرف اسی سند سے مروی ہے‘ اسے روایت کرنے میں ہشیم اکیلے ہیں۔

1146 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ قُسْطٍ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَوَضَّئُوا مِمَّا مَسَّتِ

حضرت خارجہ بن زید بن ثابت اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آگ پر پکی ہوئی شے کھانے کے بعد وضو کرو (یعنی اپنے ہاتھ دھوؤ اور کلی کرو)۔

1145- أخرجه البزار رقم الحديث: **15711**‘ وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: **26211**.

1146- أخرجه مسلم: الحيض جلد**1** صفحه**272**‘ وأحمد: المسند جلد**5** صفحه**218** رقم الحديث: **21653**.

النَّارُ

1147 - وَعَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: عَادَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرْضَةٍ مَّرِضْتُهَا، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّهُ لَيْسَ لِي اِلَّا ابْنَةٌ لِّي، اَفَاُوصِي بِمَالِي كُلِّهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: الثُّلُثُ، وَالثُّلُثُ كَثِيرٌ، اِنَّكَ اَنْ تَدَعَ وَرَثَتَكَ اَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِّنْ اَنْ تَدَعَهُمْ عَالَةً يَّتَكَفَّفُونَ النَّاسَ بِاَيْدِيهِمْ، وَاِنَّكَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً تَبْتَغِي بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ اِلَّا اُجِرْتَ عَلَيْهَا، حَتَّى اللُّقْمَةَ تَرْفَعُهَا اِلَى فِي امْرَاَتِكَ، وَلَعَلَّ اللّٰهَ سَيَرْفَعُكَ، فَيَنْفَعُ بِكَ قَوْمًا وَيَضُرُّ بِكَ آخَرِينَ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اَمْضِ لِاَصْحَابِي هِجْرَتَهُمْ لَكِنَّ الْبَائِسَ سَعْدَ بْنَ خَوْلَةَ رَثَى لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ مَاتَ بِمَكَّةَ

حضرت عامر بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے میری ایک بیماری میں میری عیادت کی' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میری ایک بیٹی ہے' کیا میں اپنے سارے مال کی وصیت اللہ کی راہ میں کر دوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تہائی مال کی وصیت کرو اور تہائی بھی بہت زیادہ ہے' اگر تُو اپنے خاندان کو مال دار چھوڑے تو یہ تیرے لیے اس سے بہتر ہے کہ وہ لوگوں سے مانگتے پھریں' اور جب تُو اللہ کی رضا کے لیے خرچ کرے تو اس خرچ کرنے پر تجھے نیکی ملے گی' یہاں تک کہ وہ لقمہ جو تُو اپنی بیوی کے منہ میں ڈالے' اُمید ہے کہ اللہ عزوجل تجھے صحت دے اور ایک قوم کو تیرے ذریعے نفع ہو اور دوسروں کو نقصان ہو۔ پھر فرمایا: اے اللہ! میرے صحابی کی ہجرت قبول کر! لیکن سعد بن حولہ کے لیے افسوس ہے! رسول اللہ ﷺ ان کے مکہ مکرمہ میں فوت ہو جانے پر افسوس کرتے تھے۔

1148 - وَعَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِاَصْحَابِهِ صَلَاةَ الْخَوْفِ وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے صحابہ کو نمازِ خوف پڑھائی۔ اور باقی حدیث ذکر کی۔

1149 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ

1147- أخرجه البخاری: مناقب الأنصار جلد 7 صفحه 316 رقم الحديث: 3936' ومسلم: الوصية جلد 3 صفحه 1250-1251 .

1148- أخرجه مسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 574' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 200 رقم الحديث: 6356 .

1149- أخرجه البخاری: الايمان جلد 1 صفحه 77 رقم الحديث: 16' ومسلم: الايمان جلد 1 صفحه 66' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 126 رقم الحديث: 12008 .

قُسْطٍ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ وَجَدَ حَلَاوَةَ الْإِيمَانِ: أَنْ يَكُونَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا، وَأَنْ يَكْرَهَ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى الْكُفْرِ كَمَا يَكْرَهُ أَنْ يُقْذَفَ فِي النَّارِ، وَأَنْ يُحِبَّ الرَّجُلَ لَا يُحِبُّهُ إِلَّا لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

ﷺ نے فرمایا: تین اشیاء جس میں پائی جائیں اس نے ایمان کا ذائقہ پالیا (۱) ایک یہ ہے کہ اللہ اور اس کے رسول اس کو ہر شے سے زیادہ محبوب ہوں (۲) کفر کی طرف واپس جانا اتنا ہی ناپسند کرے جتنا وہ آگ میں جانے کو ناپسند کرتا ہے (۳) اور کسی آدمی سے محبت کرے تو صرف اللہ عزوجل کے لیے کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ

یہ حدیث ایوب سے صرف عبیداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1150 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَمْرٌو قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يُحْرِمَ غَسَلَ رَأْسَهُ بِخِطْمِيٍّ، ثُمَّ دَهَنَهُ بِشَيْءٍ مِنْ زَيْتٍ غَيْرِ كَثِيرٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب احرام باندھنے کا ارادہ کرتے تو اپنے سر کو خطمی مٹی سے دھوتے تھے' پھر زیتون کا تیل اپنے سر پر بہت زیادہ لگاتے تھے۔

1151 - وَبِهِ: قَالَتْ: حَجَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَّةَ الْوَدَاعِ، فَاعْتَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَائَهُ وَتَرَكَنِي، فَوَجَدْتُ فِي نَفْسِي، فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَعْمَرْتَ نِسَائَكَ وَتَرَكْتَنِي . فَقَالَ: يَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ، اخْرُجْ بِأُخْتِكَ إِلَى التَّنْعِيمِ، ثُمَّ لِتَطُفْ بِالْبَيْتِ وَالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، ثُمَّ لِتُقَصِّرْ ثُمَّ أْتِيَانِي قَبْلَ أَنْ أَخْرُجَ، وَذَلِكَ لَيْلَةَ الْحَصْبَةِ، قَالَتْ عَائِشَةُ: وَإِنَّمَا أَقَامَ لَيْلَةَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حجۃ الوداع کیا' رسول اللہ ﷺ اور آپ کی دیگر ازواج نے بھی عمرہ کیا اور مجھے چھوڑ دیا' تو میں نے یہ بات اپنے دل میں پائی تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کی دیگر ازواج نے عمرہ کیا ہے اور مجھے آپ نے چھوڑ دیا ہے' تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے عبدالرحمٰن! اپنی بہن کو مقامِ تنعیم کی طرف لے کر جاؤ! پھر بیت اللہ کا طواف کرو اور صفا و مروہ کی سعی کرو'

1150- أخرجه أحمد: المسند جلد6صفحه87 رقم الحديث: 24544' والدارقطني: سننه جلد2صفحه226 رقم الحديث: 41 .

الْحَصْبَةِ مِنْ اَجْلِی

پھر اپنے بال کٹوا کر میرے پاس آ جانا نکلنے سے پہلے۔ یہ رات حصبہ کی رات تھی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آپ لیلۃ الحصبہ کو میری وجہ سے رُکے تھے۔

1152 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَمْرٌو قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي نَوْفَلٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غِفَارٌ غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا، وَاَسْلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ اِلَّا عُبَيْدِ اللّٰهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل قبیلہ غفار کو بخشے اور قبیلہ اسلم کو اللہ عزوجل سلامت رکھے!

یہ حدیث عبدالملک سے صرف عبیداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1153 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَكُونُ اخْتِلَافٌ عِنْدَ مَوْتِ خَلِيفَةٍ فَيَخْرُجُ رَجُلٌ مِّنْ بَنِي هَاشِمٍ، فَيَاْتِي مَكَّةَ، فَيَسْتَخْرِجُهُ النَّاسُ مِنْ بَيْتِهِ وَهُوَ كَارِهٌ فَيُبَايِعُونَهُ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ، فَيُجَهَّزُ اِلَيْهِ جَيْشٌ مِّنَ الشَّامِ، حَتّٰى اِذَا كَانُوا بِالْبَيْدَاءِ خُسِفَ بِهِمْ، فَيَاْتِيهِ عَصَائِبُ الْعِرَاقِ وَاَبْدَالُ الشَّامِ، وَيَنْشَاُ رَجُلٌ بِالشَّامِ، وَاَخْوَالُهُ كَلْبٌ فَيُجَهِّزُ اِلَيْهِ جَيْشٌ، فَيَهْزِمُهُمُ اللّٰهُ، فَتَكُونُ الدَّبْرَةُ عَلَيْهِمْ، فَذٰلِكَ يَوْمُ كَلْبٍ، الْخَائِبُ: مَنْ خَابَ مِنْ غَنِيمَةِ كَلْبٍ، فَيَسْتَفْتِحُ الْكُنُوزَ، وَيُقَسِّمُ الْاَمْوَالَ، وَيُلْقِي الْاِسْلَامُ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: خلیفہ کی وفات کے وقت اختلاف ہوگا' سو ایک آدمی بنی ہاشم سے نکلے گا' وہ مکہ مکرمہ آئے گا' لوگ اس کو اپنے گھر سے نکالیں گے' وہ اس کو ناپسند کرے گا' لوگ رکن اور مقامِ ابراہیم کے درمیان اس کی بیعت کریں گے' شام کا ایک لشکر اس سے جہاد کرنے کے لیے نکلے گا یہاں تک کہ جب وہ لشکر مقامِ بیداء پر ہوگا تو اُن کو زمین میں دھنسا دیا جائے گا' اس کے بعد عراق کا ایک گروہ اور ابدال آئیں گے' اور شام سے ایک آدمی چلے گا اور قبیلہ کلب سے اُن کے اخوال چلیں گے' وہ ان سے جہاد کریں گے تو اللہ تعالیٰ انہیں شکست دے گا' وہ ان پر پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے' یہ یومِ کلب نقصان میں ہوگا' کتے کی غنیمت سے لینے والا نقصان میں

1152- أخرجه البخاري: المناقب جلد 6 صفحه 626 رقم الحديث: 3513' ومسلم: فضائل الصحابة جلد 4 صفحه 1953 .

1153- انظر: مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 318 .

بِجِرَانِهِ إِلَى الْأَرْضِ، فَيَعِيشُ بِذَلِكَ سَبْعَ سِنِينَ أَوْ قَالَ: تِسْعَ سِنِينَ . قَالَ عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو: فَحَدَّثْتُ بِهِ لَيْثًا، فَقَالَ: حَدَّثَنِي بِهِ مُجَاهِدٌ

ہے' اُن کے لیے خزانہ کھولے جائیں گے' مال تقسیم کیا جائے گا' اسلام پوری زمین پر پھیل جائے گا' وہ سات سال یا نو سال زندگی گزارے گا۔ حضرت عبیداللہ فرماتے ہیں: مجھے لیث نے بیان کیا' وہ فرماتے ہیں: مجھے مجاہد نے بیان کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَعْمَرٍ إِلَّا عُبَيْدُ اللَّهِ

اس حدیث کو معمر سے صرف عبیداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1154 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللَّهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ فُلْفُلَةَ الْجُعْفِيِّ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ حُذَيْفَةَ، فَقَالَ لَهُ بَعْضُنَا: حَدِّثْنَا يَا أَبَا عَبْدِ اللَّهِ مَا سَمِعْتَ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ فَعَلْتُ لَرَجَمْتُمُونِي، فَقُلْنَا: سُبْحَانَ اللَّهِ، نَحْنُ نَفْعَلُ ذَلِكَ بِكَ؟ قَالَ: أَرَأَيْتُمْ لَوْ حَدَّثْتُكُمْ أَنَّ بَعْضَ أُمَّهَاتِكُمْ تَأْتِيكُمْ فِي كَتِيبَةٍ كَثِيرٍ عَدَدُهَا، شَدِيدٍ بَأْسُهَا تُقَاتِلُكُمْ . أَكُنْتُمْ مُصَدِّقِيَّ؟ قَالُوا: سُبْحَانَ اللَّهِ، وَمَنْ يُصَدِّقُ بِهَا؟ فَقَالَ حُذَيْفَةُ: أَتَتْكُمُ الْحُمَيْرَاءُ فِي كَتِيبَةٍ تَسُوقُهَا أَعْلَاجُهَا مِنْ حَيْثُ تَسُوقُ وُجُوهَهُمْ ثُمَّ قَامَ، فَدَخَلَ مَخْدَعًا لَهُ

حضرت فلفلہ جعفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھے کہ ہم میں سے بعض نے آپ سے کہا: اے ابوعبداللہ! ہمیں وہ حدیث بیان کریں جو آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے؟ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر میں نے ایسا کیا تو تم مجھے رجم کرو گے' ہم نے عرض کی: سبحان اللہ! ہم آپ کے ساتھ ایسا کیسے کر سکتے ہیں؟ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم بتاؤ! اگر میں تم کو بیان کروں کہ تمہاری بعض مائیں تمہارے پاس فوج لے کر آئیں' ان کی تعداد بہت زیادہ ہوگی' وہ جنگ بڑی سخت ہوگی' تم سے لڑیں گے' کیا تم میری تصدیق کرو گے؟ ان لوگوں نے کہا: سبحان اللہ! کون اس کی تصدیق کرے گا؟ تو حضرت حذیفہ نے فرمایا: حمیراء تمہارے پاس ایک فوج لائے گی' وہ تم کو ہانکیں گے' جس طرح اُن کے چہروں کو ہانکیں گے' پھر حضرت حذیفہ کھڑے ہوئے' اس کے بعد اپنی کوٹھڑی میں داخل ہو گئے۔

1155 - وَعَنْ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي عَمْرِو بْنِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

أَنَسٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَدْخُلُ قَوْمٌ جَهَنَّمَ ثُمَّ يَخْرُجُونَ، فَيَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ، يُعْرَفُونَ فِيهَا بِأَسْمَائِهِمْ، يُقَالُ لَهُمْ: الْجَهَنَّمِيُّونَ

رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جہنم میں ایک قوم داخل ہو گی پھر اُن کو نکالا جائے گا' اس کے بعد وہ جنت میں داخل ہوں گے تو وہ ان کے نام پہچانتے ہوں گے' ان کو جنتی لوگ جہنمی کہیں گے۔

1156 - وَعَنْ زَيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ حِزَامِ بْنِ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: أَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النِّسَاءَ بِالصَّدَقَةِ، وَحَثَّهُنَّ عَلَيْهَا وَقَالَ: تَصَدَّقْنَ، فَإِنَّكُنَّ أَكْثَرُ أَهْلِ النَّارِ فَقَالَتِ امْرَأَةٌ مِنْهُنَّ: لِمَ ذَاكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لِأَنَّكُنَّ تُكْثِرْنَ اللَّعْنَ، وَتُسَوِّفْنَ الْخَيْرَ، وَتَكْفُرْنَ الْعَشِيرَ

حضرت حزام بن حکیم بن حزام اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے عورتوں کو صدقہ کرنے کا حکم دیا اور اس پر اُبھارا' آپ نے فرمایا: تم صدقہ کیا کرو کیونکہ تم میں سے اکثریت جہنم میں جائے گی۔ اُن میں سے ایک عورت نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں؟ فرمایا: تم لعنت زیادہ کرتی ہو' نیکی کو حقیر جانتی ہو اور خاوندوں کی ناشکری کرتی ہو۔

1157 - وَعَنْ زَيْدٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى خَمْسَ رَكَعَاتٍ الظُّهْرَ أَوِ الْعَصْرَ: فَقِيلَ لَهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَزِيدَ فِي الصَّلَاةِ؟ قَالَ: لَا قَالُوا: صَلَّيْتَ بِنَا خَمْسًا، فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ، ثُمَّ سَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: هَاتَانِ السَّجْدَتَانِ لِمَنْ ظَنَّ أَنَّهُ زَادَ أَوْ نَقَصَ مِنْ صَلَاتِهِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ظہر یا عصر کی پانچ رکعتیں پڑھائیں' عرض کی گئی: یارسول اللہ! کیا نماز میں اضافہ ہو گیا ہے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! صحابہ کرام نے عرض کی: آپ نے ہم کو پانچ رکعتیں پڑھائی ہیں' پس آپ ﷺ نے اپنا رخِ انور قبلہ کی جانب کیا اور اس کے بعد دو سجدے بیٹھ کے کیے' پھر آپ نے سلام پھیر دیا' پھر فرمایا: یہ دو سجدے اس کے لیے ہیں جس کو گمان ہو کہ اس کی نماز میں کمی ہوئی یا اضافہ ہوا۔

فائدہ: یہ اس وقت کی بات ہے جب نماز میں گفتگو کی اجازت تھی' بعد میں نماز کے اندر گفتگو منع کر دی گئی' تو اب اگر ایسے کیا تو نماز ٹوٹ جائے گی۔

1157- أخرجه البخاري: السهو جلد 3 صفحه 113 رقم الحديث: 1226' ومسلم: المساجد جلد 1 صفحه 400' والنسائي: السهو جلد 3 صفحه 26 (باب ما يفعل من صلى خمسًا؟)' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 531 رقم الحديث: 3882 .

1158 - وَعَنْ زَيْدٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: ذَبَحَ خَالِي هَانِءُ بْنُ نِيَارٍ أُضْحِيَتَهُ قَبْلَ اَنْ يَخْرُجَ اِلَى الصَّلَاةِ، فَاَمَرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُعِيدَ اُضْحِيَةً مَّكَانَهَا، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ عِنْدِي جَذَعَةً خَيْرٌ مِّنْ مُسِنَّةٍ، فَقَالَ: ضَحِّ بِهَا، وَلَنْ تُجْزِءَ عَنْ اَحَدٍ بَعْدَكَ

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے خالو ھانی بن نیار رضی اللہ عنہ نے نماز ادا کرنے سے پہلے قربانی کر دی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی جگہ دوبارہ قربانی کرنے کا حکم دیا' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے پاس چھ ماہ کا بچھڑا کا بچہ ہے' وہ اس سے بہتر ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو اس کی قربانی کر لے اور تیرے بعد یہ کسی کے لیے جائز نہیں ہے۔

1159 - وَبِهِ: عَنْ جَابِرٍ، عَنْ نَافِعٍ قَالَ: اَتَيْنَا صَفِيَّةَ بِنْتَ اَبِي عُبَيْدٍ، فَحَدَّثَتْنَا، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنْ كُنْتُ اَرَى لَوْ اَنَّ اَحَدًا اُعْفِيَ مِنْ ضَغْطَةِ الْقَبْرِ لَعُوفِيَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ، لَقَدْ ضُمَّ ضَمَّةً

حضرت نافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمارے پاس حضرت صفیہ بنت ابی عبید رضی اللہ عنہا آئیں اور انہوں نے ہم سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث بیان کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر میں دیکھتا کہ کوئی قبر کے دبوچنے سے محفوظ رہا تو سعد بن معاذ کو معافی ہوئی' ان کو بھی قبر نے دبوچا تھا۔

1160 - وَبِهِ: عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُبَيْلٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ قَالَ: صَلَّى بِنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ، فَنَهَضَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُولَيَيْنِ، فَسَبَّحْنَا بِهِ، فَاَوْمَا بِيَدِهِ: اَنْ قُومُوا، فَقُمْنَا، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ، سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ بَعْدَ مَا سَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَنَعَ هٰكَذَا، وَقَالَ: اِنْ ذَكَرَ قَبْلَ اَنْ يَسْتَتِمَّ قَائِمًا فَلْيَجْلِسْ، وَاِنْ لَمْ يَذْكُرْ حَتّٰى يَسْتَتِمَّ قَائِمًا فَلْيَمْضِ فِي صَلَاتِهِ، ثُمَّ يَسْجُدُ سَجْدَتَيْنِ بَعْدَ التَّسْلِيمِ

حضرت قیس بن ابی حازم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھائی' آپ پہلی دو رکعتیں پڑھ کر کھڑے ہوئے تو ہم نے سبحان اللہ کہا' آپ نے اپنے ہاتھ سے کھڑے ہونے کا اشارہ کیا تو ہم کھڑے ہو گئے' جب آپ نے نماز مکمل فرمائی تو سلام کے بعد دو سجدے بیٹھنے کی حالت میں کیے۔ پھر فرمایا کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی ایسے ہی کیا تھا اور فرمایا: اگر سیدھا کھڑے ہونے سے پہلے یاد آ جائے تو بیٹھ جائے' اگر یاد نہ آئے یہاں تک کہ سیدھا

1158- أخرجه البخاري: الأضاحي جلد10صفحه22 رقم الحديث:5560' ومسلم: الأضاحي جلد3صفحه155 .

1160- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 1صفحه271 رقم الحديث: 1037' وابن ماجة: اقامة الصلاة جلد 1صفحه381 رقم الحديث:1208' وأحمد: المسند جلد4صفحه311 رقم الحديث: 18251 .

کھڑا ہو جائے تو وہ اپنی نماز مکمل کرے اور سلام کے بعد دو سجدے کرے۔

1161 - وَعَنْ زَيْدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: بَيْنَا نَحْنُ نَمْشِي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذْ مَرَّ عَلَى صِبْيَةٍ يَلْعَبُونَ، فِيهِمْ صَبِيٌّ، فَكَاَنَّ ذٰلِكَ اَغَاظَ رَسُولَ اللّٰهِ فَقَالَ لَهُ: تَشْهَدُ اَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: تَشْهَدُ اَنْتَ اَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: اخْسَاْ، فَاِنَّكَ لَنْ تَعْدُوَ قَدْرَكَ فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، دَعْنِي فَاَضْرِبَ عُنُقَهُ، فَقَالَ: يَا عُمَرُ، اِنْ يَكُ الَّذِي تَتَخَوَّفُ، فَاِنَّكَ لَنْ تَقْدِرَ عَلَى قَتْلِهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ چل رہے تھے کہ آپ کا گزر کچھ بچوں پر ہوا جو کھیل رہے تھے اُن میں سے ایک بچہ ایسے معلوم ہوتا تھا کہ گویا یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بغض رکھتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو فرمایا: تُو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ اس نے کہا: آپ گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو نقصان میں ہے بے شک تُو اپنی طاقت سے تجاوز نہیں کر سکے گا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس کی گردن اُڑا دوں آپ نے فرمایا: اے عمر! تُو اس کے قتل پر قدرت نہیں رکھتا۔

1162 - وَبِهِ: عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَمْشِي، فَظَهَرَتْ حَيَّةٌ، فَابْتَدَرْنَاهَا، وَدَخَلَتْ فِي شِقٍّ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وُقِيتُمْ شَرَّهَا، وَوُقِيَتْ شَرَّكُمْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ چل رہے تھے کہ ایک سانپ ظاہر ہوا ہم نے اس کو مارنے کے لیے جلدی کی تو وہ اپنے سوراخ میں داخل ہو گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم اس کے شر سے اور وہ تمہارے شر سے بچ گیا۔

1163 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي

حضرت مسروق' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم میں سے کون ہے جس نے رسول اللہ ﷺ سے فتنہ کے متعلق حدیث سنی ہو؟ تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں آپ کو بیان کرتا ہوں جس طرح آپ نے فرمایا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم اس پر بڑے دلیر ہو' بیان کرو۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آدمی کا فتنہ اس کے گھر' مال' اولاد اور اس کے پڑوس میں ہوگا' اس کا کفارہ نماز اور روزے اور نیکی کے کام کا حکم اور برائی سے منع کرنا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے اس کے متعلق نہیں پوچھا' میں تم سے اس موج کے متعلق پوچھتا ہوں جو سمندر کی موج کی طرح ہوگی۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے امیرالمؤمنین! آپ پر اس سے کوئی حرج نہیں ہوگا' آپ اور اس (فتنہ) کے درمیان بند دروازہ ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: کیا اس کو کھولا جائے گا یا توڑا جائے گا؟ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے بتایا: بلکہ توڑا جائے گا پھر قیامت تک بند نہیں ہوگا۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ عِیسَی اِلَّا عَلِیُّ بْنُ اَبِی بَكْرٍ

یہ حدیث عیسیٰ سے صرف علی بن ابی بکر ہی روایت کرتے ہیں۔

1775 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا نُوحُ بْنُ اَنَسٍ الْمُقْرِءُ قَالَ: نَا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِیُّ، عَنْ قَتَادَةَ، وَحُمَیْدٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَدِمَ

حضرت انس (بن مالک) رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ عرینہ کے لوگ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آئے' ان کو مدینہ منورہ کی آب وہوا موافق نہ آئی تو رسول

1774- أخرجه البخاري: المواقيت جلد2صفحه11 رقم الحديث:525' ومسلم: الفتن جلد4صفحه2218 .

1775- أخرجه البخاري: الحدود جلد12صفحه114 رقم الحديث:6805' ومسلم: القسامة جلد3صفحه1296 .

عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاسٌ مِّنْ عُرَيْنَةَ . فَاجْتَوَوَا الْمَدِينَةَ، فَامَرَ بِهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى لِقَاحِ الصَّدَقَةِ، لِيَشْرَبُوا مِنْ اَلْبَانِهَا ، فَشَرِبُوا حَتَّى صَحُّوا، ثُمَّ قَتَلُوا الرَّاعِيَ، وَاسْتَاقُوا الْإِبِلَ، فَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَلَبِهِمْ، فَاُتِيَ بِهِمْ، فَقَطَعَ اَيْدِيَهُمْ وَاَرْجُلَهُمْ، وَسَمَلَ اَعْيُنَهُمْ

اللہ ﷺ نے اُن کو صدقہ کے اونٹوں کی طرف بھیجا اور اُنہیں حکم دیا کہ اُن کا دودھ اور پیشاب پئیں' اُنہوں نے پیا تو وہ درست ہو گئے پھر انہوں نے آپ ﷺ کے چرواہے کو قتل کیا اور اونٹ ہانک کر لے گئے ۔ رسول اللہ ﷺ نے اُن کی تلاش میں چند لوگوں کو بھیجا' اُن کو لایا گیا' آپ نے ان کے ہاتھ و پاؤں مخالف سمت سے کاٹ دیئے گئے اور ان کی آنکھوں میں گرم سلائیاں پھیریں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ اِلَّا سَلَمَةُ

یہ حدیث ابوجعفر سے صرف سلمہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1776 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي بَكْرٍ قَالَ: نَا اَبِي، عَنِ الْجَرَّاحِ بْنِ الضَّحَّاكِ، عَنِ الْحُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ صَيْفِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا يَوْمُ عَاشُورَاءَ، فَصُومُوهُ، وَمَنْ كَانَ طَعِمَ فَلْيُتِمَّ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ ، وَبَعَثَ اِلَى اَهْلِ الْقُرَى وَمَنْ حَوْلَ الْمَدِينَةِ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَاَمَرَهُمْ اَنْ يَصُومُوا بَقِيَّةَ يَوْمِهِمْ

حضرت محمد بن صیفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ عاشوراء کا دن ہے تو اس دن کا روزہ رکھو' جس نے کھانا کھالیا ہو وہ بقیہ دن روزہ رکھے' آپ نے بستی والوں اور مدینہ منورہ کے اردگرد کے انصار کی طرف حکم بھیجا کہ وہ اپنے بقیہ دن کا روزہ رکھیں۔

1777 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا نُوحُ بْنُ اَنَسٍ الْمُقْرِءُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنِ الْجَرَّاحِ بْنِ الضَّحَّاكِ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ

حضرت سلیمان بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ایک آدمی نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اور آپ سے نماز کے اوقات پوچھے؟

1776- أخرجه ابن ماجه: الصيام جلد 1 صفحه 552 رقم الحديث: 1735 .

1777- أخرجه مسلم: المساجد جلد 1 صفحه 428' والترمذي: الصلاة جلد 1 صفحه 286 رقم الحديث: 152' والنسائي: المواقيت جلد 1 صفحه 207 (باب أول وقت المغرب)' وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 409 رقم الحديث: 23019 .

بُـرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهُ عَنْ مَوَاقِيتِ الصَّلَاةِ؟ فَقَالَ: صَلِّ مَعَنَا هٰذَيْنِ الْيَوْمَيْنِ فَاَمَرَ بِلَالًا حِينَ يَطْلُعُ الْفَجْرُ فَاَذَّنَ، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ، فَصَلّٰى، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَذَّنَ حِينَ زَالَتِ الشَّمْسُ، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ فَصَلّٰى، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَذَّنَ الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ فَصَلّٰى، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَذَّنَ لِلْمَغْرِبِ حِينَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ فَصَلّٰى، ثُمَّ اَمَرَهُ حِينَ غَابَ الشَّفَقُ فَاَذَّنَ لِلْعِشَاءِ، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ فَصَلّٰى، ثُمَّ اَمَرَهُ مِنَ الْغَدِ، فَاَذَّنَ لِلْفَجْرِ حِينَ طَلَعَ الْفَجْرُ، ثُمَّ اَمَرَهُ حِينَ اَسْفَرَ فَاَقَامَ فَصَلّٰى، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَذَّنَ الظُّهْرَ حِينَ صَارَ ظِلُّ كُلِّ شَيْءٍ مِّثْلَهُ، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ فَصَلّٰى، ثُمَّ اَمَرَهُ حِينَ صَارَ ظِلُّ كُلِّ شَيْءٍ مِّثْلَيْهِ فَاَذَّنَ لِلْعَصْرِ، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ فَصَلّٰى، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَذَّنَ لِلْمَغْرِبِ حِينَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ، ثُمَّ اَمَرَهُ فَاَقَامَ فَصَلّٰى، ثُمَّ اَخَّرَ الْعِشَاءَ اِلَى قَرِيبٍ مِّنْ ثُلُثِ اللَّيْلِ، ثُمَّ قَالَ: مَا بَيْنَ هٰذَيْنِ وَقْتٌ

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تو ہمارے ساتھ یہ دو دن نماز پڑھ۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے طلوعِ فجر کے وقت حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو فجر کی اذان کا حکم دیا' پھر آپ نے انہیں اقامت پڑھنے کا حکم دیا تو آپ نے نماز پڑھائی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سورج ڈھلنے پر حضرت بلال کو ظہر کی اذان کا حکم دیا پھر آپ نے اقامت پڑھنے کا حکم دیا تو آپ نے نماز پڑھائی' پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سورج بلند ہونے پر حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو عصر کی اذان پڑھنے کا حکم دیا پھر انہیں اقامت پڑھنے کا حکم دیا تو آپ نے نماز پڑھائی' پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سورج غروب ہونے پر حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو مغرب کی اذان کا حکم دیا' پھر آپ نے انہیں اقامت پڑھنے کا حکم دیا' تو آپ نے نماز پڑھائی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں شفق غائب ہونے پر عشاء کی اذان دینے کا حکم دیا' پھر آپ نے انہیں اقامت پڑھنے کا حکم دیا تو آپ نے نماز پڑھائی۔ پھر آپ نے دوسرے دن طلوعِ فجر کے وقت فجر کی اذان کا حکم دیا' پھر آپ نے سفیدی پھیلنے پر اقامت پڑھنے کا حکم دیا' تو آپ نے نماز پڑھائی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہر شے کا سایہ اپنی مثل ہونے پر ظہر کی اذان دینے کا حکم دیا' پھر آپ نے انہیں اقامت پڑھنے کا حکم دیا' پس آپ نے نماز پڑھائی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہر شے کا سایہ دو مثل ہونے پر عصر کی اذان دینے کا حکم دیا' پس آپ نے انہیں اقامت کا حکم دیا' پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز پڑھائی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سورج غروب ہونے پر اذان کا حکم دیا' پھر آپ نے اقامت کا حکم دیا' پس آپ

نے نماز پڑھائی۔ پھر آپ ﷺ نے نمازِ عشاء کو تہائی رات تک مؤخر کیا' پھر فرمایا: ان دونوں کے درمیان نماز کا وقت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْجَرَّاحِ إِلَّا عَلِيٌّ، تَفَرَّدَ بِهِ: نُوحٌ

یہ حدیث جراح سے صرف علی ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں نوح اکیلے ہیں۔

1778 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا نُوحٌ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، ح . وَقَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ أَبِي بَكْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنِ الْجَرَّاحِ بْنِ الضَّحَّاكِ الْكِنْدِيِّ، عَنْ مَهْدِيٍّ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَهْلَ عِلِّيِّينَ لَيُشْرِفُ أَحَدُهُمْ عَلَى الْجَنَّةِ، فَيُضِيءُ وَجْهُهُ لَهُمْ كَمَا يُضِيءُ الْقَمَرُ لِأَهْلِ الدُّنْيَا لَيْلَةَ الْبَدْرِ، وَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرُ لَمِنْهُمْ وَأَنْعَمَا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: علیین والے جھانک کر جنت میں دیکھیں گے تو اُن کے چہرے چمک رہے ہوں گے جس طرح دنیا میں چودھویں رات کا چاند چمکتا ہے' بے شک ابوبکر و عمر اُن میں سے ہیں جو علیین میں ہوں گے' دونوں ہی بہترین لوگ ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَهْدِيٍّ إِلَّا الْجَرَّاحُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ أَبِي بَكْرٍ

یہ حدیث مہدی سے صرف جراح ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابی بکر اکیلے ہیں۔

1779 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا نُوحٌ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، عَنِ الْجَرَّاحِ بْنِ الضَّحَّاكِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ نَذِيرٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: أَخَذَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَضَلَةِ سَاقِي أَسْفَلَ مِنْهَا، فَقَالَ: هَذَا مَوْضِعُ الْإِزَارِ، فَإِنْ أَبَيْتَ فَأَسْفَلَ مِنْ ذَلِكَ، فَإِنْ أَبَيْتَ فَلَا حَقَّ لِلْإِزَارِ فِي الْكَعْبَيْنِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے میری پنڈلی کا نیچے سے کپڑا پکڑا اور فرمایا: یہ تہبند باندھنے کی جگہ ہے' اگر تو اس سے انکار کرے تو اس سے نیچے کر لیا کر' اگر اس سے بھی انکار کرے تو ٹخنوں کے نیچے تہبند کا حق نہیں ہے۔

1778- أخرجه أحمد: المسند جلد3صفحه62 رقم الحديث: 11473 .

1779- أخرجه الترمذى: اللباس جلد 4صفحه247 رقم الحديث: 1783' وابن ماجه: اللباس جلد2صفحه1182 رقم الحديث: 3572' وأحمد: المسند جلد5صفحه468 رقم الحديث: 23464 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْجَرَّاحِ اِلَّا عَلِيٌّ

یہ حدیث جراح سے صرف علی ہی روایت کرتے ہیں۔

1780 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: حَدَّثَنَا عمر بْنُ عَلِيّ بْنِ اَبِي بَكْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ الْجَرَّاحِ بْنِ الضَّحَّاكِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ وَهُوَ صَائِمٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ روزہ کی حالت میں بوسہ لیتے تھے۔

1781 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُمَرُ قَالَ: نَا اَبِي، عَنِ الْجَرَّاحِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ: نَا اَبُو عَطِيَّةَ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ اَنَا وَمَسْرُوقٌ، فَقُلْنَا: رَجُلَانِ مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَحَدُهُمَا يُعَجِّلُ الصَّلَاةَ وَالْفِطْرَ، وَالْآخَرُ يُؤَخِّرُ ـ فَقَالَتْ: اَيُّهُمَا الَّذِي يُعَجِّلُ الصَّلَاةَ وَالْفِطْرَ؟ فَقُلْنَا: ابْنُ مَسْعُودٍ ـ فَقَالَتْ: هَكَذَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ

حضرت ابوعطیہ فرماتے ہیں کہ میں اور حضرت مسروق، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اور ہم نے عرض کی: ہم میں حضرت محمد ﷺ کے دو صحابی ہیں، ایک اُن میں سے جلدی افطار کرتا ہے اور نماز میں جلدی کرتا ہے اور دوسرا مؤخر کرتا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: روزہ اور نماز جلدی افطار کون کرتا ہے؟ ہم نے عرض کی: حضرت ابن مسعود۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ حضرت محمد ﷺ ایسے ہی کرتے تھے۔

1782 - وَبِهِ: عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ اُمِّي جَعَلَتْ عَلَيْهَا صَوْمَ شَهْرٍ، وَاِنَّهَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اور عرض کی: یارسول اللہ! میری والدہ پر ایک ماہ کے روزے تھے وہ وفات پا گئیں لیکن اس کی قضاء نہیں کی؟ تو رسول اللہ ﷺ نے

1780- أخرجه البخاري: الصوم جلد4صفحه180 رقم الحديث:1928، ومسلم: الصيام جلد2صفحه777 .

1781- أخرجه مسلم: الصيام جلد2صفحه771، وأبو داؤد: الصوم جلد2صفحه315 رقم الحديث: 2354، والنسائي: الصيام جلد 4صفحه117-118 (باب ذكر الاختلاف على سليمان بن مهران في حديث عائشة في تأخير السحور، واختلاف ألفاظهم)، والترمذي: الصوم جلد3صفحه74 رقم الحديث: 702، وأحمد: المسند جلد6صفحه54 رقم الحديث: 24267 .

1782- أخرجه البخاري: الصوم جلد4صفحه227 رقم الحديث: 1953، ومسلم: الصيام جلد2صفحه804 .

مَاتَتْ وَلَمْ تَقْضِهِ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرَأَيْتِ لَوْ كَانَ عَلَيْهَا دَيْنٌ أَكُنْتِ تَقْضِيهِ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: فَدَيْنُ اللّٰهِ أَحَقُّ أَنْ يُقْضَى

فرمایا: تم بتاؤ کہ اگر اس پر قرض ہوتا تو کیا تم اس کو ادا کرتے؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کا قرض زیادہ حق رکھتا ہے کہ اس کو ادا کیا جائے۔

1783 - وَبِهِ: عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْوِصَالِ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّكَ تُوَاصِلُ. فَقَالَ: إِنَّكُمْ لَسْتُمْ مِثْلِي، إِنَّ رَبِّي يُطْعِمُنِي وَيَسْقِينِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے وصال کے روزوں سے منع کیا' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بھی تو وصال کے روزے رکھتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک تم میری مثل نہیں ہو' میرا رب مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے۔

فائدہ: کھانے اور پلانے سے مراد یہ نہیں ہے کہ روٹی اور پانی' بلکہ اس سے مراد اپنی رحمت کے فیوض و برکات اور روحانی طاقت دینا ہے۔ دستگیر غفرلہٗ

1784 - وَبِهِ: عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَزَوَّجُوا يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ، فَإِنَّهُ أَغَضُّ لِلْبَصَرِ، وَأَحْصَنُ لِلْفَرْجِ، وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ، فَإِنَّهُ لَهُ وِجَاءٌ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے نوجوانوں کے گروہ! شادی کرو کیونکہ شادی آنکھوں کو جھکاتی ہے اور شرمگاہ کی حفاظت کرتی ہے' جو شادی کی طاقت نہیں رکھتا ہے وہ روزے رکھے کیونکہ یہ اس کے لیے ڈھال ہے۔

1785 - وَبِهِ: عَنِ الْجَرَّاحِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُقَبِّلُ وَهُوَ صَائِمٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ روزہ کی حالت میں بوسہ لیتے تھے۔

1786 - وَبِهِ: عَنِ الْجَرَّاحِ، عَنِ ابْنِ أَبِي

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

1783- أخرجه البخاري: الصوم جلد4صفحه242 رقم الحديث:1965' ومسلم: الصيام جلد2صفحه774-775 .

1784- أخرجه البخاري: الصوم جلد4صفحه142 رقم الحديث:1905' ومسلم: النكاح جلد2صفحه1018 .

1785- تقدم تخريجه .

1786- أخرجه البخاري: الطب جلد 10صفحه157 رقم الحديث:5694' وأبو داؤد: الصوم جلد2صفحه319

لَيْلَى، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: احْتَجَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ صَائِمٌ، فِيمَا بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ

رسول اللہ ﷺ نے روزے کی حالت میں مکہ اور مدینہ کے درمیان پچھنا لگوایا۔

1787 - وَبِهِ: عَنِ الْجَرَّاحِ، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءٍ، وَمُجَاهِدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنِّي اَفْطَرْتُ يَوْمًا مِنْ رَمَضَانَ مُتَعَمِّدًا، وَوَقَعْتُ عَلَى اَهْلِي فِيهِ . فَقَالَ: اَعْتِقْ رَقَبَةً . قَالَ: لَا اَجِدُ . قَالَ: اَهْدِ بَدَنَةً . قَالَ: لَا اَجِدُ . فَقَالَ: تَصَدَّقْ بِعِشْرِينَ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ، اَوْ تِسْعَةَ عَشَرَ، اَوْ اَحَدٍ وَّعِشْرِينَ قَالَ: لَا اَجِدُ . فَاُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِكْتَلٍ، فِيهِ عِشْرُونَ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ، فَقَالَ: تَصَدَّقْ بِهَذَا . فَقَالَ: مَا بِالْمَدِينَةِ اَهْلُ بَيْتٍ اَحْوَجُ اِلَيْهِ مِنَّا . قَالَ: فَاَطْعِمْهُ اَهْلَكَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اور اس نے عرض کی: میں نے جان بوجھ کر رمضان کے ایک دن افطار کیا ہے اور اس میں اپنی بیوی سے جماع کیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: غلام آزاد کر! اس نے عرض کی: میں طاقت نہیں رکھتا ہوں' آپ ﷺ نے فرمایا: اونٹ کی قربانی کر! اس نے عرض کی: میں اس کی بھی طاقت نہیں رکھتا ہوں' آپ ﷺ نے فرمایا: بیس صاع کھجور یا انیس یا اکیس صاع کھجور صدقہ دے' اس نے عرض کی: میں اس کی بھی طاقت نہیں رکھتا ہوں' پھر نبی کریم ﷺ کے پاس ایک کھجور کا ٹوکرا لایا گیا جس میں بیس صاع کھجوریں تھیں' آپ ﷺ نے اُس آدمی سے فرمایا: اس کو صدقہ کر! اس نے عرض کی: مدینہ منورہ میں مجھ سے زیادہ ضرورت مند کوئی نہیں' تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ اپنے گھر والوں کو کھلا دے! (تمہارا کفارہ ادا ہو جائے گا)

1788 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اِسْمَاعِيلَ الْقَطَّانُ الْبَغْدَادِيُّ اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ اَيُّوبَ الْمُوصِلِيُّ قَالَ: نَا

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ پر دو زرد رنگ کے کپڑے دیکھے تو آپ نے فرمایا: تیری ماں نے یہ پہننے کا حکم دیا ہے؟

رقم الحديث: 2372' والترمذی: الصوم جلد 3 صفحه 138 رقم الحديث: 777' أخرجه مسلم: الحج جلد 2 صفحه 862 .

1787- أخرجه البخاری: الصوم جلد 4 صفحه 193 رقم الحديث: 1936' ومسلم: الصيام جلد 2 صفحه 781 .

1788- أخرجه مسلم: اللباس جلد 3 صفحه 1647 .

اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَافِعٍ الْمَكِّيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي مُسْلِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: رَاٰى عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَوْبَيْنِ مُعَصْفَرَيْنِ، فَقَالَ: اُمُّكَ اَمَرَتْكَ بِهٰذَا؟ قُلْتُ: نَعَمْ. قَالَ: فَاغْسِلْهُمَا

میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: ان دونوں کو دھو دے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا عُمَرُ

یہ حدیث ابراہیم سے صرف عمر ہی روایت کرتے ہیں۔

1789 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ ضُرَيْسٍ الْفَيْدِيُّ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ مُوسَى الْمَدَنِيُّ، عَنْ مَسْلَمَةَ، عَنْ رَاشِدٍ اَبِي مُحَمَّدٍ الْمَدَنِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَامَ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ مِنْ شَهْرٍ حَرَامٍ: الْخَمِيسَ وَالْجُمُعَةَ وَالسَّبْتَ، كُتِبَ لَهُ عِبَادَةُ سَنَتَيْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو حرمت والے مہینے میں تین روزے' جمعرات' جمعہ اور ہفتہ کو رکھے' اس کے لیے ساٹھ سال کی عبادت کا ثواب لکھا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَسْلَمَةَ اِلَّا يَعْقُوبُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث مسلمہ سے صرف یعقوب ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

1790 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ التَّرْجُمَانِيُّ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرِبَ قَائِمًا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے کھڑے ہو کر پانی نوش فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ

یہ حدیث از عبدالکریم از سعید صرف عیسیٰ ہی

1789- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحہ194 .

1790- أخرجه البخاري: الأشربة جلد10صفحہ84 رقم الحديث: 5617' ومسلم: الأشربة جلد3صفحہ1602 .

سَعِيدٍ اِلَّا عِيسَى

روایت کرتے ہیں۔

1791 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُطِيعٍ الشَّيْبَانِيُّ قَالَ: نَا هُشَيْمٌ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ عَمَّارٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ زَاذَانَ، اَنَّ عَلِيًّا، حَدَّثَ حَدِيثًا، فَكَذَّبَهُ رَجُلٌ، فَقَالَ عَلِيٌّ: اَدْعُو عَلَيْكَ اِنْ قُلْتَ كَاذِبًا قَالَ: ادْعُ، فَدَعَا عَلَيْهِ، فَلَمْ يَبْرَحْ حَتَّى ذَهَبَ بَصَرُهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ اِلَّا هُشَيْمٌ

حضرت زاذان فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک حدیث بیان کی تو ایک آدمی نے اس حدیث کو جھٹلایا' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تیرے لیے بددعا کرتا ہوں' اگر تُو جھوٹ بولتا ہے۔ اس نے کہا: آپ بددعا کریں! آپ نے اس کے لیے بددعا کی' تو وہ اس جگہ سے نہیں پھرا تھا کہ اس کی بینائی چلی گئی۔

یہ حدیث اسماعیل سے صرف ہشیم ہی روایت کرتے ہیں۔

1792 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو مَرْوَانَ الْعُثْمَانِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ اَخِي الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَقْرَاَنِي جِبْرِيلُ عَلَى حَرْفٍ، فَلَمْ اَزَلْ اَسْتَزِيدُهُ فَيَزِيدُنِي، حَتَّى انْتَهَى اِلَى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ . قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: السَّبْعَةُ الْاَحْرُفِ، اِنَّمَا هِيَ الْاَمْرُ اِذَا كَانَ وَاحِدًا لَا يَخْتَلِفُ فِيهِ حَلَالٌ وَّلَا حَرَامٌ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَخِي الزُّهْرِيِّ اِلَّا الدَّرَاوَرْدِيُّ

حضرت عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے جبریل نے قرآن ایک قرأت پر پڑھا' یا میں مسلسل کئی قرأتوں کا کہتا رہا تو میرے لیے اس میں اضافہ کیا گیا یہاں تک کہ سات قرأتوں تک بات ختم ہوئی۔ ابن شہاب فرماتے ہیں: سات قرأتوں سے مراد یہ ہے کہ اس طرز پر پڑھا جائے کہ حلال وحرام میں فرق نہ آئے۔

یہ حدیث ابن اخی الزہری سے صرف الدراوردی ہی روایت کرتے ہیں۔

1793 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ اَبُو الْعَبَّاسِ

حضرت عبداللہ بن مالک بن بحینہ رضی اللہ عنہ

1791- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه119 .

1792- أخرجه البخاری: فضائل القرآن جلد8صفحه639 رقم الحديث: 4991' ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه561 .

1793- تقدم تخريجه .

الْبَرْبَهَارِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هُرْمُزَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ ابْنِ بُحَيْنَةَ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ الْعَصْرَ، فَقَامَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ، ثُمَّ لَمْ يَجْلِسْ حَتَّى قَضَى صَلَاتَهُ، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ

روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں ایک دن عصر کی نماز پڑھائی' آپ دو رکعتوں میں کھڑے ہوئے بیٹھے نہیں یہاں تک کہ آپ نے نماز مکمل کی' پھر بیٹھے بیٹھے ہی دو سجدے (سہو کے) کیے۔

1794 - وَبِهِ: عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ نِكَاحِ الْمُتْعَةِ

حضرت ربیع بن سبرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نکاح متعہ سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا اَيُّوبُ

یہ دونوں حدیثیں زہری سے صرف ایوب ہی روایت کرتے ہیں۔

1795 - وَبِهِ: عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ عَلَى الْخَيْلِ وَالرَّقِيقِ صَدَقَةٌ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: گھوڑے اور غلام پر زکوٰۃ نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ وَسُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ

یہ حدیث ایوب سے صرف ابراہیم اور سفیان بن عیینہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1796 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ قَالَ: نَا اَبُو شَيْبَةَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ كِتَابُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اہل کتاب کی طرف خط بھیجا' جس میں تھا: ''اے اہل کتاب! آؤ اس کلمہ کی طرف جو

1794- أخرجه مسلم: النكاح جلد2صفحه1026' وأحمد: المسند جلد3صفحه496 رقم الحديث:15356 .

1795- أخرجه البخاري: الزكاة جلد3صفحه383 رقم الحديث:1464' ومسلم: الزكاة جلد2صفحه676 .

1796- أخرجه البخاري في التفسير جلد 8صفحه62 رقم الحديث: 4553' وأحمد في المسند جلد 1صفحه343 رقم الحديث:2374 .

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى أَهْلِ الْكِتَابِ: (يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ) (آل عمران: 64) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ

ہمارے اور تمہارے درمیان برابر ہے'' (آل عمران:٦٤)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ إِلَّا أَبُو شَيْبَةَ

یہ حدیث حکم سے صرف ابوشیبہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1797 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: مَاتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِي، وَيَوْمِي، وَبَيْنَ سَحْرِي وَفَخِذِي، وَجَمَعَ بَيْنَ رِيقِهِ وَرِيقِي قَالَتْ: دَخَلَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ وَفِي يَدِهِ سِوَاكٌ، فَنَظَرَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَظَنَنْتُ أَنَّهُ يُعْجِبُهُ أَنْ يَسْتَاكَ بِهِ، فَأَخَذْتُهُ فَطَيَّبْتُهُ، ثُمَّ دَفَعْتُهُ إِلَيْهِ، فَاسْتَنَّ بِهِ، فَمَا رَأَيْتُ فَمَا أَحْسَنَ مِنْهُ، ثُمَّ أَرَادَ أَنْ يُنَاوِلَنِيهِ، فَلَمْ تَقُمْ يَدُهُ، فَلَمَّا رَأَيْتُ ذَلِكَ أَخَذْتُهُ مِنْهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا وصال میرے گھر اور میری باری کے دن میں ہوا اور (اس حالت میں کہ آپ ﷺ کا سر) میری ٹھوڑی اور ران کے درمیان تھا' آپ نے اپنے اور میرے لعابِ دہن کو جمع کیا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر اس حالت میں آئے کہ ان کے ہاتھ میں مسواک تھی' تو رسول اللہ ﷺ نے اس کی طرف دیکھا تو میں نے گمان کیا کہ آپ مسواک کرنا پسند کرتے ہیں' سو میں نے مسواک لی اور اسے چبایا پھر آپ کو دی' پھر آپ نے چبانے کا ارادہ کیا تو آپ کا ہاتھ نہیں اُٹھا' جب میں نے یہ دیکھا تو میں نے آپ سے مسواک لے لی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث ابوزبیر سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں۔

1798 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ قَالَ: نا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مقامِ جیاد میں ایک عورت تھی' اس کا نام ام مہزول تھا' وہ

1797- أخرجه البخاري في المغازي جلد 7 صفحه 751 رقم الحديث: 4451' والنسائي في الجنائز جلد 4 صفحه 6 (باب: شدة الموت)' وأحمد في المسند جلد 6 صفحه 55 رقم الحديث: 24271 .

1798- أخرجه أبو داؤد في النكاح جلد 2 صفحه 227 رقم الحديث: 2052' وأحمد في المسند جلد 2 صفحه 433 رقم الحديث: 8320 .

الْحَضْرَمِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: كَانَتِ امْرَاَةٌ فِي جِيَادٍ تُسَمّٰى: اُمَّ مَهْزُولٍ، وَكَانَتْ تُسَافِحُ، وَكَانَتْ تَشْتَرِطُ لِمَنْ تَزَوَّجَهَا اَنْ تَكْفِيَهُ النَّفَقَةَ، فَاسْتَاْذَنَ رَجُلٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نِكَاحِهَا، فَقَرَاَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (الزَّانِي لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً) (النور: 3) الْآيَةَ.

زانیہ تھی، وہ شادی اس شرط پر کرتی تھی کہ اس کے لیے نفقہ کافی ہو۔ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے اس سے نکاح کی اجازت لی تو رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت پڑھی: اَلزَّانِیْ لَا یَنْکِحُ اِلَّا زَانِیَةً۔ ''زانیہ سے نکاح صرف زانی ہی کرتا ہے''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ اِلَّا مُعْتَمِرٌ

یہ حدیث سلیمان تیمی سے صرف معتمر ہی روایت کرتے ہیں۔

1799 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ قَالَ: نَا اِسْرَائِيلُ، عَنْ ثُوَيْرِ بْنِ اَبِي فَاخِتَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّمْرِ وَالزَّبِيبِ، اَنْ يُخْلَطَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے کھجور اور کشمش کو ملانے سے منع فرمایا (یعنی ملا کر نبیذ بنانے سے منع کیا)۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثُوَيْرٍ اِلَّا اِسْرَائِيلُ

یہ حدیث ثویر سے صرف اسرائیل ہی روایت کرتے ہیں۔

1800 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْبَرْبَهَارِيُّ قَالَ: نَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ الضَّمْرِيِّ قَالَ: خَرَجْتُ اَنَا وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ، حَتّٰى قَدِمْنَا حِمْصَ. فَاَتَيْنَا وَحْشِيَّ بْنَ حَرْبٍ، فَحَدَّثَنَا قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت جعفر بن عمرو بن امیہ الضمری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اور عبیداللہ بن عدی بن خیار نکلے، یہاں تک کہ ہم حمص آئے، ہم حضرت وحشی بن حرب کے پاس آئے، انہوں نے ہمیں بیان کیا کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا، میں نے حق کی گواہی دی (یعنی کلمہ پڑھا) تو آپ نے فرمایا: اے وحشی! بیٹھ جاؤ! مجھے بتاؤ کہ تم نے حضرت حمزہ کو کس طرح قتل کیا تھا؟ پس میں نے

1799- أخرجه النسائي في الأشربة جلد8صفحه259 (باب: ذكر العلة لاتي من أجلها نهي عن الخليطين......الخ).

1800- أخرجه البخاري في المغازي جلد 7صفحه424 رقم الحديث: 4072، والبيهقي في السير جلد 9صفحه97 رقم الحديث: 8188.

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَشَهِدْتُ شَهَادَةَ الْحَقِّ، فَقَالَ: يَا وَحْشِيُّ، اجْلِسْ فَحَدِّثْنِي كَيْفَ قَتَلْتَ حَمْزَةَ؟ فَحَدَّثْتُهُ، فَقَالَ: غَيِّبْ وَجْهَكَ عَنِّي، فَلَا أَرَاكَ

آپ سے بیان کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنا چہرہ مجھ سے چھپاؤ، تجھے نہ دیکھوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْفَضْلِ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ وَعَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمَاجِشُونَ

یہ حدیث عبداللہ بن فضل سے صرف محمد بن اسحاق اور عبدالعزیز بن الماجشون ہی روایت کرتے ہیں۔

1801 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي الْعَبَّاسِ السَّامِرِيُّ قَالَ: نَا أَبُو أُوَيْسٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ أَخْبَرَهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا افْتَتَحَ التَّكْبِيرَ فِي الصَّلَاةِ رَفَعَ يَدَيْهِ حِينَ يُكَبِّرُ حَتَّى يَجْعَلَهُمَا حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ، ثُمَّ إِذَا كَبَّرَ وَرَكَعَ فَعَلَ مِثْلَ ذَلِكَ، ثُمَّ إِذَا قَالَ: سَمِعَ اللَّهُ لِمَنْ حَمِدَهُ فَعَلَ مِثْلَ ذَلِكَ، وَقَالَ: رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ، وَلَا يَفْعَلُ ذَلِكَ حِينَ يَسْجُدُ، وَلَا حِينَ يَرْفَعُ مِنَ السُّجُودِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب نماز شروع کرنے کے لیے تکبیر کہتے تو آپ دونوں ہاتھ اُٹھاتے تھے، یہاں تک کہ دونوں ہاتھ اپنے کندھوں کے برابر لے جاتے (یعنی کان کی لو تک) پھر آپ تکبیر کہتے جب رکوع کرتے اسی کی مثل، پھر جب سمع اللہ لمن حمدہ کہتے اسی طرح، اور ربنا لک الحمد کہتے، اور آپ جس وقت سجدہ کرتے اور جس وقت سجدہ سے سر اُٹھاتے تو آپ ایسا نہیں کرتے تھے (یعنی رفع یدین نہیں کرتے تھے)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي أُوَيْسٍ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث ابواویس سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں۔

1802 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نَا أَبُو أُمَيَّةَ بْنُ يَعْلَى الثَّقَفِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمرو بن جدعان کو فرمایا: جب تُو جوتا خریدے اسے پہن کر پرانا کر اور جب تُو کپڑے

1801- أخرجه البخاری فی الأذان جلد 2 صفحه 255 رقم الحديث: 735، ومسلم فی الصلاة جلد 1 صفحه 292، وأبو داؤد فی الصلاة جلد 1 صفحه 188 رقم الحديث: 721، والنسائی فی الافتتاح جلد 2 صفحه 94 (باب: رفع اليدين حذو المنكبين)، وابن ماجه فی الاقامة جلد 1 صفحه 279 رقم الحديث: 858، والدارمی فی الصلاة جلد 1 صفحه 316 رقم الحديث: 1259، وأحمد فی المسند جلد 2 صفحه 63 رقم الحديث: 5053 .

1802- انظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 112 .

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَمْرِو بْنِ جُدْعَانَ: إِذَا اشْتَرَيْتَ نَعْلًا فَاسْتَجِدْهَا، وَإِذَا اشْتَرَيْتَ ثَوْبًا فَاسْتَجِدْهُ

خریدے اسے پہن کر بوسیدہ کر۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدٍ إِلَّا أَبُو أُمَيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ الْفَيْضُ

یہ حدیث سعید سے صرف ابوامیہ ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں فیض اکیلے ہیں۔

1803 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي هَاشِمٍ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ مَطَرٍ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ مَعْمَرِ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ خَبَّبَ امْرَأَةً عَلَى زَوْجِهَا، وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ خَبَّبَ عَبْدًا عَلَى سَيِّدِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس کا تعلق ہم سے نہیں جو عورت کو اپنے شوہر کے خلاف بھڑکائے اور اس کا تعلق بھی ہم سے نہیں ہے جو غلام کو اپنے آقا کے خلاف بھڑکائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ إِلَّا مَعْمَرٌ، وَلَا عَنْ مَعْمَرٍ إِلَّا عُثْمَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيٌّ

یہ حدیث ابن طاؤس سے صرف معمر اور معمر سے صرف عثمان ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں علی اکیلے ہیں۔

1804 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيهِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّهُ حَدَّثَهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَهُ وَأَوْسُ بْنُ الْحَدَثَانِ، فَنَادَى: أَنْ لَا يَدْخُلَ الْجَنَّةَ إِلَّا مُؤْمِنٌ، وَأَيَّامُ مِنًى أَيَّامُ أَكْلٍ وَشُرْبٍ

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت اوس بن حدثان کو بھیجا کہ اعلان کردیں کہ جنت میں صرف مؤمن ہی داخل ہوگا اور منیٰ کے دن کھانے اور پینے کے دن ہیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث حضرت کعب بن مالک سے صرف اسی سند سے مروی ہے اسے روایت کرنے میں ابراہیم اکیلے ہیں۔

1803- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه335 .

1804- أخرجه مسلم في الصيام جلد2صفحه800 .

1805 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ السَّمْتِيُّ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عَلَى الْخُمْرَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو چٹائی پر نماز پڑھتے دیکھا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن حسان اکیلے ہیں۔

1806 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ النُّمَيْرِيُّ قَالَ: نَا اَبُو مَالِكٍ الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا نُورَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو ہم (انبیاء) چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے' ہم کسی کو وارث نہیں بناتے ہیں۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ حُذَيْفَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: فُضَيْلٌ

یہ حدیث واقد سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں فضیل اکیلے ہیں۔

1807 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ وَاقِدِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ: سَمِعْتُ نَافِعًا، يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْكَافِرُ يَاْكُلُ فِي سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ، وَالْمُؤْمِنُ يَاْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے اور مؤمن ایک آنت میں کھاتا ہے (مطلب یہ ہے کہ کافر بہت زیادہ کھاتا ہے اور مؤمن کم کھاتا ہے)۔

1805- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 6012 .

1806- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 4319 .

1807- أخرجه البخاري في الأطعمة جلد 9 صفحه 446 رقم الحديث: 5394' ومسلم في الأشربة جلد 3 صفحه 1631' والترمذي في الأطعمة جلد 4 صفحه 266 رقم الحديث: 1818 وابن ماجه في الأطعمة جلد 2 صفحه 1084 رقم الحديث: 3257' والدارمي في الأطعمة جلد 2 صفحه 135 رقم الحديث: 2041' وأحمد في المسند جلد 2 صفحه 30 رقم الحديث: 4717 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ وَاقِدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا شُعْبَةُ

یہ حدیث واقد بن محمد بن محمد بن عبداللہ بن عمر سے صرف شعبہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1808 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو السَّكَنِ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ السَّكَنِ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ قُنُوتٍ فِي الْقُرْآنِ فَهُوَ طَاعَةٌ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ہر قنوت جو قرآن میں ہے اس سے مراد اطاعت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرٍو اِلَّا رِشْدِينُ

یہ حدیث عمر سے صرف رشدین ہی روایت کرتے ہیں۔

1809 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ قَالَ: نَا اَبُو شَيْبَةَ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ قَالَ: كُنَّا فِي الْمَسْجِدِ فَخَرَجَ عَلَيْنَا عَلِيٌّ فِي آخِرِ اللَّيْلِ، فَقَالَ: اَيْنَ السَّائِلُ عَنِ الْوِتْرِ؟ فَاجْتَمَعْنَا اِلَيْهِ، فَقَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْتَرَ اَوَّلَ اللَّيْلِ، ثُمَّ اَوْتَرَ وَسَطَهُ، ثُمَّ اَوْتَرَ هَذِهِ السَّاعَةَ، فَقُبِضَ وَهُوَ يُوتِرُ هَذِهِ السَّاعَةَ

حضرت عبد خیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم مسجد میں تھے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ ہمارے پاس رات کے آخری حصے میں نکلے آپ نے فرمایا: وتروں کے متعلق سوال کرنے والا کہاں ہے؟ ہم جمع ہوئے تو فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رات کے اوّل حصے میں وتر پڑھتے تھے پھر آدھی رات کو پڑھتے تھے پھر اس وقت پڑھتے تھے پس آپ کا وصال اس وقت ہوا کہ آپ وتر اسی وقت ادا کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ السُّدِّيِّ اِلَّا اَبُو شَيْبَةَ

یہ حدیث السدی سے صرف ابوشیبہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1810 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نَا اَبُو زُهَيْرٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کے متعلق فرمایا: یہ میرا بیٹا سردار ہے اللہ عزوجل اس کے ذریعے

1808- أخرجه أحمد في المسند جلد3 صفحه92 رقم الحديث: 11717 .

1810- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 18119 .

قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ: إِنَّ ابْنِي هٰذَا سَيِّدٌ، وَلَيُصْلِحَنَّ اللّٰهُ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ عَظِيمَتَيْنِ

مسلمانوں کے دوعظیم گروہوں کے درمیان صلح کروائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، وَيَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْأُمَوِيُّ

یہ حدیث اعمش سے صرف عبدالرحمٰن اور یحیٰی بن سعیدالاموی ہی روایت کرتے ہیں۔

1811 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ الْعِجْلِيُّ قَالَ: نا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ خَيْثَمَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صِنْفَانِ مِنْ أَهْلِ النَّارِ لَمْ أَرَهُمَا بَعْدُ: نِسَاءٌ كَاسِيَاتٌ عَارِيَاتٌ مَائِلَاتٌ مُمِيلَاتٌ، عَلَى رُءُوسِهِنَّ كَأَسْنِمَةِ الْبُخْتِ، وَقَوْمٌ مَعَهُمْ سِيَاطٌ كَأَذْنَابِ الْبَقَرِ، لَا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ، وَلَا يَجِدُونَ رِيحَهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دوقسم کے ایسے جہنمی ہیں کہ میں نے اُن کے بعد نہیں دیکھے عورتیں ننگے بدن واپس اپنی طرف مائل کرنے والیاں اور ان کے سروں پر اونٹ کی کوہان کی طرح چوٹیاں ہوں گے ان کے ساتھ ایسی قوم ہوگی کہ اس کے کان گائے کی دُم کی طرح ہوں گے وہ لوگ نہ جنت میں داخل ہوں گے اور نہ ہی جنت کی خوشبو پائیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادٍ إِلَّا زُهَيْرٌ

یہ حدیث زیاد سے صرف زہیر ہی روایت کرتے ہیں۔

1812 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ الْأَنْصَارِيِّ، أَنَّهُ حَدَّثَهُ أَنَّهُ كَانَ أَهَلَّ فِي ذِي الْقَعْدَةِ بِالْحَجِّ، وَأَنَّهُ قَمِلَ رَأْسُهُ، فَأَتَى عَلَيْهِ

حضرت کعب بن عجرہ الانصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے ذی القعدہ کے ماہ میں حج کا احرام باندھا ہوا تھا' تو ان کے سر میں جوئیں پڑ گئیں' پس رسول اللہ ﷺ ان کے پاس تشریف لائے (میں) اس وقت وہ ہانڈی کے نیچے آگ جلا رہے تھے۔ آپ نے

1811- أخرجه مسلم في اللباس جلد3صفحه1680' ومالك في الموطأ جلد2صفحه913 رقم الحديث:7' وأحمد في المسند جلد2صفحه472 رقم الحديث:8686 .

1812- أخرجه البخاري في المحصر جلد 4صفحه16 رقم الحديث: 1814' ومسلم في الحج جلد 2صفحه859' ومالك في الموطأ جلد 1صفحه417 رقم الحديث: 237' وأحمد في المسند جلد 4صفحه297 رقم الحديث: 18141 .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُوقِدُ تَحْتَ قِدْرٍ لَّهُ، فَقَالَ لَهُ: كَأَنَّكَ يُؤْذِيكَ هَوَامُّ رَأْسِكَ؟ قَالَ: أَجَلْ . فَقَالَ: احْلِقْ، وَأَهْدِ هَدْيًا . قُلْتُ: مَا أَجِدُ هَدْيًا . قَالَ: فَأَطْعِمْ سِتَّةَ مَسَاكِينَ . قَالَ: مَا أَجِدُ قَالَ: فَصُمْ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ قَالَ: حَلَقْتُ، وَصُمْتُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ

فرمایا: کیا تیرے سر کی جوئیں تمہیں تکلیف دیتی ہیں؟ عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: اپنے بال کٹواؤ اور قربانی دے دے۔ میں نے عرض کی: میں قربانی کرنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ آپ نے فرمایا: ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ' میں نے عرض کی: میں اس کی بھی طاقت نہیں رکھتا۔ آپ نے فرمایا: تین دن روزے رکھ' پس میں نے بال کٹوائے اور میں نے تین دن روزے رکھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ

یہ حدیث ابوزبیر سے صرف ابراہیم بن طہمان ہی روایت کرتے ہیں۔

1813 - وَبِهِ: عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ: أَقْبَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الطَّائِفِ حَتَّى إِذَا كَانَ بِبَطْنِ نَخْلَةَ غَشِيَهُ النَّاسُ، فَرَكِبُوهُ، فَمَرَّ بِسَلَائَةٍ، فَتَعَلَّقَتْ بِرِدَائِهِ، فَبَقِيَ رِدَاؤُهُ، فَأَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ، كَأَنَّهُ فِلْقَةُ قَمَرٍ، وَكَأَنَّ عُنُقَهُ أَسَارِيعُ الذَّهَبِ، فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، أَمْكِنُونِي مِنْ رِدَائِي، أَتَخَافُونَ عَلَيَّ الْبُخْلَ؟ فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَوْ كَانَ مَعِي مِثْلُ شَجَرِ أَوْطَاسٍ نَعَمًا حُمْرًا لَقَسَمْتُهَا بَيْنَكُمْ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ طائف سے واپس آئے جب بطن نخلہ میں تھے تو لوگوں نے آپ کو گھیر لیا' آپ سواری پر سوار ہوئے' آپ مقامِ سلالہ کے پاس سے گزرے تو آپ کی چادر پکڑ لی' کچھ چادر آپ پر تھی' آپ ہماری طرف متوجہ ہوئے گویا کہ آپ کا چہرہ چاند کا ٹکڑا لگ رہا تھا اور آپ کی گردن سونے کی طرح چمک رہی تھی۔ آپ نے فرمایا: اے لوگو! میری چادر واپس دے دو' کیا تم مجھے بخیل خیال کرتے ہو؟ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! اگر میرے پاس اوطاس شہر کے برابر سرخ درخت ہوتے تو میں تمہارے درمیان تقسیم کر دیتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث زبیر سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں۔

1814 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت عبداللہ (بن مسعود) رضی اللہ عنہ فرماتے

1814- أخرجه الترمذي في البر جلد4صفحه350 رقم الحديث: 1977' وأحمد في المسند جلد 1صفحه525 رقم الحديث: 3838 .

سَابِقٍ قَالَ: نَا اِسْرَائِيلُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِالطَّعَّانِ، وَلَا اللِّعَانِ، وَلَا الْفَاحِشِ، وَلَا الْبَذِیءِ

ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مؤمن لعن' طعن نہیں کرتا ہے' نہ بے حیاء اور نہ بُرا ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ اِلَّا اِسْرَائِيلُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ

یہ حدیث از اعمش از ابراہیم' علقمہ سے صرف اسرائیل ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن سابق اکیلے ہیں۔

1815 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلَى بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَضَمِّخٌ بِالْخَلُوقِ، عَلَيْهِ مُقَطَّعَاتٌ، قَدْ اَحْرَمَ بِعُمْرَةٍ، فَقَالَ: كَيْفَ تَاْمُرُنِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ فِي عُمْرَتِي؟ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ) (البقرة: 196) ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ السَّائِلُ عَنِ الْعُمْرَةِ؟ فَقَالَ: اَنَا . فَقَالَ: اَلْقِ ثِيَابَكَ، وَاغْتَسِلْ، وَاسْتَنْقِ مَا اسْتَطَعْتَ، وَمَا كُنْتَ صَانِعًا فِي حَجَّتِكَ فَاصْنَعْهُ فِي عُمْرَتِكَ

حضرت صفوان بن یعلیٰ بن امیہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' اس نے خلوق ملا ہوا تھا اور اس پر چادر تھی' اس نے عمرہ کا احرام بھی باندھا ہوا تھا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ میرے عمرہ کے متعلق کیا حکم دیتے ہیں؟ تو اللہ عزوجل نے یہ آیت ''حج وعمرہ اللہ کے لیے مکمل کرو'' (البقرہ:۱۹۶) نازل فرمائی' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عمرہ کے متعلق پوچھنے والا کہاں ہے؟ اس نے عرض کی: میں ہوں' آپ نے فرمایا: اپنے کپڑے اتار دو اور ان کو دھولو' اس سے خلوق کو اُتارو جتنی طاقت رکھتے ہو' اور جو تو حج میں کرے وہی عمرہ میں کر۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ، وَلَمْ يُدْخِلْ اَبُو الزُّبَيْرِ بَيْنَ عَطَاءٍ وَصَفْوَانَ اَحَدًا وَرَوَاهُ مُجَاهِدٌ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلَى، عَنْ اَبِيهِ

یہ حدیث ابوزبیر سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں اور ابوزبیر اور صفوان کے درمیان عطاء داخل نہیں ہیں۔ اور مجاہد' عطاء سے' وہ صفوان بن یعلیٰ سے' وہ اپنے والد سے اسے روایت کرتے ہیں۔

1815- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه208 .

1816 - وَبِهِ: عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ اُمِّ هَانِءٍ بِنْتِ اَبِی طَالِبٍ قَالَتْ: لَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی الْفَتْحِ، فَتْحِ مَكَّةَ، نَزَلَ بِاَعْلَى مَكَّةَ، فَصَلَّى ثَمَانَ رَكَعَاتٍ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا هَذِهِ الصَّلَاةُ؟ قَالَ: صَلَاةُ الضُّحَى

حضرت اُم ھانی بنت ابی طالب رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فتح مکہ کے لیے آئے' آپ نے مکہ مکرمہ فتح کیا پھر آپ مکہ مکرمہ کے اونچے مقام پر تشریف فرما ہوئے اور آپ نے آٹھ رکعتیں ادا فرمائیں' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ کون سی نماز ہے؟ آپ نے فرمایا: چاشت کی نماز ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث ابوزبیر سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں۔

1817 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: لَقَدْ كُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَرَسُولُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ هَذَا، وَاَوْمَاَتْ اِلَى تَوْرٍ مَوْضُوعٍ مِثْلَ الصَّاعِ، نَشْرَعُ فِيهِ جَمِيعًا، فَاُفِيضُ عَلَى رَاْسِی ثَلَاثَ مَرَّاتٍ بِيَدِی، وَمَا اَنْقُضُ لِی شَعْرًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے' فرماتی ہیں کہ میں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم دونوں اس سے غسل شروع کرتے تھے انہوں نے ایسے برتن کی طرف اشارہ کیا جو ایک صاع کا تھا' پھر فرمایا: میں اپنے سر پر تین مرتبہ اپنے ہاتھ سے پانی ڈالتی تھی' اور میں اپنے بالوں کی مینڈھیاں نہیں کھولتی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ اِلَّا اَيُّوبُ،

یہ حدیث ابوزبیر سے صرف ایوب اور روح بن

1816- أخرجه البخاری فی الصلاة جلد 1 صفحه 559 انظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 208 . 357' ومسلم فی المسافرين جلد 1 صفحه 498' والترمذی فی الوتر جلد 2 صفحه 338 انظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 208 رقم الحديث: 474' وابن ماجة فی الاقامة جلد 1 صفحه 419 رقم الحديث: 1323' والدارمی فی الصلاة جلد 1 صفحه 402 رقم الحديث: 1452' ومالك فی الموطأ جلد 1 صفحه 152 رقم الحديث: 27' وأحمد فی المسند جلد 6 صفحه 451 رقم الحديث: 27453 .

1817- أخرجه البخاری فی الغسل جلد 1 صفحه 433 رقم الحديث: 250' ومسلم فی الحيض جلد 1 صفحه 255' وأبو داؤد فی الطهارة جلد 1 صفحه 20 رقم الحديث: 77' والترمذی فی اللباس جلد 4 صفحه 233 رقم الحديث: 1755' والنسائی فی الطهارة جلد 1 صفحه 105 (باب ذكر القدر الذی يكتفی به الرجل من الماء للغسل)' وابن ماجه فی الطهارة جلد 1 صفحه 133 رقم الحديث: 376' والدارمی فی الوضوء جلد 1 صفحه 209 رقم الحديث: 749' وأحمد فی المسند جلد 6 صفحه 34 رقم الحديث: 24069 .

وَرَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ

قاسم اور ابراہیم بن طہمان ہی روایت کرتے ہیں۔

1818 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِی رَبَاحٍ، عَنْ اُمِّ كُرْزٍ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْعَقِيقَةُ عَنِ الْغُلَامِ شَاتَانِ مُكَافَاَتَانِ، وَعَنِ الْجَارِيَةِ شَاةٌ

حضرت اُم کرز رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بچے کی طرف سے عقیقہ دو بکریاں کافی ہیں اور بچی کی طرف سے ایک بکری۔

1819 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو سُلَيْمَانَ الْجُوزَجَانِیُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِی حَنِيفَةَ، عَنْ بِلَالٍ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا التَّشَهُّدَ وَالتَّكْبِيرَ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّورَةَ مِنَ الْقُرْآنِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہم کو التحیات اور تکبیر ایسے سکھاتے تھے جس طرح قرآن کی کوئی سورت سکھاتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ وَهْبٍ اِلَّا بِلَالٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو حَنِيفَةَ

یہ حدیث وہب سے صرف بلال ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابوحنیفہ اکیلے ہیں۔

1820 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: تَزَوَّجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حالت احرام میں حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا۔ حضرت ابوزبیر فرماتے ہیں کہ میں

1818- أخرجه أبو داؤد فی الضحايا جلد 3 صفحه 105 رقم الحديث: 2836' والترمذی فی الأضاحی جلد 4 صفحه 98 رقم الحديث: 1516' والنسائی فی العقيقة جلد 7 صفحه 146 (باب العقيقة عن الجارية)' والدارمی فی الأضاحی جلد 2 صفحه 111 رقم الحديث: 1966' وأحمد فی المسند جلد 6 صفحه 411 رقم الحديث: 27211 .

1819- أخرجه ابن ماجة فی الاقامة جلد 1 صفحه 292 رقم الحديث: 902 .

1820- أخرجه البخاری فی الصيد جلد 4 صفحه 62 رقم الحديث: 1837' ومسلم فی النكاح جلد 2 صفحه 1031' وأبو داؤد فی المناسك جلد 2 صفحه 175 رقم الحديث: 1844' والترمذی فی الحج جلد 3 صفحه 192 رقم الحديث: 842' والنسائی فی المناسك جلد 5 صفحه 150 (باب الرخصة فی النكاح المحرم)' وأحمد فی المسند جلد 1 صفحه 322 رقم الحديث: 2204 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَيْمُونَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ قُلْتُ: تَزَوَّجَهَا بِمَكَّةَ؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنْ تَزَوَّجَهَا فِي بَعْضِ الطَّرِيقِ

نے عرض کی: ان سے مکہ میں شادی کی تھی؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: نہیں! لیکن مکہ مکرمہ کے کسی راستے میں (نکاح) کیا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث ابوزبیر سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں۔

1821 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ رَافِعٍ، مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّهَا سَأَلَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي أَشُدُّ ضَفْرَ رَأْسِي، أَفَأَنْقُضُهُ إِذَا أَصَابَتْنِي جَنَابَةٌ؟ قَالَ: إِنَّمَا يَكْفِيكَ أَنْ تَحْثِي بِيَدِكَ ثَلَاثَ حَثَيَاتٍ مِنْ مَاءٍ فَتَصُبِّيهِ عَلَى رَأْسِكِ، ثُمَّ تَغْسِلِي سَائِرَ جَسَدِكِ، فَإِذَا أَنْتِ قَدْ طَهُرْتِ

حضرت عبداللہ بن رافع' حضرت اُم سلمہ کے غلام سے روایت ہے کہ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا' عرض کی: یارسول اللہ! میرے بالوں میں سخت مینڈھیاں ہیں' کیا میں اُن کو حالت جنابت میں کھولوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے لیے کافی ہے کہ تُو اپنے ہاتھ میں پانی کے تین چلّو لے اور اس سے اپنے سر کو تر کر' پھر سارے جسم کو دھو لے جب تُو نے اس طرح کرلیا تو تُو پاک ہوگئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ إِلَّا مُحَمَّدٌ، وَقَدْ رَوَاهُ عَنْ أَيُّوبَ بْنِ مُوسَى: أَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ، وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، وَسُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، وَرَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، وَغَيْرُهُمْ

یہ حدیث ابراہیم سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں۔ اور ایوب بن موسیٰ سے ایوب سختیانی' سفیان ثوری' سفیان بن عیینہ اور روح بن قاسم وغیرہ اس کو روایت کرتے ہیں۔

1822 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَفَّانُ بْنُ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابوسعید الخدری اپنے والد

1821- أخرجه الترمذی فی الطهارة جلد 1صفحه175 رقم الحديث: 105' والنسائی فی الطهارة جلد 1صفحه108 (باب ذكر ترك المرأة نقض ضفر رأسها......الخ)' وابن ماجه فی الطهارة جلد1صفحه198 رقم الحديث: 603.

1822- أخرجه البخاری فی الصلاة جلد 1صفحه693 رقم الحديث: 509' ومسلم فی الصلاة جلد 1صفحه362' وأبو داؤد فی الصلاة جلد 1صفحه182 رقم الحديث: 697' والنسائی فی القبلة جلد 2صفحه52 (باب التشديد فی المرور بين يدی المصلی وسترته)' ومالك فی الموطأ جلد1صفحه154 رقم الحديث: 33.

مُسْلِمٍ قَالَ: نَا شُعْبَةُ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا عَبْدِ الْعَزِيزِ يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا صَلَّى اَحَدُكُمْ وَلَيْسَ بَيْنَ يَدَيْهِ مَا يَسْتُرُهُ، فَاَرَادَ اَحَدُكُمْ اَنْ يَمُرَّ بَيْنَ يَدَيْهِ فَلْيَمْنَعْهُ، فَاِنْ اَبَى فَلْيُقَاتِلْهُ

سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز پڑھے اور اس کے آگے کوئی سترہ نہ ہو اور تم میں سے کوئی آگے سے گزرنا چاہے تو وہ اس کو منع کرے اگر وہ انکار کرے تو اس سے لڑائی کرے۔

اَبُو عَبْدِ الْعَزِيزِ الَّذِي يَرْوِي عَنْهُ شُعْبَةُ هَذَا الْحَدِيثَ هُوَ مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِيُّ

ابوعبدالعزیز سے شعبہ اس حدیث کو روایت کرتے ہیں ابوعبدالعزیز کا نام موسیٰ بن عبیدہ الربذی ہے۔

یہ حدیث اوزاعی سے صرف بشر بن بکر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابوالطاہر اکیلے ہیں۔

1920 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُنْكَدِرِيُّ قَالَ: نَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي قُدَامَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَوْسٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّى ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ: أَرْبَعَةً قَبْلَ الظُّهْرِ، وَثِنْتَيْنِ بَعْدَهَا، وَثِنْتَيْنِ قَبْلَ الْعَصْرِ، وَثِنْتَيْنِ قَبْلَ الصُّبْحِ

حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا زوجۂ نبی کریم ﷺ فرماتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے بارہ رکعتیں ادا کیں' اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں گھر بنا دے گا' چار ظہر سے پہلے' دو اس کے بعد' دو عصر سے پہلے اور دو صبح کی نماز سے پہلے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قُدَامَةَ إِلَّا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُنْكَدِرِ

یہ حدیث محمد بن قدامہ سے صرف ابن ابی فدیک ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبیداللہ بن المنکدر اکیلے ہیں۔

1921 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ

حضرت سلمہ بن نبیط اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو سرخ

1920- أخرجه مسلم في المسافرين جلد 1 صفحه 502' والترمذي في الصلاة جلد 2 صفحه 274 رقم الحديث: 415' والنسائي في قيام الليل جلد 3 صفحه 219 (باب ثواب من صلى في اليوم والليلة اثنتي عشرة ركعة)' وابن ماجه في الاقامة جلد 1 صفحه 361 رقم الحديث: 1141' وأحمد في المسند جلد 6 صفحه 452 رقم الحديث: 27462 .

1921- أخرجه النسائي في المناسك جلد 5 صفحه 204 (باب الخطبة بعرفة قبل الصلاة)' وأحمد في المسند جلد 4 صفحه 375 رقم الحديث: 18750 .

بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ نُبَيْطٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ عَلَى جَمَلٍ اَحْمَرَ

اونٹ پر خطبہ دیتے ہوئے دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ نُبَيْطٍ اِلَّا ابْنُ الْمُبَارَكِ

یہ حدیث سلمہ بن نبیط سے صرف ابن مبارک ہی روایت کرتے ہیں۔

1922 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَبُو يُوسُفَ الْجِيزِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ، فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا اَبَا عَبَّاسٍ، مَا تَقُولُ فِيَّ؟ قَالَ: وَمَا عَسَى اَنْ اَقُولَ فِيكَ؟ قَالَ: اِنِّي عَامِلٌ بِقَلَمٍ . فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يُؤْتَى بِصَاحِبِ الْقَلَمِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي تَابُوتٍ مِّنْ نَارٍ مُّقْفَلٍ عَلَيْهِ بِاَقْفَالٍ مِّنْ نَارٍ، فَاِنْ كَانَ اَجْرَاهُ فِي طَاعَةِ اللّٰهِ وَرِضْوَانِهِ فُكَّ عَنْهُ التَّابُوتُ، وَاِنْ كَانَ اَجْرَاهُ فِي مَعْصِيَةِ اللّٰهِ هَوَى بِهِ التَّابُوتُ سَبْعِينَ خَرِيفًا، حَتّٰى بَارِي الْقَلَمِ، وَلَايِقِ الدَّوَاةِ

حضرت عطاء فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس تھا کہ ایک آدمی آیا' اُس نے عرض کی: اے ابن عباس! آپ میرے متعلق کیا فرماتے ہیں؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں آپ کے متعلق کچھ نہیں کہتا' اس نے عرض کی: میں قلم کے ساتھ کام کرنے والا ہوں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت کے دن صاحب قلم کو آگ کے تالوں میں ایک بند تابوت میں لایا جائے گا' اگر اس کا قلم اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت میں چلا ہوگا تو اس کو تابوت سے آزاد کیا جائے گا' اور اگر اس کا قلم اللہ کی نافرمانی میں چلا تو اسے ستر بند تابوتوں میں بند کیا جائے گا' یہاں تک کہ قلم اور دوات بھی اس کے قابل نہیں ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو يُوسُفَ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف اسماعیل بن عیاش ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابو یوسف اکیلے ہیں۔

1923 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ

حضرت عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ان سے سوال کیا گیا کہ کیا رسول اللہ ﷺ روزہ

1922- أخرجه الطبراني في الكبير جلد11صفحه188 . انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه139 .

1923- أخرجه مسلم في الصيام جلد2صفحه779' ومالك في الموطأ جلد1صفحه291 رقم الحديث: 13 .

قَالَ: اَخْبَرَنِی عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ الْحِمْيَرِيِّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِی سَلَمَةَ، اَنَّهُ سَاَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُقَبِّلُ الصَّائِمُ؟ فَقَالَ لَهُ: سَلْ هٰذِهِ لِاُمِّ سَلَمَةَ، فَاَخْبَرَتْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ ذٰلِكَ . فَقَالَ لَهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَدْ غَفَرَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّی لَاَتْقَاكُمْ لِلّٰهِ، وَاَعْلَمُكُمْ بِحُدُودِهِ

کی حالت میں (اپنی ازواج کا) بوسہ لیتے تھے؟ آپ نے ان سے فرمایا: تم حضرت اُم سلمہ سے پوچھو! حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسا کرتے تھے۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے وسیلہ سے اللہ عزوجل نے آپ کی اُمت کے پچھلے اور اگلے گناہ معاف نہیں کیے ہیں۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ سے زیادہ ڈرنے والا ہوں اور اللہ کی حدود کو تم سے زیادہ جاننے والا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِی سَلَمَةَ، عَنْ اُمِّهِ اُمِّ سَلَمَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ .

یہ حدیث عمر بن ابوسلمہ اپنی والدہ حضرت اُم سلمہ سے صرف اسی اسناد کے ساتھ روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عمرو بن حارث اکیلے ہیں۔

1924 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِی اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيَّ، حَدَّثَهُ . اَنَّهُ، سَمِعَ اَبَاهُ حَمْزَةَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلٰى سَنَامِ كُلِّ بَعِيرٍ شَيْطَانٌ، فَاِذَا رَكِبْتُمُوهَا فَسَبِّحُوا اللّٰهَ، وَلَا تَقْصُرُوا عَنْ حَاجَتِكُمْ

حضرت محمد بن حمزہ بن عمرو اسلمی اپنے والد حمزہ سے روایت بیان کرتے ہیں کہ وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر اونٹ کی کوہان پر شیطان ہوتا ہے' جب تم سوار ہونے لگو تو اللہ کی تسبیح بیان کرو اور اپنی ضرورت پر ہی اقتصار نہ کرو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْزَةَ اِلَّا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ اللَّيْثِيُّ

یہ حدیث محمد بن حمزہ سے صرف اسامہ بن زید لیثی ہی روایت کرتے ہیں۔

1925 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ الصَّدَفِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک اسلام غریبوں

1924- أخرجه الامام أحمد فى مسنده رقم الحديث: **49413** . انظر: مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**134** .

1925- أخرجه ابن ماجه فى الفتن جلد**2**صفحه**1320** رقم الحديث: **3987** .

اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، وَعَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ سِنَانِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْاِسْلَامَ بَدَاَ غَرِيبًا، وَسَيَعُودُ غَرِيبًا كَمَا بَدَاَ، فَطُوبَى لِلْغُرَبَاءِ

سے شروع ہوا تھا اور عنقریب غریبوں میں لوٹ آئے گا' غریبوں کے لیے خوشخبری ہو!

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ اِلَّا ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث عمرو بن حارث سے صرف ابن وہب ہی روایت کرتے ہیں۔

1926 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ التَّيْمِيُّ قَالَ: نَا اَبُو سُهَيْلِ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُجَهِّزُ جَيْشًا، فَنَظَرَ اِلَى الْعَبَّاسِ، فَقَالَ: هٰذَا الْعَبَّاسُ، عَمُّ نَبِيِّكُمْ، اَجْوَدُ قُرَيْشٍ كَفًّا وَاَوْصَلُهَا

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک لشکر کو تیار کرنے کے لیے نکلے' آپ نے حضرت عباس کی طرف دیکھا' تو آپ نے فرمایا: یہ عباس ہے' تمہارے نبی کا چچا ہے' قریش میں زیادہ سخی ہے اور صلہ رحمی کرنے والا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ اِلَّا اَبُو سُهَيْلِ بْنِ مَالِكٍ

یہ حدیث سعید بن میّب سے صرف ابوسہیل بن مالک ہی روایت کرتے ہیں۔

1927 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مُلَيْلٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي اُمَيَّةَ، اَنَّ حَبِيبَ بْنَ مَسْلَمَةَ، اَتَى قَيْسَ بْنَ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ فِي الْفِتْنَةِ

حضرت حبیب بن مسلمہ' حضرت قیس بن سعد بن عبادہ کے پاس پہلے فتنے میں آئے' اس حال میں کہ وہ گھوڑے پر سوار تھے' پس وہ زین سے پیچھے ہوئے' انہوں نے ان سے عرض کی: آپ سوار ہوں! تو انہوں نے سوار ہونے سے انکار کر دیا' حضرت قیس نے فرمایا: میں نے

1926- أخرجه الامام أحمد فی مسنده جلد **1** صفحه **185**' وأبو يعلى جلد **2** صفحه **139** . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: **27119** .

1927- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد **18** صفحه **350**' والامام أحمد فی مسنده رقم الحديث: **42213** . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: **11018** .

الْاُولَى وَهُوَ عَلَى فَرَسٍ، فَتَأَخَّرَ لَهُ عَنِ السَّرْجِ، فَقَالَ لَهُ: ارْكَبْ فَأَبَى اَنْ يَرْكَبَ . فَقَالَ قَيْسٌ: اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: صَاحِبُ الدَّابَّةِ اَحَقُّ بِصَدْرِهَا فَقَالَ حَبِيبٌ: اِنِّي لَسْتُ اَجْهَلُ مَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلٰكِنِّي اَخْشَى عَلَيْكَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جانور کا مالک اس کی زین پر بیٹھنے کا زیادہ حق دار ہے' حضرت حبیب نے فرمایا: میں اس سے جاہل تو نہیں ہوں کہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا لیکن میں آپ پر خوف کرتا ہوں۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث حبیب بن مسلمہ سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

1928 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَبُو عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ اَبِي رَزِينٍ الْغَافِقِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الَّذِي يَمُرُّ بَيْنَ يَدَيِ الرَّجُلِ، وَهُوَ يُصَلِّي، عَمْدًا، يَتَمَنَّى يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَنَّهُ شَجَرَةٌ يَابِسَةٌ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو آدمی نمازی کے آگے سے جان بوجھ کر گزرے تو وہ قیامت کے دن تمنا کرے گا کہ کاش وہ خشک درخت ہوتا۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث عبداللہ بن عمرو سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

1929 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر خطبہ دیا تو اللہ کی حمد اور ثناء بیان کی' پھر فرمایا: اے لوگو!

1928- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه64 .

1929- انظر: الجرح والتعديل جلد4صفحه111' لسان الميزان جلد3صفحه89 . انظر: مجمع الزوائد جلد3 صفحه272 .

دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عِيسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: خَطَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ فِي حِجَّةِ الْوَدَاعِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، خُذُوا مَنَاسِكَكُمْ، فَاِنِّي لَا اَدْرِي لَعَلِّي غَيْرُ حَاجٍّ بَعْدَ عَامِي هٰذَا

حج کے ارکان سیکھ لو کیونکہ میں نہیں جانتا شاید کہ میں آئندہ سال حج نہیں کروں گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ اِلَّا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ، وَلَا عَنْ دَاوُدَ اِلَّا ابْنُهُ سُلَيْمَانُ، وَلَا عَنْ سُلَيْمَانَ اِلَّا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُنْكَدِرِيُّ

یہ حدیث موسیٰ بن عقبہ سے صرف داؤد بن قیس اور داؤد سے ان کے بیٹے سلیمان اور سلیمان سے ان کے بیٹے ابن ابی فدیک ہی روایت کرتے ہیں۔ اسے روایت کرنے میں منکدری اکیلے ہیں۔

1930 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نَا حِرْمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا حِرْمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، وَاَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ

یہ حدیث شعبہ سے صرف حرمی بن عمارہ اور ابوداؤد الطیالسی ہی روایت کرتے ہیں۔

1931 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ خَالِدٍ الرَّبَعِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مِشْرَحِ بْنِ هَاعَانَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعَنَ

حضرت عقبہ بن عامر الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی لعنت ہو اُن پر جو عورتوں کی دُبر میں وطی کرتے ہیں۔

1930- تقدم تخريجه .

1931- انظر الميزان جلد2صفحه621 . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 30214 .

اللّٰهُ الَّذِينَ يَأْتُونَ النِّسَاءَ فِي مَحَاشِّهِنَّ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ إِلَّا ابْنُ وَهْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ الْفَضْلِ

یہ حدیث ابن لھیعہ سے صرف ابن وہب ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبدالصمد بن فضل اکیلے ہیں۔

1932 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا أَبُو يُوسُفَ الْجِيزِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ: عَجِبْتُ لِقَوْمٍ طَلَبُوا هَذَا الْعِلْمَ، حَتَّى إِذَا نَالُوا مِنْهُ صَارُوا حُضَّانًا لِأَبْنَاءِ الْمُلُوكِ

حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اس قوم پر تعجب کرتا ہوں جو اس علم کو حاصل کرتے ہیں یہاں تک کہ جب اس کو حاصل کر لیتے ہیں تو بادشاہوں کے صاحبزادوں کی صحبت میں رہنے لگتے ہیں۔

1933 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، وَعَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَمْرٍو الْمَعَافِرِيِّ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَمَتَ نَجَا

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو خاموش رہا وہ نجات پا گیا۔

1934 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُنْكَدِرِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْوَقَّاصِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَسْلَمَ فَلْيَلْزَمِ الصَّمْتَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس کو سلامت رہنا پسند ہو' وہ خاموشی کو لازمی پکڑے۔

1933- أخرجه الترمذي في صفة القيامة جلد4صفحه660 رقم الحديث: 2501' والدارمي في الرقاق جلد2 صفحه387 رقم الحديث: 2713' وأحمد في المسند جلد2صفحه216 رقم الحديث: 6488 .

1934- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه300 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ

یہ حدیث زہری سے صرف عثمان بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں، اسے روایت کرنے میں ابن ابی فدیک اکیلے ہیں۔

1935 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْمُنْكَدِرِيُّ قَالَ: نَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَهْلٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ عَلَّمَ ابْنَهُ الْقُرْآنَ نَظَرًا غَفَرَ اللَّهُ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَأَخَّرَ، وَمَنْ عَلَّمَهُ إِيَّاهُ ظَاهِرًا بَعَثَهُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى صُورَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، وَيُقَالُ لِابْنِهِ: اقْرَأْ. فَكُلَّمَا قَرَأَ آيَةً رَفَعَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهَا لِلْأَبِ دَرَجَةً، حَتَّى يَنْتَهِيَ إِلَى آخِرِ مَا مَعَهُ مِنَ الْقُرْآنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے بیٹے کو قرآن کا علم سکھایا اللہ کی رضا کے لیے اللہ عزوجل اس کے اگلے پچھلے گناہ معاف کر دے گا، اور جس نے اپنے بیٹے کو قرآن سکھایا دین کے غلبہ کے لیے تو اللہ عزوجل اس کو قیامت کے دن اُٹھائے گا چودھویں رات کے چاند کی صورت پر اور اس کے بیٹے کو کہا جائے گا: پڑھ! جب بھی وہ ایک آیت پڑھے گا تو اللہ عزوجل اس کے والد کا ایک درجہ بلند کرے گا حتیٰ کہ اس کے آخری آیت پڑھنے تک۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ إِلَّا عُمَرُ بْنُ سَهْلٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ

یہ حدیث حسن سے صرف عمر بن سہل ہی روایت کرتے ہیں، اسے روایت کرنے میں ابن ابی فدیک اکیلے ہیں۔

1936 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْمُنْكَدِرِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَعْقُوبَ الْحُرَقِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا انْتَصَفَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب آدھا شعبان گزر جائے تو روزے نہ رکھو۔

1935- انظر: لسان الميزان جلد4صفحه311 . انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه198-169 .

1936- أخرجه الترمذي في الصوم جلد 3صفحه103 رقم الحديث: 738، وابن ماجه في الصيام جلد 1صفحه528 رقم الحديث: 1651، وأبو داؤد في الصوم جلد2صفحه310 رقم الحديث: 2337، والدارمي في الصيام جلد 2 صفحه29 رقم الحديث: 1740، وأحمد في المسند جلد2صفحه583 رقم الحديث: 9720 .

شَعْبَانُ فَافْطِرُوا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، اِلَّا ابْنُهُ الْمُنْكَدِرُ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ

یہ حدیث محمد بن منکدر سے ان کے بیٹے منکدر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اُن کے بیٹے عبداللہ اکیلے ہیں۔

1937 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ قَالَ: نَا خَالِدُ بْنُ نِزَارٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ قَيْسٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ كَانَ يُقْرِءُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ، فَذَكَرَ حَدِيثَ السَّقِيفَةِ بِطُولِهِ، وَذَكَرَ فِيهِ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُطْرُونِي كَمَا اَطْرَتِ النَّصَارَى عِيسَى، فَاِنَّمَا اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُولُهُ، فَقُولُوا: عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُولُهُ وَقَالَ: رَجَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَجَمْنَا مَعَهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ وہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے پڑھتے تھے' انہوں نے سقیفہ والی لمبی حدیث کا ذکر کیا' اوراس میں یہ ذکر کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے اس طرح نہ بڑھاؤ جس طرح عیسائیوں نے حضرت عیسیٰ کو بڑھا (کر) (اللہ کا بیٹا کہہ) دیا میں تو اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں' تم کہو: اللہ کا بندہ اور اس کا رسول' اور رسول اللہ ﷺ نے رجم کیا اور ہم نے بھی آپ کے ساتھ رجم کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ اِلَّا خَالِدُ بْنُ نِزَارٍ

یہ حدیث عمرو بن قیس سے صرف خالد بن نزار ہی روایت کرتے ہیں۔

1938 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ اَبِي نَاجِيَةَ الْاِسْكَنْدَرَانِيُّ قَالَ: نَا زِيَادُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ اِذَا صَلَّى عَلَى الْجَنَائِزِ، وَهُوَ اِمَامٌ كَبَّرَ، ثُمَّ يَقْرَاُ بِاُمِّ الْقُرْآنِ، ثُمَّ

حضرت عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما جب نماز جنازہ کی امامت کراتے تو آپ اللہ اکبر کہتے تھے' پھر سورۂ فاتحہ پڑھتے' پھر نبی کریم ﷺ پر درود پڑھتے' پھر تکبیر کہتے' پھر سلام پھیرتے تھے۔

1937- أخرجه البخاري في الأنبياء جلد 6 صفحه 551 رقم الحديث: 3445' والدارمي في الرقاق جلد 2 صفحه 412 رقم الحديث: 2784' وأحمد في المسند جلد 1 صفحه 30 رقم الحديث: 155 .

يُصَلِّي عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثم يكبر، ثُمَّ يَنْصَرِفُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا يَعْقُوبُ بْنُ زَيْدٍ، وَلَا عَنْ يَعْقُوبَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: زِيَادُ بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث زہری سے صرف یعقوب بن زید اور یعقوب سے صرف محمد بن جعفر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں زیاد بن یونس اکیلے ہیں۔

فائدہ: یادرہے کہ احناف کے نزدیک نماز جنازہ کا سنت طریقہ یہ ہے کہ چار تکبیریں کہی جائیں اور اس میں اللہ عزوجل کی ثناء اور حضور ﷺ کی بارگاہ میں درود پاک اور میت کے لیے دعا کی جائے گی اور سلام پھیر دیا جائے گا' قرأت نہیں کی جائے گی ہاں سورۂ فاتحہ کو بطور دعا پڑھ سکتے ہیں۔

1939 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مَثْرُودٍ الْغَافِقِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ الْحُبَابِ، عَنْ اَبِي الْمُنِيبِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَهَى اَنْ يُصَلِّيَ الرَّجُلُ فِي السَّرَاوِيلِ، لَيْسَ عَلَيْهِ غَيْرُهُ

حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا کہ آدمی صرف شلوار پہن کر نماز پڑھے' اور اس نے اس کے علاوہ اور کچھ نہ پہنا ہو۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ بُرَيْدَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث بریدہ سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

1940 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِهَابٍ قَالَ: نَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُرَشِيُّ قَالَ: نَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ اَبِي الْاَخْضَرِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فُسْطَاطَهُ فِي خِلَافَةِ عَبْدِ الْمَلِكِ، فَقُلْتُ لَهُ: اِنِّي اَرْجُو اَنْ تَكُونَ اِنَّمَا اَخَّرَكَ اللّٰهُ لِتَكُونَ شَهِيدًا عَلَى هَذِهِ الْاُمَّةِ . قَالَ: فَاِنِّي اَشْهَدُ اَنَّهُمْ

حضرت زہری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس ان کے خیمہ میں عبدالملک کے دورِ خلافت میں آیا' میں نے آپ سے عرض کی: میں اُمید کرتا ہوں کہ اللہ آپ کو مہلت دے گا تاکہ آپ اس اُمت کے گواہ ہوں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ وہ شام اور صبح اس کے مخالف تھے جو ان سے پہلے تھے' کیونکہ وہ نماز

1939- أخرجه أبو داؤد في الصلاة جلد1صفحه169 رقم الحديث:636 .

اَمْسَوْا وَاَصْبَحُوا مُخَالِفِينَ لِمَنْ كَانَ قَبْلَهُمْ، لِاَنَّهُمْ يُصَلُّونَ، وَفِى الصَّلَاةِ تَاْخِيرٌ

پڑھتے تھے اور نماز میں تاخیر کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ اِلَّا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث عکرمہ بن عمار سے صرف نضر بن محمد ہی روایت کرتے ہیں۔

1941 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِى اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ اللَّيْثِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ خَيْرًا اسْتَعْمَلَهُ . ثُمَّ صَمَتَ، فَقَالُوا: فِى مَاذَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: يَسْتَعْمِلُهُ عَمَلًا صَالِحًا قَبْلَ اَنْ يَمُوتَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب اللہ عزوجل کسی بندے سے بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اس سے عمل چاہتا ہے' پھر آپ خاموش رہے' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کس میں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو مرنے سے پہلے نیک اعمال کرنے کی توفیق دے دیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اُسَامَةَ اِلَّا ابْنُ وَهْبٍ

اسامہ سے صرف ابن وہب ہی روایت کرتے ہیں۔

1942 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِى عَمْرٌو، عَنْ بُكَيْرٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ حَسَنَةٍ يَعْمَلُهَا ابْنُ آدَمَ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا، اِلَى سَبْعِمِائَةِ ضِعْفٍ، اِلَّا الصِّيَامُ، هُوَ لِى، وَاَنَا اَجْزِى بِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ہر عمل کی جزاء جو انسان کرتا ہے اس کو دس گناہ سے سات سو گنا تک بڑھا دیا جاتا ہے' مگر روزہ تو وہ میرے لیے ہے' اور میں خود ہی اس کی جزاء ہوں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ بُكَيْرٍ اِلَّا عَمْرٌو

بکیر سے صرف عمرو ہی روایت کرتے ہیں۔

1941- أخرجه الامام أحمد فى مسنده جلد3صفحه106-230' وأبو يعلى رقم الحديث: 44016' والحاكم جلد 1 صفحه340 . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 21817 .

1942- أخرجه البخارى فى الصوم جلد4صفحه125 رقم الحديث: 1894' ومسلم فى الصيام جلد2صفحه806 .

1943 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نَا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي يُونُسُ بْنُ حُمْرَانَ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ لِي اَبُو اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيُّ: اَلَا اُعَلِّمُكَ كَلِمَةً عَلَّمَنِيهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قُلْتُ: بَلَى يَا عَمِّ. قَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ حِينَ نَزَلَ عَلَيَّ قَالَ: اَلَا اُعَلِّمُكَ كَلِمَةً مِنْ كَنْزِ الْجَنَّةِ؟ قُلْتُ: بَلَى، يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي. قَالَ: اَكْثِرْ مِنْ قَوْلِ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَارِجَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا يُونُسُ بْنُ حُمْرَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ

حضرت خارجہ بن عبداللہ بن سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ مجھے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا میں آپ کو ایسا کلمہ نہ بتاؤں جو مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سکھایا ہے؛ میں نے عرض کی: کیوں نہیں! اے چچا! فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس وقت میرے پاس آئے تھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا میں آپ کو جنت کے خزانہ کے متعلق نہ بتاؤں! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کثرت سے لاحول ولاقوۃ الا باللہ پڑھا کرو۔

یہ حدیث خارجہ بن عبداللہ سے صرف یونس بن حمران ہی روایت کرتے ہیں؛ اسے روایت کرنے میں ابن ابی فدیک اکیلے ہیں۔

1944 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ قَالَ: نَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ اَبُو مُعَاوِيَةَ قَالَ: نَا اَشْعَثُ بْنُ سَوَّارٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، رَفَعَهُ قَالَ: الْوِتْرُ وَاجِبٌ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ، فَمَنِ اسْتَطَاعَ اَنْ يُوتِرَ بِخَمْسٍ فَلْيُوتِرْ، وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ اَنْ يُوتِرَ بِخَمْسٍ فَلْيُوتِرْ بِثَلَاثٍ، وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ اَنْ يُوتِرَ بِثَلَاثٍ فَلْيُوتِرْ بِوَاحِدَةٍ، وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ اَنْ يُوتِرَ بِوَاحِدَةٍ فَلْيُومِءْ اِيمَاءً

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: وتر ہر مسلمان پر واجب ہیں؛ پس جو طاقت رکھے وہ پانچ وتر پڑھے؛ اور جو پانچ وتروں کی طاقت نہیں رکھتا ہے وہ تین پڑھے؛ اور جو تین نہیں پڑھ سکتا ہے وہ ایک وتر پڑھ لے؛ اور جو ایک وتر کی بھی طاقت نہیں رکھتا ہے وہ اشارہ سے پڑھے۔

1943- أخرجه الترمذي في الدعوات جلد5صفحه580 رقم الحديث: 3601؛ وأحمد في المسند جلد 2صفحه445 رقم الحديث: 8427 .

1944- أخرجه الطبراني في الكبير رقم الحديث: 3964 . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 24312 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَشْعَثَ اِلَّا اَبُو مُعَاوِيَةَ

یہ حدیث اشعث سے صرف ابومعاویہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1945 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ قَالَ: نَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ اَبُو مُعَاوِيَةَ قَالَ: نَا السَّرِيُّ بْنُ يَحْيَى، عَنِ الْمُعَلَّى بْنِ زِيَادٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، اَنَّهُ لَقِيَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، فَاَخَذَ بِيَدِهِ، فَغَمَزَهَا، وَكَانَ عُمَرُ رَجُلًا شَدِيدًا، فَقَالَ: اَرْسِلْ يَدِي يَا قُفْلَ الْفِتْنَةِ، فَقَالَ عُمَرُ: وَمَا قُفْلُ الْفِتْنَةِ؟ قَالَ: جِئْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ وَّرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ، وَقَدِ اجْتَمَعَ عَلَيْهِ النَّاسُ، فَجَلَسْتُ فِي آخِرِهِمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُصِيبُكُمْ فِتْنَةٌ مَّا دَامَ هَذَا فِيكُمْ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ان کی ملاقات حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ہوئی تو انہوں نے میرا ہاتھ پکڑا اور اسے دبایا' اور حضرت عمر سخت آدمی تھے' میں نے عرض کی: اے فتنوں کے بند کرنے والے! میرا ہاتھ چھوڑیئے! حضرت عمر نے کہا: فتنہ کے بند سے کیا مراد ہے؟ انہوں نے عرض کی: میں ایک دن رسول اللہ ﷺ کے پاس اس حالت میں آیا کہ رسول اللہ ﷺ تشریف فرما تھے اور لوگ آپ کے اردگرد جمع تھے' میں ان کے آخر میں بیٹھ گیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تک تم میں یہ موجود ہے (یعنی حضرت عمر) تو تم کو فتنہ نہیں پہنچے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ السَّرِيِّ بْنِ يَحْيَى اِلَّا اَبُو مُعَاوِيَةَ

یہ حدیث السری بن یحییٰ سے صرف ابومعاویہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1946 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ قَالَ: نَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ: نَا اَبُو سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسَى قَالَ: لَوْ رَاَيْتَنَا مَعَ نَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَحَسِبْتَ اَنَّمَا رِيحُنَا رِيحُ الضَّاْنِ، اِنَّمَا لِبَاسُنَا الصُّوفُ، وَطَعَامُنَا الْاَسْوَدَانِ: الْمَاءُ وَالتَّمْرُ اَبُو سَلَمَةَ هُوَ: مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي حَفْصَةَ .

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر ہم کو آپ لوگ ہمارے نبی ﷺ کے ساتھ دیکھتے تو آپ کو یقین ہو جاتا ہم سے اسی طرح کی بُو آتی جس طرح دُنبے سے آتی ہے کیونکہ ہمارا لباس صوف کا ہوتا تھا' اور ہمارا کھانا دو کالی اشیاء ہوتی تھیں: پانی اور کھجور۔ ابوسلمہ کا نام محمد بن ابی حفصہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ اِلَّا ابْنُ الْمُبَارَكِ

یہ حدیث صرف ابن مبارک سے روایت ہے۔

1945- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه75-76 .

1946- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه328 .

1947 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقِطْرَانِيُّ قَالَ: نَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، اَنَّ مُعَاوِيَةَ بْنَ اَبِي سُفْيَانَ قَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اَنْهَاكُمْ عَنِ الزُّورِ، وَجَاءَ بِخِرْقَةٍ سَوْدَاءَ فَاَلْقَاهَا بَيْنَ اَيْدِيهِمْ، وَقَالَ: هُوَ هَذَا تَجْعَلُهُ الْمَرْاَةُ فِي رَاْسِهَا

حضرت سعید بن میّب روایت کرتے ہیں کہ حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو جھوٹ سے منع کرتا ہوں اور (تمہارے پاس) کالا کپڑا آئے گا' اس کو اُن کے آگے ڈالے گا اور کہے گا: یہ وہ ہے جو عورت اپنے سر میں رکھتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ الْقَعْقَاعِ اِلَّا ابْنُ الْمُبَارَكِ

یہ حدیث یعقوب بن قعقاع سے صرف ابن مبارک ہی روایت کرتے ہیں۔

1948 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقِطْرَانِيُّ قَالَ: نَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نَا خَالِدٌ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ: نَا الْمُعَلَّى بْنُ زِيَادٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى يُؤَيِّدُ هَذَا الدِّينَ بِاَقْوَامٍ لَا خَلَاقَ لَهُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل اس دین کو ایسے لوگوں کے ساتھ پختہ کرتا ہے جن کا (آخرت میں) کوئی حصہ نہیں ہوتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُعَلَّى بْنِ زِيَادٍ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: هُدْبَةُ

یہ حدیث معلّٰی بن زیاد سے صرف حماد بن زید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ھدبہ اکیلے ہیں۔

1949 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا اَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نَا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نَا بِسْطَامُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نَا مَالِكُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَهُمْ، فَقَالَ: اِنَّ الْعُمْرَى جَائِزَةٌ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُن کو خطبہ دیا تو فرمایا: عمریٰ جائز ہے۔

1948- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 30515 .

1949- انظر: فتح الباری جلد5صفحه282 رقم الحديث: 2626' ومسلم فی الهبات جلد3صفحه1247 .

1950 - وَعَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَخْلِطُوا الزَّبِيبَ وَالتَّمْرَ، وَلَا الْبُسْرَ وَالتَّمْرَ يَعْنِي: النَّبِيذَ

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ اِلَّا بِسْطَامُ بْنُ مُسْلِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: اَبُو دَاوُدَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کشمش اور کھجور اور خشک اور تر کھجور کو ملا کر نبیذ نہ بناؤ۔

یہ دونوں حدیثیں مالک بن دینار سے صرف بسطام بن مسلم ہی روایت کرتے ہیں اُن دونوں کو روایت کرنے میں ابوداؤد اکیلے ہیں۔

1951 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ وَاسِعٍ، وَاَبِي سُورَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ نَفَّسَ عَنْ اَخِيهِ كُرْبَةً مِّنْ كُرَبِ الدُّنْيَا، نَفَّسَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِّنْ كُرَبِ الْآخِرَةِ، وَاللّٰهُ فِي عَوْنِ الْعَبْدِ، مَا كَانَ الْعَبْدُ فِي عَوْنِ اَخِيهِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي سُورَةَ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کسی مسلمان کی دنیا میں پریشانی دور کرتا ہے اللہ عزوجل قیامت کے دن اس کی پریشانی دور کرے گا اور اللہ تعالیٰ اس بندے کی مدد میں ہوتا ہے جو بندہ اپنے بھائی کی مدد میں لگا ہوتا ہے۔

یہ حدیث ابی سورہ سے صرف حماد بن سلمہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1952 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ الْبَزَّازُ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمُنْعِمِ بْنُ نُعَيْمٍ الرِّيَاحِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، وَعَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو فرمایا: جب تُو اذان دے تو ٹھہر ٹھہر کے دے اور جب تُو اقامت پڑھے تو جلدی پڑھ اور اپنی اذان اور اقامت کے درمیان اتنا فاصلہ رکھ کہ کھانے والا کھا کر اور

1951- أخرجه مسلم في الذكر جلد4صفحه2074' وأبو داؤد في الأدب جلد 4صفحه288 رقم الحديث: 4946' والترمذي في الحدود جلد 4صفحه34 رقم الحديث: 1425' وابن ماجه في المقدمة جلد 1صفحه82 رقم الحديث: 225' وأحمد في المسند جلد2صفحه337 رقم الحديث: 7445 .

1952- أخرجه الترمذي في الصلاة جلد1صفحه373 رقم الحديث: 195 .

قَالَ لِبِلَالٍ: إِذَا أَذَّنْتَ فَتَرَسَّلْ فِي أَذَانِكَ، وَإِذَا أَقَمْتَ فَاحْذِمْ، وَاجْعَلْ بَيْنَ أَذَانِكَ وَإِقَامَتِكَ قَدْرَ مَا يَفْرُغُ الْآكِلُ مِنْ أَكْلِهِ، وَالشَّارِبُ مِنْ شُرْبِهِ، وَالْمُعْتَصِرُ إِذَا دَخَلَ لِقَضَاءِ حَاجَتِهِ، وَلَا تَقُومُوا حَتَّى تَرَوْنِي

پینے والا پی کر اور نچوڑنے والے جب اپنی ضرورت پوری کر لے اور تم نہ کھڑے ہو یہاں تک کہ تم مجھے دیکھ لو۔

1953 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ قَالَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ عَائِذٍ الطَّائِيِّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ: جَاءَ أَهْلُ الرِّدَّةِ مِنْ أَسَدٍ، وَغَطَفَانَ إِلَى أَبِي بَكْرٍ بَعْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْأَلُونَهُ الصُّلْحَ، فَقَالَ: عَلَى أَنْ نَنْزِعَ مِنْكُمُ الْحَلْقَةَ وَالْكُرَاعَ، وَتُتْرَكُونَ تَتَّبِعُونَ أَذْنَابَ الْبَقَرِ، حَتَّى يُرِيَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ خَلِيفَةَ نَبِيِّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُؤْمِنِينَ رَأْيًا يَعْذِرُونَكُمْ بِهِ، وَتَشْهَدُونَ أَنَّ قَتْلَانَا فِي الْجَنَّةِ وَقَتْلَاكُمْ فِي النَّارِ، وَتَدُونَ قَتْلَانَا، وَلَا نَدِي قَتْلَاكُمْ . فَقَالَ عُمَرُ: يَا خَلِيفَةَ رَسُولِ اللَّهِ، الْقَوْلُ كَمَا قُلْتَ، غَيْرَ أَنَّ قَتْلَانَا قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ لَا دِيَةَ لَهُمْ

حضرت طارق بن شہاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اہل الردہ قبیلہ اسد اور قبیلہ غطفان سے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے بعد صلح کے متعلق پوچھنے کیلئے آئے' تو آپ نے فرمایا: اس پر صلح کے لیے کہ تم میں سے کمینے لوگ جھگڑیں اور تم اُن کو چھوڑ دو گے' تم گائے کی دُم کی تلاش کرو گے یہاں تک کہ اللہ عزوجل دکھا دے گا' اپنے نبی کے خلیفہ اور ایمان والوں کو وہ تم سے اس بارے عذر کریں گے اور تم گواہی دو گے کہ ہمارے مقتول جنت میں ہیں اور تمہارے مقتول جہنم میں ہیں' اور تم ہم سے لڑو گے اور ہم تم سے نہیں لڑیں گے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے رسول اللہ کے خلیفہ! بات ایسے ہی ہے جیسے آپ فرماتے ہیں' سوائے اس کے کہ ہمارے مقتول جو اللہ کی راہ میں لڑیں' ان پر دیت نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ بْنِ عَائِذٍ إِلَّا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ

یہ حدیث ایوب بن عائذ سے صرف سفیان بن عیینہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1954 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا زِيَادُ بْنُ يَحْيَى أَبُو الْخَطَّابِ قَالَ: نَا سَهْلُ بْنُ دَاوُدَ

حضرت حبیب بن ابی ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کی زوجہ نے

1953- انظر: مجمع الزوائد جلد6صفحه225 .

1954- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه20 .

اَبُو عَتَّابٍ الدَّلَّالُ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ قَالَ: حَدَّثَنِي حَبِيبُ بْنُ اَبِي ثَابِتٍ قَالَ: صَنَعَتِ امْرَاَةٌ مِّنْ نِسَاءِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ طَعَامًا فِي بَعْضِ اَرْضِهِ، فَطَعِمَ، فَرَفَعَ الطَّعَامَ، فَجَاءَ مَوْلًى لَهُ، فَدَعَا بِالطَّعَامِ، فَقَالَ: يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، لَا اُرِيدُهُ قَالَ: لِمَ؟ قَالَ: اَكَلْنَا قُبَيْلُ عِنْدَ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَبَّاسِ ـ فَقَالَ الْحُسَيْنُ: اِنَّ اَبَاهُ كَانَ سَيِّدَ قُرَيْشٍ، اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، اَطْعِمُوا الطَّعَامَ

کسی ملک میں کھانا تیار کیا' انہوں نے وہ کھانا کھایا' سو انہوں نے کھانا اُٹھایا پھر غلام آیا اس کو بھی کھانے کی دعوت دی گئی' انہوں نے عرض کی: اے ابوعبداللہ! میں اس کا ارادہ نہیں کرتا' فرمایا: کیوں؟ انہوں نے عرض کی: ہم عبیداللہ بن عباس کے پاس کھا آئے ہیں۔ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اُن کا والد قریش کا سردار ہے اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ اے بنی عبدالمطلب! کھانا کھلاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبٍ اِلَّا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو عَتَّابٍ

یہ حدیث حبیب سے صرف عمرو بن ثابت ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابوعتاب اکیلے ہیں۔

1955 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَدَنِيُّ قَالَ: نَا مَنْصُورُ بْنُ زِيَادٍ، مَوْلَى عُثْمَانَ بْنُ عَفَّانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَنْ يُؤْمِنَ عَبْدٌ حَتَّى يُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ، خَيْرِهِ وَشَرِّهِ، وَيَعْلَمَ اَنَّ مَا اَصَابَهُ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَهُ، وَمَا اَخْطَاَهُ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيبَهُ

حضرت عمرو بن شعیب از والد خود از جد خود روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کوئی بندہ اس وقت تک ایمان والا نہیں ہوسکتا یہاں تک کہ وہ اچھی اور بُری تقدیر پر ایمان نہ لائے اور یقین کرے کہ جو اس کو پہنچا ہے وہ اس سے ہٹنا نہیں تھا اور جو ہٹنا تھا وہ اس کو پہنچنا نہیں تھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ زِيَادٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ

یہ حدیث منصور بن زیاد سے صرف عبداللہ بن جعفر ہی روایت کرتے ہیں۔

1956 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْغُدَانِيُّ قَالَ: نَا الْمُعَلَّى بْنُ مَيْمُونٍ قَالَ: نَا مَطَرٌ الْوَرَّاقُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے مٹکے میں نبیذ بنانے سے منع کرنے کے بعد اس کی رخصت دی۔

1955- انظر: مجمع الزوائد جلد7 صفحہ206 .

بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِي نَبِيذِ الْجَرِّ بَعْدَمَا نَهَى عَنْهُ

1957 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُثَنَّى، اَخُو اَبِي مُوسَى قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ شَقِيقِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَيْرٍ السَّدُوسِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي، اَنَّهُ جَاءَ بِاِدَاوَةٍ مِّنْ عِنْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ غَسَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهَا وَجْهَهُ، وَمَضْمَضَ فِيهِ، وَبَزَقَ فِي الْمَاءِ، وَغَسَلَ يَدَيْهِ وَذِرَاعَيْهِ، ثُمَّ مَلَاَ الْاِدَاوَةَ، وَقَالَ: لَا تَرُدَنَّ مَاءً اِلَّا مَلَاْتَ الْاِدَاوَةَ عَلَى مَا بَقِيَ فِيهَا، فَاِذَا اَتَيْتَ بِلَادَكَ فَرُشَّ بِهِ تِلْكَ الْبُقْعَةَ، وَاتَّخِذْهُ مَسْجِدًا قَالَ: فَاتَّخَذُوهُ . قَالَ عَمْرٌو: وَقَدْ صَلَّيْتُ اَنَا فِيهِ

حضرت عمرو بن شقیق بن عبداللہ بن عمیر السدوسی فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے' میرے دادا سے روایت کی ہے کہ وہ نبی کریم ﷺ کے پاس ایک برتن لے کر آئے' تو نبی کریم ﷺ نے اس میں اپنا چہرہ دھویا اور پانی میں کلی کی اور پانی میں لعاب ڈالا اور آپ نے اپنے دونوں ہاتھ اور دونوں کلائیاں دھوئیں پھر وہ برتن بھر گیا اور فرمایا: اس برتن سے پانی بھرا ہی رہے گا' جو اس میں باقی ہے۔ پس جب تُو اپنے شہر میں آئے اس کو ایک جگہ پر بہانا اور اس جگہ کو مسجد بنانا' کہا کہ انہوں نے وہاں مسجد بنائی۔ حضرت عمرو فرماتے ہیں: میں نے اس جگہ میں نماز پڑھی ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَيْرٍ السَّدُوسِيِّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُثَنَّى

یہ حدیث عبداللہ بن عمیر السدوسی سے اسی سند سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں عبداللہ بن المثنیٰ اکیلے ہیں۔

1958 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا هُشَيْمٌ قَالَ: نَا سَيَّارٌ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: لَمَّا تُوُفِّيَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ، فَاَرَادُوا اَنْ يُخْرِجُوهُ بِاللَّيْلِ . قَالَ ابْنُ عُمَرَ: لَوْ اَخَّرْتُمُوهُ، حَتَّى تُصْبِحُوا، فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت عبدالرحمٰن بن زید بن خطاب کا وصال ہوا تو انہوں نے رات ہی کو جنازہ نکالنے کا ارادہ کیا' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: کاش کہ تم صبح تک ٹھہرو کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ اس وقت شیطان کے دوسینگ طلوع ہوتے ہیں۔

1957- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه15 .

1958- أخرجه البخاری فی بدء الخلق جلد 6صفحه386 رقم الحديث: 3273' ومسلم فی المسافرين جلد 1 صفحه567 .

وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّهَا تَطْلُعُ بِقَرْنَيْ شَيْطَانٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَيَّارٍ إِلَّا هُشَيْمٌ

یہ حدیث سیار سے صرف ہشیم ہی روایت کرتے ہیں۔

1959 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا هُشَيْمٌ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ سَالِمٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَامِرًا الشَّعْبِيَّ يَقُولُ: سَمِعْتُ أَبَا جُحَيْفَةَ يَقُولُ: دَخَلْتُ عَلَى عَلِيٍّ فَقُلْتُ: يَا أَفْضَلَ الْأُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا، فَقَالَ: مَهْلًا يَا أَبَا جُحَيْفَةَ أُخْبِرُكَ بِأَفْضَلِ الْأُمَّةِ، بَعْدَ نَبِيِّهَا؟ قُلْتُ: نَعَمْ، بِأَبِي وَأُمِّي. قَالَ: أَبُو بَكْرٍ، ثُمَّ قَالَ يَا أَبَا جُحَيْفَةَ، أُخْبِرُكَ بِأَفْضَلِ الْأُمَّةِ بَعْدَ أَبِي بَكْرٍ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، بِأَبِي وَأُمِّي أَنْتَ. قَالَ: عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ: يَا أَبَا جُحَيْفَةَ، أُخْبِرُكَ بِأَفْضَلِهَا بَعْدَ عُمَرَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، بِأَبِي وَأُمِّي. قَالَ: رَجُلٌ آخَرُ. لَمْ يُسَمِّهِ

حضرت عامر شعبی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوجحیفہ کو فرماتے سنا کہ میں حضرت علی کے پاس آیا' میں نے عرض کی: اے اس اُمت میں اس کے نبی کے بعد سب سے افضل! آپ نے فرمایا: ٹھہریے! اے ابوجحیفہ! میں آپ کو بتاؤں کہ اس اُمت میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کون افضل ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! فرمایا: ابوبکر! پھر فرمایا: اے ابوجحیفہ! میں بتاؤں ابوبکر کے بعد اس میں افضل کون ہے؟ آپ نے فرمایا: عمر بن خطاب۔ پھر آپ نے فرمایا: اے ابوجحیفہ! اُمت میں عمر بن خطاب کے بعد کون افضل ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! آپ نے فرمایا: ایک دوسرا آدمی ہے' اس کا نام نہیں لیا۔

فائدہ: معلوم ہوا کہ اہل سنت و جماعت کا جو عقیدہ خلافت کے متعلق وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اس ارشاد سے روزِ روشن کی طرح عیاں ہو جاتا ہے۔ سیالکوٹی غفرلہٗ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ سَالِمٍ إِلَّا هُشَيْمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ

یہ حدیث اسماعیل بن سالم سے صرف ہشیم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں حسن بن علی اکیلے ہیں۔

1960 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَاشِدٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا هُشَيْمٌ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ سَالِمٍ قَالَ: حَدَّثَنِي

حضرت علقمہ بن وائل اپنے والد حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ سے' وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ کے پاس ایک آدمی لایا گیا' اس نے کسی کو قتل

1960- أخرجه مسلم في القسامة جلد3صفحه138 .

عَلْقَمَةُ بْنُ وَائِلٍ، عَنْ اَبِيهِ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ اُتِيَ بِرَجُلٍ قَتَلَ قَتِيلًا، فَدَفَعَ الْقَاتِلَ اِلَى وَلِيِّ الْمَقْتُولِ لِيَقْتُلَهُ، فَلَمَّا انْطَلَقَ بِهِ، وَفِي عُنُقِهِ نِسْعَةٌ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِجُلَسَائِهِ: الْقَاتِلُ وَالْمَقْتُولُ فِي النَّارِ، فَانْطَلَقَ رَجُلٌ، فَذَكَرَ لَهُ مَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَلَّى سَبِيلَهُ، فَلَقَدْ رَاَيْتُهُ حِينَ خَلَّى سَبِيلَهُ وَهُوَ مُنْطَلِقٌ، يَجُرُّ نِسْعَتَهُ

کیا تھا' آپ نے قاتل کو مقتول کے ولیوں کے سپرد کیا تا کہ وہ بھی اس کو قتل کریں۔ جب وہ اس کو لے کر چلے تو اس کی گردن میں تسمہ تھا' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے پاس بیٹھنے والوں سے فرمایا: قاتل اور مقتول جہنم میں ہیں۔ ایک آدمی چلا ان کو بتانے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تو اس نے قاتل کو چھوڑ دیا۔ راویٔ حدیث فرماتے ہیں: میں نے اس قاتل کو دیکھا جس وقت اس کو چھوڑ گیا تو وہ اپنا تسمہ کھینچتا ہوا چل رہا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ سَالِمٍ اِلَّا هُشَيْمٌ

یہ حدیث اسماعیل بن سالم سے صرف ہشیم ہی روایت کرتے ہیں۔

1961 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ الضُّبَعِيُّ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ مِخْوَلِ بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّاُ بِالْمُدِّ، وَيَغْتَسِلُ بِالصَّاعِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک مُد پانی سے وضو فرماتے تھے اور ایک صاع پانی سے غسل کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ

یہ حدیث شعبہ سے صرف سعید بن عامر ہی روایت کرتے ہیں۔

1962 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ الزُّهْرِيِّ، عَنْ هِنْدٍ بِنْتِ الْحَارِثِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: اسْتَيْقَظَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ، فَرَفَعَ رَاْسَهُ اِلَى السَّمَاءِ،

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک رات اُٹھے اور آپ نے اپنا سرانور آسمان کی طرف اُٹھایا اور اپنی آنکھ پلٹنے لگے اور فرمانے لگے: اللہ پاک ہے کہ آج کی رات کتنے فتنے اُترے ہیں اور کتنے

1961- أخرجه أبو داؤد في الطهارة جلد 1 صفحه 23 رقم الحديث: 93' وابن ماجه في الطهارة جلد 1 صفحه 99 رقم الحديث: 269' وأحمد في المسند جلد 3 صفحه 372 رقم الحديث: 14260 .

1962- أخرجه البخاري في العلم جلد 1 صفحه 253 رقم الحديث: 115 .

وَجَعَلَ يُقَلِّبُ بَصَرَهُ وَيَقُولُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، مَاذَا أُنْزِلَ اللَّيْلَةَ مِنَ الْفِتَنِ، وَمَاذَا فُتِحَ مِنَ الْخَزَائِنِ؟ اَيْقِظُوا صَوَاحِبَاتِ الْحُجَرِ، فَرُبَّ كَاسِيَةٍ فِي الدُّنْيَا عَارِيَةٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

خزانے کھولے گئے ہیں؟ حجرے والیو! اُٹھو! دنیا میں کوئی کپڑے پہننے والی قیامت میں ننگی ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، وَعَمْرِو بْنِ دِينَارٍ اِلَّا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید اور عمرو بن دینار سے صرف سفیان بن عیینہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1963 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ الْبَزَّازُ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ عُمَيْرٍ الْكُوفِيُّ قَالَ: نَا الْحَكَمُ بْنُ عُتَيْبَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَصِّنُوا اَمْوَالَكُمْ بِالزَّكَاةِ، وَدَاوُوا مَرْضَاكُمْ بِالصَّدَقَةِ، وَاَعِدُّوا لِلْبَلَاءِ الدُّعَاءَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اپنے مالوں کو زکوٰۃ دے کر پاک کرو اور اپنے مریضوں کا صدقہ دے کر علاج کرو اور دعا کے ساتھ آزمائشوں (کوٹالنے) کا سامان کرو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ اِلَّا مُوسَى بْنُ عُمَيْرٍ

یہ حدیث حکم سے صرف موسیٰ بن عمیر ہی روایت کرتے ہیں۔

1964 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَامِعٍ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ وَاقِدٍ الصَّفَّارُ قَالَ: نَا ثَابِتٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِي قَتَادَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلَى قَبْرٍ بَعْدَمَا دُفِنَ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے مردے کو دفن کرنے کے بعد قبر پر دعا کی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِي قَتَادَةَ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ وَاقِدٍ

یہ حدیث از ثابت از عبداللہ بن رواحہ از ابوقتادہ صرف حماد بن واقد ہی روایت کرتے ہیں۔

1963- انظر: لسان الميزان جلد 4 صفحه 238 . أخرجه الطبراني في الكبير جلد 10 صفحه 157 رقم الحديث: 10196 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 66-67 .

1964- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 3913 .

1965 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ: نَا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ الْعَنَزِيُّ قَالَ: نَا ضِرَارُ بْنُ مُرَّةَ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ الْمُنْذِرِ الْمُزَنِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَقْطَعُ الصَّلَاةَ شَيْءٌ اِلَّا الْحَدَثُ وَلَا اَسْتَحْيِيكُمْ مِمَّا لَمْ يَسْتَحْيِ مِنْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحَدَثُ: اَنْ يَفْسُوَ، اَوْ يَضْرِطَ .

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: نماز کو صرف بے وضو ہونا ہی توڑتا ہے کہ میں اس کے بیان کرنے میں کیوں حیاء محسوس کروں جس کے بیان کرنے میں رسول اللہ ﷺ نے حیاء نہیں کی۔ حدث سے مراد ہوا کا خارج ہونا ہے آواز کے ساتھ یا بغیر آواز کے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُصَيْنِ بْنِ الْمُنْذِرِ اِلَّا اَبُو سِنَانٍ ضِرَارُ بْنُ مُرَّةَ

یہ حدیث حصین بن منذر سے صرف ابوسنان ضرار بن مرہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1966 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ النَّخَعِيُّ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ: نَشَدَ عَلِيٌّ النَّاسَ: مَنْ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَوْمَ غَدِيرِ خُمٍّ يَقُولُ: اَلَسْتُمْ تَعْلَمُونَ اَنِّي اَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ؟ قَالُوا: بَلَى . قَالَ: فَمَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ، اللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ ، فَقَامَ اثْنَا عَشَرَ رَجُلًا، فَشَهِدُوا بِذَلِكَ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے قسم لی کہ کسی نے رسول اللہ ﷺ کو غدیر خم کے موقع پر فرماتے سنا: کیا تم جانتے نہیں ہو کہ میں مؤمنوں کی جانوں سے زیادہ قریب ہوں؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! اور آپ ﷺ نے فرمایا: جس کا میں مددگار ہوں اس کا علی بھی مددگار ہے اے اللہ! تو اس سے دوستی کر جو اس سے دوستی کرے اور اس سے دشمنی رکھ جو اس سے دشمنی کرے تو بارہ آدمی کھڑے ہوئے اور انہوں نے اس بات کی گواہی دی (کہ یہ واقعی حضور ﷺ نے فرمایا ہے)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا شَرِيكٌ، وَاَبُو عَوَانَةَ

یہ حدیث اعمش سے صرف شریک اور ابوعوانہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1965- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 24611 .

1966- أخرجه الطبراني في الكبير جلد2صفحه322 . وانظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه124 .

1967 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِیُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِی الرَّجُلِ يَشْتَرِی الْاُضْحِيَّةَ اَوِ الْبَدَنَةَ فَيَبِيعُهَا وَيَشْتَرِی اَسْمَنَ مِنْهَا، فَذَكَرَ رُخْصَةً

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ (اُن سے پوچھا گیا کہ) ایک آدمی قربانی کا جانور خرید تا ہے یا اونٹ خریدتا ہے وہ اس کو فروخت کرتا ہے اور اس سے زیادہ موٹا خریدتا ہے۔ تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس میں رخصت کا ذکر کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ اِلَّا شَرِيكٌ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں۔

1968 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ حَارِثَةَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَوَيْتَ اِلَى فِرَاشِكَ، فَاقْرَاْ: (قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُونَ) (الكافرون: 1) اِلَى آخِرِهَا، فَاِنَّهَا بَرَاءَةٌ مِنَ الشِّرْكِ

حضرت جبلہ بن حارثہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے بستر پر آئے تو قل یا ایھا الکافرون پڑھ لے کیونکہ یہ سورت آخر تک اُسے شرک سے بَری کرتی ہے۔

1969 - وَعَنْ جَبَلَةَ بْنِ حَارِثَةَ قَالَ: كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا لَمْ يَغْزُ اَعْطَى سِلَاحَهُ عَلِيًّا اَوْ اُسَامَةَ

حضرت جبلہ بن حارثہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ جب خود جہاد کے لیے نہ جاتے تو آپ اپنا اسلحہ حضرت علی یا حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کو عطا کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ اِلَّا شَرِيكٌ وَّالْاَعْمَشُ

یہ دونوں حدیثیں ابواسحاق سے صرف شریک اور اعمش ہی روایت کرتے ہیں۔

1970 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ حُرَيْثٍ، عَنِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ غسل کے بعد ان کے (یعنی میرے ساتھ

1967- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه24 .

1968- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد2صفحه287 رقم الحديث: 2195 .

1969- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه283 .

1970- أخرجه الترمذی فی الطهارة جلد 1صفحه210 رقم الحديث: 123، وابن ماجه فی الطهارة جلد 1صفحه192 رقم الحديث: 580 .

الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَسْتَدْفِءُ بِهَا بَعْدَ الْغُسْلِ

لیٹ کر) اپنے جسم کو گرم کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الشَّعْبِيِّ اِلَّا حُرَيْثٌ

یہ حدیث شعبی سے صرف حریث ہی روایت کرتے ہیں۔

1971 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَلِيٍّ: (وَاَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْاَقْرَبِينَ) (الشعراء: 214) قَالَ: جَمَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثِينَ رَجُلًا عَلَى قَعْبٍ مِنْ لَبَنٍ، وَاِنَّ عَامَّتَهُمْ لَيَاْكُلُ الْجَذَعَةَ، فَاَكَلُوا حَتَّى شَبِعُوا، وَشَرِبُوا حَتَّى رَوُوا

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ اس آیت ''وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ'' (الشعراء:۲۱۴) کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے تیس آدمیوں کو دودھ کے ایک برتن پر جمع کیا' ان کا عام آدمی ایک سال کا بچھڑا کھاتے تھے' سوانہوں نے کھایا یہاں تک کہ سیر ہو گئے اور پیا یہاں تک کہ سیر ہو گئے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا شَرِيكٌ، وَاَبُو عَوَانَةَ

یہ حدیث اشعث سے صرف شریک اور ابوعوانہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1972 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَامِلًا الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ عَلَى عَاتِقِهِ، وَهُوَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اُحِبُّ حَسَنًا، فَاَحِبَّهُ

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کو کندھے پر اُٹھائے ہوئے تھے اور آپ فرما رہے تھے: اے اللہ! میں حسن سے محبت کرتا ہوں' تو بھی اس سے محبت کر۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ، عَنْ اَشْعَثَ اِلَّا شَرِيكٌ

یہ حدیث اشعث سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں۔

1971- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه305 .

1972- أخرجه البخاري في فضائل الصحابة جلد7صفحه119 رقم الحديث: 3749' والترمذي في المناقب جلد5, صفحه661 رقم الحديث: 3783 .

1973 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ قَيْسِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ اَبِي الْوَدَّاكِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيّ، رَفَعَهُ قَالَ: قَالَ يَوْمَ اَوْطَاسٍ: لَا تُوطَاُ ذَاتُ حَمْلٍ حَتَّى تَضَعَ حَمْلَهَا، وَلَا غَيْرُ ذَاتِ حَمْلٍ حَتَّى تَحِيضَ حَيْضَةً

حضرت ابوسعیدالخدری رضی اللہ عنہ مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ آپ نے اوطاس کے دن فرمایا: حمل والی سے وطی نہ کی جائے یہاں تک کہ وہ حمل جن لے اور بغیر حمل والی سے وطی نہ کی جائے یہاں تک کہ اس کو حیض آ جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ وَهْبٍ اِلَّا شَرِيكٌ

یہ حدیث قیس بن وہب سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں۔

1974 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ حُذَيْفَةَ: (اِنَّا اَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ) (الكوثر: 1) قَالَ: نَهْرٌ فِي الْجَنَّةِ اَجْوَفُ، فِيهِ آنِيَةٌ مِّنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، لَا يَعْلَمُهُ اِلَّا اللّٰهُ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ "اِنَّا اَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ" (الکوثر:1) کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اس سے مراد جنت کے درمیان ایک نہر ہے اس میں سونے و چاندی کے برتن ہیں اس کو صرف اللہ ہی جانتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا شَرِيكٌ

یہ حدیث عاصم سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں۔

1975 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ قَالَ: نَا الْمُطَّلِبُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْتُمُ الْغُرُّ الْمُحَجَّلُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ آثَارِ الْوُضُوءِ، فَمَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ اَنْ يُطِيلَ غُرَّتَهُ فَلْيَفْعَلْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن تمہارے وضو والے اعضاء چمک رہے ہوں گے پس جو تم میں طاقت رکھتا ہے کہ اس کی چمک لمبی ہو تو وہ ضرور ایسا کرے۔

1973- أخرجه أبو داؤد في النكاح جلد 2 صفحه 254 رقم الحديث: 2157، والدارمي في الطلاق جلد 2 صفحه 224 رقم الحديث: 2295، وأحمد في المسند جلد 3 صفحه 77 رقم الحديث: 11602 .

1974- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 14617 .

1975- أخرجه البخاري في الوضوء جلد 1 صفحه 283 رقم الحديث: 136، ومسلم في الطهارة جلد 1 صفحه 216 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ طَاوُسٍ اِلَّا لَيْثٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُطَّلِبُ بْنُ زِيَادٍ

یہ حدیث طاؤس سے صرف لیث ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں مطلب بن زیادا کیلے ہیں۔

1976 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ قَالَ: نَا سُكَيْنُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْعَطَّارُ قَالَ: ذَكَرَ اَبِي، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، لَا اَعْلَمُهُ اِلَّا رَفَعَهُ قَالَ: لَمْ يَلْقَ ابْنَ آدَمَ شَيْئًا مُنْذُ خَلَقَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اَشَدَّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ الْمَوْتَ اَهْوَنُ مِمَّا بَعْدُ، وَاِنَّهُمْ لَيَلْقَوْنَ مِنْ هَوْلِ ذَلِكَ الْيَوْمِ شِدَّةً حَتَّى يُلْجِمُهُمُ الْعَرَقُ، حَتَّى لَوْ اَنَّ السُّفُنَ اُجْرِيَتْ فِيهِ لَجَرَتْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ اس حدیث کو مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ابن آدم کو کوئی شی سخت نہیں ملتی ہے جو اللہ نے پیدا کی ہے سوائے موت کی سختی کے۔ پھر فرمایا: بے شک موت اس کے بعد کی سختی سے نرم ہے' یہاں تک کہ انہیں پسینہ کی لگام دی جائے گی' انہیں اتنا پسینہ آئے گا یہاں تک کہ اگر کوئی کشتیاں بھی اس میں چلائی جائیں تو چلنے لگیں گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ اِلَّا ابْنُهُ سُكَيْنٌ

یہ حدیث عبدالعزیز سے صرف ان کے بیٹے سکین ہی روایت کرتے ہیں۔

1977 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: اَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، وَعَلْقَمَةَ اَنَّ رَجُلًا اَتَى ابْنَ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: اِنِّي قَرَاْتُ الْمُفَصَّلَ فِي رَكْعَةٍ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: بَلْ هَذًّا كَهَذِّ الشِّعْرِ، وَكَنَثْرِ الدَّقَلِ، لَكِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَفْعَلُ كَمَا فَعَلْتَ، كَانَ يَقْرَاُ النَّظَائِرَ الرَّحْمَنَ، وَالنَّجْمَ فِي رَكْعَةٍ بِعِشْرِينَ سُورَةً مِنَ الْمُفَصَّلِ عَلَى تَاْلِيفِ عَبْدِ اللّٰهِ، آخِرُهُنَّ اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ وَالدُّخَانُ

حضرت اسود اور علقمہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: میں مفصل سورتوں کو ایک رکعت میں پڑھتا ہوں' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بلکہ یہ اشعار تو موتی گرنے کی طرح ہیں لیکن رسول اللہ ﷺ ایسا نہیں کرتے تھے جس طرح آپ نے کیا ہے' آپ نظائر کو پڑھتے تھے ''اَلرَّحْمٰنَ اور اَلنَّجْمَ'' ایک رکعت میں بیس سورۂ مفصل اللہ کے بندوں کی تالیف کے لیے اور ان کے آخر میں ''اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ'' اور دخان پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا زُهَيْرٌ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف زہیر ہی روایت کرتے ہیں۔

1976- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه337 .

1978 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: نَا زُهَيْرٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدٍ، اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ عَائِشَةَ تَفْضُلُ عَلَى النِّسَاءِ، كَمَا يَفْضُلُ الثَّرِيدُ عَلَى سَائِرِ الطَّعَامِ

حضرت سعد رضی اللہ عنہ (اللہ تعالیٰ کی رضا سے) نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: عائشہ کی فضیلت تمام عورتوں پر ایسے ہے جس طرح ثرید کی فضیلت تمام کھانوں پر ہوتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا زُهَيْرٌ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف زہیر ہی روایت کرتے ہیں۔

1979 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ: نَا هُشَيْمٌ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ سَالِمٍ، وَحُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، اَنَّ عَلِيًّا جَلَدَ شُرَاحَةَ يَوْمَ الْخَمِيسِ، وَرَجَمَهَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَقَالَ: جَلَدْتُهَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، وَرَجَمْتُهَا بِسُنَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت شعبی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے شراحہ کو جمعرات کے دن کوڑے لگائے اور جمعہ کے دن رجم کیا اور فرمایا: میں نے کوڑے اللہ کی کتاب کے حکم کے مطابق لگائے ہیں اور رجم میں نے رسول اللہ ﷺ کی سنت کے مطابق کیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ سَالِمٍ اِلَّا هُشَيْمٌ

یہ حدیث اسماعیل بن سالم سے صرف ہشیم ہی روایت کرتے ہیں۔

1980 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ قَالَ: نَا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، وَاَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي وَاَنَا مُعْتَرِضَةٌ بَيْنَ يَدَيْهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نماز پڑھتے تھے اس حالت میں کہ میں آپ کے آگے لیٹی ہوتی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا دَاوُدُ

یہ حدیث ایوب سے صرف داؤد العطار ہی روایت

1978- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحہ246 .

1979- اخرجه أحمد في المسند جلد1صفحہ116 رقم الحديث: 719 .

1980- أخرجه البخاري في الصلاة جلد1صفحہ699 رقم الحديث: 512، ومسلم في الصلاة جلد1صفحہ366 .

الْعَطَّارُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ

کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبدالاعلیٰ بن حماد اکیلے ہیں۔

1981 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: نَا الشَّعْبِيُّ، عَنْ عَلْقَمَةَ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، كَانَ يَقُومُ قَائِمًا كُلَّ عَشِيَّةِ خَمِيسٍ، فَمَا سَمِعْتُهُ فِي عَشِيَّةٍ مِّنْهَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، غَيْرَ مَرَّةٍ وَّاحِدَةٍ، فَنَظَرْتُ اِلَيْهِ، وَهُوَ مُعْتَمِدٌ عَلَى عَصًا، فَنَظَرْتُ اِلَى الْعَصَا تَزَعْزَعُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہر جمعرات کی شام کو کھڑے ہوئے' میں نے کبھی زندگی میں اُن سے نہیں سنا کہ انہوں نے ''قَالَ رَسُوْلُ اللّٰه ﷺ'' فرمایا ہو' متعدد بار کہ میں نے آپ کی طرف دیکھا تو آپ عصا کا سہارا لیے ہوئے تھے' میں نے اس عصا کی طرف دیکھا وہ بھی کانپ رہا تھا۔

1982 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ قَالَ: نَا مَنْصُورُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: حَدَّثَنِي الشَّعْبِيُّ، عَنْ قَرَظَةَ بْنِ كَعْبٍ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ: شَيَّعْنَا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ حِينَ خَرَجْنَا اِلَى الْكُوفَةِ مَاشِيًا، يَقُودُ حِمَارًا اَوْ اَتَانًا، فَقُلْنَا: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، اَقْسَمْنَا عَلَيْكَ لَتَرْكَبَنَّ، فَاَبَى، حَتَّى سِرْنَا ثَلَاثَةَ اَمْيَالٍ اَوْ اَرْبَعَةٍ، فَقَالَ بَعْضُنَا لِبَعْضٍ: قَدْ شَقَقْتُمْ عَلَى اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ، فَنَزَلْنَا، فَقَالَ لِاَحَدِهِمْ: لِمَ تَرَوْنِي بَلَغْتُ مَعَكُمْ اِلَى هَذَا الْمَكَانِ؟ فَقَالُوا: اَرَدْتَ بِذَلِكَ كَرَامَتَنَا، وَحِفْظَ الْاَنْصَارِ قَالَ: اِنَّ ذَاكَ كَذَلِكَ، وَمَعَ ذَاكَ مَا هُوَ؟ فَقُلْتُ: لَا نَدْرِي، فَقَالَ: اِنَّكُمْ سَتَاْتُونَ قَوْمًا يَسْتَطْعِمُونَكُمْ اَعْرَاضًا، فَاَقِلُّوا الرِّوَايَةَ عَنْ

حضرت قرظہ بن کعب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک گروہ کی شکل میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ کوفہ کی طرف پیدل گئے' ہمارے پاس ایک گدھا یا خچر تھا' ہم نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! ہم آپ کو قسم دیتے ہیں کہ آپ ضرور سوار ہو جائیں۔ آپ نے انکار کر دیا' جب ہم تین یا چار میل چلے تو ہم ایک دوسرے سے کہنے لگے: تم نے امیر المؤمنین کو مشقت میں ڈالا ہے۔ ہم اُترے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان میں سے کسی سے فرمایا: تم دیکھتے نہیں ہو کہ میں تمہارے ساتھ اس جگہ پر اتارا گیا ہوں' انہوں نے اس سے آپ کا مقصد ہماری عزت اور انصار کی حفاظت کرنا تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! میرا یہی مقصد تھا' آپ کے پاس اور کیا ہے؟ میں نے عرض کی: ہم نہیں جانتے ہیں' آپ

1982- أخرجه أبو داؤد فى اللقطة جلد **2** صفحه **140** رقم الحديث: **1710**' وأحمد فى المسند جلد **2** صفحه **243** رقم الحديث: **6692**.

رَسُولِ اللّٰهِ، وَاَنَا شَرِيكُكُمْ فِي ذَلِكَ

نے فرمایا: عنقریب تم ایسے لوگوں کے پاس آؤ گے کہ تم ان سے کھانا مانگو گے' وہ اعراض کریں گے' ان سے حدیث کم بیان کرنا' میں تمہارے ساتھ اس حوالہ سے شریک ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ

ان دو حدیثوں کو منصور بن عبدالرحمٰن سے صرف عبدالعزیز بن مختار ہی روایت کرتے ہیں۔

1983 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ دُرُسْتَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ ضَالَّةِ الْإِبِلِ؟ فَقَالَ: دَعْهَا، مَعَهَا الْحِذَاءُ وَالسِّقَاءُ، تَاْكُلُ مِنَ الشَّجَرِ، وَتَشْرَبُ مِنَ الْمَاءِ، حَتَّى يَاْخُذَهَا رَبُّهَا ـ فَقِيلَ لَهُ: ضَالَّةُ الْغَنَمِ؟ فَقَالَ: لَكَ اَوْ لِاَخِيكَ، اَوْ لِلذِّئْبِ ـ فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، حَرِيسَةُ الْجَبَلِ؟ فَقَالَ: غُرْمُهَا وَمِثْلُهُ مَعَهُ، وَجَلَدَاتٌ نَكَالًا، فَاِنْ آوَاهَا الْمَرَاحُ فَمَا بَلَغَ ثَمَنَ الْمِجَنِّ فَفِيهِ الْقَطْعُ ـ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَالثَّمَرُ الْمُعَلَّقُ؟ قَالَ: غُرْمُهُ، وَمِثْلُهُ مَعَهُ، وَجَلَدَاتٌ نَكَالًا، فَاِذَا آوَاهَا الْجَرِينُ، فَمَا بَلَغَ ثَمَنَ الْمِجَنِّ فَفِيهِ الْقَطْعُ ـ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَاللُّقَطَةُ تُوجَدُ، فَقَالَ: مَا كَانَ فِي قَرْيَةٍ مَسْكُونَةٍ اَوْ طَرِيقٍ مِيتَاءٍ فَعَرِّفْهُ سَنَةً، فَاِنْ وَجَدْتَ وَاِلَّا فَاسْتَمْتِعْ بِهَا ـ قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَالرِّكَازُ؟ قَالَ: فِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ

حضرت عمرو بن شعیب از والد خود از جد خود روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے گم شدہ اونٹ کے متعلق پوچھا گیا' تو آپ نے فرمایا: اس کو چھوڑو! اس کا پیٹ اور اس کا مشکیزہ اس کے ساتھ ہوتا ہے' وہ درخت کے پتے کھالیتا ہے اور پانی بھی پی لیتا ہے۔ یہاں تک کہ اس کا مالک اس کو لے لیتا ہے۔ پھر گم شدہ بکری کے متعلق عرض کی گئی تو آپ نے فرمایا: وہ تیری یا تیرے بھائی یا بھیڑیے کے لیے ہے' عرض کی گئی: یارسول اللہ! اگر کوئی پہاڑ کی شے چرالے؟ آپ نے فرمایا: اس کی قیمت کے برابر تاوان دے اور چند کوڑے سزا کے لیے کھائے' اگر کوئی شے محفوظ مقام پر لا کر رکھی جائے تو اس کی قیمت پھر وہاں ڈھال کی قیمت کو پہنچے تو اس میں ہاتھ کاٹا جائے گا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! لٹکے ہوئے پھل کے متعلق کیا ارشاد ہے؟ آپ نے فرمایا: اس کا تاوان اور اس کے برابر کوڑے مارے جائیں گے عبرت کے لیے' اگر چلنے کو اگر ہاتھ کاٹنے کی مقدار چوری کی ہو تو اس کا ہاتھ کاٹا جائے گا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! گم شدہ شے ملے تو اس کا کیا حکم ہے؟ آپ

نے فرمایا: قریب بستی ہو یا راستہ عام ہو تو ایک سال اس کا اعلان کرے اگر آ جائے تو ٹھیک ہے ورنہ اس سے تُو فائدہ اُٹھا۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! رکاز کے متعلق؟ آپ نے فرمایا: رکاز میں خمس ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ وَّعَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ الْقَسْمَلِيُّ

یہ حدیث یعقوب بن عطاء سے صرف محمد بن ثابت اور عبدالعزیز بن مسلم القسملی ہی روایت کرتے ہیں۔

1984 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنِ الْمُعَلَّى بْنِ زِيَادٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً، فَلَقُوا الْعَدُوَّ، فَتَتَابَعُوا فِي الْقَتْلِ حَتَّى أَفْضَوْا إِلَى الْوِلْدَانِ، فَلَمَّا رَجَعَتِ السَّرِيَّةُ نَمَى ذَلِكَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَلَمْ أَنْهَكُمْ؟ فَقَالُوا: إِنَّمَا هُمْ أَوْلَادُ الْمُشْرِكِينَ. فَقَالَ: أَوَلَيْسَ خِيَارُكُمْ أَوْلَادُ الْمُشْرِكِينَ؟ ثُمَّ أَمَرَ مُنَادِيًا يُنَادِي: أَلَا إِنَّ كُلَّ مَوْلُودٍ يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک سریہ بھیجا' وہ دشمن سے لڑے تو انہوں نے لڑائی میں ان کا پیچھا کیا یہاں تک کہ بچوں تک پہنچ گئے' جب سریہ واپس آیا تو ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں گئے' آپ نے فرمایا: کیا میں نے تمہیں منع نہیں کیا تھا؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ مشرکوں کے بچے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم کو مشرکوں کے بچوں پر اختیار دیا گیا ہے؟ پھر آپ نے اعلان کرنے کا حکم دیا کہ سنو! ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُعَلَّى بْنِ زِيَادٍ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ حِسَابٍ

یہ حدیث معلّٰی بن زیاد سے صرف حماد بن زید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن حساب اکیلے ہیں۔

1985 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا أَبُو

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

1984- أخرجه الدارمی فی السير جلد **2** صفحه **294** رقم الحديث: **2463**' وأحمد فی المسند جلد **4** صفحه **31** رقم الحديث: **16309**' والبيهقی فی السير جلد **9** صفحه **132** رقم الحديث: **18089**' والطبرانی فی الكبير جلد **1** صفحه **283** رقم الحديث: **826-835** .

1985- أخرجه الترمذی فی الدعوات جلد **5** صفحه **519** رقم الحديث: **3483**' وأحمد فی المسند جلد **4** صفحه **541** رقم الحديث: **20014**' والطبرانی فی الكبير جلد **18** صفحه **174** رقم الحديث: **396** .

الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ اَبُو مُعَاوِيَةَ الضَّرِيرُ قَالَ: نَا شَبِيبُ بْنُ شَيْبَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِي: كَمْ تَعْبُدُ الْيَوْمَ اِلٰهًا؟ قَالَ: سَبْعَةً، سِتٌّ فِي الْاَرْضِ، وَوَاحِدٌ فِي السَّمَاءِ قَالَ: فَاَيُّهُمْ تَعُدُّ لِرَغْبَتِكَ وَرَهْبَتِكَ؟ قَالَ: الَّذِي فِي السَّمَاءِ، فَقَالَ: يَا حُصَيْنُ، اَمَا اِنَّكَ اِنْ اَسْلَمْتَ عَلَّمْتُكَ كَلِمَتَيْنِ تَنْفَعَانِكَ ـ قَالَ: فَلَمَّا اَسْلَمَ حُصَيْنٌ، اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عَلِّمْنِي الْكَلِمَتَيْنِ اللَّتَيْنِ وَعَدْتَنِي ـ قَالَ: فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِي رُشْدِي، وَاَعِذْنِي مِنْ شَرِّ نَفْسِي

رسول اللہ ﷺ نے میرے والد سے کہا: آج تم نے کتنے خداؤں کی عبادت کی ہے؟ انہوں نے عرض کی: سات کی چھ زمین میں ہیں اور ایک آسمان میں ہے آپ نے فرمایا: ان میں سے کس کو تم اپنی رغبت اور ڈر کیلئے شمار کرتے ہو۔ انہوں نے عرض کی: جو آسمان میں ہے آپ نے فرمایا: اے حصین! اگر تم مسلمان ہو جاؤ تو میں تم کو دو ایسے کلمے سکھاؤں گا جو تجھے نفع دیں گے۔ کہا کہ جب حصین مسلمان ہوئے تو نبی کریم ﷺ کے پاس آئے اور عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے دو کلمے سکھائیں جس کا آپ نے مجھ سے وعدہ کیا تھا آپ ﷺ نے فرمایا: وہ دو کلمے یہ ہیں: اے رب! مجھے سیدھی راہ دکھا اور مجھے میرے نفس کے شر سے بچا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شَبِيبِ بْنِ شَيْبَةَ اِلَّا اَبُو مُعَاوِيَةَ

یہ حدیث شبیب بن شیبہ سے صرف ابومعاویہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1986 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ جُبَيْرٍ، اَوِ ابْنِ كَثِيرٍ، شَكَّ اَبُو الرَّبِيعِ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ الْمَخْزُومِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُونَ الثَّالِثِ، فَاِنَّ ذٰلِكَ يُؤْذِي الْمُؤْمِنَ، وَاللّٰهُ تَعَالَى يَكْرَهُ اَذَى الْمُؤْمِنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دو آدمی تیسرے کو چھوڑ کر آپس میں سرگوشی نہ کریں کیونکہ مؤمن کو تکلیف دیتی ہے اور اللہ عزوجل مؤمن کو تکلیف دینے کو ناپسند کرتا ہے۔

لَمْ يُرْوَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ الْمُبَارَكِ

حضرت ابن عباس سے یہ حدیث صرف اسی سند سے روایت ہے اسے روایت کرنے میں ابن المبارک

1986- أخرجه أبو يعلى جلد4 صفحه332' والبخاري في تاريخه جلد 1 صفحه305 . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 6718 .

اکیلے ہیں۔

1987 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا اَبُو الرَّبِيعِ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ الْعَبْدِيُّ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَدُ الرَّحْمَنِ فَوْقَ رَأْسِ الْمُؤَذِّنِ، وَإِنَّهُ لَيُغْفَرُ لَهُ مَدَى صَوْتِهِ، اَيْنَ بَلَغَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: رحمٰن کا دست قدرت (جیسے اس کی شان کے لائق ہے) مؤذن کے سر پر ہوتا ہے جہاں تک کہ اس کی آواز پہنچتی ہے' اس کے لیے بخش کی دعا کی جاتی ہے۔

یہ حدیث ثابت سے صرف عمر بن حفص ہی روایت کرتے ہیں۔

1988 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ: نَا الْاَشْعَثُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجَرْمِيُّ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كَتَبَ اللّٰهُ تَعَالَى كِتَابًا قَبْلَ اَنْ يَخْلُقَ السَّمَوَاتِ وَالْاَرْضَ بِاَلْفَيْ عَامٍ، فَاَنْزَلَ مِنْهُ آيَتَيْنِ خَتَمَ بِهِمَا سُورَةَ الْبَقَرَةِ، فَلَا تُقْرَآنِ فِي دَارٍ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ فَيَقْرَبُهَا شَيْطَانٌ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ النُّعْمَانِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے زمین و آسمان کو پیدا کرنے سے دو ہزار سال پہلے ایک کتاب لکھی تھی' اس سے دو آیتیں نازل فرمائی ہیں' سورۂ بقرہ کی آخری دو آیتیں' جس گھر میں یہ آیتیں تین دن پڑھی جاتی ہیں' اس گھر میں شیطان قریب نہیں آتا ہے۔

یہ حدیث نعمان سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں حماد بن سلمہ اکیلے ہیں۔

1989 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطَرَانِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ قَالَ: نَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نَا اَيُّوبُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ قَزَعَةَ قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ: اُصَلِّي عَلَي

حضرت قزعہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے عرض کی: کیا میں اپنی سواری پر جس طرف بھی اس کا منہ ہو' نماز پڑھ سکتا ہوں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! میں نے عرض کی: کیا یہ سنت ہے؟ آپ نے

1987- أخرجه الخطيب في تاريخه جلد11صفحه193 . وانظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه329 .

1988- أخرجه الترمذي في فضائل القرآن جلد5صفحه159 رقم الحديث: 2882' والدارمي في فضائل القرآن جلد 2 صفحه542 رقم الحديث: 3387' والحاكم في المستدرك جلد2صفحه260 .

رَاحِلَتِي حَيْثُ تَوَجَّهَتْ بِي؟ قَالَ: نَعَمْ. قُلْتُ: مِنَ السُّنَّةِ هُوَ؟ قَالَ: نَعَمْ

فرمایا: ہاں!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا وُهَيْبٌ

یہ حدیث ایوب سے صرف وہیب ہی روایت کرتے ہیں۔

1990 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ أَبَانَ الْقُرَشِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِي عَمْرٍو، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُفِّنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ثَلَاثَةِ أَثْوَابٍ سَحُولِيَّةٍ، لَيْسَ فِيهَا قَمِيصٌ وَلَا عِمَامَةٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو تین سحولیہ کپڑوں میں کفن دیا گیا' اس میں قمیص اور عمامہ نہیں تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِي عَمْرٍو إِلَّا الدَّرَاوَرْدِيُّ

یہ حدیث عمرو بن ابی عمرو سے صرف الدراوردی ہی روایت کرتے ہیں۔

1991 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هُرْمُزَ الْأَعْرَجِ، مَوْلَى بَنِي مَخْزُومٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَجَدَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ، وَاقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ''إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ'' اور ''اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ'' میں سجدۂ تلاوت کیا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ،

یہ حدیث از صفوان بن سلیم از اعرج صرف یزید

1990- أخرجه البخاري في الجنائز جلد**3**صفحه**167** رقم الحديث: **1271**' ومسلم في الجنائز جلد **2**صفحه**649**' ومالك في الموطأ جلد**1**صفحه**223** رقم الحديث: **5** .

1991- أخرجه مسلم في المساجد جلد **1**صفحه**406**' وأبو داؤد في الصلاة جلد **2**صفحه**60** رقم الحديث: **1407**' والترمذي في الصلاة جلد **2**صفحه**462** رقم الحديث: **573**' والنسائي في الافتتاح جلد **2**صفحه**124** (باب السجود في اذا السماء انشقت)' والدارمي في الصلاة جلد**1**صفحه**409** رقم الحديث: **1471** .

عَنِ الْاَعْرَجِ اِلَّا يَزِيدُ بْنُ اَبِى حَبِيبٍ

بن ابی حبیب ہی روایت کرتے ہیں۔

1992 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا اَبُو الرَّبِيعِ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدٍ الْقَارِيِّ، اَنَّ عَلِيًّا، كَانَ يَقُولُ: بِتُّ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ، فَكُنْتُ اَسْمَعُهُ اِذَا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ، وَتَبَوَّاَ مَضْجَعَهُ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اِنِّى اَعُوذُ بِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوبَتِكَ، وَاَعُوذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنْكَ، اللّٰهُمَّ لَا اَسْتَطِيعُ ثَنَاءً عَلَيْكَ وَلَوْ حَرَصْتُ، وَلَكِنْ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلَى نَفْسِكَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ میں نے ایک رات رسول اللہ ﷺ کے پاس گزاری‘ جب آپ اپنی نماز سے فارغ ہوتے تھے تو میں آپ سے سنتا تھا اور جب آپ اپنے بستر پر آتے تو پڑھتے تھے: ”اَللّٰهُمَّ اِنِّى اَعُوذُ بِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوبَتِكَ، وَاَعُوذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنْكَ، اللّٰهُمَّ لَا اَسْتَطِيعُ ثَنَاءً عَلَيْكَ وَلَوْ حَرَصْتُ، وَلَكِنْ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلَى نَفْسِكَ“۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدٍ الْقَارِيِّ اِلَّا يَزِيدُ بْنُ خُصَيْفَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ

یہ حدیث ابراہیم بن عبداللہ بن عبدالقاری سے صرف یزید بن خصیفہ ہی روایت کرتے ہیں‘ اسے روایت کرنے میں اسماعیل بن جعفر اکیلے ہیں۔

1993 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَامِعٍ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا مَسْلَمَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِى هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِى بَنِى تَمِيمٍ ثَلَاثَةُ اَشْيَاءٍ، لَا اَزَالُ اُحِبُّهُمْ اَبَدًا . اَتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمٌ مِّنْ نَعَمِ الصَّدَقَةِ مِنْ بَنِى تَمِيمٍ، فَقَالَ: هَذِهِ نَعَمُ قَوْمِى ، جَعَلَهُمْ قَوْمَهُ، وَكَانَ عَلَى عَائِشَةَ نَذْرٌ عَلَى اَنْ تَعْتِقَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: بنی تمیم میں تین اشیاء ہیں‘ میں مسلسل اُن سے محبت کرتا رہوں گا‘ رسول اللہ ﷺ کے پاس بنی تمیم سے بہترین صدقہ آیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ میری بہترین قوم ہے‘ ان کو اپنی قوم میں شمار کیا‘ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر نذر تھی کہ وہ اولادِ اسماعیل سے غلام آزاد کریں گی‘ تو آپ کے پاس خولان سے قیدی آئے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تُو

1992- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه127 .

1993- أخرجه البخاری فی العتق جلد 5صفحه202 رقم الحديث: 2543‘ ومسلم فی فضائل الصحابة جلد 4 صفحه1957 .

مِنْ وَلَدِ إِسْمَاعِيلَ، فَأَقْبَلَ عَلَيْهِ سَبْيٌ مِّنْ خَوْلَانَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَعْتِقِي مِنْهُمْ، فَإِنَّهُمْ مِنْ وَلَدِ إِسْمَاعِيلَ، وَهُمْ أَشَدُّ النَّاسِ عَلَى الدَّجَّالِ يَعْنِي: بَنِي تَمِيمٍ .

اُن میں سے آزاد کردے یہ بھی اولادِ اسماعیل سے ہیں' وہ دجال پرسخت ہوں گے یعنی بنی تمیم۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ إِلَّا مَسْلَمَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ

یہ حدیث داؤد بن ابی ہند سے صرف سلمہ بن علقمہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1994 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ قَالَ: نَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ رَقَبَةَ بْنِ مَسْقَلَةَ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا مَشَى الرَّجُلُ إِلَى الرَّجُلِ فَقَتَلَهُ، فَالْمَقْتُولُ فِي الْجَنَّةِ، الْقَاتِلُ فِي النَّارِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جب ایک آدمی دوسرے آدمی کی طرف چلتا ہے' اس کو قتل کرتا ہے تو مقتول جنت میں اور قاتل جہنم میں ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَقَبَةَ إِلَّا عَوَانَةُ

یہ حدیث رقبہ سے صرف عوانہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1995 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ قَالَ: نَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: غَزَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوًا، فَلَمْ يَفْرُغْ حَتَّى أَمْسَى بِالصَّلَاةِ، عَنِ الْوَقْتِ الَّذِي كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ يُحَافِظُ عَلَيْهِ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْهُمْ نَظَرَ فَإِذَا صَلَاةُ الْعَصْرِ قَدْ أَمْسَى بِهَا، فَصَلَّى، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ دَعَا عَلَى عَدُوِّهِ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ مَنْ شَغَلَنَا، عَنِ الصَّلَاةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے جہاد کیا' آپ فارغ نہیں ہوئے یہاں تک کہ اس نماز کا وقت گزر گیا جس پر رسول اللہ ﷺ ہمیشگی کرتے تھے' پس جب آپ جہاد سے فارغ ہوئے تو دیکھا کہ نمازِ عصر کا وقت چلا گیا تھا' آپ ﷺ نے نماز پڑھی' جب نماز سے فارغ ہوئے تو آپ نے دشمن پر بددعا کی' عرض کی: اے اللہ! جس نے ہمیں نمازِ عصر سے مشغول رکھا ہے تُو اُن کے گھروں کو آگ سے

1994- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه300 .

1995- انظر: الميزان جلد4صفحه312 .

الْوُسْطَى فَامْلَأْ بُيُوتَهُمْ نَارًا، وَامْلَأْ اَجْوَافَهُمْ نَارًا، وَامْلَأْ قُبُورَهُمْ نَارًا

بھردے' یا اُن کے پیٹوں کو یا اُن کی قبروں کو آگ (سے بھردے)۔

1996 - وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ السُّورَةَ، نُعِيَتْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفْسُهُ حِينَ اُنْزِلَتْ، فَاَخَذَ فِي اَشَدِّ مَا كَانَ اجْتِهَادًا مِنْ اَمْرِ الْآخِرَةِ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذَلِكَ: جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَجَاءَ الْفَتْحُ، وَجَاءَ اَهْلُ الْيَمَنِ . فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا اَهْلُ الْيَمَنِ؟ قَالَ: قَوْمٌ رَقِيقَةٌ اَفْئِدَتُهُمْ، لَيِّنَةٌ قُلُوبُهُمْ، الْإِيمَانُ يَمَانٍ، وَالْفِقْهُ يَمَانٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب سورہ اذا جاء نصر اللّٰه والفتح نازل ہوئی تو رسول اللہ ﷺ کی ذات کی تعریف کی گئی' جس وقت نازل ہوئی تو آپ آخرت کے معاملہ میں اور زیادہ عبادت کرتے تھے' پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی مدد اور فتح آ گئی' اور اہل یمن آ گئے۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! اہل یمن کون ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ دل کی بڑی نرم قوم ہے' ایمان یمن کا ہے اور (دین میں) سمجھ بھی یمن کی ہے۔

1997 - وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ مَغَازِيهِ، فَسَاَلَهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا تَقُولُ فِي اللَّاهِينَ؟ فَسَكَتَ عَنْهُ، وَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ كَلِمَةً، فَلَمَّا فَرَغَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَزْوِهِ وَظَهَرَ عَلَيْهِمْ، اِذَا هُوَ بِصَبِيٍّ قَدْ وَقَعَ مِنْ مَنَصٍّ لَهُ، فَاِذَا هُوَ يَبْحَثُ فِي الْاَرْضِ، فَنَادَى مُنَادٍ: اَيْنَ السَّائِلُ؟ فَاَقْبَلَ الرَّجُلُ حَتَّى اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ سَلِمَ، فَنَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ قَتْلِ الْاَطْفَالِ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوا عَامِلِينَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کسی غزوہ میں تھے کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ اللاھین کے متعلق کیا فرماتے ہیں؟ آپ ﷺ اس سے خاموش رہے' اور آپ نے کوئی بات نہیں فرمائی' پس جب رسول اللہ ﷺ جہاد سے فارغ ہوئے اور ان پر غلبہ پالیا تو میں نے دیکھا کہ ایک بچہ دودھ منہ میں ڈال کر چوس رہا ہے' اچانک وہ زمین میں تلاش کرنے لگا' ایک آواز دینے والے نے آواز دی: سائل کہاں ہے؟ وہ آدمی آیا یہاں تک کہ نبی کریم ﷺ کے پاس آیا' تو رسول اللہ ﷺ نے بچوں کے قتل سے منع کیا' پھر فرمایا: اللہ زیادہ جانتا ہے

1996- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه25-26 .

1997- أخرجه الطبراني في الكبير جلد11صفحه330' والبزار جلد3صفحه32 . وانظر: مجمع الزوائد جلد7 صفحه221 .

1998 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا اَبُو سَلَمَةَ يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ الْجُوبَارِيُّ قَالَ: نَا الْفَضْلُ بْنُ يَسَارٍ، عَنْ غَالِبٍ الْقَطَّانِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا وَقَفَ الْعِبَادُ لِلْحِسَابِ جَاءَ قَوْمٌ وَّاضِعِي سُيُوفِهِمْ عَلَى رِقَابِهِمْ، تَقْطُرُ دَمًا، فَازْدَحَمُوا عَلَى بَابِ الْجَنَّةِ، فَقِيلَ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قِيلَ: الشُّهَدَاءُ، كَانُوا اَحْيَاءً مَرْزُوقِينَ . ثُمَّ نَادَى مُنَادٍ: لِيَقُمْ مَنْ اَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ، فَلْيَدْخُلِ الْجَنَّةَ، ثُمَّ نَادَى الثَّانِيَةَ: لِيَقُمْ مَنْ اَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ، فَلْيَدْخُلِ الْجَنَّةَ قَالَ: وَمَنْ ذَا الَّذِي اَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ؟ قَالَ: الْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ، ثُمَّ نَادَى الثَّالِثَةَ: لِيَقُمْ مَنْ اَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ، فَلْيَدْخُلِ الْجَنَّةَ، فَقَامَ كَذَا وَكَذَا اَلْفًا، فَدَخَلُوهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ لَّا نَعْلَمُهُ يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُحَدِّثْ بِهِ اِلَّا يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ

جوانہوں نے (بڑے ہوکر) کرنا تھا۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب بندوں کو حساب کے لیے روکا جائے گا تو ایک قوم آئے گی' وہ اپنی تلواریں اپنے کندھوں پر رکھے ہوں گے' ان سے خون ٹپک رہا ہو گا' وہ جنت کے دروازے میں رش کریں گے۔ کہا جائے گا: یہ کون ہیں؟ کہا جائے گا: یہ شہداء ہیں' یہ زندہ تھے ان کو رزق دیا جاتا تھا۔ ایک آواز دینے والا آواز دے گا: وہ کھڑا ہو جائے گا جس کا اجر اللہ پر ہے' وہ جنت میں داخل ہو جائے۔ پھر دوسرا آواز دینے والا آواز دے گا: وہ کھڑا ہو جائے جس کا اجر اللہ پر ہے' وہ جنت میں داخل ہو جائے۔ انہوں نے عرض کی کہ کون ہے جس کا اجر اللہ عزوجل پر ہے؟ فرمایا: جو لوگوں کو معاف کرنے والے ہیں' پھر تیسرا آواز دینے والا آواز دے گا: وہ کھڑا ہو جائے جس کا اجر اللہ پر ہے' وہ جنت میں داخل ہو جائے۔ اسی طرح ہزار کھڑے ہوں گے اور ان کو بغیر حساب و کتاب کے جنت میں داخل کیا جائے گا۔ ہم نہیں جانتے کہ اس حدیث کو رسول اللہ ﷺ سے اس اسناد کے علاوہ کسی اور نے روایت کیا ہو' سوائے یحییٰ بن خلف کے۔

☆☆☆☆☆

1998- أخرجه العقيلي في الضعفاء جلد3صفحه447 . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 29815 .

احمد بن دكين المصرى

احمد بن دکین مصری

1999 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دُكَيْنٍ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نَا حُمَيْدٌ الْكِنْدِيُّ قَالَ: اَخْبَرَنِي خَالِدٌ الرَّبَعِيُّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: اَوْصَانِي خَلِيلِي اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثٍ، لَا اَدَعُهُنَّ اَبَدًا: اَوْصَانِي بِالْوِتْرِ قَبْلَ النَّوْمِ، وَاَوْصَانِي بِالْغُسْلِ فِي كُلِّ جُمُعَةٍ، وَاَوْصَانِي بِصِيَامِ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے میرے خلیل ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین نصیحت کی، میں ان کو کبھی نہیں چھوڑوں گا' مجھے سونے سے پہلے وتر پڑھنے کی نصیحت کی' ہر جمعہ کے دن غسل کرنے کی نصیحت کی' اور ہر مہینے میں تین روزے رکھنے کی نصیحت کی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ الرَّبَعِيِّ اِلَّا حُمَيْدٌ الْكِنْدِيُّ

یہ حدیث خالد الربعی سے صرف حمید الکندی ہی روایت کرتے ہیں۔

2000 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دُكَيْنٍ قَالَ: نَا زُهَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ الرُّؤَاسِيُّ قَالَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ بِكُمْ وَصَاحِبُ الْقَرْنِ قَدِ الْتَقَمَ الْقَرْنَ، وَحَنَى جَبْهَتَهُ يَنْتَظِرُ مَتَى يُؤْمَرُ، فَيَنْفُخُ . قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَمَا نَقُولُ؟ قَالَ: قُولُوا: حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سینگ والا اپنے منہ میں سینگ لیے ہوئے ہے اور اس کی پیشانی چمک رہی ہے بس انتظار میں ہے کہ اسے کب پھونکنے کا حکم دیا جائے۔ صحابہ کرام نے عرض کیا: ہم کیا کہیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم کہو "حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ"۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ اِلَّا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، وَزُهَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ

یہ حدیث عمار الدھنی سے صرف سفیان بن عیینہ اور سفیان سے صرف روح بن عبادہ اور زہیر بن عبادہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1999- أخرجه البخارى فى الصوم جلد**4**صفحه**266** رقم الحديث: **1981**' ومسلم فى المسافرين جلد**1**صفحه**499** .

2000- انظر: طبقات المدلسين صفحه**78** .

2001 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَنْبَرٍ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ مَيْمُونٍ الْمَرَائِيُّ قَالَ: نَا اَبِي، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ صَفْوَانَ بْنِ قُدَامَةَ قَالَ: هَاجَرَ اَبِي صَفْوَانُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ بِالْمَدِينَةِ، فَبَايَعَهُ عَلَى الْإِسْلَامِ، فَمَدَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهِ يَدَهُ، فَمَسَحَ عَلَيْهَا، فَقَالَ لَهُ صَفْوَانُ: اِنِّي اُحِبُّكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ

حضرت صفوان بن قدامہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوصفوان نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف ہجرت کی اور آپ مدینہ منورہ میں تھے، تو انہوں نے آپ سے اسلام پر بیعت کی، پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا دست مبارک ان کی طرف لمبا کیا، آپ نے ان پر ہاتھ پھیرا تو حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے آپ سے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ سے محبت کرتا ہوں، تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آدمی اُسی کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرتا ہوگا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ صَفْوَانَ اِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُوسَى بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ اَبِيهِ

یہ حدیث صفوان سے صرف اسی سند سے روایت ہے، اسے اپنے والد سے روایت کرنے میں موسیٰ بن میمون اکیلے ہیں۔

2002 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَنْبَرٍ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ مَيْمُونِ بْنِ مُوسَى الْمَرَئِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ حِطَّانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُذُوا عَنِّي، قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيلًا، الْبِكْرُ بِالْبِكْرِ جَلْدُ مِائَةٍ وَّالنَّفْيُ، وَالثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ جَلْدُ مِائَةٍ وَّالرَّجْمُ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھ سے سیکھ لو، بے شک اللہ عزوجل نے ان عورتوں کے لیے راستہ بنایا ہے کہ کنوارا کنواری عورت سے زنا کرے تو اس کو سو کوڑے اور ایک سال کیلئے جلاوطن کیا جائے اور شادی شدہ مرد شادی شدہ عورت سے زنا کرے تو ان کو سو کوڑے مارے جائیں اور رجم کیا جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مُوسَى اِلَّا ابْنُهُ مُوسَى بْنُ مَيْمُونٍ وَّيَزِيدُ بْنُ هَارُونَ

یہ حدیث میمون بن موسیٰ سے اُن کے بیٹے موسیٰ بن میمون اور یزید بن ہارون ہی روایت کرتے ہیں۔

2001- انظر: لسان الميزان جلد16صفحه133، وأخرجه الكبير رقم الحديث: 8518 . وانظر: مجمع الزوائد جلد10 صفحه284 .

2002- أخرجه مسلم في الحدود جلد3صفحه1316، وأبو داؤد في الحدود جلد4صفحه142، والترمذي في الحدود جلد4صفحه41 رقم الحديث: 1434، وابن ماجه في الحدود جلد2صفحه852 رقم الحديث: 2550 .

2003 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ مُسَرِّحٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا عَمِّي الْوَلِيدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُسَرِّحٍ قَالَ: نَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ: نَا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَدِمَ جَعْفَرُ بْنُ اَبِي طَالِبٍ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَرْضِ الْحَبَشَةِ، فَقَبَّلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَيْنَ عَيْنَيْهِ، وَقَالَ: مَا اَدْرِي اَنَا بِقُدُومِ جَعْفَرٍ اَسَرُّ، اَوْ بِفَتْحِ خَيْبَرَ

حضرت عون بن ابی جحیفہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ حبشہ کی سرزمین سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ لیا اور فرمایا: میں نہیں جانتا کہ مجھے جعفر کے آنے پر زیادہ خوشی ہے یا خیبر کے فتح ہونے کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا مَخْلَدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ

یہ حدیث مسعر سے صرف مخلد ہی روایت کرتے ہیں، اسے روایت کرنے میں ولید بن عبدالملک اکیلے ہیں۔

2004 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ غِيَاثٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السَّعْدِيُّ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَصْرِيُّ الْمُعَلِّمُ قَالَ: نَا هَاشِمُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالَ: نَا اَبُو يَحْيَى اَيُّوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الثَّقَفِيُّ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ الصَّائِغِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْخَطْمِيِّ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: كُنَّا اِذَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، لَمْ يَحْنِ اَحَدٌ مِنَّا ظَهْرَهُ، حَتَّى يَسْجُدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ نَسْجُدَ بَعْدَهُ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب سمع اللہ لمن حمدہ کہتے تھے تو ہم میں سے کوئی اپنی پیٹھ سیدھی نہیں کرتا تھا یہاں تک کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سجدہ کرتے تھے تو ہم آپ کے بعد سجدہ کرتے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اِبْرَاهِيمَ الصَّائِغِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السَّعْدِيُّ

یہ حدیث ابراہیم الصائغ سے صرف اسی سند سے روایت ہے، اسے روایت کرنے میں عبداللہ بن عبدالرحمن السعدی اکیلے ہیں۔

2003- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه274-175 .

احمد بن عمرو البزار

احمد بن عمرو البزار کی روایات

2005 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى بْنِ غَفْرَةَ الْبَجَلِيُّ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ عِرَارٍ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُلَبِّي: لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ یہ تلبیہ پڑھتے تھے: "لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ"۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ اِلَّا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى ابْنِ غَفْرَةَ، وَعَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ

حماد بن زید سے صرف عمرو بن یحییٰ بن غفرہ اور علی بن المدینی ہی روایت کرتے ہیں۔

2006 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى الْمُوصِلِيُّ اَبُو يَعْلَى قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالَ: نَا بَشَّارُ بْنُ الْحَكَمِ قَالَ: نَا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْخَصْلَةَ الصَّالِحَةَ تَكُونُ فِي الرَّجُلِ، فَيُصْلِحُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهَا عَمَلَهُ كُلَّهُ، وَطُهُورُ الرَّجُلِ لِصَلَاتِهِ يُكَفِّرُ اللّٰهُ بِهِ ذُنُوبَهُ، وَتَبْقَى صَلَاتُهُ نَافِلَةً لَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا کہ ایک نیک خصلت ایک آدمی میں ہوتی ہے تو اللہ عزوجل اس کے ذریعے اس کے سارے کام درست کرتا ہے' اور آدمی کا اپنی نماز کے لیے اچھی طرح پاکی حاصل کرنے سے اس کے ذریعے اللہ عزوجل اس کے گناہوں کو مٹا دیتا ہے اور باقی نماز اس کے لیے ثواب ہو جاتی ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُحَدِّثْ بِهِ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا بَشَّارُ بْنُ الْحَكَمِ

یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے صرف اسی اسناد سے روایت ہے اور ثابت سے صرف بشار بن حکم ہی روایت کرتے ہیں۔

2007 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ زِيَادٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما مسند حدیث روایت

2005- أخرجه البخاری فی الحج جلد3صفحه477 رقم الحدیث: 1549' ومسلم فی الحج جلد2صفحه841 .

2006- انظر: الکامل لابن عدی جلد 2صفحه456' لسان المیزان جلد 2صفحه16' أخرجه البزار جلد 1صفحه133 . انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه228 .

الْجَبَلِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ قَالَ: نَا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: نَا اَبُو وَهْبٍ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُبَيْدٍ الْكَلَاعِيُّ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: اَسْنَدَ حَدِيثًا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا جَاءَ اَحَدُكُمُ الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ

کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی جمعہ کے لیے آئے تو اُسے چاہیے کہ غسل کرے۔

لَا يُرْوَى مِنْ حَدِيثِ مَكْحُولٍ اِلَّا عَنِ الْحَوْطِيِّ

یہ حدیث مکحول سے صرف حوطی ہی روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

احمد بن بشير بن حبيب البيروتي

احمد بن بشیر بن حبیب بیروتی کی روایت

2008 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بِشْرِ بْنِ حَبِيبٍ الْبَيْرُوتِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى قَالَ: نَا الْعَبَّاسُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْهَاشِمِيُّ قَالَ: نَا الْحَكَمُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيضَةٌ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ

لَمْ يَرْوِهِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى

حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

یہ حدیث صرف محمد بن مصفّٰی ہی روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

2008- أخرجه ابن ماجه فی المقدمة جلد1 صفحه81 رقم الحديث: 224 .

احمد بن محمد الخزاعی

2009 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخُزَاعِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بُكَيْرٍ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا ثَابِتُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جُمَيْعٍ الْقُرَشِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ، وَكَانَ بَدْرِيًّا، اَنَّهُ كَانَ جَالِسًا مَعَ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، فَجَاءَ رَجُلٌ فَتَنَاوَلَ عَلِيًّا، فَغَضِبَ سَعِيدٌ وَّقَالَ: يُتَنَاوَلُ اَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ عِنْدَكَ؟ فَاَشْهَدُ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ، وَاَنَّ عُمَرَ فِي الْجَنَّةِ، وَاَنَّ عُثْمَانَ فِي الْجَنَّةِ، وَاَنَّ عَلِيًّا فِي الْجَنَّةِ، وَاَنَّ طَلْحَةَ فِي الْجَنَّةِ، وَاَنَّ الزُّبَيْرَ فِي الْجَنَّةِ، وَاَنَّ سَعْدًا فِي الْجَنَّةِ، وَاَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ فِي الْجَنَّةِ، وَلَوْ شِئْتَ اَنْ اُسَمِّيَ التَّاسِعَ لَسَمَّيْتُهُ، فَقَالَ لَهُ النَّاسُ وَاَكْثَرُوا عَلَيْهِ: اَخْبِرْنَا، فَقَالَ: وَاَنَا فِي الْجَنَّةِ، اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى حِرَاءٍ، فَتَحَرَّكَ، فَضَرَبَهُ بِرِجْلِهِ، ثُمَّ قَالَ: اسْكُنْ حِرَاءُ، فَاِنَّهُ لَيْسَ عَلَيْكَ اِلَّا نَبِيٌّ اَوْ صِدِّيقٌ اَوْ شَهِيدٌ وَّهَؤُلَاءِ الْقَوْمُ مَعَهُ .

لَمْ يَرْوِهِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ بُكَيْرٍ الْحَضْرَمِيُّ

احمد بن محمد الخزاعی کی روایات

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہٗ جو بدری صحابی ہیں' ان سے روایت ہے کہ وہ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک آدمی آیا اور اس نے حضرت علی کو (معاذاللہ) گالی دی تو حضرت سعید ناراض ہوئے اور فرمایا: اصحابِ رسول اللہ ﷺ کو گالی دینا تیرے نزدیک کہاں سے ثابت ہے؟ میں گواہی دیتا ہوں کہ ابوبکر وعمر وعثمان وعلی' طلحہ' زبیر' سعد' عبدالرحمٰن بن عوف' اگر چاہوں کہ نویں کا نام بھی لوں تو اس کا نام لے سکتا ہوں' یہ جنتی ہیں۔ آپ سے لوگوں نے کثرت سے کہا کہ ہمیں (نویں کا نام بھی) بتائیں' تو فرمایا: میں بھی جنتی ہوں' میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس حالت میں سنا جب کہ آپ حراء پہاڑ پر تھے تو وہ حرکت میں آیا' آپ نے اسے اپنے پاؤں سے ٹھوکر ماری اور فرمایا: حراء ٹھہر جا! تجھ پر ایک نبی اور ایک صدیق اور ایک شہید ہے' یہ سارے لوگ جن کا اوپر ذکر ہوا' آپ کے ساتھ تھے۔

یہ حدیث صرف محمد بن بکر الحضرمی ہی روایت کرتے ہیں۔

2010 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ اَبُو

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

2009- أخرجه أبو داؤد في السنة جلد4صفحه211 رقم الحديث: 4648' والترمذي في المناقب جلد5صفحه651 رقم الحديث: 3757' وابن ماجه في المقدمة جلد 1صفحه48 رقم الحديث: 134' وأحمد في المسند جلد 1 صفحه238 رقم الحديث:1635' والطبراني في الكبير جلد1صفحه153 رقم الحديث: 356 .

2010- انظر: أخبار أصبهان جلد2صفحه15 . وانظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه46 .

جَعْفَرٍ الْاَنْصَارِیُّ الْاَصْبَهَانِیُّ قَالَ: نَا غَالِبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ غَالِبٍ السَّعْدِیُّ، عَنْ سُفْیَانَ بْنِ عُیَیْنَةَ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِی حَمْزَةَ، رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ، عَنْ زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ: اَوَّلُ مَنْ صَلّٰی مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَبُو بَکْرٍ

سب سے پہلے جس نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے۔

لَمْ یَرْوِهِ عَنْ سُفْیَانَ، غَیْرُ هٰذَا الشَّیْخِ: غَالِبٍ وَّخَالَفَ شُعْبَةَ

سفیان سے اس حدیث کو شیخ غالب کے علاوہ کسی نے روایت نہیں کیا' شعبہ نے سفیان کی مخالفت کی۔

لِاَنَّ شُعْبَةَ رَوَاهُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِی حَمْزَةَ، عَنْ زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ: اَوَّلُ مَنْ صَلّٰی مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلِیٌّ

کیونکہ اسے شعبہ از عمرو بن مرہ از ابوحمزہ از زید بن ارقم روایت کرتے ہیں' کہتے ہیں کہ سب سے پہلے نبی کریم ﷺ کے ساتھ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھی ہے۔

☆☆☆☆☆

احمد بن محمد البزار

احمد بن محمد بزار کی روایات

2011 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَزَّارُ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَحْوَلِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ اَقْوَامًا سَاَلُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا: اِنَّا نَعْزُبُ عَنِ الْمَاءِ الثَّلَاثَةَ الْاَشْهُرِ، وَالْخَمْسَةِ، فَلَا نَجِدُ الْمَاءَ، وَفِينَا الْحَائِضُ وَالْجُنُبُ وَالنُّفَسَاءُ؟ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِالْاَرْضِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ کچھ لوگوں نے نبی کریم ﷺ سے پوچھا' انہوں نے کہا: ہم تین یا پانچ ماہ تک پانی تلاش کرتے ہیں' ہم پانی نہیں پاتے ہیں' ہم میں حیض' جنابت اور نفاس والی بھی ہوتی ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تم تیمم کرلیا کرو۔

لَا نَعْلَمُ لِسُلَيْمَانَ الْاَحْوَلِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ غَيْرَ هَذَا، وَلَمْ يَرْوِهِ اِلَّا وَكِيعٌ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ يَزِيدَ . وَقَدْ رُوِيَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ مِنْ وَجْهٍ آخَرَ ، وَرَوَاهُ الْمُثَنَّى بْنُ الصَّبَّاحِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ سَعِيدٍ

ہم نہیں جانتے کہ سلیمان الاحول' سعید بن مسیّب اس کے علاوہ کوئی روایت کرتے ہوں۔ اور وکیع' ابراہیم بن یزید سے روایت کرتے ہیں۔ اور حضرت سعید بن مسیّب سے ایک اور اسناد سے بھی روایت ہے۔ اور مثنیٰ بن صباح' عمرو بن شعیب سے اور وہ سعید سے روایت کرتے ہیں۔

2012 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ الْمَدِينِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نَا زَيْدُ بْنُ الْحَرِيشِ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي لَاَعْرِفُ حَجَرًا كَانَ يُسَلِّمُ عَلَيَّ قَبْلَ اَنْ اُبْعَثَ، اِنِّي لَاَعْرِفُهُ الْآنَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میں اس پتھر کو جانتا ہوں جو میرے اعلانِ نبوت سے پہلے مجھے سلام کرتا تھا' میں اب بھی اس کو پہچانتا ہوں۔

2012- أخرجه مسلم فى الفضائل جلد4صفحه1782' والترمذى فى المناقب جلد5صفحه592 رقم الحديث: 3624' والدارمى فى المقدمة جلد1صفحه24 رقم الحديث: 20' وأحمد فى المسند جلد5صفحه108 رقم الحديث: 20869 .

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ شُعْبَةَ إِلَّا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ يَحْيَى إِلَّا زَيْدُ بْنُ الْحَرِيشِ

اسے شعبہ سے صرف یحییٰ بن سعید ہی روایت کرتے ہیں اور یحییٰ سے زید بن حریش ہی روایت کرتے ہیں۔

2013 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ قَالَ: نَا زَيْدُ بْنُ الْحَرِيشِ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ صَالِحٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: جَاءَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِدَنَانِيرَ، فَأَلْقَاهَا فِي حِجْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ يُقَلِّبُهَا وَيَقُولُ: مَا عَلَى عُثْمَانَ مَا فَعَلَ بَعْدَ هَذَا الْيَوْمِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ دنانیر لے کر آئے، پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گود میں ڈال دیئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُن کو پلٹنے لگے اور فرمانے لگے: آج کے بعد عثمان کوئی بھی کام کرے، اسے کوئی گناہ نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ إِلَّا زَيْدُ بْنُ الْحَرِيشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ صَالِحٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ أَنَسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

زید بن حریش، عمرو بن صالح سے روایت کرتے ہیں اور حضرت انس سے یہ حدیث صرف اسی سند سے روایت ہے۔

2014 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ يُوسُفَ الْعُقَيْلِيُّ الْأَصْبَهَانِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: نَا النُّعْمَانُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ قَالَ: نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُقَدِّمُوا الشَّهْرَ حَتَّى تَرَوُا الْهِلَالَ، أَوْ تُكْمِلُوا الْعِدَّةَ قَبْلَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مہینے سے آگے نہ بڑھو یہاں تک کہ چاند دیکھ لو یا اس سے پہلے گنتی مکمل کرلو۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا النُّعْمَانُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ

سفیان سے صرف نعمان بن عبدالسلام ہی روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

2013- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحہ88 .

اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَمَّالُ

احمد بن محمد الحمال کی روایات

2015 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَمَّالُ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نَا حُسَيْنُ بْنُ الْوَلِيدِ قَالَ: نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَسُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا حَلَفَ الرَّجُلُ، فَقَالَ: اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، فَقَدِ اسْتَثْنَى

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی آدمی قسم اُٹھائے اور اگر وہ ان شاء اللہ بھی کہہ لے تو اس نے استثناء کرلیا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا الْحُسَيْنُ بْنُ الْوَلِيدِ

یہ حدیث صرف حسن بن ولید ہی روایت کرتے ہیں۔

2016 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ عُرْوَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ مُوسَى الْاَنْصَارِيُّ قَالَ: نَا عَاصِمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْاَشْجَعِيُّ قَالَ: نَا اَبُو سُهَيْلِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ اطَّلَعَ فِي بَيْتِ قَوْمٍ مِّنْ غَيْرِ اِذْنِهِمْ، فَقَدْ حَلَّ لَهُمْ اَنْ يَفْقَئُوا عَيْنَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کسی کے گھر بغیر اجازت کے جھانکے تو ان گھر والوں کے لیے اجازت ہے کہ اس کی آنکھ پھوڑ دیں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي سُهَيْلٍ اِلَّا عَاصِمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْاَشْجَعِيُّ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ رَوَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي

یہ حدیث ابوسہیل سے صرف عاصم بن عبدالعزیز اشجعی ہی روایت کرتے ہیں۔ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث کسی اور سند سے بھی مروی ہے' محمد بن

2015- أخرجه أبو داؤد في الايمان جلد3صفحه222 رقم الحديث: 3261' والترمذي في النذور جلد4صفحه108 رقم الحديث: 1531' والنسائي في الأيمان جلد7صفحه12 (باب من حلف فاستثنى)' والدارمي في الأيمان جلد2صفحه242 رقم الحديث: 2342' ومالك في الموطأ جلد2صفحه477 رقم الحديث: 10' وابن ماجه في الكفارات جلد1صفحه680 رقم الحديث: 2106' وأحمد في المسند جلد2صفحه9 رقم الحديث: 4509 .

2016- أخرجه البخاري في الديات جلد12صفحه253 رقم الحديث: 6902' وأحمد في المسند جلد 2صفحه357 رقم الحديث: 7634 .

هُرَيْرَةَ، وَرَوَاهُ سُهَيْلُ بْنُ اَبِى صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ

عجلان اپنے والد سے' وہ حضرت ابوہریرہ سے اور سہیل بن ابی صالح اپنے والد سے اور وہ حضرت ابوہریرہ سے روایت کرتے ہیں۔

2017 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيّ بْنِ الْجَارُودِ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عِصَامِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: نَا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَقُولَنَّ اَحَدُكُمْ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِى اِنْ شِئْتَ، وَلَكِنْ لِيَعْزِمِ الْمَسْاَلَةَ، فَاِنَّهُ لَا مُكْرِهَ لَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے جب کوئی دعا مانگے تو یہ نہ کہے: ''اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِىْ اِنْ شِئْتَ'' (اے اللہ! اگر تو چاہے تو مجھے معاف کردے) بلکہ یقین سے مانگے کیونکہ اللہ کی ذات کو کوئی مجبور نہیں کر سکتا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا سُفْيَانُ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا مُحَمَّدٌ

اعمش سے صرف سفیان اور سفیان سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں۔

2018 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ اَبُو حَامِدٍ الْمَلْحِمِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيّ النَّاطِفِيُّ قَالَ: نَا اَبُو زُهَيْرٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ، عَنْ اَبِى سَعْدٍ الْبَقَّالِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِى قَوْلِهِ: (قُلْ لَا اَسْاَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا) (الانعام: 90) اِلَّا اَنْ تَحْفَظُونِى فِى قَرَابَتِى، اَلَّا تُكَذِّبُونِى، وَلَا تُؤْذُونِى

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' اللہ عزوجل کے اس ارشاد ''اے حبیب! فرمادیں کہ میں تم سے اجر نہیں مانگتا ہوں'' کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ (اس سے مراد ہے کہ) میری قربت کا خیال کرنا' نہ مجھے ان کے حوالہ سے جھٹلانا اور نہ تکلیف دینا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِى سَعْدٍ الْبَقَّالِ اِلَّا اَبُو زُهَيْرٍ

یہ حدیث ابوسعد البقال سے صرف ابوزہیر ہی روایت کرتے ہیں۔

2019 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ اَيُّوبَ الْمَدِينِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ: نَا اَبِى قَالَ: نَا اَبُو حَمْزَةَ،

حضرت عابس بن ربیعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ نے حجر اسود کی طرف منہ کیا' پس اس کا بوسہ لیا' پھر

2018- أخرجه الحاكم فى المستدرك جلد2صفحه444 . وانظر: الدر المنثور للحافظ السيوطى جلد6صفحه6 .

2019- أخرجه البخارى فى الحج جلد3صفحه540 رقم الحديث: 1597' ومسلم فى الحج جلد2صفحه925 .

عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَابِسِ بْنِ رَبِيعَةَ قَالَ: رَاَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اسْتَقْبَلَ الْحَجَرَ، فَقَبَّلَهُ، ثُمَّ قَالَ: اَمَا وَاللّٰهِ، اِنِّي لَاَعْلَمُ اَنَّكَ حَجَرٌ لَّا تَمْلِكُ لِي ضَرًّا وَلَا نَفْعًا، وَلَوْلَا اَنِّي رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُكَ مَا قَبَّلْتُكَ

فرمایا: اللہ کی قسم! میں جانتا ہوں کہ تُو ایک پتھر ہے‘ تُو مجھے نہ نفع دے سکتا ہے اور نہ نقصان دے سکتا ہے‘ اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تیرا بوسہ لیتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا تو میں تیرا بوسہ نہ لیتا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا اَبُو حَمْزَةَ

اسے منصور سے صرف ابوحمزہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2020 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رُسْتَهِ بْنِ عُمَرَ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ قَالَ: نَا الْحَكَمُ بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ زُفَرَ بْنِ الْهُذَيْلِ، عَنْ اَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ مَرَّ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ حَزِينٌ، وَكَانَ الرَّجُلُ ذَا طَعَامٍ يُجْتَمَعُ اِلَيْهِ، وَدَخَلَ مَسْجِدَهُ يُصَلِّي، فَبَيْنَا هُوَ كَذَلِكَ اِذْ نَعَسَ، فَاَتَاهُ آتٍ فِي النَّوْمِ، فَقَالَ: عَلِمْتُ مَا حَزِنْتَ لَهُ، فَذَكَرَ قِصَّةَ الْاَذَانِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ اَخْبَرَنَا بِمِثْلِ ذَلِكَ اَبُو بَكْرٍ، فَمُرُوا بِلَالًا اَنْ يُؤَذِّنَ بِذَاكَ

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے انصاری آدمی گزرا جو پریشان تھا‘ اس کے پاس کھانے کے لیے لوگ جمع ہوتے تھے‘ وہ مسجد میں داخل ہوئے نماز پڑھنے کے لیے‘ نماز پڑھ رہے تھے اسی حالت میں اُن کو اونگھ آئی‘ خواب میں ان کے پاس ایک آنے والا آیا اور اس نے کہا: میں جانتا ہوں کہ تم کیوں پریشان ہو‘ پس اذان کا ذکر کیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہم کو ابوبکر نے وہی خبر دی ہے جو آپ نے ہم کو دی ہے‘ بلال کو حکم دو کہ وہ اذان دیں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ اِلَّا اَبُو حَنِيفَةَ

علقمہ بن مرثد سے صرف ابوحنیفہ ہی روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

2020- انظر: مجمع الزوائد جلد1 صفحه332 .

اَحْمَدُ بْنُ سُرَيْجٍ الْاَصْبَهَانِيُّ

احمد بن سریج اصبہانی کی روایات

2021 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُرَيْجٍ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ: نَا اَبُو قُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ الشَّعِيرِيُّ قَالَ: نَا الصَّلْتُ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِي شَمِرٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَلْتَفِتُوا فِي صَلَاتِكُمْ، فَاِنَّهُ لَا صَلَاةَ لِلْمُتَلَفِّتِ .

حضرت یوسف بن عبداللہ بن سلام اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اپنی نماز میں اِدھر اُدھر نہ دیکھو کیونکہ نماز ادھر اُدھر دیکھنے کے لیے نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الصَّلْتِ بْنِ ثَابِتٍ اِلَّا اَبُو قُتَيْبَةَ، وَلَا يُرْوَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

صلت بن ثابت سے صرف ابوقتیبہ ہی روایت کرتے ہیں اور نبی کریم ﷺ سے یہ حدیث صرف اسی سند سے روایت ہے۔

2022 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِهَابٍ قَالَ: نَا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ اَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ هٰذِهِ الدِّينَارَ وَالدِّرْهَمَ اَهْلَكَا مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، وَلَا اُرَاهُمَا اِلَّا مُهْلِكَيْكُمْ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: یہ دینار اور درہم تم کو ہلاک کریں گے' جس طرح تم سے پہلے لوگوں کو ہلاک کیا تھا' اور میں انہی دو کی وجہ سے تم کو ہلاک ہوتے ہوئے دیکھ رہا ہوں۔

2023 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ قَالَ: نَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِهَابٍ قَالَ: نَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ يَعْنِي: الْجُرَشِيَّ قَالَ: نَا اَبُو اُوَيْسٍ، عَنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ''يَوْمَ يَاْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ'' (الانعام:۱۵۸) سے مراد ہے: سورج

2021- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 8312 .

2022- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه248 .

2023- أخرجه الطبرانى فى الصغير جلد1صفحه64 . وانظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه25 .

الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ) (الانعام: 158) قَالَ: طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا

مغرب سے طلوع ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اِلَّا اَبُو اُوَيْسٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث علاء بن عبدالرحمن سے صرف ابواویس ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں نضر بن محمد اکیلے ہیں۔

2024 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ اَيُّوبَ الْاَهْوَازِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ قَالَ: نَا اَبُو النَّضْرِ حُمْرَانُ بْنُ حُمْرَانَ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي الْمُهَزِّمِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَدِينَةِ، فَتَلَقَّانَا رِجْلٌ مِّنْ جَرَادٍ، فَتَلَقَّيْنَاهُ بِاَسْيَاطِنَا وَعِصِيِّنَا، فَاُسْقِطَ فِي اَيْدِينَا، فَسَاَلْنَا عَنْ ذَلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: لَا بَاْسَ بِصَيْدِ الْبَحْرِ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ مدینہ منورہ سے نکلے' ہم کو ایک ٹڈیوں والا آدمی ملا' ہم اس کو ملے اپنے بازو اور عصا کے ساتھ' ہمارے ہاتھوں سے گر گئی' ہم نے اس کے متعلق حضور ﷺ سے پوچھا' آپ نے فرمایا: سمندری شکار میں کوئی حرج نہیں۔

اَبُو سَلَمَةَ: حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَلَمْ يَرْوِهِ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، عَنْ شَيْخِهِ هَذَا

ابوسلمہ' حماد بن سلمہ' علی بن بحر اپنے شیخ سے روایت کرتے ہیں۔

2025 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ اَيُّوبَ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا جَلَسَ فِي الصَّلَاةِ لِلتَّشَهُّدِ نَصَبَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ جب نماز میں التحیات کے لیے بیٹھتے تھے تو اپنے دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھتے' پھر شہادت والی انگلی کو اُٹھاتے جو انگوٹھے سے ملی ہوئی ہوتی ہے اور باقی انگلیوں کو بند کر لیتے تھے۔

2024- أخرجه أبو داؤد في المناسك جلد 2 صفحه 177 رقم الحديث: 1854' أخرجه ابن ماجه في الصيد جلد 2 صفحه 1074 رقم الحديث: 3222' والترمذي في الحج جلد 3 صفحه 198 رقم الحديث: 850' وأحمد في المسند جلد 2 صفحه 410 رقم الحديث: 8080' وانظر: الدر المنثور جلد 2 صفحه 333 .

يَـدَيْـهِ عَلَى رُكْبَتَيْهِ، ثُمَّ رَفَعَ اُصْبُعَهُ السَّبَّابَةَ الَّتِي تَلِي الْإِبْهَامَ، وَبَاقِي اَصَابِعِهِ عَلَى يَمِينِهِ مَقْبُوضَةٌ كَمَا هِيَ

لَـمْ يَـرْوِهِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ اِلَّا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ مَعْمَرٍ

اسے از عبیداللہ بن عمر از عبداللہ بن دینار صرف ہشام بن یوسف ہی از معمر سے روایت کرتے ہیں۔

2026 - حَـدَّثَـنَا اَحْمَدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ اَيُّوبَ قَـالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: اَنَـا ابْـنُ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْـدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْـدِ الـلّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الرَّاشِي وَالْمُرْتَشِي فِي النَّارِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: رشوت لینے اور دینے والا دونوں جہنم میں ہوں گے۔

لَـمْ يَـرْوِهِ مِـنْ حَـدِيـثِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، عَنْ هِشَامٍ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف علی بن بحر اور ابن بحر سے ہشام روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

2026- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه202 . انظر: لسان الميزان جلد1صفحه184 .

اَحْمَدُ بْنُ مُوسَی الشَّامِیُّ

2027 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُوسَی الشَّامِیُّ الْبَصْرِیُّ قَالَ: نَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نَا حُمَيْدُ بْنُ مِهْرَانَ الْكِنْدِیُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حِطَّانَ، اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: مَا تُسَمُّونَ الَّذِينَ يَدْخُلُونَ فِيكُمْ مِنْ اَهْلِ الْقُرَى، لَيْسَ لَهُمْ فِيكُمْ نَسَبٌ وَّلَا قَرَابَةٌ؟ قُلْتُ: نُسَمِّيهِمْ: الْعُلُوجُ وَالسِّقَاطُ ـ فَقَالَتْ عَائِشَةُ: كُنَّا نُسَمِّيهِمُ الْمُهَاجِرِينَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ اِلَّا حُمَيْدُ بْنُ مِهْرَانَ

احمد بن موسیٰ الشامی کی روایت

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ تم اس کا کیا نام رکھتے ہو جو تمہارے پاس دیہات سے آتے ہیں' حالانکہ اس میں تمہارا نہ نسب اور نہ رشتہ داری ہوتی ہے؟ (حضرت عمران بن حطان فرماتے ہیں:) میں نے عرض کی: ہم اُن کا نام علوج وساقط رکھتے ہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: ہم ان کا نام مہاجرین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے زمانہ میں رکھتے تھے۔

محمد بن سیرین سے صرف حمید بن مہران ہی روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

اَحْمَدُ بْنُ الْخَضِرِ الْمَرْوَزِيُّ

احمد بن خضر مروزی کی روایات

2028 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْخَضِرِ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدَةَ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا اَبُو مُعَاذٍ النَّحْوِيُّ قَالَ: نَا اَبُو حَمْزَةَ، عَنْ رَقَبَةَ بْنِ مَسْقَلَةَ، عَنْ سَلْمِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَسَحَّرُوا فَاِنَّ فِي السَّحُورِ بَرَكَةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: سحری کیا کرو کیونکہ سحری کرنے میں برکت ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ رَقَبَةَ اِلَّا اَبُو حَمْزَةَ

اسے رقبہ سے صرف ابوحمزہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2029 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ اَبِي الْعَبَّاسِ الْخُوَارِزْمِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا نَذْرَ اِلَّا فِيمَا اُطِيعَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيهِ، وَلَا يَمِينَ فِي غَضَبٍ، وَلَا عِتَاقَ وَلَا طَلَاقَ فِيمَا لَا يَمْلِكُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو نذر اللہ کی اطاعت میں نہ ہو' اسے پورا کرنا ضروری نہیں ہے' اور غصہ میں قسم نہیں ہے' اور آزاد کرنا اور طلاق دینا اس وقت ہے جب وہ اس شی کا مالک ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى اِلَّا سُلَيْمَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُمَرُ بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث یحییٰ سے صرف سلیمان ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عمر بن یونس اکیلے ہیں۔

2030 - حَدَّثَنَا ابْنُ يَحْيَى بْنِ اَبِي الْعَبَّاسِ

حضرت علی بن حسین بن علی رضی اللہ عنہم اپنے والد

2028- أخرجه الخطيب فى تاريخ بغداد جلد4صفحه138 .

2029- أخرجه الطبرانى فى الكبير جلد 11صفحه27 رقم الحديث: 10933 . انظر: مجمع الزوائد جلد4 صفحه189 .

2030- انظر: الميزان جلد1صفحه162 . أخرجه الطبرانى فى الصغير جلد 1صفحه29' والخطيب فى تاريخه

الْخُوَارِزْمِيُّ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ الْمَدِينِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي ثَابِتٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيضَةٌ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ

سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد وعورت پر فرض ہے۔

فائدہ: یعنی جس شعبہ سے جوشخص منسلک ہو اس شعبہ کے جتنے مسائل ہیں اس کو جاننا چاہیے' مثلاً اگر کوئی کسی شی کا کاروبار کرنا چاہتا ہوتو جو وہ کاروبار کر رہا ہے' اس سے اس کو مسائل آنے چاہئیں اور سیکھنے چاہئیں تا کہ اس کو حلال وحرام سے متعلق معلومات حاصل ہوں' ایسے نہ ہو کہ زندگی جہالت میں گزرے' آج اس معاشرہ میں خرابی کیوں ہے؟ اس کی وجہ ہی یہ ہے جس چیز کا بھی کاروبار کرتے ہیں اس کا ہم کو علم نہیں ہے کہ اس میں چیز حلال کیا ہے اور حرام کیا ہے۔ فافهم فتدبر يا اولو الابصار ۔ غلام دستگیر سیالکوٹی غفرلہٗ

لَا يُرْوَى عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ اِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ

یہ حدیث حسین بن علی سے صرف اسی سند سے روایت ہے۔

2031 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ اَبِي الْعَبَّاسِ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَتَكِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ، عَنْ اَبِي سَعْدٍ الْبَقَّالِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَطَيَّبُ بِاَطْيَبِ طِيبٍ يَجِدُهُ حِينَ يُحْرِمُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ احرام باندھتے وقت اچھی خوشبو لگاتے تھے اور اس کی خوشبو محسوس کی جاتی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي سَعْدٍ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ

ابوسعد سے صرف عبدالرحمٰن بن مغراء ہی روایت کرتے ہیں۔

2032 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ اَبِي

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

جلد5 صفحہ204 . انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحہ123 .

2031- أخرجه البخاري في اللباس جلد10صفحہ379 رقم الحديث: 5923' ومسلم في الحج جلد2صفحہ848 .

2032- تقدم تخريجه .

الْعَبَّاسِ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ نَصْرٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَكَمِ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ

رسول اللہ ﷺ کو (سورۂ مائدہ کے نزول کے بعد) موزوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْحَكَمِ بْنُ مَيْسَرَةَ

یہ حدیث حضرت قتادہ سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبدالحکم بن میسرہ اکیلے ہیں۔

2033 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ اَبِي الْعَبَّاسِ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ نَصْرٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَكَمِ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ، وَمَسَحَ عَلَى عِمَامَتِهِ، وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو وضو کرتے ہوئے دیکھا اور آپ نے اپنے عمامہ پر (یعنی عمامہ کے نیچے ہاتھ داخل کر کے سر پر مسح کیا) اور موزوں پر مسح کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ اِلَّا قَيْسٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْحَكَمِ بْنُ مَيْسَرَةَ

یہ حدیث ہشام بن حسان سے صرف قیس ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبدالحکم بن میسرہ اکیلے ہیں۔

2034 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْعَدَوِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: اَنَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَقِيمُوا الصَّلَاةَ، وَآتُوا الزَّكَاةَ، وَحُجُّوا، وَاعْتَمِرُوا، وَاسْتَقِيمُوا يُسْتَقَمْ بِكُمْ لَمْ نَكْتُبْهُ اِلَّا عَنْ هَذَا الشَّيْخِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نماز قائم کرو' زکوۃ ادا کرو' حج کرو اور عمرہ کرو' استقامت مانگو تم کو استقامت دی جائے گی۔ ہم اس حدیث کو اس شیخ کے حوالہ سے ہی روایت کرتے ہیں۔

2033- انظر: لسان الميزان جلد**1**صفحه**321** . وانظر: مجمع الزوائد جلد**1**صفحه**259** .

2034- أخرجه الطبراني في الكبير جلد**7**صفحه**216** رقم الحديث: **6897** . انظر: مجمع الزوائد جلد**1**صفحه**49** .

اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ

احمد بن زہیر تستری کی روایات

2035 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نَا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ الطَّائِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْهُنَائِيُّ قَالَ: نَا حُمَيْدُ بْنُ مِهْرَانَ، عَنْ اَبِي الزِّبْرِقَانِ الْهِلَالِيِّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَرَاَ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ فَكَاَنَّمَا قَرَاَ ثُلُثَ الْقُرْآنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے قل ھواللہ احد پڑھی گویا اس نے ایک تہائی قرآن پڑھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ يَزِيدَ، عَنْ اَنَسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ

یہ حدیث از یزید از انس صرف اسی سند سے روایت کی گئی ہے' اسے روایت کرنے میں زید بن اخزم اکیلے ہیں۔

2036 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ زَبْدَا الْمَذَارِيُّ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِيُّ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ بَاعَ نَخْلًا قَدْ اُبِّرَتْ فَثَمَرَتُهَا لِلْبَائِعِ، اِلَّا اَنْ يَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ، وَمَنْ بَاعَ عَبْدًا وَلَهُ مَالٌ فَمَالُهُ لِلسَّيِّدِ، اِلَّا اَنْ يَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے کھجور کا درخت فروخت کیا اس حال میں کہ اس پر پھل پختہ تھا تو اس کا پھل فروخت کرنے والے کا ہے' ہاں! اگر خریدنے والا' خریدنے کی شرط لگالے تو وہ اس کا ہوگا اور جس نے غلام فروخت کیا اس حال میں کہ اس کے پاس مال ہے تو مال آقا کے لیے ہوگا' ہاں! اگر خریدنے والا شرط لگائے (مال کی تو مال بیچنے والے کا ہوگا)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ زَيْدٍ، وَهُوَ ثِقَةٌ

یہ حدیث شعبہ سے صرف عمرو بن عاصم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن زید اکیلے ہیں' یہ ثقہ ہیں۔

2035- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه153 .

2036- أخرجه البخاري في البيوع جلد4صفحه469 رقم الحديث: 2204' ومسلم في البيوع جلد3صفحه1172

2037 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ السَّكَنِ اَبُو خُرَاسَانَ قَالَ: نَا اَبُو الْجَوَّابِ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ رُزَيْقٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ اُمِّ مُبَشِّرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَسَ مِنْ كَتِفٍ، ثُمَّ صَلَّى، وَلَمْ يَتَوَضَّاْ

حضرت اُمِ مبشر رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے بکری کا پایہ کھایا' پھر نماز پڑھی اور آپ نے وضو نہیں کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا عَمَّارٌ، وَلَا عَنْ عَمَّارٍ اِلَّا اَبُو الْجَوَّابِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو خُرَاسَانَ الْبَغْدَادِيُّ، وَكَانَ ثِقَةً

یہ حدیث اعمش سے صرف عمار اور عمار سے صرف ابوجواب روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابوخراسان البغدادی اکیلے ہیں اور یہ ثقہ ہیں۔

2038 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا عَبْدَانُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ اَبِي حَمْزَةَ، عَنْ جَابِرٍ الْجُعْفِيِّ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُبَيْلٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ قَالَ: رَاَيْتُ سَعْدَ بْنَ مَالِكٍ اَوْتَرَ بِرَكْعَةٍ، ثُمَّ قَالَ: هَكَذَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ

حضرت قیس بن ابوحازم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سعد بن مالک کو دیکھا ایک رکعت وتر پڑھتے ہوئے' پھر انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ ایسے ہی کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُبَيْلٍ اِلَّا جَابِرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو حَمْزَةَ مُحَمَّدُ بْنُ مَيْمُونٍ السُّكَّرِيُّ

یہ حدیث مغیرہ بن شبیل سے صرف جابر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابوحمزہ محمد بن میمون السکری اکیلے ہیں۔

2039 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُو الرَّبِيعِ الْحَارِثِيُّ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ الزَّهْرَانِيُّ قَالَ: نَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ، عَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے نبی ﷺ نے اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ میں سجدۂ تلاوت کیا۔

2037- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه256 .

2038- أخرجه البزار جلد1صفحه355 . وانظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه245 .

2039- تقدم تخريجه .

صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، اَنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ فِی: اقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: بِشْرُ بْنُ عُمَرَ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے صرف لیث بن سعد ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں بشر بن عمر اکیلے ہیں۔

2040 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى قَالَ: نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِیُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا تَمَنَّى اَحَدُكُمْ فَلْيُكْثِرْ، فَاِنَّمَا يَسْاَلُ رَبَّهُ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں کوئی خواہش کرے تو وہ زیادہ مانگے' کیونکہ وہ اللہ عزوجل سے مانگ رہا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى

اس حدیث کو سفیان سے صرف عبیداللہ بن موسیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

2041 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى قَالَ: نَا مِهْرَانُ بْنُ اَبِی عُمَرَ الرَّازِیُّ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِیِّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ تَطَوُّعُ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ: ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم رات کو تیرہ رکعت ادا کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا مِهْرَانُ

یہ حدیث سفیان سے صرف مہران ہی روایت کرتے ہیں۔

2042 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میری

2040- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه153 .

2041- أخرجه البخاری فی التهجد جلد3صفحه26 رقم الحديث: 1140' ومسلم فی المسافرين جلد1صفحه508 .

2042- أخرجه البخاری فی النكاح جلد9صفحه96 رقم الحديث: 5133' ومسلم فی النكاح جلد2صفحه1038 .

عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ الزُّهْرِيُّ قَالَ: نَا اَبُو الْجَوَّابِ قَالَ: نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: تَزَوَّجَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا ابْنَةُ سِتٍّ، وَاُدْخِلْتُ عَلَيْهِ وَاَنَا ابْنَةُ تِسْعٍ، فَمَكَثْتُ عِنْدَهُ تِسْعًا

شادی رسول اللہ ﷺ سے اس وقت ہوئی جب میں چھ سال کی تھی اور میری رخصتی نو سال کی عمر میں ہوئی' میں آپ کے پاس نو سال گزارے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا اَبُو الْجَوَّابِ

یہ حدیث سفیان سے صرف ابوالجواب ہی روایت کرتے ہیں۔

2043 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا طَاهِرُ بْنُ خَالِدِ بْنِ نِزَارٍ الْاَيْلِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي جَابِرُ بْنُ يَزِيدَ الْجُعْفِيُّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ: اَصَبْتُ دِينَارَيْنِ، فَاَتَيْتُ بِهِمَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: عَرِّفْهَا حَوْلًا، فَعَرَّفْتُهَا حَوْلًا، ثُمَّ رَدَدْتُهُمَا اِلَيْهِ، فَقَالَ: احْفَظْ وِعَائَهَا، وَوِكَائَهَا، وَعَدَدَهَا، وَاسْتَمْتِعْ بِهَا، فَاِذَا جَاءَ صَاحِبُهَا فَارْدُدْهَا اِلَيْهِ

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے دو دینار ملے' میں اُن دونوں کو لے کر رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' آپ ﷺ نے فرمایا: ایک سال اس کا اعلان کرو' سو میں نے ایک سال اعلان کیا' پھر میں نے اُن کو آپ کو واپس کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس کی تھیلی اور بندھن کو یاد رکھ اور شمار کر اور اس سے فائدہ اُٹھا' جب اس کا مالک آئے تو اسے واپس کر دینا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَابِرٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ

یہ حدیث جابر سے صرف ابراہیم بن طہمان ہی روایت کرتے ہیں۔

2044 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا اَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ بْنِ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي مَيْسَرَةَ، اَنَّ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ، لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَمْ يَاْتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيَّامًا، ثُمَّ اَتَاهُ، فَلَمَّا نَظَرَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابومیسرہ سے روایت ہے کہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب نبی کریم ﷺ تشریف لائے' وہ کئی دن نبی کریم ﷺ کے پاس نہیں آیا' پھر آپ کے پاس آئے' جب رسول اللہ ﷺ کی طرف دیکھا' آپ رو پڑے' آپ نے فرمایا: تو ہم سے غائب تھا جتنی دیر غائب رہا' پھر تو ہم کو غم زدہ کر کے آیا

2043- أخرجه البخاری فی اللقطة جلد5صفحه94 رقم الحديث: 2426' ومسلم فی اللقطة جلد3صفحه1350 .

بَكَى، فَقَالَ لَهُ: غِبْتَ عَنَّا مَا غِبْتَ، ثُمَّ جِئْتَ تُحْزِنُنَا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ إِلَّا يُوسُفُ بْنُ أَبِي إِسْحَاقَ

ہے۔

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف یوسف بن ابی اسحاق ہی روایت کرتے ہیں۔

2045 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: أَنَا عِيسَى بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيِّ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَوْلَادُ الْمُشْرِكِينَ خَدَمُ أَهْلِ الْجَنَّةِ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: مشرکین کی اولاد اہل جنت کے خادم ہوں گے۔

قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ الطَّبَرَانِيُّ رَحِمَهُ اللَّهُ: وَقَدْ رُوِيَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَطْفَالِ الْمُشْرِكِينَ، أَنَّهُ قَالَ لِعَائِشَةَ: إِنْ شِئْتِ دَعَوْتُ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يُسْمِعَكِ تَضَاغِيَهُمْ فِي النَّارِ

وَرُوِيَ عَنْهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ أَطْفَالِ الْمُشْرِكِينَ، فَقَالَ: اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوا عَامِلِينَ فَرَجَعَ الْأَمْرُ إِلَى قَوْلِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوا عَامِلِينَ: فَمَنْ سَبَقَ عِلْمُ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ فِيهِ أَنَّهُ لَوْ كَبِرَ لَمْ يُؤْمِنْ، فَهُوَ الَّذِي قَالَ لِعَائِشَةَ: إِنْ شِئْتِ دَعَوْتُ اللَّهَ أَنْ يُسْمِعَكِ تَضَاغِيَهُمْ فِي النَّارِ. وَمَنْ سَبَقَ عِلْمُ اللَّهِ فِيهِ لَوْ كَبِرَ آمَنَ، فَهُمُ الَّذِينَ قَالَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُمْ خَدَمُ أَهْلِ الْجَنَّةِ. فَقَدْ صَحَّتْ مَعَانِي الْأَحَادِيثِ الثَّلَاثَةِ، وَهُوَ قَوْلُ أَهْلِ السُّنَّةِ

امام ابوالقاسم طبرانی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے مشرکین کے بچوں کے متعلق روایت کیا گیا کہ آپ ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: اگر تو چاہے تو میں اللہ سے دعا کروں کہ وہ تجھے جہنم میں رونے والوں کا رونا سنا دے۔

حضور ﷺ سے روایت کی گئی کہ آپ ﷺ سے مشرکوں کے بچوں کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: اللہ زیادہ جانتا ہے جو انہوں نے کرنا تھا۔ پس معاملہ آپ ﷺ کے ارشاد کی طرف لوٹتا ہے کہ اللہ زیادہ جانتا ہے جو انہوں نے کرنا تھا' پھر جس پر اللہ کا لکھا ہوا غالب آ گیا' اگر وہ بڑا ہوگا اور ایمان نہیں لائے گا تو وہ وہی ہے جو آپ ﷺ نے حضرت عائشہ سے فرمایا ہے' اگر تو چاہے تو میں اللہ سے دعا کروں کہ تجھے اُن کا جہنم میں رونا سنا دے' جس پر اللہ کا علم سبقت کرے گا' اگر وہ بڑا ہوا تو وہ ایمان لائے گا۔ وہ وہی لوگ ہیں جن کے متعلق آپ ﷺ نے فرمایا کہ وہ اہل جنت کے خادم ہوں گے۔ تینوں

2045- أخرجه الطبراني في الكبير جلد7 صفحه295 . انظر: مجمع الزوائد جلد7 صفحه222 .

احادیث کے معانی درست ہیں اور یہی اہل سنت کا قول ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي رَجَاءٍ اِلَّا عَبَّادُ بْنُ مَنْصُورٍ

یہ حدیث ابی رجاء سے صرف عباد بن منصور ہی روایت کرتے ہیں۔

2046 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا اَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِيُّ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عَلَى حِمَارٍ ذَهَابَهُ اِلَى خَيْبَرَ، وَالْقِبْلَةُ خَلْفَهُ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ: يَعْنِي اَنَّهُ كَانَ يُصَلِّي صَلَاةَ التَّطَوُّعِ عَلَى الْحِمَارِ، كَمَا يُصَلِّي عَلَى الرَّاحِلَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو گدھے پر بیٹھے نماز پڑھتے ہوئے دیکھا جو آپ کو لے کر خیبر کی طرف جا رہا تھا اور قبلہ آپ کی پشت کی طرف تھا۔ امام ابوالقاسم طبرانی فرماتے ہیں کہ آپ نفلی نماز گدھے پر پڑھتے تھے جس طرح آپ سواری پر پڑھتے تھے۔

2047 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا اَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نَا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، عَنِ الْمُبَارَكِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَى عَلَى اَصْحَابِهِ وَهُمْ يَتَحَدَّثُونَ وَيَتَكَلَّمُونَ، فَقَالُوا: كُنَّا نَذْكُرُ مَا كُنَّا فِيهِ مِنَ الْجَاهِلِيَّةِ، وَمَا هَدَانَا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، وَمَا كُنَّا فِيهِ مِنَ الضَّلَالَةِ . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَحْسَنْتُمْ وَاَعْجَبَهُ، هَكَذَا فَكُونُوا اَوْ هَكَذَا فَافْعَلُوا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے صحابہ کے پاس آئے تو وہ گفتگو اور بحث کر رہے تھے' وہ کہہ رہے تھے کہ ہم اس کا تذکرہ کر رہے تھے' جو ہم جاہلیت میں کرتے رہے ہیں' سو ہم کو اللہ عزوجل نے ہدایت دی' ہم تو گمراہی میں تھے۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم نے اچھا کیا' اور آپ نے پسند کیا' فرمایا: اسی طرح ہو جاؤ یا اسی طرح کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا مُبَارَكٌ

یہ حدیث ثابت سے صرف مبارک ہی روایت کرتے ہیں۔

2046- أخرجه النسائي في المساجد جلد2صفحه47 (باب الصلاة على الحمار) .

2047- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه83 .

2048 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا أَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نَا سُوَيْدُ بْنُ عَمْرٍو الْكَلْبِيُّ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عُمَرَ فَقَالَ: يَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ، أَتَخْشَى أَنْ يَتْرُكَ النَّاسُ الْإِسْلَامَ وَيَخْرُجُونَ مِنْهُ؟ قُلْتُ: لَا، إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، وَكَيْفَ يَتْرُكُونَهُ وَفِيهِمْ كِتَابُ اللّٰهِ وَسُنَنُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: لَئِنْ كَانَ مِنْ ذَلِكَ شَيْءٌ لَيَكُونَنَّ بَنُو فُلَانٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: اے عبدالرحمٰن! کیا آپ کو خوف ہے کہ لوگ اسلام چھوڑیں گے اور اس سے نکلیں گے؟ میں نے عرض کی: نہیں! اگر اللہ نے چاہا' اور کیسے وہ چھوڑیں گے حالانکہ ان میں کتاب اللہ موجود ہے اور رسول اللہ ﷺ کی سنت موجود ہے' اگر ایسا کسی نے کیا تو ضرور بنوفلاں کریں گے۔

2049 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا حَاتِمُ بْنُ اللَّيْثِ الْجَوْهَرِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكُمْ بِالرَّمْيِ، فَإِنَّهُ خَيْرٌ لَعِبِكُمْ

حضرت مصعب بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم پر تیراندازی سیکھنا ضروری ہے' یہ تمہارا اچھا کھیل ہے۔

2050 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ قَالَ: نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ قَالَ: نَا عِكْرِمَةُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَكَعَ وَضَعَ يَدَيْهِ عَلَى رُكْبَتَيْهِ، وَفَرَّجَ

حضرت مصعب بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ جب آپ رکوع کرتے تو اپنی ہتھیلیاں گھٹنوں پر رکھتے اور اپنی انگلیوں کو کھول کر رکھتے۔

2048- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه116 .

2049- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه217 .

2050- أخرجه مسلم فى المساجد جلد1صفحه380 . وانظر: نصب الراية للحافظ الزيلعي جلد1صفحه174 .

بَيْنَ اَصَابِعِهِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ اِلَّا عِكْرِمَةُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْاَزْدِيُّ

یہ حدیث عبدالملک بن عمیر سے صرف عکرمہ بن ابراہیم الازدی ہی روایت کرتے ہیں۔

2051 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ الْاَدَمِيُّ قَالَ: نَا اَبُو رَبِيعَةَ فَهْدُ بْنُ عَوْفٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، وَحُمَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اُمِّهِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَبَرَ لَهَا مِنْ ذَيْلِهَا شِبْرًا

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک بالشت اپنے دوپٹے کا دامن لٹکا سکتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ وَحُمَيْدٍ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَلَا عَنْ حَمَّادٍ اِلَّا فَهْدُ بْنُ عَوْفٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ

یہ حدیث یونس اور حمید سے صرف حماد بن سلمہ اور حماد سے صرف فہد بن عوف روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں ابراہیم بن راشد اکیلے ہیں۔

2052 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ قَالَ: نَا فَهْدُ بْنُ عَوْفٍ اَبُو رَبِيعَةَ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، وَعَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، وَهِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ قَالَ: سَاَلْتُ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ، عَنِ الْاَوْعِيَةِ؟ فَقَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْاَوْعِيَةِ، اِلَّا مَا كَانَ يُوكَاُ عَلَيْهِ مِنَ الْاَسْقِيَةِ

حضرت ابوالعالیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے برتنوں کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم برتنوں سے منع کرتے تھے مگر جو مشکیزہ کے لیے ہو (وہ جائز ہے)۔

2051- أخرجه ابن ماجه فی اللباس جلد 2صفحه1185 رقم الحديث: 3580' وأبو داؤد فی اللباس جلد 4صفحه64 رقم الحديث: 4117' والترمذی فی اللباس جلد4صفحه224 رقم الحديث: 1732' والنسائی فی الزينة جلد 8 صفحه 184 (باب ذيول النساء)' والدارمی فی الاستئذان جلد 2صفحه361 رقم الحديث: 2644' وأحمد فی المسند جلد6صفحه342 رقم الحديث: 26692 .

2052- انظر: لسان الميزان جلد4صفحه455' مجمع الزوائد جلد5صفحه64 .

2053 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِيُّ قَالَ: نَا عُمَيْرُ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ اَبُو الْمُغِيرَةِ الْحَنَفِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ نَهَى عَنِ الْمُحَاقَلَةِ، وَالْمُزَابَنَةِ: بَيْعِ الرَّجُلِ نَخْلَهُ كَذَا وَكَذَا وَسْقًا مِنْ تَمْرٍ بِكَذَا وَكَذَا وَسْقٍ مِنْ رُطَبٍ، فَاِنْ كَانَ فِيهِ زِيَادَةٌ كَانَ لِلْمُبْتَاعِ، وَاِنْ كَانَ فِيهِ نُقْصَانٌ كَانَ عَلَى الْمُبْتَاعِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ، نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے بیع محاقلہ اور مزابنہ سے منع فرمایا۔ آدمی اپنا کھجور کا باغ اس طرح اور کھجور کا وسق اس طرح اور تر کھجور کے بدلے اس طرح، اگر اس میں زیادتی ہو تو خریدنے والے کے لیے اگر کمی ہو تو وہ فروخت کرنے والے کے لیے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ الْعَلَاءِ الْمَدَنِيِّ اِلَّا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ

یہ حدیث اسود بن علاء مدنی سے صرف عبدالحمید بن جعفر ہی روایت کرتے ہیں۔

2054 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِيُّ قَالَ: نَا اَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ قَالَ: نَا يُونُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ: حَدَّثَنِي خَبَّابٌ قَالَ: شَكَوْنَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّمْضَاءَ، فَمَا اَشْكَانَا، فَقَالَ: اِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ فَصَلُّوا الظُّهْرَ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ سے گرمی کی شکایت کی تو آپ نے فرمایا: جب سورج ڈھل جائے تو ظہر کی نماز پڑھ لو۔

قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ: لَمْ يَقُلْ اَحَدٌ مِمَّنْ رَوَى هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ: اِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ فَصَلُّوا الظُّهْرَ اِلَّا يُونُسُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ،

امام ابوالقاسم طبرانی فرماتے ہیں کہ ابواسحاق سے اس روایت کے متعلق کسی نے نہیں کہا کہ جب سورج ڈھل جائے تو ظہر کی نماز پڑھو۔ سوائے یونس کے، اسے

2053- وأخرجه النسائی فی البیوع جلد **7** صفحه **234** (باب بیع الكـ م بالزبیب)، وابن ماجه فی التجارات جلد **2** صفحه **762** رقم الحدیث: **2267** .

2054- أخرجه مسلم فی المساجد جلد **1** صفحه **433**، والنسائی فی المواقیت جلد **1** صفحه **198** (باب أول وقت الظهر)، وابن ماجه فی الصلاة جلد **1** صفحه **222** رقم الحدیث: **675**، وأحمد فی المسند جلد **5** صفحه **132** رقم الحدیث: **21108** .

وَاسْمُهُ: عَبْدُ الْكَبِيرِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ

روایت کرنے میں ابوبکر حنفی اکیلے ہیں' اور اس کا نام عبدالکبیر بن عبدالمجید ہے۔

2055 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ الْاَدَمِيُّ قَالَ: نَا الْمُعَلَّى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُ اَبَا بَكْرٍ خَلِيلًا، وَلَكِنْ اُخُوَّةُ الْإِسْلَامِ اَفْضَلُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر میں کسی کو خلیل بناتا تو میں ابوبکر کو خلیل بناتا لیکن اسلامی بھائی چارہ افضل ہے۔

2056 - وَبِإِسْنَادِهِ: عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سُدُّوا الْاَبْوَابَ الَّتِي فِي الْمَسْجِدِ، اِلَّا بَابُ اَبِي بَكْرٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مسجد کے تمام دروازے بند کر دو سوائے ابوبکر رضی اللہ عنہ کے دروازے کے۔

2057 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ الْاَدَمِيُّ قَالَ: نَا اَبُو رَبِيعَةَ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، وَحَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ، وَهِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الرُّؤْيَا جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِينَ جُزْئًا مِنَ النُّبُوَّةِ، وَرُؤْيَا الْمُؤْمِنِ لَا تَكَادُ تُخْطِءُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: خواب نبوت کے چھیالیس اجزاء میں سے ایک جزء ہے' اور مؤمن کا خواب قربِ قیامت میں جھوٹا نہیں ہوگا۔

2058 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ وَهْبٍ الْعَلَّافُ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ اکیلے سفر

2055- انظر: تاریخ بغداد جلد13صفحه186 . انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه47 .

2057- أخرجه البخاری فی التعبیر جلد12صفحه422 رقم الحدیث: 7017' ومسلم فی الرؤیا جلد4صفحه1773 .

2058- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه107 .

بْنُ الْقَاسِمِ الْاَسَدِيُّ قَالَ: نَا زُهَيْرٌ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ يَعْلَمُ النَّاسُ مَا فِي الْوَحْدَةِ مَا سَارَ رَاكِبٌ بِلَيْلٍ اَبَدًا، وَلَا نَامَ رَجُلٌ فِي بَيْتٍ وَّحْدَهُ

میں کیا نقصان ہے تو کوئی بھی رات کو اکیلا سوار نہ ہو اور نہ کوئی آدمی اکیلا رات کو گھر میں سوئے۔

2059 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ الرَّازِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نَا اَبُو حَمَّادٍ الْمُفَضَّلُ بْنُ صَدَقَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي الْهَيَّاجِ الْاَسَدِيِّ. قَالَ: بَعَثَنِي عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: تَدْرِي عَلَى مَا اَبْعَثُكَ؟ عَلَى مَا بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَدَعْ تِمْثَالًا اِلَّا كَسَرْتَهُ، وَلَا قَبْرًا مُسَنَّمًا اِلَّا سَوَّيْتَهُ

حضرت ابوالہیاج اسدی فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے بھیجا' تو فرمایا: تمہیں معلوم ہے کہ میں تمہیں کس مقصد کے لیے بھیج رہا ہوں؟ میں تمہیں اسی مقصد کے لیے بھیج رہا ہوں جس مقصد کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے بھیجا تھا کہ تصویر کو مٹادو اور اونچی قبر کو برابر کردو۔

فائدہ: بعض لوگ اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں کہ بزرگوں کی قبروں پر مزارات بنانا ہر صورت ناجائز و بدعت ہے۔ تو یاد رہے کہ یہ کافروں کی قبروں کے متعلق آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرمایا تھا۔ حدیث پاک میں آتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی قبر پر ایک بہت بڑا پتھر لگایا۔ صحابہ کرام فرماتے ہیں کہ ہم میں سے کوئی بھی اس پتھر کو پار نہیں کرسکتا تھا' اگرچہ کوئی چھلانگ بھی لگائے۔ (مشکوٰۃ شریف) اسی طرح بڑی دلیل دیکھو! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک پر گنبد بنا ہوا ہے' اسی طرح جنت البقیع کی پرانی تصاویر اُٹھا کر دیکھیں کہ سب قبروں پر گنبد بنے ہوئے تھے۔ اللہ عزوجل ہم سب کو فہم عطا فرمائے۔ آمین!

2060 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعِ مَا يَحْرُمُ مِنَ النَّسَبِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو رشتہ نسب سے حرام ہوتا ہے وہی رضاعت سے حرام ہوتا ہے۔

2059- أخرجه مسلم فى الجنائز جلد2صفحه666' وأبو داؤد فى الجنائز جلد3صفحه212 رقم الحديث: 3218' والترمذى فى الجنائز جلد3صفحه357 رقم الحديث: 1049' وأحمد فى المسند جلد1صفحه119 رقم الحديث: 744 .

2061 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا يُوسُفُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْوَاسِطِيُّ الدَّقِيقِيُّ، اَخُو مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ قَالَ: نَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ قَالَ: نَا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ رَجُلٌ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيرًا، فَاَعْظَمَهَا الْمَلَكُ اَنْ يَكْتُبَهَا، وَرَاجَعَ فِيهَا رَبَّهُ عَزَّ وَجَلَّ، فَقِيلَ لَهُ: اكْتُبْهَا كَمَا قَالَ عَبْدِي كَثِيرًا

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو آدمی الحمد للہ کثیراً پڑھے تو فرشتے اس عظیم ورد کو لکھنے کے لیے آگے بڑھے اور اس کو لکھ کر اس کے رب عزوجل کی بارگاہ میں لے گئے' تو اس فرشتے کو کہا گیا: اس کو (بہت زیادہ) لکھ! جس طرح میرا بندہ کثیراً کہہ رہا ہے۔

2062 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ زَبْدَا الْمَذَارِيُّ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِيُّ قَالَ: نَا حَرْبُ بْنُ سُرَيْجٍ الْبَزَّازُ قَالَ: قُلْتُ لِاَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ: جُعِلْتُ فِدَاكَ، اَرَاَيْتَ هَذِهِ الشَّفَاعَةَ الَّتِي يَتَحَدَّثُ بِهَا اَهْلُ الْعِرَاقِ، اَحَقٌّ هِيَ؟ قَالَ: شَفَاعَةُ مَاذَا؟ قَالَ: شَفَاعَةُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: حَقٌّ وَّاللّٰهِ، وَاللّٰهِ لَحَدَّثَنِي عَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ ابْنُ الْحَنَفِيَّةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَشْفَعُ لِاُمَّتِي حَتَّى يُنَادِيَنِي رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ، فَيَقُولُ: اَرَضِيتَ يَا مُحَمَّدُ؟ فَاَقُولُ: نَعَمْ، رَضِيتُ

حضرت حرب بن سریج البزاز سے روایت ہے کہ میں نے حضرت ابوجعفر محمد بن علی بن حسین سے عرض کی: میں اپنے آپ کو آپ پر فدا کرتا ہوں' آپ اس شفاعت کے متعلق بتائیں جو اہل عراق بتاتے ہیں' کیا وہ حق ہے؟ آپ نے فرمایا: کون سی شفاعت؟ میں نے عرض کی: حضرت محمد ﷺ کی شفاعت' تو انہوں نے فرمایا: اللہ کی قسم! وہ حق ہے' اللہ کی قسم! مجھے میرے چچا محمد بن علی بن حنفیہ' حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں اپنی اُمت کی شفاعت کروں گا یہاں تک کہ میرا رب مجھے بلائے گا اور فرمائے گا: اے محمد! کیا آپ خوش ہیں؟ میں عرض کروں گا: جی ہاں! میں خوش ہوں۔

2063 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا اَبُو

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

2061- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه99 .

2062- أخرجه البزار جلد2صفحه170 . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه380 . انظر: الأنساب للسمعاني جلد12صفحه160 .

2063- أخرجه أبو داؤد في الترحل جلد 4صفحه75 رقم الحديث: 4168' وأحمد في المسند جلد 1صفحه597

عَقِيلٍ يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَبِيبِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْاَسَدِيُّ قَالَ: نَا الْفَضْلُ بْنُ دَلْهَمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ مَسْرُوقِ بْنِ الْاَجْدَعِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَاصِلَةَ وَالْمَوْصُولَةَ، وَالْوَاشِمَةَ وَالْمَوْشُومَةَ، فَقَالَتِ امْرَاَةٌ: اِنَّ فِي اَهْلِهِ مَنْ يَفْعَلُ ذٰلِكَ قَالَ: اذْهَبِي فَانْظُرِي، فَنَظَرَتْ، فَلَمْ تَرَ شَيْئًا

